زینت دی گئی واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے زندگانی دنیا کی اور ٹھٹھا کرتے ہیں ان لوگوں سے جو

اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ
ایمان لائے ہیں اور جو لوگ کہ پرہیزگار ہیں اوپر ان کے ہیں دن قیامت کے اور اللہ رزق دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً قف
جس کو چاہتا ہے بے شمار تھے لوگ امت ایک

فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ص وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ
پس بھیجا اللہ نے پیغمبروں کو خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے اور اتاری ساتھ ان کے

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ
کتاب ساتھ حق کے تو کہ حکم کریں درمیان لوگوں کے بیچ اس چیز کے کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ

وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ
اسکے اور نہیں اختلاف کیا بیچ اس کے مگر ان لوگوں نے جو دیئے گئے تھے پیچھے اس کے جو آئیں ان کے پاس

الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا
دلیلیں سرکشی سے درمیان اپنے پس راہ دکھائی اللہ نے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں واسطے اس چیز کے کہ اختلاف کیا

ف یعنی پیغمبر اور خدا پر یقین نہیں لاتے تو اب منتظر ہیں کہ خدا آپ آوے اور ہر کسی کو اس کے عمل کے موافق جزا دیوے۔ ۱۲۔ منہ رح

(البقیہ ص۳۶ کا ص۳۷ سے آگے) قربانی آئے سو مکے کے ساکنوں پر نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ حج کے واسطے احرام باندھنے کا وقت ہے غرۃ شوال سے تا شب عید قربان اس سے پہلے بہتر نہیں اور حج اور عمرہ لازم کر لینا احرام سے ہے احرام یہ کہ نیت کرے شروع کرنے کی اور زبان سے کہے لبیک تمام پھر جب احرام میں داخل ہوا تو پرہیز رکھے مرد عورت کی صحبت سے اور ہر گناہ سے اور آپس کے جھگڑے سے اور بدن کے بال اتارنے سے اور ناخن تراشنے اور خوشبوئی ملنے سے اور شکار مارنا منع ہوا اور مرد بدن پر سیلے کپڑے نہ پہنے اور سر نہ ڈھانکے اور عورت کپڑے پہنے اور سر ڈھانکے لیکن منہ پر کپڑا نہ ڈالے اور کفر کی غلطی ایک یہ تھی کہ بغیر خرچ کے حج کو جانا ثواب گنتے تھے اور توکل مقدور ہوتے ہوئے خرچ نہ لیتے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ مقدور ہو تو خرچ لے کر جاؤ بڑا فائدہ یہ کہ سوال نہ کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ گناہ نہیں کہ تلاش کرو فضل اپنے رب کا یعنی حج میں مال تجارت بھی لے جاؤ روزی کمانے کو تو منع نہیں، لوگوں نے اس میں شبہ کیا تھا کہ شاید حج قبول نہ ہو۔ اس واسطے منع فرمایا ۱۲۔ منہ رح (باقی ص۳۹ پر)

۲۵ ع ۱۴ ۹ — وقف لازم

فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ ۗ وَاللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ

انہوں نے بیچ اس کے حق سے ساتھ حکم اپنے کے اور اللہ ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے طرف راہ

مُسْتَقِيمٍ ﴿٢١٣﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ

سیدھی کے ۔ ف۱ کیا گمان کیا تم نے یہ کہ تم داخل ہو بہشت میں اور ابھی نہیں آئی تم کو

مَثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ۖ مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ

حالت ان لوگوں کی کہ گذرے پہلے تم سے لگی ان کو فقیری اور بیماری

وَزُلْزِلُوا حَتَّىٰ يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ مَتَىٰ

اور ہلائے گئے یہاں تک کہ کہا پیغمبر نے اور جو لوگ ایمان لائے ساتھ اس کے کب ہوگی

نَصْرُ اللَّهِ ۗ أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللَّهِ قَرِيبٌ ﴿٢١٤﴾ يَسْأَلُونَكَ مَاذَا

مدد اللہ کی خبردار ہو تحقیق مدد اللہ کی نزدیک ہے سوال کرتے ہیں تجھ کو کیا

يُنْفِقُونَ ۖ قُلْ مَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ

خرچ کریں کہہ جو کچھ خرچ کرو تم مال سے پس واسطے ماں باپ کے اور قرابت والوں کے

وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ

اور یتیموں کے اور فقیروں کے اور مسافروں کے اور جو کچھ کرو گے تم بھلائی سے

فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ﴿٢١٥﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَكُمْ ۖ

پس تحقیق اللہ ساتھ اس کے جاننے والا ہے ف۲ لکھا گیا اوپر تمہارے لڑنا اور وہ مکروہ ہے واسطے تمہارے

وَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۖ وَعَسَىٰ أَنْ تُحِبُّوا

اور شاید یہ کہ مکروہ رکھو تم ایک چیز کو اور وہ بہتر ہو واسطے تمہارے اور شاید یہ کہ دوست رکھو تم

شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٢١٦﴾ ع يَسْأَلُونَكَ

ایک چیز کو اور وہ بری ہو واسطے تمہارے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے سوال کرتے ہیں تجھ کو

عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ ۖ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ ۖ

مہینے حرمت والے سے لڑنا بیچ اس کے کہہ لڑنا بیچ اس کے بڑا گناہ ہے

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَكُفْرٌ بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور بند کرنا راہ خدا کی سے اور کفر کرنا ساتھ اس کے اور بند کرنا مسجد حرام سے

وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ أَكْبَرُ عِنْدَ اللَّهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ

اور نکال دینا لوگوں اس کے کا اس سے بہت بڑا گناہ ہے نزدیک اللہ کے اور کفر بہت بڑا گناہ ہے

ف۱ یعنی اللہ نے کتابیں اور نبی متعدد بھیجے اس واسطے نہیں کہ ہر فرقہ کو جدی راہ فرمائی اللہ کے ہاں سے سب خلق کو ایک ہی راہ کا حکم ہے جس وقت اس راہ سے کسی طرف نکلے ہیں اللہ نے نبی بھیجا کہ سمجھا دے اور کتاب بھیجی کہ اس پر چلے جاویں پھر کتاب والے کتاب میں نکلے تب دوسری کتاب کی حاجت ہوئی۔ سب نبی اور سب کتابیں اسی ایک راہ کے قائم کرنے کو آئے ہیں۔ اس کی مثال جیسے تندرستی ایک ہے اور مرض بیشمار جب ایک مرض پیدا ہوا ایک دوا اور پرہیز اس کے موافق فرمایا اب آخر کی کتاب میں ایسی راہ فرمائی کہ ہر مرض سے بچاؤ ہے یہ سب کے بدلے کفایت ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ لوگوں نے پوچھا تھا کہ مالوں میں کس مال کا خرچ کرنا بہت ثواب ہے جواب فرمایا کہ مال کوئی ہو لیکن جس قدر ٹھکانے پر خرچ ہو تو ثواب زیادہ ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۳۶ کا ف۳ ص۳۵ سے آگے)

۲۶ ع ۶ ۱۰

ف۴ یہ بھی کفر کی غلطی تھی کہ مکے کے ساکن عرفات تک نہ جاتے کہ عرفات حرم سے باہر ہے۔ حرم کی حد پر کھڑے رہتے۔ سو فرمایا کہ جہاں سے سب لوگ چلیں، طواف کو تم بھی چلو اور اگلی تقصیر پر نادم ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

الْقَتْلِ ۗ وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ
قتل سے اور نہیں ٹلیں گے کہ لڑے جاویں تم سے یہاں تک کہ پھیر دیویں تم کو دین تمہارے سے اگر

اسْتَطَاعُوا ۚ وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ
سکیں اور جو کوئی پھر جاوے تم میں سے دین اپنے سے پس مر جاوے اور وہ

كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ
کافر ہو پس یہ لوگ کھوئے گئے عمل اُن کے بیچ دنیا کے اور آخرت کے

وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢١٧﴾ إِنَّ الَّذِينَ
اور یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں ف۱ تحقیق جو لوگ کہ

آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ
ایمان لائے اور جن لوگوں نے وطن چھوڑا اور جہاد کیا بیچ راہ اللہ کے یہ لوگ

يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢١٨﴾ يَسْأَلُونَكَ
امیدوار ہیں مہربانی خدا کی کے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے سوال کرتے ہیں تجھ سے

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ
شراب سے اور جوئے سے کہہ بیچ ان دونوں کے گناہ ہے بڑا اور فائدے ہیں واسطے لوگوں کے

وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا ۗ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ
اور گناہ ان دونوں کا بہت بڑا ہے نفع ان دونوں کے سے اور سوال کرتے ہیں تجھ سے کیا خرچ کریں کہہ

الْعَفْوَ ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١٩﴾
زیادہ حاجت سے اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں تو کہ تم فکر کرو

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۗ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَىٰ ۖ قُلْ إِصْلَاحٌ
بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور سوال کرتے ہیں تجھ سے یتیموں سے کہہ سنوارنا واسطے

لَهُمْ خَيْرٌ ۖ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ
اُن کے بہتر ہے اور اگر ملا لو تم ان کو پس بھائی ہیں تمہارے اور اللہ جانتا ہے بگاڑنے والے کو

مِنَ الْمُصْلِحِ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ
سنوارنے والے سے اور اگر چاہتا اللہ البتہ محنت دیتا تم کو تحقیق اللہ غالب ہے

حَكِيمٌ ﴿٢٢٠﴾ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ ۚ وَلَأَمَةٌ
حکمت والا ف۲ اور مت نکاح کرو شرک کرنے والیوں کو یہاں تک کہ ایمان لاویں اور البتہ لونڈی

ف۱ حضرت نے ایک فوج بھیجی جہاد پر انہوں نے کافروں کو مارا اور لوٹ لائے مسلمانوں کو خبر رہی کہ وہ دن جمادی الثانی کا ہے اور وہ غرۂ رجب تھا۔ کافروں نے اس پر بہت طعن کیا اور مسلمانوں کو شبہ پڑا اس پر آیت اتری یعنی ان مہینوں میں ناحق کی لڑائی اشد گناہ ہے اور جن کافروں نے مسلمانوں سے ان مہینوں میں قصور کیا ان سے لڑنا منع نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ شراب اور جوئے کے حق میں کئی آیتیں اتریں ہر ایک میں ان کی برائی ہے آخر سورۂ مائدہ کی آیت اتری کہ صاف حرام ہو گئے جو چیز نشہ لاوے سب حرام ہے اور جو شرط بدی جاوے اس پر مال لیا جاوے سب حرام ہے۔ فائدہ اور پوچھا لوگوں نے مال کس قدر خرچ کریں حکم ہوا اپنی حاجت سے افزود ہو تب خرچ کرو جیسا آخرت کا فکر ضرور ہے دنیا کی فکر بھی ضرور ہے سارا مال اٹھا ڈالو تو دنیا کی حاجت میں ناکام رہو۔ فائدہ اور یتیموں کے حق میں پہلے تو تقید اترا کہ جو کوئی ان کا مال کھاوے وہ اپنے پیٹ میں آتش بھرے پھر جو کوئی یتیموں کے رکھنے والے تھے ان کے مال اور خرچ کھانے اور پہننے کا جدا رکھنے لگے کہ ہمارے خرچ میں کوئی چیز نہ آجاوے پھر سخت مشکل پڑی کہ ایک چیز یتیم کے واسطے تیار کی گئی اس کے کام نہ آئی تو ضائع ہوئی تب یہ حکم اترا کہ خرچ

(باقی صـ۲۶ پر)

مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا
ایمان والی بہتر ہے شرک کرنے والی سے اور اگرچہ خوش لگے تم کو اور مت نکاح کرو

الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۚ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ
شرک کرنے والوں کو یہاں تلک کہ ایمان لاویں اور البتہ غلام ایمان والا بہتر ہے شرک کرنے والے سے

وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ۗ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚۖ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا
اور اگرچہ خوش لگے تم کو یہ لوگ بلاتے ہیں طرف آگ کے اور اللہ بلاتا ہے

اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
طرف بہشت کے اور بخشش کے ساتھ حکم اپنے کے اور بیان کرتا ہے اللہ نشانیاں اپنی واسطے لوگوں کے تو کہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ ع وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۗ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ
نصیحت پکڑیں ف۱ اور سوال کرتے ہیں تجھ کو حیض سے کہہ کہ وہ ناپاک ہے

فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ
پس کنارہ کرو عورتوں سے بیچ حیض کے اور مت نزدیک جاؤ ان کے یہاں تک کہ پاک ہوں

فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۗ اِنَّ اللّٰهَ
پس جب نہالیں پس جاؤ ان کے پاس اس جگہ سے کہ حکم کیا تم کو اللہ نے تحقیق اللہ

يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠
دوست رکھتا ہے توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے پاکی کرنے والوں کو ف۲ بی بیاں تمہاری کھیتیاں ہیں واسطے تمہارے

فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ
پس جاؤ کھیت اپنے میں جس طرح چاہو تم۔ اور آگے بھیجو واسطے جانوں اپنی کے اور ڈرو اللہ سے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا
اور جانو یہ کہ تم ملنے والے ہو اس سے اور خوشخبری دے ایمان والوں کو ف۳ اور مت کرو

اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ
اللہ کو نشانہ واسطے قسموں اپنی کے یہ کہ بھلائی نہ کرو اور پرہیزگاری اور صلح نہ کرو درمیان

النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ
لوگوں کے اور اللہ سننے والا ہے جاننے والا ف۴ نہیں پکڑتا تم کو اللہ ساتھ بے قصد کے بیچ

فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
قسموں تمہاری کے اور لیکن پکڑتا ہے تم کو ساتھ اس چیز کے کہ کماتے ہیں دل تمہارے اور اللہ بخشنے والا ہے

ف۱ پہلے مسلمان اور کافر میں نسبت ناتا جاری تھا اس آیت سے حرام ٹھہرا اگر مرد نے یا عورت نے شرک کیا اس کا نکاح ٹوٹ گیا شرک یہ کہ اللہ کی صفت کسی اور میں جانے مثلاً کسی کو سمجھے کہ اس کو ہر بات معلوم ہے یا وہ جو چاہے سو کر سکتا ہے یا ہمارا بھلا یا برا کرنا اس کے اختیار میں ہے اور یہ کہ اللہ کی تعظیم کسی اور پر خرچ کرے مثلاً کسی چیز کو سجدہ کرے اور اس سے حاجت طلب کرے اس کو مختار جان کر، باقی یہود اور نصاریٰ کی عورت سے نکاح درست ہے ان کو مشرک نہیں فرمایا۔ ۱۲ منہ

ع ۲۷ ۵ ۱۱

ف۲ حیض کہتے ہیں خون کو جو عورتوں کی عادت ہے اور خلاف عادت جو آوے سو آزار ہے حکم ہوا کہ اس وقت پرے رہو، عورت سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آزار سے آگے نہ چلے پھر جب پاک ہوں تو جاوے جہاں سے حکم دیا اللہ نے یعنی دوسری جگہ جو ناپاک ہے اس کا تو حکم کبھی نہیں۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی جس راہ سے چاہو جاؤ لیکن کھیتی ہی میں کھیتی وہی جہاں تخم ڈالے تو اگے اور آگے کی تدبیر کرو یعنی اس صحبت میں نیت چاہیئے اولاد کی تا ثواب ہو۔ ۱۲ منہ

ف۴ یعنی خدا کی قسم اچھا کام چھوڑنے پر نہ کھائے مثلاً

(باقی صفحہ ۴۴ پر)

حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ

تحمل والا ف۱ واسطے ان لوگوں کے کہ قسم کھاتے ہیں عورتوں اپنی سے انتظار کرنا ہے چار مہینے کا

فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ

پس اگر پھر آویں پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر قصد کریں طلاق کا

فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ

پس تحقیق اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۲ اور طلاق والیاں انتظار کریں ساتھ جانوں اپنی کے

ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ

تین حیض تلک اور نہیں حلال واسطے ان کے یہ کہ چھپاویں جو کچھ پیدا کیا اللہ نے بیچ

اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ

رحموں ان کے کے اگر ہیں ایمان لائی ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور خاوند ان کے

اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ

بہت حقدار ہیں ساتھ پھیر لینے انکے کے بیچ اس کے اگر چاہیں صلح کرنا اور واسطے ان کے ہے مانند

الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۖ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ

اس کے جو اوپر ان کے ہے ساتھ اچھی طرح کے اور واسطے مردوں کے اوپر ان کے درجہ ہے اور اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ ع اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۖ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ

غالب ہے حکمت والا ف۳ یہ طلاق دو بار ہے پس بند رکھنا ہے ساتھ اچھی طرح کے یا نکال دینا

بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

ساتھ اچھی طرح کے اور نہیں حلال واسطے تمہارے یہ کہ لے لو اس چیز سے کہ دیا تم نے ان کو

شَيْئًا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا

کچھ مگر یہ کہ ڈریں دونوں یہ کہ نہ قائم رکھیں گے حدیں اللہ کی کو پس اگر ڈرو تم یہ کہ نہ

يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ

قائم رکھیں گے حدیں اللہ کی کو پس نہیں گناہ اوپر ان دونوں کے بیچ اس چیز کے کہ بدلا دے عورت ساتھ

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ

اس کے یہ ہیں حدیں اللہ کی پس مت گذرو ان سے اور جو کوئی گذر جاوے حدوں اللہ کی سے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ

پس یہ لوگ وہ ہیں ظالم ف۴ پس اگر طلاق دی اس کو پس نہیں حلال ہوتی واسطے اس کے

ف نا کاری قسم وہ جو منہ سے نکلے اور دل کو خبر نہ ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۱ یعنی جس نے قسم کھائی کہ اپنی عورت پاس نہ جاوے تو چار مہینے میں جاوے اور قسم کی کفارت دے نہیں تو طلاق ٹھہرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب مرد نے طلاق عورت کو کی ابھی اس عورت کو اور نکاح روا نہیں جب تک تین بار حیض ہووے تا حمل ہو تو معلوم ہو جاوے کسی کا بیٹا کسی کو نہ لگ جاوے اسی واسطے عورت پر فرض ہے کہ اس وقت حمل ہو تو ظاہر کر دے اس مدت کا نام ہے عدت اس عدت تک مرد چاہے تو پھر عورت کو رکھ لے۔ اگرچہ عورت کی خوشی نہ ہو۔ اسی واسطے فرمایا کہ عورتوں کے حق بھی مردوں پر بہت سے ہیں۔ لیکن اس جگہ مرد ہی کو درجہ دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲۸/۱۲

ف۳ یعنی عدت تک مرد چاہے تو عورت کو پھر رکھ لے۔ یہ بات پہلی طلاق میں ہے اور دوسری میں بعد اس کے نہ پھر سکے گی تو موافق شرع اس کے حق ادا کر سکے تو رکھے کہ پھر قضیہ نہ ہو اور نہ رکھ سکے تو رخصت کرے اس نیت سے نہ اٹکا دے کہ عاجز ہو کر جو میں نے دیا تھا پھیر جاوے یہ جب روا ہے کہ ناچاری ہو اور کسی طرح دونوں کی خو نہ ملے اور مرد کی طرف سے ادائے حق میں قصور نہ ہو اس وقت سب لوگ بلکہ عورت سے کچھ پھروا دیں اور مرد کو راضی کر کر طلاق دلوا دیں۔ اس کو خلع کہتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ
پیچھے اس کے یہاں تک کہ نکاح کرے اور خصم سے سوائے اس کے پس اگر طلاق دے اس کو پس نہیں گناہ

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ
اوپر ان دونوں کے یہ کہ پھر آویں آپس میں اگر جانیں یہ کہ قائم رکھیں گے حدیں اللہ کی اور یہ ہیں

حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ
حدیں اللہ کی بیان کرتا ہے ان کو واسطے اس قوم کے کہ جانتی ہے ۲ؐ اور جب طلاق دو تم عورتوں کو

فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ
پس پہنچیں وقت اپنے کو پس بند رکھو ان کو ساتھ اچھی طرح کے یا نکال دو ان کو

بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ
ساتھ اچھی طرح کے اور مت بند رکھو ان کو ایذا دینے کو تو کہ زیادتی کرو اور جو کوئی کرے گا

ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ز
یہ پس تحقیق ظلم کیا اس نے جان اپنی کو اور مت پکڑو آیتوں اللہ کی کو ٹھٹھا

وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ
اور یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے اور جو کچھ اتارا ہے اوپر تمہارے کتاب سے

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ
اور حکمت سے نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اسکے اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ کہ اللہ ساتھ ہر

شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾ ع وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا
چیز کے جاننے والا ہے اور جب طلاق دو تم عورتوں کو پس پہنچ جاویں عدت اپنی کو پس مت

تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ
منع کرو ان کو یہ کہ نکاح کریں خاوندوں اپنے سے جب راضی ہوں آپس میں

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ
ساتھ اچھی طرح کے یہ بات نصیحت کیا جاتا ہے ساتھ اس کے جو کوئی ہو تم میں سے ایمان لاوے ساتھ اللہ کے

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
اور دن آخرت کے یہ بہت پاکیزہ ہے واسطے تمہارے اور بہت پاک ہے اور اللہ جانتا ہے

وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ
اور تم نہیں جانتے ۳ؐ اور بچے والیاں دودھ پلاویں اولاد اپنی کو

۱ؐ یعنی تیسری طلاق کے بعد پھر نہیں سکتی بلکہ دونوں کی خوشی ہو تو بھی نکاح نہیں بندھ سکتا جب تک بیچ میں اور خاوند کی صحبت نہ ہو چکے۔ ۱۲۔ منہ ؒ

۲ؐ یہ حکم ہے عورتوں کے والیوں کو کہ اس کے نکاح میں اسی کی خوشی رکھیں۔ جہاں وہ راضی ہو وہاں کردیں اگرچہ اپنی نظر میں اور جگہ بہتر معلوم ہو۔ ۱۲۔ منہ ؒ

(بقیہ صفحہ ۳۴ سے آگے) اس بیچ میں اور بھی لڑائی کے حکم اور جہاد کے آداب فرماتا ہے یہ جو فرمایا کہ جو تم سے لڑیں ان سے لڑو اور زیادتی نہ کرو اس کے معنی یہ کہ لڑائی میں لڑکے اور عورتیں اور بوڑھے قصداً نہ ماریئے لڑنے والوں کو ماریئے۔ ۱۲۔ منہ ؒ

۲۹ ع ۱۳ ۳ؐ یعنی مکہ جائے امان ہے لیکن جب انہوں نے ابتدا کی اور تم پر ظلم کیا اور ایمان لانے پر ستانے لگے کہ یہ مار ڈالنے سے زیادہ ہے۔ اب ان کو امان نہ رہی جہاں پاؤ مارو۔ آخر جب مکہ فتح ہوا تو حضرت نے بھی حکم کیا کہ جو ہتھیار سامنے کرے اسی کو مارو اور باقی سب کو امن دیا۔ ۱۲۔ منہ ؒ

ؐ یعنی اس سب پر اگر اب بھی مسلمان ہوں تو توبہ قبول ہے۔ ۱۲۔ منہ ؒ

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى
دو برس پورے واسطے اس کے جو ارادہ کرے یہ کہ پورا کرے دودھ پلانا اور اوپر اس کے

الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ
کہ لڑکا ہے اس کا کھلانا ان کا اور پہنانا اُن کا ساتھ اچھی طرح کے نہیں تکلیف دیا جاتا

نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ
کوئی جی مگر طاقت اپنی پر نہیں ضرر دی جاوے ماں ساتھ بچے اپنے کے اور نہ بچے والا یعنی باپ

لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا
اس کا ساتھ بچے اپنے کے اور اوپر وارث کے ہے مانند اس کے پس اگر ارادہ کریں دودھ چھڑانا

عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ
رضامندی سے آپس میں اور مصلحت سے پس نہیں گناہ اوپر ان دونوں کے اور اگر ارادہ کرو تم

اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ
یہ کہ دودھ پلوا لو تم اولاد اپنی کو پس نہیں گناہ اوپر تمہارے جب سونپ دو تم جو کچھ

اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
دینا کیا ہے ساتھ اچھی طرح کے اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ کہ اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم

بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ
دیکھنے والا ہے ف۱ اور جو لوگ کہ مر جاتے ہیں تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بی بیاں اپنی وہ انتظار دلویں

بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ
جان اپنی کو چار مہینے اور دس دن کا پس جب پہنچیں وعدے اپنے کو

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
پس نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ کرتی ہیں بیچ جانوں اپنی کے ساتھ اچھی طرح کے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ
اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف۲ اور نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ پردہ کیا تم نے

بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ
ساتھ اس کے منگنے عورتوں کے سے یا چھپا رکھا تم نے بیچ جانوں اپنی کے جانتا ہے اللہ

اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ
یہ کہ تم البتہ ذکر کرو گے اُن کا اور لیکن مت وعدہ دو ان کو چھپے ہوئے مگر یہ کہ

ف۱ یعنی اگر مرد اور عورت میں طلاق ہوئی اور لڑکا رہا دودھ پیتا تو ماں دو برس بند رہے اس کے دودھ پلانے کو اور باپ اس کا خرچ اٹھاوے اور اگر باپ مر گیا تو لڑکے کے وارث اس کا خرچ اٹھاویں اور جو دو برس سے کم میں چھڑا دیں اپنی خوشی سے تو بھی روا ہے اور باپ کسی اور سے پلوائے ماں کو بند نہ رکھے تو بھی روا ہے لیکن اس کے بدلے میں ماں کا کچھ حق کاٹ نہ رکھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ طلاق کی عدت تین حیض فرمائی اور موت کی عدت چار مہینے دس دن۔ یہ دونوں جب ہیں کہ حمل معلوم نہ ہو، اور اگر حمل معلوم ہو تو حمل تک۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۴۲ سے آگے) ماں باپ سے نہ بولوں گا، یا اس فقیر کو نہ دوں گا اور اگر کھا بیٹھے تو قسم توڑ دے اور کفارہ دے۔ ۱۲۔ منہ رح

4

تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۵ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى

کہو ان کو ایک بات اچھی اور مت محکم کرو گرہ نکاح کی یہاں تک

يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

کہ پہنچے لکھا ہوا حکم خدا کا وقت اپنے کو اور جانو یہ کہ تحقیق اللہ جانتا ہے جو کچھ بیچ جی تمہارے کے ہے

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ لَا جُنَاحَ

پس ڈرو اس سے اور جانو یہ کہ تحقیق اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے ف۱ نہیں گناہ

عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْھُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا

اوپر تمہارے یہ کہ طلاق دو تم عورتوں کو جب تک کہ ہاتھ لگایا ان کو یا نہیں مقرر کیا

لَهُنَّ فَرِيْضَةً ښ وَّمَتِّعُوْھُنَّ ۚ عَلَي الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ

واسطے ان کے مقرر کرنا اور فائدہ دو ان کو اوپر کشائش والے کے ہے قدر اس کی

وَعَلَي الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًۢا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَي

اور اوپر تنگی والے کے ہے قدر اس کی فائدہ دینا ساتھ اچھی طرح کے حق ہوا اوپر

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْھُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْھُنَّ

نیکی کرنے والوں کے ف۲ اور اگر طلاق دو ان کو پہلے اس سے کہ ہاتھ لگاؤ ان کو

وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ

اور تحقیق مقرر کر لیا ہے واسطے ان کے کچھ مقرر کرنا پس آدھا اس چیز کا مقرر کیا ہے تم نے مگر یہ کہ

يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ وَاَنْ

معاف کر دیں وہ یا معاف کرے وہ شخص کہ بیچ ہاتھ اس کے کے ہے گرہ نکاح کی اور یہ کہ

تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ

معاف کرو تم نزدیک تر ہے واسطے پرہیزگاری کے اور مت بھول جاؤ بزرگی درمیان اپنے

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا عَلَي الصَّلَوٰتِ

تحقیق اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ف۳ محافظت کرو اوپر سب نمازوں کے

وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۤ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ

اور نماز بیچ والی پر یعنی عصر اور کھڑے ہو واسطے اللہ کے چپکے ف۴ پس اگر ڈرو تم

فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا

پس پیادہ یا سوار پس جب امن میں آؤ تم پس یاد کرو اللہ کو جیسا

ف۱ یعنی عورت ایک خاوند سے چھوٹی ہے اور عدت میں ہے تب تک کسی اور کو روا نہیں کہ اس سے نکاح باندھ لیوے یا صاف وعدہ کر رکھے مگر دل میں نیت رکھے کہ یہ فارغ ہوگی تو میں نکاح کرونگا۔ یا اس کو پردے میں سنا رکھے تا اس سے پہلے کوئی اور نہ کہہ بیٹھے پر وہ یہ کہ ایک بات کہہ دے مروج سی مثلاً عورت سے کہے کہ تجھ کو ہر کوئی عزیز کرے گا یا کہے کہ مجھ کو ارادہ نکاح کا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳۰ / ۴ / ۱۲

ف۲ اگر نکاح کے وقت مہر کہنے میں نہیں آیا تو بھی نکاح درست ہے مہر پیچھے ٹھہر رہے گا پھر اگر بن ہاتھ لگائے عورت کو طلاق دے تو مہر کچھ لازم نہ آیا لیکن کچھ خرچ دینا ضرور ہے خرچ کیا کہ ایک جوڑا پوشاک کا موافق اپنے حال کے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اگر مہر ٹھہر چکا تھا پھر بن ہاتھ لگائے طلاق دے تو آدھا مہر لازم ہوا مگر عورتیں درگذر کریں کہ بالکل چھوڑ دیں یا مرد درگذر کرے جو مختار تھا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا کہ پورا مہر حوالہ کرے پھر فرمایا کہ مرد درگذر کرے تو بہتر ہے کیونکہ اللہ نے بڑائی دی ہے مرد کی طرف کو اور اس کو مختار کیا ہے نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا تو اپنی بڑائی رکھے۔ فائدہ چار صورتیں ہو سکتی ہیں یہاں دو کا

(باقی صفحہ ۲۸ پر)

عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴿٢٣٩﴾ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ

سکھایا ہے تم کو جو کچھ نہیں تھے تم جانتے ف وہ لوگ کہ مرجاتے ہیں تم میں سے

وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِّأَزْوَاجِهِم مَّتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ

اور چھوڑ جاتے ہیں بی بیاں وصیت کر جاویں واسطے بی بیوں اپنی کے فائدہ دینا ایک برس تک

غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِي مَا فَعَلْنَ فِي

نہ نکال دینا پس اگر نکل جاویں پس نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے کہ کیا انہوں نے بیچ

أَنفُسِهِنَّ مِن مَّعْرُوفٍ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٤٠﴾ وَلِلْمُطَلَّقَاتِ

جانوں اپنی کے اچھی طرح سے اور اللہ غالب ہے حکمت والا ف اور واسطے طلاق والیوں کے

مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ﴿٢٤١﴾ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ

فائدہ دینا ہے اچھی طرح کے لازم ہوا اوپر پرہیزگاروں کے ف اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ

لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٢٤٢﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِن

واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تو کہ تم سمجھو ف کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کے کہ نکلے گھروں

دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللَّهُ مُوتُوا

اپنے سے اور وہ تھے ہزاروں ڈر موت کے سے پس کہا واسطے اُن کے اللہ نے مرجاؤ

ثُمَّ أَحْيَاهُمْ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ

پھر جلا دیا اُن کو تحقیق اللہ البتہ صاحب فضل کا ہے اوپر لوگوں کے اور لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٢٤٣﴾ وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَاعْلَمُوا

لوگ نہیں شکر کرتے ف اور لڑو بیچ راہ اللہ کے اور جانو

أَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٤٤﴾ مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا

یہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے کون شخص ہے وہ جو قرض دے اللہ کو قرض

حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً وَاللَّهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ

اچھا پس دوگنا کرے اس کو واسطے اس کے دوگنا بہت اور اللہ بند کرتا ہے اور کشادہ کرتا ہے

وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٤٥﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ

اور طرف اس کے پھیرے جاؤگے ف کیا نہ دیکھا تو نے طرف سرداروں کے بنی اسرائیل سے

مِن بَعْدِ مُوسَىٰ إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا

پیچھے موسیٰ کے جب کہا انہوں نے واسطے نبی اپنے کے مقرر کر واسطے ہمارے بادشاہ

وقف لازم

ف یعنی لڑائی کا وقت ہو تو ناچاری کو سواری پر بھی اور پیادہ بھی اشارہ سے نماز روا ہے گو کہ قبلے کی طرف بھی نہ ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یہ حکم تھا جبکہ مردے کے اختیار پر رکھا تھا وارثوں کو دلوانا جو سب کے حصے اللہ صاحب نے ٹھہرا دیئے عورت کا بھی ٹھہرا دیا اب مردے کا دلوانا موقوف ہوا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ پہلے خرچ فرمایا تھا یعنی جوڑا اس طلاق پر کہ مہر نہ ٹھہرا ہو اور ہاتھ نہ لگایا ہو، یہاں سب پر حکم فرمایا سب طلاق والیوں کو جوڑا دینا بہتر ہے اور اس پہلی کو ضرور ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۳ ۱۵

ف۴ یہاں حکم نکاح اور طلاق کے تمام ہوئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ یہ پہلی امت میں ہوا ہے کہ کئی ہزار شخص گھر بار لے کر اپنے وطن کو چھوڑ نکلے۔ ان کو ڈر ہوا غنیم کا اور لڑنے سے جی چھپایا، یا ڈر ہوا وبا کا اور یقین نہ ہوا تقدیر کا۔ پھر ایک منزل میں پہنچ کر سارے مر گئے پھر سات دن کے بعد پیغمبر کی دعا سے زندہ ہوئے کہ آگے کو توبہ کریں۔ یہاں اس واسطے فرمایا جہاد سے جی چھپانا عبث ہے موت نہیں چھوڑتی۔ ۱۲ منہ رح

ف۶ اللہ کو قرض دے یعنی جہاد میں خرچ کرے اس طرح فرمایا مہربانی سے اور تنگی کا اندیشہ نہ رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کشائش ہے۔ ۱۲ منہ رح

نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ
کہ لڑیں ہم بیچ راہ اللہ کے کہا آیا نزدیک ہو تم اگر لکھا جاوے

عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ
اوپر تمہارے لڑنا یہ کہ نہ لڑو تم کہا انہوں نے اور کیا ہے ہم کو یہ کہ نہ لڑیں گے ہم بیچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ
راہ اللہ کے اور تحقیق نکالے گئے ہم گھروں اپنوں سے اور بیٹوں اپنوں سے پس جب لکھا گیا

عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
اوپر ان کے لڑنا پھر گئے مگر تھوڑے ان میں سے اور اللہ جانتا ہے

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ
ظالموں کو ف۱ اور کہا واسطے ان کے نبی ان کے نے تحقیق اللہ نے مقرر کیا ہے واسطے تمہارے

طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ
طالوت کو بادشاہ کہا انہوں نے کیونکر ہوگی واسطے اس کے بادشاہی اوپر ہمارے اور ہم

اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ
بہت حقدار ہیں ساتھ بادشاہی کے اس سے اور نہ دیا گیا وہ کشائش مال سے کہا تحقیق

اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ
اللہ نے پسند کیا اس کو اوپر تمہارے اور زیادہ دی اس کو کشادگی بیچ علم کے اور بدن کے

وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ
اور اللہ دیتا ہے ملک اپنا جس کو چاہتا ہے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے ف۲ اور کہا

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ
واسطے اُنکے نبی اُنکے نے تحقیق نشانی بادشاہی اس کے کی یہ کہ آوے تمہارے پاس صندوق بیچ اس کے تسکین ہے

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ
پروردگار تمہارے سے اور باقی ہے اس چیز سے کہ چھوڑ گئی قوم موسٰے کی اور قوم ہارونؑ کی اٹھا لاویں گے

الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ ع
اس کو فرشتے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم ایمان والے ف۳

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ
پس جب جدا ہوا طالوت ساتھ لشکروں کے کہا تحقیق اللہ آزمانے والا ہے تم کو

ف۱ بعد حضرت موسیٰ کے ایک مدت بنی اسرائیل کا کام بنا رہا پھر جب ان کی نیت بری ہوئی ان پر غنیم مسلط ہوا جالوت بادشاہ کافر انکے اطراف کے شہر چھین لیے اور لوٹا اور بندی پکڑ لے گیا۔ وہاں کے بھاگے لوگ بیت المقدس میں جمع ہوئے حضرت سموئیل پیغمبر سے چاہا کوئی بادشاہ بااقبال مقرر کردو کہ بغیر سردار بااقبال ہم لڑ نہیں سکتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ طالوت کی قوم میں آگے سے سلطنت نہ تھی اور کسب کرتا تھا ان کی نظر میں حقیر لگا نبی نے فرمایا کہ سلطنت حق کسی کا نہیں اور بڑی لیاقت ہے عقل اور بدن کی کشائش یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان پیغمبر کو ایک عصا بتایا کہ جس کا قد اس کے برابر ہو سلطنت اس کی ہے اس کے برابر قد اسی کا آیا۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ بنی اسرائیل میں ایک صندوق چلا آتا تھا اس میں تبرکات تھے حضرت موسے اور ہارون کے، لڑائی کے وقت سردار کے آگے لے چلتے اور دشمن پر حملہ کرتے تو اس کو آگے دھر کر پھر اللہ فتح دیتا۔ جب یہ بدنیت ہو گئے وہ صندوق ان سے چھینا گیا غنیم کے ہاتھ لگا اب جو طالوت بادشاہ ہوا وہ صندوق خود بخود رات کے وقت اس کے گھر کے سامنے آموجود ہوا سبب یہ کہ غنیم کے شہر میں جہاں رکھا تھا ان پر بلا پڑی پانچ شہر ویران ہو گئے تب ناچار ہوئے انہوں نے دو بیلوں پر لاد کر ہانک دیا پھر فرشتے بیلوں کو ہانک کر یہاں لے آئے۔ ۱۲۔ منہ رح

۳۲ ع ۶ ۱۶

بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ
ساتھ نہر کے پس جو کوئی پئے اس میں سے پس نہیں مجھ سے اور جو کوئی نہ چکھے گا اس کو

فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ
پس تحقیق وہ مجھ سے ہے مگر جو کوئی بھر لے ایک چلو ساتھ ہاتھ اپنے کے پس پی گئے اس میں سے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ
مگر تھوڑے ان میں سے پس جب پار اترا اس سے وہ اور جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اس کے

قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ
کہنے لگے نہیں طاقت ہم کو آج کے دن ساتھ جالوت کے اور لشکروں اس کے کے کہا

الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ
ان لوگوں نے جو جانتے تھے یہ کہ وہ ملنے والے ہیں اللہ کے بہت ہوا ہے کہ جماعت تھوڑی

غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾
غالب آئی جماعت بہت پر ساتھ حکم اللہ کے اور اللہ تعالیٰ ساتھ صبر کرنے والوں کے ہے ف

وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا
اور جب ظاہر ہوئے واسطے جالوت کے اور لشکروں اس کے کے کہا انہوں نے اے پروردگار ہمارے ڈال اوپر ہمارے

صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ ۭ
صبر اور ثابت رکھ قدم ہمارے اور مدد دے ہم کو اوپر قوم کافروں کے

فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۣ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ
پس شکست دی ان کو ساتھ حکم اللہ کے اور قتل کیا داؤد نے جالوت کو اور دی اس کو

اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَاۗءُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ
اللہ تعالیٰ نے بادشاہی اور حکمت اور سکھایا اس کو جو کچھ چاہا اور اگر نہ ہوتا دفع کرنا

اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ
اللہ کا لوگوں کو بعضے ان کے کو ساتھ بعض کے البتہ بگڑ جاتی زمین اور لیکن

اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا
اللہ صاحب فضل کا ہے اوپر عالموں کے ف یہ نشانیاں ہیں اللہ کی پڑھتے ہیں ہم ان کو

عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾
اوپر تیرے ساتھ حق کے اور تحقیق تو البتہ بھیجے ہوؤں سے ہے

ف طالوت کے ساتھ نکلنے کو سب تیار ہوئے ہوس سے اس نے تقید کیا کہ جو شخص جوان اور بے فکر ہو وہی نکلے۔ ایسے بھی اسّی ہزار نکلے اس نے چاہا کہ ان کو آزمائے ایک منزل پانی نہ ملا بعد اسکے ایک نہر ملی اس نے تقید کیا کہ ایک چلو سے زیادہ جو کوئی پیوے وہ میرے ساتھ نہ آوے تین سو تیرہ آدمی رہ گئے باقی سب موقوف ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف تین سو تیرہ آدمیوں میں حضرت داؤد کا باپ اور یہ اور ان کے چھ بھائی تھے ان کو راہ میں تین پتھر ملے اور بولے کہ ہم کو اٹھا لے جالوت کو ہم ماریں گے جب مقابلہ ہوا جالوت خود باہر نکلا کہا تم سب کو میں کفایت ہوں میرے سامنے آتے جاؤ۔ پیغمبر نے حضرت داؤد کے باپ کو بلایا کہ اپنے بیٹے مجھ کو دکھا۔ اس نے چھ بیٹے دکھائے جو قد آور تھے حضرت داؤد کو نہ دکھایا وہ قد آور نہ تھے اور بکریاں چراتے تھے پیغمبر نے ان کو بلوایا اور پوچھا کہ تو جالوت کو مارے گا انہوں نے کہا ماروں گا پھر اسکے سامنے گئے وہ تین پتھر فلاخن میں رکھ کر مارے اس کا ماتھا کھلا تھا اور تمام بدن لوہے میں غرق تھا ماتھے کو لگے اور پیچھے نکل گئے۔ فائدہ بعد اسکے طالوت نے اپنی بیٹی ان کو نکاح کر دی بعد طالوت کے یہ بادشاہ ہوئے۔ فائدہ نادان لوگ کہتے ہیں کہ لڑائی کرنی نبیوں کا کام نہیں۔ اس قصہ سے معلوم ہوا کہ جہاد ہمیشہ رہا ہے اور اگر جہاد نہ ہو تو مفسد لوگ ملک کو ویران کر دیں۔ ۱۲۔ منہ رح

الجزء ۳ — وقف لازم

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ

یہ پیغمبر بزرگی دی ہم نے بعضے اُن کے کو اوپر بعض کے ان میں سے بعض

مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

وہ ہیں کہ باتیں کیں اللہ نے اور بلند کیا بعضے ان کے کو درجوں میں اور دی ہم نے عیسے بیٹے مریم کے کو

الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ

دلیلیں ظاہر اور قوت دی ہم نے اُس کو ساتھ جان پاک کے اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتے

الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ

وہ لوگ کہ پیچھے ان کے تھے پیچھے اس کے کہ آئیں ان کے پاس دلیلیں ظاہر اور لیکن

اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا

اختلاف کیا انہوں نے پس بعض ان میں سے وہ شخص ہے کہ ایمان لایا اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ کافر ہوا اور اگر چاہتا اللہ نہ

اقْتَتَلُوْا ۗ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

لڑتے اور لیکن اللہ کرتا ہے جو کچھ کہ چاہتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ

خرچ کرو اس چیز سے کہ دیا ہم نے تم کو پہلے اس سے کہ آوے وہ دن کہ نہیں بیچنا بیچ اُس کے

وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۵۴﴾ اَللّٰهُ

اور نہیں دوستی اور نہ سفارش اور کافر وہی ہیں ظالم ف اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا

نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہے ہمیشہ قائم رہنے والا نہیں پکڑتی اس کو اُونگھ اور نہ

نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ

نیند واسطے اُس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے کون ہے وہ جو

يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا

سفارش کرے نزدیک اس کے مگر ساتھ حکم اس کے کے جانتا ہے جو کچھ آگے ان کے ہے اور جو کچھ

خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

پیچھے اُن کے ہے اور نہیں گھیرتے ساتھ کسی چیز کے علم اس کے سے مگر ساتھ اس چیز کے کہ چاہے

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ

سما لیا ہے کرسی اُس کی نے آسمانوں کو اور زمین کو اور نہیں تھکاتی اس کو نگہبانی ان دونوں کی

ع ۳۳ / ۵

ف یعنی عمل کا وقت ابھی ہے آخرت میں نہ عمل بکتے ہیں نہ کوئی آشنائی سے دیتا ہے نہ کوئی سفارش سے چھڑا سکتا ہے جب تک پکڑنے والا نہ چھوڑے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿٢٥٥﴾ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَد تَّبَيَّنَ

اور وہ ہے بلند مرتبہ بڑا نہیں زبردستی بیچ دین کے تحقیق ظاہر ہو گیا ہے

الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَن يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللَّهِ

راہ پانا گمراہی سے پس جو کوئی کفر کرے ساتھ شیطان کے اور ایمان لاوے ساتھ اللہ کے

فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لَا انفِصَامَ لَهَا ۗ

پس تحقیق پکڑ رکھا اس نے کڑا مضبوط نہیں ٹوٹنا واسطے اس کے

وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٥٦﴾ اللَّهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُم مِّنَ

اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۱ اللہ دوستدار ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے نکالتا ہے اُن کو

الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ

اندھیروں سے طرف روشنی کے اور جو لوگ کہ کافر ہوئے دوست اُن کے شیطان ہیں

يُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ ۗ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ

نکالتے ہیں ان کو روشنی سے طرف اندھیروں کے یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٥٧﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي

وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں ف۲ کیا نہ دیکھا تو نے طرف اس شخص کی کہ جھگڑا ابراہیم سے بیچ

رَبِّهِ أَنْ آتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ إِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي

پروردگار اس کے کے اس واسطے کہ دی اس کو اللہ نے بادشاہی جس وقت کہا ابراہیم نے پروردگار میرا وہ ہے جو جلاتا ہے

وَيُمِيتُ قَالَ أَنَا أُحْيِي وَأُمِيتُ ۖ قَالَ إِبْرَاهِيمُ فَإِنَّ اللَّهَ يَأْتِي

اور مارتا ہے کہا میں جلاتا ہوں اور مارتا ہوں کہا ابراہیم نے پس تحقیق لاتا ہے اللہ

بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِي

سورج کو مشرق سے پس لے آ تو اس کو مغرب سے پس بھچکا ہوا وہ جو

كَفَرَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٢٥٨﴾ أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ

کافر تھا اور اللہ نہیں راہ دکھاتا قوم ظالموں کو ف۳ یا مانند اس شخص کے کہ گذرا اوپر

قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا قَالَ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ

ایک گاؤں کے اور وہ گرا ہوا تھا اوپر چھتوں اپنی کے کہا کیونکر زندہ کرے گا اس کو

اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۖ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۖ قَالَ

اللہ پیچھے موت اس کی کے پس مار ڈالا اس کو اللہ نے سو برس پھر جلایا اس کو کہا

ف۱ یعنی جہاد کرنا یہ نہیں کہ زور سے اپنا دعویٰ قبول کرواتے ہیں بلکہ جس کام کو سب نیک کہتے ہیں اور کرتے نہیں وہی کرواتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یعنی جہاد ہے کافروں کی ضد توڑنے کو اور ہدایت اللہ کرتا ہے۔ جس کی قسمت میں رکھی ہے۔ ان کو شبہ آیا تو ساتھ ہی اس پر خبردار کر دیا۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ ایک بادشاہ تھا وہ اپنے تئیں سجدہ کرواتا تھا سلطنت کے غرور سے حضرت ابراہیم نے اس کو سجدہ نہ کیا، اس نے پوچھا انہوں نے کہا، میں اپنے رب ہی کو سجدہ کرتا ہوں۔ اس نے کہا رب تو میں ہوں۔ انہوں نے کہا رب میں حاکم کو نہیں کہتا۔ رب وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اس نے دو قیدی منگائے جس کو جلانا پہنچتا تھا مار ڈالا جس کو مارنا پہنچتا تھا چھوڑ دیا۔ تب انہوں نے آفتاب کی دلیل سے اس کو لاجواب کیا۔ ۱۲۔ منہ

ع ۳۴ ۲ — وقف لازم

كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ

کتنی دیر رہا تو کہا رہا میں ایک دن یا تھوڑا دن سے کہا بلکہ رہا تو

مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ

سو برس پس دیکھ طرف کھانے اپنے کے اور پینے اپنے کے کہ نہیں سڑا

وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى

اور دیکھ طرف گدھے اپنے کے اور تو کہ کریں ہم تجھ کو نشانی واسطے لوگوں کے اور دیکھ طرف

الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ

ہڈیوں کے کہ کیونکر چڑھاتے ہیں ہم ان کو پھر پہناتے ہیں ان کو گوشت پس جب ظاہر ہوا واسطے

لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۵۹﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ

اس کے کہا جانتا ہوں میں تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۱ اور جب کہا ابراہیم نے

رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى

اے رب میرے دکھلا دے مجھ کو کیونکر جلاتا ہے مُردوں کو کہا کیا نہیں ایمان لایا تو کہا بلکہ لایا ہوں میں

وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ

اور لیکن تو کہ آرام پکڑے دل میرا کہا پس لے چار جانوروں سے

فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ

پس صورت پہچان رکھ طرف اپنے پھر کر دے اوپر ہر پہاڑ کے ان میں سے ایک ٹکڑا پھر

ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶۰﴾ ع

بلا ان کو چلے آویں گے پاس تیرے دوڑتے اور جان یہ کہ اللہ غالب ہے حکمت والا ف۲

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ

مثال ان لوگوں کی کہ خرچ کرتے ہیں مال اپنے بیچ راہ اللہ کے جیسے مثال

حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ

ایک دانہ کی کہ اگادے سات بالیں بیچ ہر بالی کے سو دانے

وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾ اَلَّذِيْنَ

اور اللہ دونا کرتا ہے واسطے جس کے چاہے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے وہ لوگ جو

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا

خرچ کرتے ہیں مال اپنے بیچ راہ اللہ کے پھر نہیں لاتے پیچھے اس چیز کے کہ خرچ کرتے ہیں

ف۱ یہ ایک شخص حضرت عزیرؑ پیغمبر تھے۔ بخت نصر ایک بادشاہ تھا کافر، بنی اسرائیل پر غالب ہوا شہر بیت المقدس کو ویران کیا، تمام لوگ بندی میں پکڑ لے گئے تب حضرت عزیرؑ اس شہر پر گذرے تعجب کیا کہ یہ شہر پھر کیونکر آباد ہو اسی جگہ ان کی رُوح قبض ہوئی سو برس کے بعد زندہ ہوئے ان کا کھانا اور پینا پاس دھرا تھا اسی طرح اور سواری کا گدھا مرکر ہڈیاں اسی شکل سے دھری تھیں وہ ان کے روبرو زندہ ہوا اس سو برس میں بنی اسرائیل قید سے خلاص ہوئے اور شہر پھر آباد ہوا انہوں نے زندہ ہوکر آباد ہی دیکھا۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ چار جانور لائے ایک مور ایک مرغ، ایک کوّا اور ایک کبوتر، ان کو اپنے ساتھ ہلایا کہ پہچان رہے پھر ذبح کیا ایک پہاڑ پر چاروں کے سر رکھے ایک پر پَر، ایک پر دھڑ، ایک پر پاؤں۔ پہلے بیچ میں کھڑے ہوکر ایک کو پکارا۔ اس کا سر اُٹھ کر ہوا میں کھڑا ہوا، پھر دھڑ ملا پھر پر لگے پھر پاؤں، وہ دوڑتا ہوا چلا آیا۔ اسی طرح چاروں آئے۔ فائدہ یہ تین قصے فرمائے اس

(باقی ص۵۶ پر)

۳۵ ع ۴ ۳

مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ
احسان اور نہ ایذا واسطے ان کے ہے ثواب اُنکا نزدیک پروردگار اُن کے کے اور نہیں خوف اُوپر اُن کے

وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوۡلٌ مَّعۡرُوۡفٌ وَّمَغۡفِرَةٌ خَيۡرٌ مِّنۡ
اور نہ وہ غمگین ہوں گے بات اچھی اور بخش دینا بہتر ہے

صَدَقَةٍ يَّتۡبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِىٌّ حَلِيۡمٌ ﴿۲۶۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ
اس خیرات سے کہ پیچھے اس کے ہو ایذا اور اللہ بے پرواہ ہے تحمل والا ۱؎ اے لوگو جو

اٰمَنُوۡا لَا تُبۡطِلُوۡا صَدَقٰتِكُمۡ بِالۡمَنِّ وَالۡاَذٰى ۙ كَالَّذِىۡ
ایمان لائے ہو مت باطل کرو خیرات اپنی کو ساتھ احسان اور ایذا کے مانند اس شخص کے

يُنۡفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ
خرچ کرتا ہے مال اپنے کو واسطے دکھلانے لوگوں کے اور نہیں ایمان لاتا ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے

فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفۡوَانٍ عَلَيۡهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ
پس مثال اس کی جیسے مثال صاف پتھر کی اوپر اس کے ہو مٹی پس پہنچے اس کو مینہ

فَتَرَكَهٗ صَلۡدًا ؕ لَا يَقۡدِرُوۡنَ عَلٰى شَىۡءٍ مِّمَّا كَسَبُوۡا ؕ وَاللّٰهُ
پس چھوڑ دے اس کو صاف نہیں قدرت پاتے اوپر کسی چیز کے جو کمایا انہوں نے اور اللہ

لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۶۴﴾ وَمَثَلُ الَّذِيۡنَ يُنۡفِقُوۡنَ
نہیں راہ دکھاتا قوم کافروں کو ۲؎ اور مثال ان لوگوں کی کہ خرچ کرتے ہیں

اَمۡوَالَهُمُ ابۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِ اللّٰهِ وَتَثۡبِيۡتًا مِّنۡ اَنۡفُسِهِمۡ
مال اپنے واسطے چاہنے رضامندی اللہ کے اور ثابت کرنے کے جانوں اپنی سے

كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبۡوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتۡ اُكُلَهَا ضِعۡفَيۡنِ ۚ
جیسے مثال ایک باغ کی بلندی پر ہو پہنچا اس کو مینہ پس لایا میوہ اپنا دو گنا

فَاِنۡ لَّمۡ يُصِبۡهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿۲۶۵﴾
پس اگر نہ پہنچے اس کو مینہ پس شبنم کفایت ہے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ۳؎

اَيَوَدُّ اَحَدُكُمۡ اَنۡ تَكُوۡنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنۡ نَّخِيۡلٍ وَّاَعۡنَابٍ
کیا چاہتا ہے کوئی تم میں سے یہ کہ ہو واسطے اس کے باغ کھجوروں سے اور انگوروں سے

تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ۙ لَهٗ فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ
چلتی ہیں نیچے اس کے سے نہریں واسطے اس کے ہے بیچ اس کے سب میووں سے

۱؎ یعنی مانگنے والے کو نرمی سے جواب دینا اور اس کی بدخوئی پر درگذر کرنی بہتر ہے۔ اس سے کہ دیوے پھر اس کو بار بار دبا دے یہ سمجھے کہ میں نے اللہ کو دیا ہے اس کو کیا پرواہ ہے مگر اپنا بھلا کرتا ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

۲؎ اوپر مثال فرمائی خیرات کی جیسے ایک دانہ بویا اور سات بالیں نکلیں۔ سات سو دانے ملے یہاں فرمایا کہ نیت شرط ہے اگر دکھاوے کی نیت سے خرچ کیا تو جیسے دانہ بویا پتھر میں جس پر تھوڑی سی مٹی نظر آتی تھی جب مینہ پڑا وہ صاف رہ گیا۔ اس میں کیا اُگے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

۳؎ مینہ سے مراد بہت مال خرچ کرنا، اور اوس سے مراد تھوڑا سا مال سو اگر نیت درست ہے تو بہت خرچ کرنا بہت ثواب اور تھوڑا بھی کام آتا ہے جیسے خالص زمین پر باغ جتنا مینہ برسے اس کو فائدہ ہے بلکہ اوس بھی کافی ہے۔ اور نیت درست نہیں تو جس قدر خرچ کرے اور ضائع ہے کیونکہ زیادہ مال دینے میں دکھاوا بھی زیادہ ہے جیسے پتھر پر دانہ جتنا زور کا مینہ برسے اور ضرر کرے کہ مٹی دھوئی جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ

اور پہنچے اس کو بڑھاپا اور واسطے اس کے اولاد ہے ناتوان پس پہنچا اس کو بگولا بیچ اس کے

نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

آگ تھی پس جل گیا اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں تو کہ تم

تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا

فکر کرو ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو خرچ کرو پاکیزہ سے جو کچھ

كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ

کمایا تم نے اور اس چیز سے کہ نکالا ہے ہم نے واسطے تمہارے زمین سے اور مت قصد کرو خبیث کا

مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ؕ

اس میں سے کہ خرچ کرو اس کو اور نہیں تم لینے والے اس کے مگر یہ کہ آنکھ بھینچ لو بیچ اس کے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ

اور جانو یہ کہ اللہ بے پروا ہے تعریف کیا گیا ف۲ شیطان وعدہ دیتا ہے تم کو فقر کا

وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ

اور حکم کرتا ہے تم کو ساتھ بے حیائی کے اور اللہ وعدہ دیتا ہے تم کو بخشش کا اپنی طرف سے اور فضل کا

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۸﴾ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ

اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے ف۳ دیتا ہے حکمت جس کو چاہے اور جو کوئی دیا گیا

الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾

حکمت پس تحقیق دیا گیا بھلائی بہت اور نہیں نصیحت پکڑتے مگر صاحب عقل کے

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ

اور جو خرچ کرو تم کچھ خرچ کرنا یا منت مانو تم کچھ منت سے پس تحقیق اللہ

يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ

جانتا ہے اس کو اور نہیں ہے واسطے ظالموں کے کوئی مدد دینے والا ف۴ اگر ظاہر کرو تم خیرات کو

فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ

پس اچھا ہے وہ اور اگر چھپاؤ تم اس کو اور دو اس کو فقیروں کو پس وہ بہتر ہے واسطے تمہارے

وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾

اور دور کرے گا تم سے برائیاں تمہاری اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف۵

ف۱ اب مثال فرمائی، احسان رکھنے والے کی جو اپنی خیرات اچھی کو ضائع کرے جیسے جوانی کے وقت باغ حاصل کیا توقع سے کہ بڑی عمر میں کام آوے عین کام کے وقت جل گیا۔ ۱۲۔ منہ

ع ۳۶ ۴

ف۲ یعنی خیرات قبول ہونے کی بھی یہی شرط ہے کہ مال حلال کمایا ہو حرام نہ ہو اور بہتر چیز اللہ کی راہ میں دیوے یہ نہیں کہ بری چیز خیرات میں لگادے کہ لینے دینے میں آپ ویسی چیز قبول نہ کرے مگر ناچار ہو کر کیونکہ اللہ بے پروا ہے محتاج نہیں اور خوبیوں والا ہے خوب سے خوب پسند کرتا ہے۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی جب دل میں یہ خیال آوے کہ مال خیرات میں دے ڈالوں تو میں مفلس رہ جاؤں اور ہمت آوے بیحیائی پر کہ اللہ کی تاکید سن کر پھر بھی خرچ نہ کرے تو جان لیوے کہ یہ شیطان کی طرف سے آیا اور جب خیال آوے کہ خیرات سے گناہ بخشے جاویں گے اور اللہ کے ہاں کمی نہ چاہے گا تو اور دے گا تو جان لیوے کہ یہ اللہ کی طرف سے آیا۔ ۱۲۔ منہ

ف۴ یعنی منت قبول کی تو واجب ہو گئی۔ اب ادا نہ کرے تو گنہگار ہے نذر اللہ کے سوا

(باقی صفحہ ۵۶ پر)

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا
نہیں اوپر تیرے ہدایت کرنا ان کا اور لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے اور جو کچھ

تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ
خرچ کرو تم مال سے پس نفع واسطے جان تمہاری کے اور نہ خرچ کرو تم مگر واسطے چاہنے

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ
رضامندی اللہ کے اور جو کچھ خرچ کرو تم بھلائی سے پورا پہنچایا جاویگا طرف تمہارے اور تم

لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
نہیں ظلم کیے جاؤگے خیرات واسطے ان فقیروں کے ہے جو بند کیے گئے ہیں بیچ راہ اللہ کے

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ؗ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ
نہیں سکتے چلنا بیچ زمین کے جانتا ہے ان کو جاہل

اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ
دولت مند بے سوالی سے پہچانتا ہے تو ان کو ساتھ چہرے ان کے کے نہیں مانگتے

النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ
لوگوں سے لپٹ کر اور جو کچھ خرچ کرو تم مال سے پس تحقیق اللہ ساتھ اس کے

عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا
جاننے والا ہے ف۱ جو لوگ کہ خرچ کرتے ہیں مال اپنے رات کو اور دن کو چھپے

وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
اور ظاہر پس واسطے ان کے ہے ثواب ان کا نزدیک پروردگار ان کے کے اور نہیں ڈر اوپر ان کے اور نہ

هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا
وہ غمگین ہوں گے ف۲ جو لوگ کہ کھاتے ہیں سود نہیں کھڑے ہوں گے (اپنی قبروں سے) مگر

يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
جیسا کھڑا ہوتا ہے وہ شخص کہ باؤلا کرتا ہے اس کو شیطان آسیب سے یہ اس واسطے ہے کہ

قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ
کہا انہوں نے سوائے اس کے نہیں کہ بیچنا ہے مانند سود کے اور حلال کیا اللہ نے بیچنا اور حرام کیا

الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا
سود کو پس جو کوئی آوے اس کے پاس نصیحت رب اس کے سے پس باز رہا پس واسطے اسکے ہے جو کچھ

ف۱ یعنی بڑا ثواب ہے، اُن کا دینا جو اللہ کی راہ میں اٹک گئے ہیں کما نہیں سکتے اور اپنی حاجت ظاہر نہیں کرتے جیسے حضرت کے اصحاب تھے اہل صفہ گھر بار چھوڑ کر حضرت کی صحبت پکڑی تھی علم سیکھنے کو اور جہاد کرنے کو اسی طرح اب بھی جو کوئی حفظ کرے قرآن کو یا علم دین میں مشغول ہو لوگوں کو لازم ہے کہ ان کی مدد کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہاں تک خیرات کا بیان تھا، آگے سود کو حرام فرمایا۔ جب خیرات کا تقید ہوا تو قرض دینا ادلے ہے قرض پر سود کا ہے کو لیا چاہئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳۷ / ۷ / ۵

وقف منزل

وقف لازم

سَلَفَ ط وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ط وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج
پہلے ہو چکا اور حکم اس کا طرف اللہ کے اور جو کوئی پھر کرے پس وہی ہیں رہنے والے آگ کے

اللہ ہے اوپر تمہارے نگہبان ف۲ اور دو یتیموں کو مال ان کے

وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ

اور مت بدل ڈالو ناپاک کو بدلے پاک کے اور مت کھاؤ مال اُن کے

اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ﴿۲﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا

ملا کر طرف مال اپنے کے تحقیق وہ ہے گناہ بڑا ف۳ اور اگر ڈرو تم یہ کہ نہ

تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ

انصاف کرو گے بیچ یتیم عورتوں کے پس نکاح کرو جو خوش لگے تم کو سوائے ان کے عورتوں سے

مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً

دو دو اور تین تین اور چار چار پس اگر ڈرو تم یہ کہ نہ عدل کرو تم پس ایک ہے

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ﴿۳﴾ؕ

یا جس کے مالک ہوئے داہنے ہاتھ تمہارے یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ نہ بے انصافی کرو

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ

اور دو عورتوں کو مہر اُن کے خوشی سے پس اگر خوشی سے دیں واسطے تمہارے

ف۱ ثابت رہو یعنی دین پر اور مقابلے میں یعنی جہاد میں اور لگے رہو یعنی کافروں کے سامنے۔ ۱۲- منہ رح

ف۲ یعنی ایک آدم سے حوا بنائی پھر ان سے سارے لوگ۔ اور خبردار ہو ناتوں سے یعنی بدسلوکی مت کرو آپس میں۔ ۱۲- منہ رح

ف۳ جس لڑکے کا باپ مر جائے تو اس کے بڑوں کو تقید ہے کہ اس کے مال میں ہاتھ نہ ڈالیں اور بدل نہ لیں اور احتیاط سے رکھیں جب بالغ ہو تو حوالہ کریں۔ ۱۲- منہ رح

عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ هَنِيٓـًٔا مَّرِيٓـًٔا ﴿٤﴾ وَلَا تُؤْتُوا

کچھ چیز سے اس میں سے جی سے پس کھاؤ اس کو سنتا پچتا ف۱ اور مت دو

السُّفَهَآءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوهُمْ

بے وقوفوں کو مال ان کے جو کی ہے اللہ نے واسطے تمہارے معیشت قائم رہنا اور کھلاؤ ان کو

فِيهَا وَاكْسُوهُمْ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ﴿٥﴾ وَابْتَلُوا

اس میں سے اور پہناؤ اور کہو واسطے ان کے بات اچھی ف۲ اور آزمایا کرو

الْيَتٰمٰى حَتّٰىٓ إِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ فَإِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ

یتیموں کو یہاں تک کہ جب پہنچیں نکاح کو پس اگر پاؤ تم ان میں سے

رُشْدًا فَادْفَعُوٓا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ وَلَا تَأْكُلُوهَآ إِسْرَافًا

ہوشیاری پس حوالے کرو طرف ان کے مال ان کے اور مت کھاؤ ان کو زیادتی سے

وَّبِدَارًا أَنْ يَّكْبَرُوا وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ

اور جلدی سے اس سے کہ بڑے ہو جاویں اور جو کوئی ہو بے احتیاج پس چاہیئے کہ بچے

وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ فَإِذَا دَفَعْتُمْ

اور جو کوئی ہو فقیر پس کھاوے ساتھ انصاف کے پس جب حوالے کرو

إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوا عَلَيْهِمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيبًا ﴿٦﴾

طرف ان کے مال ان کے پس شاہد پکڑو اوپر ان کے اور کفایت ہے اللہ حساب لینے والا ف۳

لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَآءِ

واسطے مردوں کے حصہ ہے اس چیز سے کہ چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابتی اور واسطے عورتوں

نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ

کے حصہ ہے اس چیز سے کہ چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابتی تھوڑا ہو اس میں سے

أَوْ كَثُرَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ﴿٧﴾ وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُوا

یا بہت ہو حصہ ہے مقرر کیا ہوا ف۴ اور جب حاضر ہوں بانٹنے میں

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِينُ فَارْزُقُوهُمْ مِّنْهُ

قرابت والے اور یتیم اور فقراء پس کچھ دو ان کو اس میں

وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ﴿٨﴾ وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ

سے اور کہو ان کو بات اچھی ف۵ اور چاہیے کہ ڈریں وہ لوگ کہ اگر

ف۱ یعنی اگر جانو کہ یتیم لڑکی کو ہم نکاح کریں گے تو اس کا حق نہ ادا کریں گے کیونکہ اس کا حق مانگنے والا نہیں تو عورتیں بہت ہیں کچھ کمی نہیں۔ ایک مرد کو دو بھی اور تین بھی اور چار بھی روا ہیں۔ اس سے زیادہ جمع کرنی روا نہیں۔ کیونکہ اتنے میں بھی انصاف کرنا مشکل ہے زیادہ میں کب ہو سکا سو اس قدر بھی جب کرو کہ جانو انصاف سے رہو گے نہیں تو ایک ہی بس ہے یا اپنی لونڈی کفایت ہے جس کو کئی عورتیں ہوں تو واجب ہے کھانے پہننے میں اور دینے لینے میں برابر رکھے اور رات رہنے میں باری برابر باندھے اگر نہ کرے گا تو قیامت میں اس کا آدھا جسم گھسٹتا چلے گا اور تقید فرمایا کہ عورت مومن کا مہر پورا خوشی سے ادا کرو۔ اگر وہ خوشی سے کچھ چھوڑ دے تو روا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی لڑکا بے عقل ہے اس کا مال اس کے ہاتھ میں نہ دو اس کا خرچ اس میں چلاؤ جب بالغ ہو اور عقل پیدا کرے تب مال حوالے کرو۔ لیکن بات معقول کہو یعنی تسلی کرو کہ مال تیرا ہے ہمارا نہیں ہم تیری خیر خواہی کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی یتیم کا مال اپنے خرچ میں نہ لاؤ مگر اس (باقی صـ۹۰ پر)

تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠

چھوڑ جاویں پیچھے اپنے اولاد ناتوان ڈریں اوپر ان کے

فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ

پس چاہیے کہ ڈریں اللہ سے اور چاہیے کہ کہیں بات محکم وا تحقیق وہ لوگ جو

يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِىْ بُطُوْنِهِمْ

کھاتے ہیں مال یتیموں کے ظلم سے سوائے اس کے نہیں کہ کھاتے ہیں بیچ پیٹوں اپنے کے

نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝۱۰ ع يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِىْٓ اَوْلَادِكُمْ ق

آگ اور البتہ جاویں گے آگ میں وصیت کرتا ہے تم کو اللہ بیچ اولاد تمہاری کے

لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ

واسطے مرد کے ہے مانند حصہ دو عورتوں کے پس اگر ہوویں عورتیں زیادہ دو سے

فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ

پس واسطے ان کے ہے دو تہائی اس چیز سے کہ چھوڑ گیا اور اگر ہو عورت ایک ہی پس واسطے اس کے ہے آدھا

وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ

اور واسطے ماں باپ اس کے کے ہر ایک کو ان دونوں میں سے چھٹا حصہ اس چیز سے کہ چھوڑ گیا ہے اگر

كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ

ہو واسطے اس کے اولاد پس اگر نہ ہو واسطے اس کے اولاد اور وارث ہوئے ماں باپ اس کے پس واسطے

الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ

ماں اس کی کے ہے تیسرا حصہ پس اگر ہوں واسطے اس کے بھائی پس واسطے ماں اس کی کے چھٹا حصہ پیچھے

وَصِيَّةٍ يُّوْصِىْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ

وصیت کے کہ وصیت کر جاوے ساتھ اس کے یا قرض کے باپ تمہارے یا بیٹے تمہارے نہیں جانتے تم

اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

کون ان میں سے بہت نزدیک ہے واسطے تمہارے نفع میں مقرر کیا ہوا ہے اللہ کی طرف سے تحقیق اللہ تعالیٰ ہے

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۱۱ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ

جاننے والا حکمت والا وا اور واسطے تمہارے ہے آدھا اس چیز سے کہ چھوڑ گئی ہیں بی بیاں تمہاری اگر نہ ہو

يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا

واسطے ان کے اولاد پس اگر ہو واسطے ان کے اولاد پس واسطے تمہارے چوتھائی اس چیز کی کہ

ف۱ یعنی میت کے پیچھے اس کی اولاد کے حق میں قصور نہ کریں اپنے اوپر قیاس کریں کہ ہماری اولاد رہ جاوے پیچھے تو ہم کو کیا فکر ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اس آیت میں دو میراثیں فرمائیں اولاد کی اور ماں باپ کی (ع ۱۰/۱۲) اولاد اگر ملے ہیں مرد اور عورت تو مرد کا دوہرا حصہ عورت کا اکہرا اور اگر فقط عورتیں ہیں تو ایک کو آدھا مال اور زیادہ ہوں تو دو تہائی برابر بانٹ لیویں اور ماں کا حصہ اگر میت کو اولاد ہے یا بہن بھائی ہیں ایک سے زیادہ تو چھٹا حصہ اور اگر دو نہ بہنیں تو تہائی اور باپ کا حصہ اگر میت کو اولاد ہے تو چھٹا حصہ اور اگر اولاد نہیں تو عصبہ ہوا اور میت کا مال اوّل اس کے دفن اور کفن کو لگائیے جو کچھ بچے وہ اس کے قرض میں دیجئے جو کچھ بچے تو اس کی وصیت میں ایک تہائی تک لگا دیجئے اس کے بعد میراث کے حصے ہیں اور ان حصوں میں عقل کا دخل نہیں اللہ صاحب نے مقرر فرمائے وہ سب سے دانا تر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ وَلَهُنَّ

چھوڑ گئی ہیں پیچھے وصیت کے کہ وصیت کر جاویں ساتھ اس کے یا قرض کے اور واسطے

الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ

ان کے ہے چوتھائی اس چیز کی کہ چھوڑ جاؤ تم پیچھے اگر نہ ہو واسطے تمہارے اولاد پس اگر ہو واسطے تمہارے اولاد

فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ

پس واسطے ان کے آٹھواں حصہ ہے اس چیز کا کہ چھوڑ جاؤ تم پیچھے وصیت کے کہ وصیت کر جاؤ تم ساتھ

اَوْ دَيْنٍ ۭ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ

اس کے یا قرض کے ف۱ اور اگر ہو وہ مرد کہ میراث لی جاتی ہے اس کی کلالہ یا وہ عورت ہو اور واسطے اس کے

اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا

ہے ایک بھائی یا ایک بہن پس واسطے ہر ایک کے ان دونوں میں سے چھٹا حصہ ہے پس اگر ہوں

اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاۗءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

زیادہ اس سے پس وہ ساجھی برابر ہیں بیچ تہائی کے پیچھے وصیت کے کہ

يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَاۗرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ

وصیت کی جاتی ہے ساتھ اس کے یا قرض کے نہیں ضرر پہنچانے والا کسی کو مقرر کیا گیا اللہ کی طرف سے اور اللہ

عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿١٢﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

جاننے والا تحمل والا ہے ف۲ یہ ہیں حدیں اللہ کی اور جو کوئی کہا مانے اللہ تعالیٰ کا اور رسول اس کے

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

کا داخل کرے گا اس کو بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والی بیچ اس کے

وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٣﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور یہ ہے مراد پانا بڑا اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ کی اور رسول اس کے کی

وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ

اور گذر جاوے حدوں اس کی سے داخل کرے گا اس کو آگ میں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے اور واسطے اس کے عذاب

مُّهِيْنٌ ﴿١٤﴾ ع وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَاۗىِٕكُمْ

ہے ذلیل کرنے والا اور وہ عورتیں کہ آتی ہیں بے حیائی کو عورتوں تمہاری سے

فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا

پس گواہ مانگو اوپر ان کے چار گواہ اپنے میں سے پس اگر گواہی دیں

ف۱ یہاں تک مرد اور عورت کی میراث فرمائی عورت کے مال میں مرد کو آدھا ہے اگر عورت کو اولاد نہیں اور اگر اولاد ہے اس مرد سے یا اور سے تو مرد کو چوتھائی اور اسی طرح مرد کے مال میں عورت کو چوتھائی اگر مرد کو اولاد نہیں اور اگر اولاد ہے تو عورت کو آٹھواں حصہ ہر جنس مال میں نقد یا جنس سلاح یا زیور یا حویلی یا باغ باقی عورت کا مہر میراث سے جدا ہے قرض میں داخل ہے۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی میراث فرمائی بھائی بہن کی سو باپ کے اور بیٹے کے ساتھ بھائی بہن کو کچھ نہیں جب باپ بیٹا نہ ہو تب بھائی بہن کو پہنچے بھائی بہن تین طرح ہیں یا سگے جو ماں باپ میں شریک ہوں یا سوتیلے جو باپ میں شریک ہیں یا اخیافی جو ماں میں شریک یہ میراث ان تیسروں کی ہے ایک کو چھٹا حصہ اور زیادہ کو تہائی ان میں مرد اور عورت کو برابر اور وہ دو قسم کے بھائی بہن مثل اولاد کے ہیں جب باپ بیٹا ہو پہلے سگے وہ نہ ہو تو سوتیلے اس سورت کے آخر ان کی میراث ہے اور یہ فرمایا کہ وصیت پہلے ہے جب اوروں کا نقصان نہ کیا ہو نقصان کی دو طرح ہیں ایک یہ کہ مال کی تہائی سے زیادہ دلوا مراد وہ تہائی تک جاری ہے۔ (باقی حاشیہ پر)

ع ۲ / ۱۳

فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ
پس بند رکھو ان کو بیچ گھروں کے یہاں تک کہ اٹھالے ان کو موت یا

يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿١٥﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ
کرے اللہ واسطے ان کے کچھ راہ ف۱ اور جو دو مرد آویں اس بے حیائی کو تم میں سے

فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ؕ اِنَّ
پس ایذا دو ان کو پس اگر توبہ کریں اور نیکی پر آویں پس منہ پھیر لو ان سے تحقیق

اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿١٦﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ
اللہ ہے پھر آنے والا مہربان ف۲ سوائے اس کے نہیں کہ توبہ قبول کرنا اوپر اللہ کے واسطے ان لوگوں کے

يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ
ہے کہ کرتے ہیں برائی ساتھ نادانی کے پھر توبہ کرتے ہیں جلدی سے پس یہ لوگ ہیں

يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧﴾ وَلَيْسَتِ
کہ رجوع کرتا ہے اللہ اوپر ان کے اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا اور نہیں

التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰىٓ اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ
توبہ واسطے ان لوگوں کے کہ کرتے ہیں برائیاں یہاں تک کہ جب حاضر ہوتی ہے ایک ان کے کو

الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ
موت کہتا ہے تحقیق توبہ کی میں نے اب اور نہ واسطے ان لوگوں کے جو مرجاتے ہیں اور وہ

كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
کافر ہیں یہ لوگ تیار کیا ہے ہم نے واسطے ان کے عذاب درد دینے والا ف۳ اے لوگو جو

اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ
ایمان لائے ہو نہیں حلال واسطے تمہارے یہ کہ وارث ہو جاؤ عورتوں کے زبردستی اور مت منع کرو ان کو

لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ
تو کہ لے لو بعضی وہ چیز کہ دی ہے تم نے ان کو مگر یہ کہ لاویں بے حیائی

مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى
ظاہر اور صحبت رکھو ان کے ساتھ اچھی طرح کی پس اگر ناپسند رکھو ان کو پس شاید

اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿١٩﴾ وَاِنْ
کہ مکروہ رکھو تم کچھ چیز کو اور کرے اللہ بیچ اس کے بھلائی بہت ف۴ اور اگر

ف۱ یہ حکم زنا کا فرمایا کہ چار مرد مسلمان شاہد چاہئیں پھر ابھی حد نازل نہ فرمائی وعدہ رکھا آخر حد نازل ہوئی سورۂ نور میں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ اگر دو مرد فعل بد کریں ان کا حکم بھی اس وقت مجمل ایذا دینی فرمائی اور اگر توبہ کریں تو ایذا نہ دو پھر جب حد نازل ہوئی تو اس کی حد جدا نہ فرمائی۔ اس میں علماء کو اختلاف رہا کہ وہی حد ہے اس کی بھی یا شمشیر سے قتل کرنا یا کچھ اور طور سے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ جب موت یقین ہو چکی اور آخرت نظر آنے لگی تب توبہ قبول نہیں اور اس سے پہلے قبول ہے مسلمان کی توبہ اور کافر اگر گناہ سے توبہ کرے وہ گناہ نہیں اترتا مگر جو مسلمان ہو کر مرے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ اس آیت میں دو حکم ہیں میت مرجاوے تو اس کی عورت اپنی نکاح کی مختار ہے میت کے بھائیوں کو زور آوری اپنے نکاح میں لینا نہیں پہنچتا اور نہ ان کو روکنا پہنچے نکاح سے کہ عاجز ہو کر کچھ جو میت نے دیا تھا وہ پھیر جاوے مگر بے شرع بات سے روکنا البتہ چاہیے دوسرا حکم یہ کہ عورتوں سے گزران کرے تحمل کے ساتھ اگر اس میں بعضی چیز ناپسند ہو تو شاید کچھ خوبی بھی ہو۔ بدخو کے ساتھ بدخوئی نہ چاہیے۔ ۱۲۔منہ رح

اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ

چاہو تم بدل لینا ایک جورو کا جگہ ایک جورو کے اور دیا ہے تم نے ایک کو ان میں سے

قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا

خزانہ پس مت لو اس میں سے کچھ کیا لوگے تم اس کو بہتان کر اور گناہ

مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ

ظاہر اور کیونکر لوگے اس کو اور تحقیق ملے ہیں بعضے تمہارے طرف بعض کی

وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ

اور لیا ہے انہوں نے تم سے قول گاڑھا ﴿۱ اور مت نکاح کرو اس کو جو نکاح کیا ہے

اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً

باپوں تمہارے نے عورتوں سے مگر جو گذرا تحقیق یہ ہے بے حیائی

وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ ع حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ

اور ناخوشی اللہ کی اور بُری ہے راہ ﴿۲ حرام کی گئیں اوپر تمہارے مائیں تمہاری اور بیٹیاں تمہاری

وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ

اور بہنیں تمہاری اور پھوپھیاں تمہاری اور خالائیں تمہاری اور بیٹیاں بھائیوں کی اور بیٹیاں

الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ

بہنوں کی اور مائیں تمہاری جنہوں نے دودھ پلایا تم کو اور بہنیں تمہاری

الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ

دودھ سے اور مائیں بی بیوں تمہاری کی اور اولاد جوروؤں تمہاری کی جو بیچ

حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ؗ فَاِنْ لَّمْ

گودیوں تمہاری کے ہیں بی بیوں تمہاری سے جو صحبت کی ہے تم نے ان سے پس اگر نہیں

تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ؗ وَحَلَآئِلُ

صحبت کی تم نے ساتھ ان کے پس نہیں گناہ اوپر تمہارے اور جوروئیں

اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ

بیٹوں تمہارے کی جو صلب تمہاری سے ہیں اور یہ کہ اکٹھا کرو تم درمیان دو بہنوں کے

اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾ ۙ

مگر جو گذرا تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان

﴿۱ یعنی جب مرد عورت تک پہنچا تو اس کا تمام مہر لازم ہوا اب بغیر اس کے چھوڑے نہیں چھوٹتا اور عہد گاڑھا یہی کہ حکم شرع سے عورت مرد کے قبضہ میں آئی وہ لا اس کا مالک نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

﴿۲ مگر جو ہو چکا یعنی کفر میں اس کا پرہیز نہ کرتے تھے، سو اسلام کے بعد وہ گناہ نہ رہا۔ آگے سے پرہیز چاہیئے۔ ۱۲۔منہ رح

(صفحہ ۹۴ سے آگے) زیادہ نہیں۔ دوسرے یہ کہ جس کو میراث کا حصہ ملے گا اس کو اپنی طرف سے رعایت کر کر کچھ اور دلوا مراد وہ معتبر نہیں۔ اگر سب وارث راضی ہوں تو یہ دونوں وصیتیں قبول رکھیں نہیں تو نہ رکھیں۔ فائدہ یہ پانچ میراثیں جو فرمائیں یہ حصہ داروں کی ہیں اور ان کے سوا اور قسم کے وارث ہیں جن کو عصبہ کہتے ہیں ان کو حصہ نہیں اگر عصبہ ہو اور حصہ دار نہ ہو تو سب مال عصبہ لیوے اور جو دونوں ہوں تو حصہ داروں سے جو بچے وہ عصبہ لیوے اور جو کچھ نہ بچے تو کچھ نہ لیوے وہ عصبہ اصل تو وہ ہے جو مرد ہو عورت نہ ہو اور عورت کا واسطہ نہ رکھے اس کے چار درجے ہیں اوّل درجے میں بیٹا اور پوتا ہے دوسرے درجے میں باپ اور دادا تیسرے درجے میں بھائی اور بھتیجا (باقی صفحہ ۹۸ پر)

ع ۸ / ۱۲

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

اور حرام کی گئیں بیاہی ہوئی عورتوں میں سے مگر جن کے مالک ہوگئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے

كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا

لکھ دیا اللہ نے اوپر تمہارے ۱ے اور حلال کیا گیا واسطے تمہارے جو کچھ سوائے اس کے ہے یہ کہ طلب کرو بدلے

بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ

مالوں اپنے کے قید میں رکھنے والے نہ پانی ڈالنے والے یعنی بدکار پس جو مال کہ فائدہ اٹھایا ہے تم نے بدلے اس کے

فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

ان میں سے پس دو ان کو جو مقرر کیا ہے واسطے ان کے موافق مقرر کے اور نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے

تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا

کہ رضامند ہو تم ساتھ اس کے پیچھے مقرر کرنے کے تحقیق اللہ ہے جاننے والا

حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ

حکمت والا ۲ے اور جو کوئی نہ رکھے تم میں سے مقدور یہ کہ نکاح کرے بی بیوں

الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ

ایمان والیوں کو پس اس چیز سے کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے لونڈیوں تمہاری ایمان والیوں سے

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ فَانْكِحُوْهُنَّ

اور اللہ خوب جانتا ہے ایمان تمہارے کو بعض تمہارے بعض سے ہیں پس نکاح کرو ان کو

بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ

ساتھ حکم مالکوں ان کے کے اور دو ان کو مقرر ان کا ساتھ اچھی طرح کے قید میں رکھی ہوئیں

غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ

نہ بدکاری کرنے والیں اور نہ پکڑنے والیں یار چھپے پس جب نکاح میں آویں پس اگر

اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ

کریں بے حیائی پس اوپر ان کے ہے آدھا اس چیز کا کہ اوپر بی بیوں کے ہے

مِنَ الْعَذَابِ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ وَاَنْ

عذاب سے یہ واسطے اس شخص کے ہے کہ ڈرے بدکاری سے تم میں سے اور یہ کہ

تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ

صبر کرو تم بہتر ہے واسطے تمہارے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۳ے ارادہ کرتا ہے اللہ

۱ے سات ناتے حرام فرمائے ایک ماں اس میں داخل ہے نانی اور دادی... جو عورت کہ اس شخص کی جڑ ہے۔ دوسری بیٹی اس میں داخل ہے نواسی اور پوتی یعنی جو اس کی شاخ ہے۔ تیسری بہن چوتھی بھتیجی پانچویں بھانجی یعنی جو اس کے ماں باپ میں ملتی ہے چھٹی پھوپھی ساتویں خالہ یعنی جو ماں باپ سے اوپر ملتی ہے بشرطیکہ بے واسطہ ملتی ہو اور جو واسطے سے ملے وہ حلال ہے جیسے پھوپھی کی بیٹی۔ فائدہ اور دودھ کے دو ناتے فرمائے ماں اور بہن اشارت ہے کہ ساتوں ناتے اس میں حرام ہیں۔ فائدہ اور سسرال کے چار ناتے فرمائے عورت کو مرد کی جڑ اور شاخ اور مرد کو عورت کی جڑ اور شاخ مگر شاخ جب حرام ہے کہ نکاح کے بعد صحبت بھی ہوئی ہو اور جڑ فقط نکاح سے حرام ہے۔ فائدہ دودھ سے بھی یہ چار ناتے حرام ہوئے لیکن دودھ پینا وہ معتبر ہے کہ اسی عمر میں پئے بڑی عمر میں پینا معتبر نہیں فائدہ اس جگہ ناتا سگا اور سوتیلا اور اخیافی سب برابر ہے اور دودھ میں بھی سوتیلا ناتا معتبر ہے۔ فائدہ بعد اس کے منع فرمایا جمع کرنا دو بہنوں کا اس اشارت سے معلوم ہوا ساتوں

(باقی صـ۹۸ـ پر)

لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

تو کہ بیان کرے واسطے تمہارے اور ہدایت کرے تم کو راہیں ان لوگوں کی جو پہلے تم سے تھے

وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ

اور پھر آوے اوپر تمہارے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور اللہ ارادہ کرتا ہے یہ کہ

يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۟ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا

پھر آوے اوپر تمہارے اور ارادہ کرتے ہیں وہ لوگ کہ پیروی کرتے ہیں خواہشوں کی یہ کہ جھک جاؤ تم

مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ

جھک جانا بڑا ؂۱ ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ ہلکا کرے تم سے اور پیدا کیا گیا

الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا

آدمی ناتواں ؂۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت کھاؤ

اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ

مال اپنے آپس میں ساتھ ناحق کے مگر یہ کہ ہووے سوداگری

تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۟ وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ

رضامندی تمہاری سے اور مت مارو آپس اپنے کو تحقیق اللہ ہے ساتھ تمہارے

رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ

مہربان اور جو کوئی کرے یہ تعدی سے اور ظلم سے پس البتہ داخل

نُصْلِيْهِ نَارًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ

کریں گے ہم اس کو آگ میں اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان ؂۳ اگر

تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

بچو گے تم بڑے گناہوں سے جو منع کیے جاتے ہو اس سے دور کریں گے ہم تم سے برائیاں تمہاری

وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ

اور داخل کریں گے تم کو جگہ عزت کی میں اور مت آرزو کرو اس چیز کی کہ بزرگی دی ہے اللہ نے

بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ

ساتھ اس کے بعضے تمہارے کو اوپر بعض کے واسطے مردوں کے ہے حصہ اس چیز سے کہ کماتے ہیں

وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

اور واسطے عورتوں کے حصہ ہے اس چیز سے کہ کماتیاں ہیں اور سوال کرو اللہ سے فضل اس کے سے

؂۱ یعنی بری صحبت جو آدمی کا دل دوڑا دے برے کام پر اور شرع پر مقید نہ رہنے دے۔ ۱۲۔ منہ رح

؂۲ یعنی شرع میں کسی چیز کی تنگی نہیں کہ کوئی حلال چھوڑے اور حرام کو دوڑے ۱۲۔ منہ رح

؂۳ یعنی مغرور نہ ہو کہ ہم مسلمان دوزخ میں کیونکر جاویں گے اللہ پر یہ بھی آسان ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(ص۹۷ سے آگے)

ناتوں کا جمع کرنا حرام ہے اور سسرال کے ناتوں میں جمع کرنا حرام نہیں۔ فائدہ آخر کو حرام فرمائی نکاح بندھی عورت یعنی ایک نکاح میں ہے تو پھر ہر کسی کو اس کا نکاح حرام ہے مگر یہ کہ اپنی ملک ہو جائے۔ اس کی صورت یہ کہ کافر مرد اور عورت میں نکاح تھا وہ عورت قید میں آئی جس کو پہنچی اس کو حلال ہے فائدہ اور دودھ کا ناتا یا سسرال کا مرد کو اپنی لونڈی سے ہے تو اس کی صحبت حرام ہے اور ملک میں رہا کرے۔ فائدہ اور یہ جو فرمایا کہ عورتیں تمہارے بیٹوں کی جو تمہاری پشت سے ہیں یعنی لے پالک کو بیٹا نہ جانو۔ کسی حکم میں وہ بیٹا نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

؂۴ یعنی جو عورتیں حرام فرمادیں ان کے سوا سب حلال ہیں چار شرط سے۔ اوّل یہ کہ

(باقی ص۹۹)

إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٣٢﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا

تحقیق اللہ ہے ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ف۱ اور واسطے ہر شخص کے مقرر کیے ہیں ہم نے وارث اس چیز سے کہ

تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۗ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ

چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابتی اور جن کو کہ گرہ باندھی داہنے ہاتھ تمہارے نے

فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿٣٣﴾ ع

پس دو تم ان کو حصہ ان کا تحقیق اللہ ہے اوپر ہر چیز کے حاضر ف۲

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى

مرد قائم رہنے والے ہیں یعنی حاکم ہیں اوپر عورتوں کے بسبب اس کے کہ بزرگی دی اللہ نے بعضے ان کے کو اوپر

بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۗ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ

بعض کے اور بسبب اس کے کہ خرچ کرتے ہیں مالوں اپنے سے پس نیک بخت عورتیں فرمانبردار ہیں نگہبانی کرنے والی

حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۗ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ

ہیں بیچ غائب کے ساتھ محافظت اللہ کے اور جو عورتیں کہ ڈرتے ہو تم چڑھائی ان کی سے

فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ

پس نصیحت کرو ان کو اور چھوڑ دو ان کو بیچ خواب گاہ کے اور مارو ان کو پس اگر کہا

اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا

مانیں تمہارا پس مت ڈھونڈو اوپر ان کے راہ تحقیق اللہ ہے بلند

كَبِيْرًا ﴿٣٤﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا

بڑا ف۳ اور اگر ڈرو تم خلاف سے درمیان ان دونوں کے پس مقرر کرو ایک منصف مرد

مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا

کے لوگوں میں سے اور ایک منصف عورت کے لوگوں میں سے اگر ارادہ کریں یعنی دو منصف صلح کروانا

يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿٣٥﴾

توفیق دے گا اللہ درمیان ان دونوں کے تحقیق اللہ ہے جاننے والا خبردار

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

اور عبادت کرو اللہ کی اور مت شریک لاؤ ساتھ اس کے کسی چیز کو اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا

وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى

اور ساتھ قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور فقیروں کے اور ہمسائے قرابت والے

ف۱ عورتوں نے حضرت سے پوچھا کہ کیا سبب ہے حق تعالیٰ ہر جگہ مردوں پر حکم فرماتا ہے عورتوں کا نام نہیں لیتا اور میراث میں مرد کو حصہ دوہرا ملتا ہے اس پر یہ آیت اتری۔ ۱۲۔ منہ

ع ۵ ۸ ۲

ف۲ اکثر لوگ حضرت کے ساتھ اکیلے مسلمان ہوئے تھے ان کے اقربا کافر رہے تو حضرت نے دو دو مسلمانوں کو آپس میں بھائی کر دیا وہی ایک دوسرے کے وارث ہوتے جب ان کے اقربا مسلمان ہوئے تب یہ آیت اتری کہ میراث ہے قرابت ہی پر اور رفیقوں کے بھائیوں سے زندگی میں سلوک ہے یا مرتے وقت کچھ وصیت کر دو۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی اللہ نے مرد کا درجہ اوپر بنایا تو عورت کو حکمبرداری چاہئے اور اگر ایک عورت بدخوئی کرے تو مرد پہلے درجے سمجھائے دوسرے درجے جدا سوئے لیکن اسی گھر میں پھر آخر درجے مارے بھی لیکن نہ ایسا کہ ضرب پہنچے پھر اگر بظاہر مطیع ہو جاویں تو کرید نہ کرے تقصیروں پر اللہ سب پر حاکم ہے باقی ہر تقصیر کی ایک حد ہے اور مارنا آخر کا درجہ ہے۔ ۱۲۔ منہ

(ص۹۷ کا بقیہ ص۹۸ سے آگے)

طلب کرو یعنی زبان سے ایجاب و قبول درمیان آوے دوسرے یہ کہ مال دینا قبول کرو یعنی مہر تیسرے یہ کہ قید میں لانے کی طرح ہو مستی نکالنے کی نہ ہو یعنی ہمیشہ (باقی ص۱۰۰ پر)

وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا
اور ہمسائے اجنبی کے اور صحبت رکھنے والے کے کروٹ پر اور مسافر کے اور جن کے

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا
مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اس شخص کو کہ ہے تکبّر کرنے والا

فَخُوْرَا ۙ ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ
شیخی کرنے والا ف۱ وہ لوگ جو بخیلی کرتے ہیں اور حکم کرتے ہیں لوگوں کو ساتھ بخیلی کے

وَيَكْتُمُوْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ
اور چھپاتے ہیں وہ چیز کہ دی ہے ان کو اللہ نے فضل اپنے سے اور تیار کیا ہے ہم نے واسطے کافروں

عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ
کے عذاب ذلیل کرنے والا اور جو لوگ کہ خرچ کرتے ہیں مال اپنے دکھانے کو

النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ
لوگوں کے اور نہیں ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور نہ ساتھ دن پچھلے کے اور جو کوئی

يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ
ہووے شیطان واسطے اس کے ہم نشیں پس برا ہے ہم نشین ف۲ اور کیا ہے اوپر ان کے

لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ
اگر ایمان لاویں ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور خرچ کریں اس چیز سے کہ دیا ان کو

اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ
اللہ نے اور ہے اللہ ساتھ ان کے جاننے والا تحقیق اللہ نہیں ظلم کرتا برابر ایک

ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ
بھنگے کے اور اگر ہووے نیکی دو گنا کرے گا اس کو اور دیوے گا اپنے پاس سے

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ
ثواب بڑا ف۳ پس کیونکر ہوگا جس وقت لاویں گے ہم ہر امت سے ایک گواہی دینے والا

وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ ؕ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ
اور لاویں گے ہم تجھ کو اوپر ان کے گواہ اس دن آرزو کریں گے وہ لوگ کہ

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ
کافر ہوئے اور نافرمانی کی پیغمبر کی کاش کہ برابر کی جاوے ساتھ ان کے زمین

ف۱ یعنی اوّل اللہ کا حق ادا کرو۔ پھر ماں باپ کا۔ پھر ان سب کا درجہ بدرجہ ہمسایہ قریب کا حق زیادہ ہے اور ہمسایہ اجنبی کا اس سے پیچھے قریب یعنی قرابتی اور برابر کا رفیق جو ایک کام میں ساتھ شریک ہو جیسے ایک استاد کے دو شاگرد یا ایک خاوند کے دو نوکر۔ اور فرمایا کہ ان کے حق ادا نہ کرنے والا وہی ہے جس کے مزاج میں تکبّر اور خود پسندی ہے، کہ کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مال دینے میں بخل کرنا جیسا اللہ کے نزدیک برا ہے ویسا ہی خلق کے دکھانے کو دینا اور قبول وہ ہے جو حق داروں کو دے جن کا اوّل مذکور ہوا۔ خدا کے یقین سے اور آخرت کی توقع سے دے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرنا کسی طرح نقصان نہیں آخرت کا ثواب بیشمار ہے اور دنیا میں بھی عوض پاتا ہے۔ اس پر رسولِ خدا نے قسم کھائی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(ف۹ کا بقیہ ص ۹۹ سے آگے)
کو وہ عورت اس مرد کی ہو جاوے اس کے چھوڑے بغیر نہ چھوٹے یعنی مدّت کا ذکر نہ آوے کہ مہینے تک یا برس تک اس سے متعہ حرام ٹھہرا چوتھی شرط سورہ مائدہ میں فرمائی اور یہاں بھی لونڈیوں کے نکاح میں آگے فرمائی ہے کہ چھپی یاری نہ ہو۔ یعنی
(باقی ص ۱۰۱ پر)

وقف النبی علیہ السلام

وَلَا يَكْتُمُونَ اللّٰهَ حَدِيثًا ﴿٤٢﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَقْرَبُوا

اور نہ چھپاویں گے اللہ سے کچھ بات اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت نزدیک جاؤ

الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ وَلَا

نماز کے اور ہو تم مست یہاں تک کہ جانو کیا کہتے ہو اور نہ

جُنُبًا اِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوا ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ

جنابت سے مگر گزرنے والے راہ کے یہاں تک کہ نہا لو اور اگر ہو تم

مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ

بیمار یا اوپر سفر کے یا آوے کوئی تم میں سے جائے ضرور سے یا

لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَآءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا

صحبت کرو عورتوں سے پس نہ پاؤ تم پانی پس قصد کرو تم مٹی پاک کا

فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَاَيْدِيكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا

پس پونچھ لو ساتھ منہ اپنے کے اور ہاتھوں اپنے کے تحقیق اللہ ہے معاف کرنے والا

غَفُورًا ﴿٤٣﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِينَ اُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتٰبِ

بخشنے والا ٢ کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کے کہ دیئے گئے ایک حصہ کتاب سے

يَشْتَرُونَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيدُونَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيلَ ﴿٤٤﴾

مول لیتے ہیں گمراہی کو اور ارادہ کرتے ہیں یہ کہ بھٹک جاؤ تم راہ سے

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ۗ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى

اور اللہ خوب جانتا ہے دشمنوں تمہاروں کو اور کفایت ہے اللہ دوست اور کفایت ہے

بِاللّٰهِ نَصِيرًا ﴿٤٥﴾ مِنَ الَّذِينَ هَادُوا يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَنْ

اللہ مدد دینے والا ٣ بعضے وہ لوگ جو یہودی ہیں بدل ڈالتے ہیں باتوں کو جگہ

مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُولُونَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ

اس کی سے اور کہتے ہیں سنا ہم نے اور نہ مانا ہم نے اور سن نہ سنایا جائیو

وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّينِ ۗ وَلَوْ اَنَّهُمْ

اور راعنا پیچ دے کر زبان اپنی کو اور طعن کر کر بیچ دین کے اور اگر وہ

قَالُوا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

کہتے سنا ہم نے اور مانا ہم نے اور سن اور نظر کر ہم پر البتہ ہوتا بہتر واسطے ان کے

ع ٦ ٩ ٣

ف١ یعنی ہر امت اور ہر عہد کے لوگوں کا احوال اس وقت کے پیغمبر سے اور معتبر نیک بختوں سے بیان کروا دیں گے منکروں کا انکار اور اطاعت والوں کی اطاعت بیان ہوگی تب منکر آرزو کریں گے کہ ہم انسان نہ ہوتے مٹی میں مل کر خاک ہو جاتے۔ ١٢۔منہ رح

ف٢ اس آیت میں ذکر ہے تیمم کا پہلے جو مذکور ہوا کہ کافر آخرت میں آرزو کریں گے کہ خاک میں مل جاویں۔ خاک انسانوں کی پیدائش ہے اور اپنی پیدائش کی طرف جانا گناہوں سے بچاؤ ہے اس واسطے مٹی ملنے سے بھی طہارت فرمائی۔ فائدہ پہلے حکم فرمایا کہ نشہ میں نماز کے پاس نہ جاؤ۔ یہ حکم جب تھا کہ نشہ حرام نہ ہوا تھا لیکن نماز سے منع ٹھہرا تھا اور اگر اب نیند سے بیہوش ہو یا مرض سے کہ اپنے منہ کا لفظ نہ سمجھے تو اس حالت کی نماز درست نہیں پھر قضا کرے۔ فائدہ پھر فرمایا کہ جنابت میں نماز کے پاس نہ جاؤ جب تک غسل کرو مگر راہ چلتے یعنی سفر میں کہ اس کا حکم آگے ہے۔ پھر فرمایا کہ اگر پانی کا عذر ہو اور طہارت ضرور ہو تو زمین سے تیمم کرو پانی کا عذر تین صورت سے بتایا اور طہارت کا ہونا دو صورت سے ایک صورت پانی کے عذر کی یہ کہ مریض ہو یا پانی ضرر کرتا ہے دوسری یہ کہ سفر درپیش ہے پانی پینے کو رکھا ہے آگے دور

(باقی صفحہ ١٠٣ پر)

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا

اور بہت سیدھا لیکن لعنت کی ہے ان کو اللہ نے ساتھ کفران کے کے پس نہیں ایمان لاتے مگر

قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا

تھوڑے وا اے لوگو جو دیئے گئے ہو کتاب ایمان لاؤ ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہم نے سچا کرنے

لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا

والی واسطے اس چیز کے کہ ساتھ تمہارے ہے پہلے اس سے کہ مٹا ڈالیں ہم مونہوں کو پس پھیر دیں ان کو

عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ

اوپر پیٹھ ان کی کے یا لعنت کریں ان کو جیساکہ لعنت کیا ہم نے ہفتے والوں کو

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ

اور ہے کام اللہ کا کیا گیا وا تحقیق اللہ نہیں بخشتا یہ کہ شریک لایا جاوے ساتھ

وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ

اس کے اور بخشتا ہے سوائے اس کے واسطے جس کے چاہتا ہے اور جو کوئی شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق

افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ

باندھ لیا اس نے گناہ بڑا کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کی کہ پاک کہتے ہیں جانوں اپنی کو

بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ اُنْظُرْ

بلکہ اللہ ہی پاک کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور نہ ظلم کیے جاویں گے ایک تاگے برابر وا دیکھ

كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ ع

کیونکر باندھتے ہیں اوپر اللہ کے جھوٹ اور کفایت ہے اس کو یہی گناہ ظاہر

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ

کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کی جو دیئے گئے ہیں ایک حصہ کتاب سے یقین لاتے ہیں

بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى

ساتھ بتوں کے اور شیطان کے اور کہتے ہیں واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے یہ لوگ بہت پہنچے ہوئے ہیں

مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ

راہ ان لوگوں کی سے کہ ایمان لائے راہ کر یہ لوگ وہ ہیں کہ لعنت کی ہے ان کو اللہ نے

وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ ؕ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ

اور جس کو لعنت کرے اللہ پس ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے اس کے مدد دینے والا کیا واسطے ان کے حصہ ہے

وا راعنا لفظ بولتے تھے اس کا بیان ہوا سورۂ بقر میں اسی طرح حضرت بات فرماتے تو جواب میں کہتے سنا ہم نے اس کے معنی یہ ہیں کہ قبول کیا لیکن آہستہ کہتے کہ نہ مانا یعنی فقط کان سے سنا اور دل سے نہ سنا اور حضرت کو خطاب کرتے تو کہتے سن نہ سنایا جائیو ظاہر میں یہ دعا نیک ہے کہ تو ہمیشہ غالب رہے کوئی تجھ کو بُری بات نہ سنا سکے اور دل میں نیت رکھتے کہ تو بہرا ہو جائیو ایسی شرارت کرتے پھر دین میں عیب دیتے کہ اگر یہ شخص نبی ہوتا تو ہمارا فریب معلوم کرتا وہی اللہ صاحب نے واضح کر دیا۔ ۱۲۔منہ رح

وا یعنی ایمان لاؤ پہلے اس سے کہ عذاب پاؤ صورت بدلی جاوے یا جانور بن جاؤ ہفتے والوں کی طرح ان کا بیان ہے سورۂ اعراف میں ۱۲۔منہ رح

وا یہودیوں کو حضرت سے مخالفت ہوئی تو مکے کے مشرکوں سے متفق ہوئے اور ان کی خاطر سے بتوں کی تعظیم کی اور کہا کہ تمہاری راہ بہتر ہے مسلمانوں سے اور یہ سب حسد تھا کہ نبوّت اور ریاستِ دین ہمارے سوا اور کسی میں کیوں ہوئی اللہ صاحب اسی پر ان کو الزام دیتا ہے ان سب آیتوں میں یہی مذکور ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۸/۴

مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ

پادشاہی سے پس اس وقت نہ دیں گے لوگوں کو کھجور کے شگاف برابر کیا حسد کرتے ہیں

النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ

لوگوں سے اوپر اس چیز سے کہ دیا ہے ان کو اللہ نے فضل اپنے سے پس تحقیق دی ہم نے اولاد

اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

ابراہیم کو کتاب اور حکمت اور دی ہم نے ان کو بادشاہی بڑی

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ

پس بعض ان میں سے وہ شخص ہے کہ ایمان لایا ساتھ اس کے اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ باز رہا اس سے اور کفایت ہے

سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ

دوزخ جلانے والا ف تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ نشانیوں ہماری کے البتہ داخل کریں گے ہم ان کو

نَارًا ۭ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُھُمْ بَدَّلْنٰھُمْ جُلُوْدًا

آگ میں جب گل جاویں گے چمڑے ان کے بدل دیویں گے ہم ان کو چمڑے

غَيْرَھَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾

سوائے اس کے تو کہ چکھیں عذاب تحقیق اللہ ہے غالب حکمت والا

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُھُمْ جَنّٰتٍ

اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے البتہ داخل کریں گے ہم ان کو بہشتوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ لَهُمْ

کہ چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے ہمیشہ واسطے

فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُھُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾ اِنَّ

ان کے بی بیاں پاک کی ہوئیں اور داخل کریں گے ان کو چھاؤں سایہ دار میں تحقیق

اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَھْلِھَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ

اللہ حکم کرتا ہے تم کو یہ کہ پہنچا دو امانتیں طرف صاحبوں ان کے کے اور جب حکم کرو تم

بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ

درمیان لوگوں کے یہ کہ حکم کرو ساتھ انصاف کے تحقیق اللہ خوب ہے وہ جو نصیحت کرتا ہے تم کو

بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

ساتھ اس کے تحقیق اللہ ہے سننے والا دیکھنے والا ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

ف۱ یعنی ہمیشہ سے اللہ نے ابراہیم کے گھر میں بزرگی دی ہے اب بھی اسی کے گھر میں ہے پھر جو کوئی قبول نہ رکھے وہ بے انصاف ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی امانت میں خیانت مت کرو اور چکوتی میں خاطر مت کرو خواہ رشوت کے واسطے خواہ کسی کے واسطے یہ عادتیں یہود میں بہت تھیں اسی واسطے بعضے کچے مسلمان قضیہ چکانے کو حضرت کے پاس نہ آتے کہ یہ کسی کی خاطر نہ رکھیں گے اور یہود کے عالموں پاس جاتے کہ وہ خاطر کریں گے۔ آگے مسلمانوں کو تقید فرمایا کہ جنک ہر قضیے میں اور ہر حکم میں رسول ہی کی طرف رجوع نہ رکھو اور دل سے اس کے حکم پر راضی نہ ہو جب تک تم کو ایمان نہیں۔ ۱۲ منہ رح

(ص۱۰۱ سے آگے)

تک نہ ملے گا تیسری یہ کہ پانی موجود نہیں اس تیسری کے ساتھ دو صورتیں طہارت کی ضرورت کی فرمائیں ایک یہ کہ جائے ضرور سے آیا۔ وضو کی حاجت ہے دوسری یہ کہ عورت سے لگا غسل کی حاجت ہے۔ فائدہ اب تیمم کا طریق یہ کہ زمین پاک پر دونوں ہاتھ مارے پھر منہ کو مل لیا تمام پھر دونوں ہاتھ مارے پھر ہاتھوں کو مل لیا کہنی تک۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یہود کو فرمایا کہ کچھ ملا۔ کتاب کا ایک حصہ یعنی لفظ پڑھنے کو ملے ہیں، عمل کرنا نہیں ملا۔ ۱۲ منہ رح

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ فَإِن
فرمانبرداری کرو اللہ کی اور کہا مانو رسول کا اور صاحبوں حکم کے تم میں سے پس اگر

تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ
جھگڑو تم بیچ کسی چیز کے پس پھیرو اس کو طرف اللہ کے اور رسول کے اگر ہو تم

تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ
ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے یہ بہتر ہے اور اچھا

تَأْوِيلًا ﴿٥٩﴾ ع أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا بِمَا
جزا میں وا کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کی کہ دعویٰ کرتے ہیں یہ کہ وہ ایمان لائے ہیں ساتھ اس

أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُوا
چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف تیری اور جو کچھ کہ اتاری گئی ہے پہلے تجھ سے ارادہ کرتے ہیں یہ کہ حکم لے جاویں

إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوا أَن يَكْفُرُوا بِهِ ۖ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ
طرف سرکش کے اور تحقیق حکم کیے گئے ہیں یہ کہ کفر کریں ساتھ اس کے اور ارادہ کرتا ہے شیطان

أَن يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿٦٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ
یہ کہ گمراہ کرے ان کو گمراہی دور اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے آؤ طرف اس چیز کے کہ

مَا أَنزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ يَصُدُّونَ
اتاری ہے اللہ نے اور طرف رسول کی دیکھتا ہے تو منافقوں کو کہ ہٹ رہتے ہیں

عَنكَ صُدُودًا ﴿٦١﴾ فَكَيْفَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا
تجھ سے ہٹ رہنے کر۔ پس کیونکر ہوگا جب پہنچے گی ان کو مصیبت بسبب اس کے جو

قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَاءُوكَ يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنْ أَرَدْنَا
آگے بھیجا ہاتھوں ان کے نے پھر آتے ہیں تیرے پاس قسمیں کھاتے ہیں ساتھ اللہ کے کہ نہ چاہا تھا ہم

إِلَّا إِحْسَانًا وَتَوْفِيقًا ﴿٦٢﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَعْلَمُ اللَّهُ مَا فِي
نے مگر احسان یعنی بھلائی اور موافقت کرنی وا یہ لوگ ہیں کہ جانتا ہے اللہ جو کچھ بیچ

قُلُوبِهِمْ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُل لَّهُمْ فِي
دلوں ان کے کے ہے پس منہ پھیر لے اُن سے اور نصیحت کر ان کو اور کہہ واسطے ان کے بیچ

أَنفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيغًا ﴿٦٣﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ
دلوں اُن کے کے بات اثر کرنے والی اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی پیغمبر مگر واسطے اس کے کہ فرمانبرداری کیا جاوے

وا اختیار والے بادشاہ اور جو کسی کام پر مقرر ہو اس کے حکم پر چلنا ضرور ہے جب تک وہ خلاف خدا اور رسول حکم نہ کرے اگر صریح خلاف کرے تو وہ حکم نہ مانیئے۔ اگر دو مسلمان جھگڑتے ہیں ایک نے کہا چل شرع میں رجوع کریں دوسرے نے کہا میں شرع نہیں سمجھتا یا مجھے شرع سے کام نہیں وہ بیشک کافر ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۸ ۹ ۵

وا مدینے میں ایک یہودی اور ایک منافق کہ ظاہر میں مسلمان تھا جھگڑنے لگے۔ یہودی نے کہا کہ چل محمد پاس صلی اللہ علیہ وسلم منافق نے کہا چل کعب بن اشرف پاس وہ یہود کا سردار تھا۔ آخر کار حضرت پاس آئے حضرت نے یہودی کا حق ثابت کیا۔ منافق نے باہر نکل کر کہا کہ چلو عمرؓ کے پاس یہ حضرت کے حکم سے مدینے میں قضا کرتے تھے منافق نے جانا کہ حمیت اسلام کریں گے جب گئے ان کے آگے تو یہودی نے کہہ دیا کہ حضرت پاس ہم جا چکے ہیں وہ مجھ کو سچا کر چکے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے منافق کی گردن ماری اس کے وارث حضرت پاس دعویٰ خون کو آئے اور قسمیں کھانے لگے کہ ہم گئے تھے اس واسطے کہ شاید صلح کروا دیں۔ تب یہ آیتیں نازل ہوئیں اور ان کا نام فاروق فرمایا۔ ۱۲۔ منہ رح

بِإِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَّلَمُوٓا أَنفُسَهُمْ جَآءُوكَ

ساتھ حکم اللہ کے اور اگر یہ لوگ جس وقت ظلم کرتے ہیں جانوں اپنی کو آویں گے تیرے پاس

فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ

پس بخشش مانگیں اللہ سے اور بخشش مانگے واسطے ان کے رسول البتہ پاویں گے اللہ

تَوَّابًا رَّحِيمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ

کو پھر آنے والا مہربان پس قسم ہے پروردگار تیرے کی نہیں ایمان لاویں گے یہاں تک کہ حاکم بدیں تجھ کو

فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِىٓ أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا

بیچ اس چیز کے کہ جھگڑا پڑے درمیان ان کے پھر نہ پاویں بیچ جیوں اپنے کے تنگی اس چیز سے کہ

قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿۶۵﴾ وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ أَنِ

حکم کرے تو اور مان لیویں مان لینے کر اور اگر ہم لکھ دیتے اوپر ان کے یہ کہ

اقْتُلُوٓا أَنفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُوا مِن دِيَارِكُم مَّا فَعَلُوهُ إِلَّا قَلِيلٌ

مار ڈالو جانوں اپنی کو یا نکل جاؤ گھروں اپنے سے نہیں کرتے اس کو مگر تھوڑے

مِّنْهُمْ ۖ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِۦ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

ان میں سے اور اگر یہ وہ کریں جو کچھ نصیحت دیئے جاتے ہیں ساتھ اس کے البتہ ہوتا بہتر واسطے ان کے

وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا ﴿۶۶﴾ وَإِذًا لَّآتَيْنٰهُم مِّن لَّدُنَّآ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿۶۷﴾

اور زیادہ تر ہوتا ثابت رکھنے میں ؂۱ اور اس وقت البتہ دیتے ہم ان کو اپنے پاس سے ثواب بڑا

وَلَهَدَيْنٰهُمْ صِرٰطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿۶۸﴾ وَمَن يُطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُولَ

البتہ دکھاتے ہم ان کو راہ سیدھی اور جو کوئی فرمانبرداری کرے اللہ کی اور رسول کی

فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّـۧنَ وَالصِّدِّيقِينَ

پس یہ لوگ ساتھ ان لوگوں کے ہیں کہ نعمت کی ہے اللہ نے اوپر ان کے پیغمبروں سے اور صدیقوں سے

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِينَ ۚ وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ رَفِيقًا ﴿۶۹﴾ ذٰلِكَ

اور شہیدوں سے اور صالحوں سے اور اچھے ہیں یہ لوگ رفیق ؂۲ یہ

الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيمًا ﴿۷۰﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا

فضل ہے اللہ کی طرف سے اور کفایت ہے اللہ جاننے والا ؂۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانفِرُوا ثُبَاتٍ أَوِ انفِرُوا جَمِيعًا ﴿۷۱﴾ وَإِنَّ

لو بچاؤ اپنا ؂۴ پس نکلو متفرق یا نکلو اکٹھے اور تحقیق بعض تم

؂۱ یعنی مالک کے حکم میں تو جان تک کا دریغ نہ کرنا چاہیئے اگر اللہ ویسے حکم فرماتا تو یہ منافق کب کر سکتے یہ حکم تو نصیحت کے ہیں انہیں پر چلیں تو نفاق جاتا رہے اور مومن ہو جاویں غنیمت نہیں سمجھتے ۱۲۔ منہ رح

؂۲ نبی وہ لوگ جن کو اللہ کی طرف سے وحی آوے یعنی فرشتہ ظاہر میں پیغام کہہ جاوے اور صدیق وہ جو وحی میں آوے۔ ان کا جی آپ ہی ان پر گواہی دے اور شہید وہ جن کو پیغمبر کے حکم پر ایسا صدق آیا کہ اس پر جان دیتے ہیں اور نیک بخت وہ جن کی طبیعت نیکی ہی پر پیدا ہوئی ہے تو جو لوگ ایسے ہیں مگر حکمبرداری میں لگے جاتے ہیں اللہ ان کو بھی ان کے ساتھ گنے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

؂۳ آگے سے ذکر ہے جہاد کا۔ ۱۲۔ منہ رح

؂۴ یعنی لڑائی میں اپنا بچاؤ کرنا۔ زرہ کر یا سپر کر یا تدبیر کر یا ہنر کر منع نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(ص۹۷ کا ف۱ سے آگے)
لوگ شاہد ہوں کم سے کم دو مرد یا ایک مرد دو عورت پھر فرمایا جو عورت کام میں آئی اس کا مہر پورا دینا پڑا یعنی صحبت ہوئی یا خلوت ہوئی اب کسی طرح مہر نہیں چھوٹتا۔ اور جب تک کام میں نہیں آئی تو اگر مرد چھوڑے تو آدھا مہر دے اور اگر عورت
(باقی ص۱۰۶ پر)

ع ۹/۱۱

مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ
میں سے البتہ وہ شخص ہے کہ دیر کرتے ہیں نکلنے میں بس اگر پہنچ جاتی ہے تم کو مصیبت کہتا ہے تحقیق

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ
احسان کیا اللہ نے اوپر میرے جس وقت کہ نہ ہوا میں ساتھ ان کے حاضر اور اگر پہنچ جاتا ہے تم کو

فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ
فضل خدا کی طرف سے البتہ کہتا ہے گویا کہ نہ تھی درمیان تمہارے اور درمیان اس کے دوستی

يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ
اے کاش کہ میں ہوتا ساتھ ان کے پس کامیاب ہوتا کامیابی بڑی ف۲ پس چاہیے کہ لڑیں بیچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ
راہ خدا کے وہ لوگ کہ بیچتے ہیں زندگانی دنیا کو بدلے آخرت کے

وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ
اور جو کوئی لڑے بیچ راہ خدا کے پس مارا جاوے یا غالب آوے پس البتہ دیں گے

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
ہم اس کو ثواب بڑا ف۳ اور کیا ہے تم کو کہ نہ لڑو بیچ راہ خدا کے

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ
اور واسطے ناتوانوں کے مردوں سے اور عورتوں سے اور لڑکوں سے وہ جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ
کہتے ہیں اے پروردگار ہمارے نکال ہم کو اس شہر سے کہ ظلم کرنے والے ہیں رہنے والے اس کے

وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ
اور کر واسطے ہمارے نزدیک اپنے سے دوست اور کر واسطے ہمارے اپنے پاس سے

نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ
مددگار ف۴ جو لوگ کہ ایمان لائے ہیں لڑتے ہیں بیچ راہ خدا کے اور جو لوگ کہ

كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ
کافر ہیں لڑتے ہیں بیچ راہ بتوں کے پس لڑو دوستوں

الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى
شیطان کے سے تحقیق مکر شیطان کا ہے بودا کیا نہ دیکھا تو نے طرف

ف۱ یعنی ایسا شخص منافق ہے کہ خدا کے حکم پر نہیں دوڑتا بلکہ نفع دنیا تکتا ہے۔ اگر لوگوں کو اس کام میں تکلیف پہنچی تو اپنے الگ رہنے پر ریجھتا ہے اور اگر لوگوں کو فائدہ پہنچا تو پچھتاتا ہے اور دشمنوں کی طرح حسد کرتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مسلمانوں کو چاہیے کہ زندگی دنیا پر نظر نہ رکھیں آخرت چاہیں اور سمجھیں کہ اللہ کے حکم میں ہر طرح نفع ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی دو واسطے لڑائی تم کو ضرور ہے ایک تو اللہ کا دین بلند کرنے کو دوسرے مظلوم مسلمان جو کافروں کے ہاتھ میں بے بس پڑے ہیں ان کی خلاصی کرنے کو شہر مکے میں ایسے لوگ بہت تھے کہ حضرت کے ساتھ ہجرت نہ کر سکے اور ان کے اقربا ان پر ظلم کرنے لگے کہ مسلمان سے پھر کافر کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۹۷ کا ف۵ ۱۰ سے آگے) ایسا کام کرے کہ نکاح ٹوٹ جاوے تو سب مہر اتر گیا پھر فرمایا کہ بعد مہر مقرر کرنے کے جو دونوں اپنی خوشی سے بڑھا دیں یا گھٹا دیں وہ بھی معتبر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ فرمایا کہ جس کو مقدور نہ ہو آزاد عورت سے نکاح کرنے کا اور صبر میں ڈرتا ہو کہ مجھ سے حرام ہو جاوے تو روا ہے کسی کی لونڈی نکاح کرے مالک کے (باقی صفحہ ۱۰۸ پر)

ع ۱۰/۶

الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

ان لوگوں کے کہ کہا گیا واسطے ان کے بند رکھو ہاتھوں اپنوں کو اور قائم رکھو نماز کو اور دو

الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ

زکوٰۃ پس جب لکھا گیا اوپر ان کے لڑنا ناگہاں ایک فرقہ ان میں سے

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً وَقَالُوْا

ڈرتے ہیں لوگوں سے جیسا ڈر چاہیے اللہ تعالےٰ کا یا زیادہ ڈرنا اور کہتے ہیں

رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ

اے پروردگار ہمارے کیوں لکھ دیا اوپر ہمارے لڑنا کیوں نہ ڈھیل دی ہم کو ایک وقت

قَرِيْبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ

نزدیک تک کہہ فائدہ دنیا کا تھوڑا ہے اور آخرت بہتر ہے واسطے اس شخص کے کہ

اتَّقٰى وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٧٧﴾ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ

پرہیزگاری کرتا ہے اور نہ ظلم کیے جاؤ گے تم تاگے برابر ف۱ جہاں کہیں ہو تم پا لیوے گی تم کو

الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ وَاِنْ تُصِبْهُمْ

موت اور اگرچہ ہو تم بیچ برجوں بلند کے اور اگر پہنچتی ہے ان کو

حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاِنْ تُصِبْهُمْ

بھلائی کہتے ہیں یہ نزدیک خدا کے سے ہے اور اگر پہنچتی ہے ان کو

سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

برائی کہتے ہیں یہ نزدیک تیرے سے ہے کہہ ہر ایک نزدیک اللہ کے سے ہے

فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿٧٨﴾ مَآ

پس کیا ہے واسطے اس قوم کے کہ نزدیک نہیں کہ سمجھیں بات ف۲ جو

اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ

پہنچتی ہے تجھ کو بھلائی سے پس خدا کی طرف سے ہے اور جو پہنچتی ہے تجھ کو برائی سے

فَمِنْ نَّفْسِكَ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ

پس جان تیری سے ہے اور بھیجا ہم نے تجھ کو واسطے لوگوں کے پیغام پہنچانے والا اور کفایت ہے اللہ

شَهِيْدًا ﴿٧٩﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى

گواہی دینے والا ف۳ جو کوئی کہا مانے رسول کا پس تحقیق کہا مانا اللہ کا اور جو کوئی پھر جاوے

ف۱ یعنی جب تک مسلمان مکے میں تھے اور کافر ایذا دیتے تھے اللہ تعالیٰ ان کو لڑنے سے منع فرماتا تھا۔ اور صبر کا حکم فرماتا تھا۔ آ[ب] جو حکم لڑائی کا آیا تو سمجھیں کہ ہماری مراد ملی لیکن بعض کچے مسلمان کنارہ کرتے ہیں اور موت سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے برابر آدمیوں سے ...... خطرہ کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ منافقوں کا ذکر ہے کہ اگر تدبیر جنگ درست آئی اور فتح و غنیمت ملی تو کہتے ہیں اللہ کی طرف سے ہوئی یعنی اتفاقاً بن گئی حضرت کی تدبیر کے قائل نہ ہوتے تھے اور اگر بگڑ گئی تو الزام رکھتے حضرت کی تدبیر کا۔ اللہ صاحب نے فرمایا کہ سب اللہ کی طرف سے ہے یعنی پیغمبر کی تدبیر اللہ کا الہام ہے غلط نہیں اور بگڑی کو بگڑا نہ بوجھو۔ یہ اللہ کو سدھانا ہے تمہاری تقصیر پر اگلی آیت میں کھول کر فرما دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ بندہ کو چاہیے نیکی کو اللہ کا فضل سمجھے اور تکلیف اپنی تقصیر سے اور رسول پر الزام نہ رکھے تقصیروں سے اللہ واقف ہے اور وہی جزا دیتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(صہ۹۷ کا ص۱۰۶ سے آگے) اذن سے اور چھپی یاری سے منع فرمایا تو نکاح میں شاہد لازم ہوئے اور جس کے نکاح میں ایک عورت آزاد ہے اس کو کسی لونڈی سے نکاح (باقی ص۱۰۹ پر)

فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۞٨٠ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ فَاِذَا بَرَزُوْا
پس نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو اوپر ان کے نگہبان اور کہتے ہیں کام ہمارا فرمانبرداری ہے پس جب باہر

مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ۚ وَاللّٰهُ
نکلتے ہیں تیرے پاس سے مصلحت کرتی ہے ایک جماعت ان میں سے سوائے اس چیز کے کہ کہتے ہیں اور اللہ

يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى
لکھتا ہے جو مصلحت کرتے ہیں پس منہ پھیرلے ان سے اور بھروسہ کر اوپر اللہ کے اور کفایت ہے

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۞٨١ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ وَلَوْ كَانَ مِنْ
اللہ کام بنانے والا کیا پس نہیں سمجھتے قرآن کو اور اگر ہوتا

عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ۞٨٢ وَاِذَا جَآءَهُمْ
نزدیک غیر خدا کے سے البتہ پاتے بیچ اس کے اختلاف بہت ف۱ اور جب آتی ہے ان کے

اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ۚ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى
پاس کوئی بات امن کی یا ڈر کی پھیلاتے ہیں اس کو اور اگر پھیرتے اس کو طرف

الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ
رسول کے اور طرف صاحبوں حکم کی ان میں سے البتہ جان لیتے اس کو وہ لوگ کہ تحقیق کرتے ہیں اس

مِنْهُمْ ۚ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ
کو ان میں سے اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تمہارے اور مہربانی اس کی البتہ پیروی کرتے تم شیطان کی

اِلَّا قَلِيْلًا ۞٨٣ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ
مگر تھوڑے ف۲ پس لڑ بیچ راہ خدا کے نہیں تکلیف دی جاتی تجھ کو مگر جان تیری میں

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ
اور رغبت دلا ایمان والوں کو نزدیک ہے اللہ یہ کہ بند کرے لڑائی ان لوگوں کی کہ

كَفَرُوْا ۚ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۞٨٤ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً
کافر ہوئے اور اللہ بہت سخت ہے لڑائی میں اور بہت سخت ہے بند کرنے میں جو کوئی سفارش کرے سفارش

حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً
اچھی ہوگا واسطے اس کے حصہ اس میں سے اور جو کوئی سفارش کرے سفارش بری

يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ۞٨٥
ہوگا واسطے اس کے حصہ اس میں سے اور ہے اللہ اوپر ہر چیز کے نگہبان ف۳

ف۱ یعنی مخلوق ہر حال میں اس حال کے موافق ہوتا ہے غصے میں مہربانی والوں کی طرف دھیان نہیں رہتا اور مہربانی میں غصے والوں کی طرف دنیا کے بیان میں آخرت یاد نہ آوے اور آخرت کے بیان میں دنیا بے پروائی میں عنایت کا ذکر نہیں اور عنایت میں بے پروائی کا تو اس حال کا کلام سنے دوسرے حال سے مخالف نظر آوے اور قرآن شریف جو خالق کا کلام ہے یہاں ہر چیز کے بیان میں دوسری جانب بھی نظر ہوتی ہے غور کرنے سے معلوم ہوا کہ ہر چیز کا بیان ہر مقام میں ایک راہ پر ہے۔ یہاں منافقوں کا مذکور تھا اس میں بھی ہر بات پر الزام اسی قدر ہے جتنا چاہئے اور جماعت میں سے انہی پر الزام ہے جو لائق الزام ہیں اسی واسطے فرمایا کہ بعضے ان میں سے یوں کرتے ہیں۔۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی کہیں سے کچھ خبر آوے تو اول پہنچایئے سردار تک اور اس کے نائبوں تک جب وہ صحیح کرلیں اور اس پر بنا رکھیں تب آپ اس پر عمل کریئے۔ حضرت نے ایک شخص کو بھیجا۔ ایک قوم کی زکوٰۃ لینے کو وہ نکلے استقبال کو اس نے سمجھا کہ نکلے ہیں میرے مارنے کو الٹا پھر آیا اور شہر مدینے میں مشہور کیا کہ فلانی قوم مرتد ہوئی۔ ہنوز حضرت تک خبر نہ پہنچی کہ شہر میں شہرہ ہوا اسی قسم سے ہر خبر (باقی صفحہ ۱۱۳ پر)

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ

اور جب دعا دیئے جاؤ تم ساتھ دعا کے پس دعا دو تم ساتھ بہتر کے اس سے یا پھیر دو اسی کو تحقیق

اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿٨٦﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ

اللہ ہے اوپر ہر چیز کے حساب لینے والا ف۱ اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ البتہ اکٹھا کرے گا

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ

تم کو طرف دن قیامت کے نہیں شک بیچ اس کے اور کون شخص بہت سچا ہے اللہ تعالیٰ سے

حَدِيْثًا ﴿٨٧﴾ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ

بات میں پس کیا ہے واسطے تمہارے بیچ منافقوں کے دو فرقے ہو رہے ہیں اور اللہ نے اُلٹا کیا ان کو بسبب

بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

اس چیز کے کہ کمایا انہوں نے کیا ارادہ کرتے ہو تم یہ کہ راہ پر لاؤ جس کو گمراہ کیا اللہ نے اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿٨٨﴾ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا

گمراہ کرے اللہ پس ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے اس کے راہ ف۲ دوست رکھتے ہیں کاش کہ کافر ہو جاؤ تم

كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى

جیسا کہ کافر ہوئے وہ پس ہو جاؤ تم سب برابر پس مت پکڑو ان میں سے دوست یہاں تک کہ

يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ

وطن چھوڑ آویں بیچ راہ اللہ کے پس اگر پھر جاویں پس پکڑو ان کو اور مار ڈالو ان کو

حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٨٩﴾

جہاں پاؤ ان کو اور مت پکڑو ان میں سے دوست اور نہ مدد دینے والا ف۳

اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ

مگر وہ لوگ کہ جا ملیں طرف اس قوم کے کہ درمیان تمہارے اور درمیان ان کے عہد ہے یا

جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا

آویں تمہارے پاس کہ رک گئے ہیں سینے ان کے اس سے کہ لڑیں تم سے یا لڑیں

قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ

قوم اپنی سے اور اگر چاہتا اللہ البتہ مسلط کرتا ان کو اوپر تمہارے پس البتہ لڑتے تم سے پس اگر

اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ

ایک طرف ہو جاویں تم سے پس نہ لڑیں تم سے اور ڈالیں طرف تمہارے صلح پس نہیں کی

ف۱ مثلاً کوئی کہے السلام علیکم تو واجب ہے کہ اس کا جواب اگر برابر چاہے تو وعلیکم السلام اور اگر زیادہ ثواب چاہے تو ورحمۃ اللہ بھی اور اگر اس نے یوں کہا تو آپ کہے وبرکاتہ۔ ۱۲ منہ رح

نصف

ف۲ یہاں منافق فرمایا ہے ان لوگوں کو جو ظاہر میں بھی مسلمان نہ تھے لیکن حضرت کے ساتھ محبت اور ملاپ جتاتے تھے اس غرض سے کہ ان کی فوج ہماری قوم پر جاوے تو ہماری جان و مال بچ رہے۔ جب مسلمان خبردار ہوئے کہ ان کی آمد و رفت اس غرض کو ہے دل کی محبت سے نہیں تو بعضے کہنے لگے ان سے صحبت و ملاقات ترک کیجئے تا ایک طرف ہو جاویں اور بعضوں نے کہا کہ ملے جایئے اس میں شاید ایمان لاویں اللہ نے فرمایا کہ ہدایت اور گمراہی اللہ کے ہاتھ ہے اس کا فکر تم کو کیا ضرور باقی ایسوں سے جو معاملت چاہیئے سو آگے فرما دی۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۱ / ۱۱ / ۸

ف۳ یعنی جب تک تم میں نہ آ رہیں تب تک ان کو بُرے بھلے میں شریک نہ کرو اور لڑائی میں ان کو مت بچاؤ۔ ۱۲ منہ رح

(صفحہ ۹۷ کا ف۱۰ سے آگے)

حلال نہیں اور ان پر جو آدھی مار فرمائی یعنی آزاد مرد یا عورت اگر نکاح سے فائدہ لے چکے پھر زنا کرے تو سنگسار ہوئے اور بغیر نکاح کے زنا کرے تو کوڑے ماریئے سو فرمایا کہ لونڈیوں کو نکاح کئے

(باقی صفحہ ۱۱۲ پر)

8

اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

اللہ نے واسطے تمہارے اوپر ان کے راہ ؎۱ البتہ پاؤ گے تم اور لوگ ارادہ کرتے ہیں یہ کہ

يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا

امن میں رہیں تم سے اور امن میں رہیں قوم اپنی سے جب کبھی پھیرے جاتے ہیں طرف لڑائی کے الٹے کیے جاتے ہیں

فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْۤا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْۤا

بیچ اس کے پس اگر نہ ایک گوشہ ہو جاویں تم سے اور نہ ڈالیں طرف تمہاری صلح اور نہ بند کریں

اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ

ہاتھوں اپنوں کو پس پکڑو ان کو اور مار ڈالو ان کو جہاں پاؤ ان کو اور یہ لوگ کیا

جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾ ع وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ

ہے ہم نے واسطے تمہارے اوپر ان کے غلبہ ظاہر ؎۲ اور نہیں لائق واسطے کسی مسلمان کے یہ کہ

يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ

مار ڈالے مسلمان کو مگر انجانی سے اور جو کوئی مار ڈالے مسلمان کو انجانی سے پس آزاد کرنا

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ

ہے ایک گردن مسلمان کا اور خونبہا سونپی ہوئی طرف لوگوں اس کے کی مگر یہ کہ خیرات کر دیں

فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

پس اگر ہووے اس قوم سے کہ دشمن ہیں واسطے تمہارے اور وہ ہے مسلمان پس آزاد کرنا ہے ایک گردن

مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ

مسلمان کا اور اگر ہووے اس قوم سے کہ درمیان تمہارے اور درمیان ان کے عہد ہے پس خونبہا

مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

سونپی ہوئی طرف لوگوں اس کے کے اور آزاد کرنا ایک گردن مسلمان کا پس جو کوئی نہ پاوے

فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۫ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

پس روزے دو مہینے کے ہیں پے در پے توبہ خدا کی طرف سے اور ہے اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ

جاننے والا حکمت والا ؎۳ اور جو کوئی مار ڈالے مسلمان کو جان کر پس سزا اس کی دوزخ

خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا

ہے ہمیشہ رہنے والا بیچ اس کے اور غصہ ہوا اللہ اوپر اس کے اور لعنت کی اس کو اور تیار کر رکھا ہے واسطے اس کے عذاب

؎۱ یعنی اس ملنے گھلنے میں تو ان کو لڑائی میں مت بچاؤ مگر دو صورت سے یا وہ ہم قسم ہیں تمہارے صلح والوں سے تو وہ بھی صلح میں داخل ہیں یا لڑائی سے عاجز ہو کر تم سے آپ صلح کریں اس پر کہ نہ اپنی قوم کی طرف سے ہو کر تم سے لڑیں نہ تمہاری طرف سے ہو کر ان سے تو اگر اس عہد پر قائم رہیں تو تم بھی اللہ کا احسان جانو کہ ہمارے لڑنے سے بند ہوئے۔ ۱۲۔ منہ

؎۲ یعنی بعضے ہیں کہ عہد بھی کر جاتے ہیں نہ تم سے لڑیں نہ اپنی قوم سے لیکن قائم نہیں رہتے جب اپنی قوم کا غلبہ دیکھتے ہیں ان کے رفیق ہو جاتے ہیں تو ان سے تم بھی قصور مت کرو تمہارے ہاتھ سند لگی کہ وہ عہد پر قائم نہ رہے۔ ۱۲۔ منہ

ع ۱۲ / ۹

؎۳ چوک کی صورتیں کئی ہیں یہاں وہ مذکور ہے کہ مسلمان کو کافروں میں امتیاز نہ کیا اور مار ڈالا ہر طرح خطا کے قتل میں دو چیزیں لازم ہیں ایک تو آزاد کرنا بردہ مسلمان اور مقدور نہ ہو تو روزے دو مہینے متصل یہ اپنی تقصیر کا تدارک ہے اللہ کی جناب میں دوسرے خوں بہا ادا کرنی اس کے وارثوں کو ان کا یہ حق ہے وہ اگر خیرات کر کر چھوڑ دیں تو مختار ہیں۔ سو اگر اس کے وارث مسلمان ہیں یا کافر ہیں لیکن صلح رکھتے ہیں تو ادا

(باقی بر ص۱۱۱)

عَظِيمًا ﴿٩٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا

بڑا ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت چلو تم بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق کر لو

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا

اور مت کہو واسطے اس کے کہ ڈالے طرف تمہاری سلام علیک نہیں تو مسلمان

تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ

چاہتے ہو تم اسباب زندگانی دنیا کا پس نزدیک اللہ کے ہیں غنیمتیں بہت

كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا اِنَّ اللّٰهَ

اسی طرح تھے تم پہلے اس سے پس احسان کیا اللہ نے اوپر تمہارے پس تحقیق کر لو تحقیق اللہ ہے

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿٩٤﴾ لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ

ساتھ اس کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۲ نہیں برابر ہوتے بیٹھ رہنے والے

الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

مسلمانوں سے سوائے ضرر والے یعنی اندھے لنگڑے بیمار اور جہاد کرنے والے بیچ راہ

اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ

خدا کے ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے بزرگی دی اللہ تعالے نے جہاد کرنے والوں کو ساتھ مالوں اپنے کے

وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى

اور جانوں اپنی کے اوپر بیٹھ رہنے والوں کے درجے ہیں اور ہر ایک کو وعدہ دیا اللہ نے اچھا

وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٩٥﴾

اور بزرگی دی اللہ نے جہاد کرنے والوں کو اوپر بیٹھ رہنے والوں کے ثواب بڑا

دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٩٦﴾

درجے اپنی طرف سے اور بخشش اور مہربانی اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۳

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا

تحقیق جو لوگ کہ قبض کرتے ہیں اس کو فرشتے کہ وہ ظلم کرنے والے ہیں جانوں اپنی کو کہتے ہیں

فِيْمَ كُنْتُمْ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا

کس دین میں تھے تم کہتے ہیں تھے ہم ناتوان بیچ زمین کے کہتے ہیں

اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا فَاُولٰٓئِكَ

کیا نہ تھی زمین خدا تعالے کی کشادہ پس وطن چھوڑ کر جاتے تم بیچ اس کے پس یہ لوگ

ف۱ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مسلمان کو مار ڈالے وہ دوزخی ہو چکا اس کی توبہ قبول نہیں باقی اور علماء نے کہا کہ سزا اس کی یہی ہے جو یہاں مذکور ہوئی آگے اللہ مالک ہے لیکن اگر قصاص میں مارا گیا تو سب کے قول میں پاک ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت کے وقت میں مسلمانوں کی فوج پہنچی ایک بستی پر وہاں ایک مسلمان تھا اپنے مواشی کنارے کر کر کھڑا ہوا تھا اور مسلمانوں سے سلام علیک کی۔ لوگوں نے سمجھا کہ غرض کو مسلمانی جتاتا ہے اس کو مارا اور مواشی چھین لئے اس پر یہ آیت اتری یہ جو فرمایا کہ تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی غرض دنیا پر خونِ ناحق کرنے والے لیکن مسلمان ہو کر یہ کام نہ چاہیئے یا تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی کافروں کے شہر میں رہتے تھے مستقل حکومت نہ رکھتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۳/۵/۱۰

ف۳ بدن کے نقصان والے یعنی اپاہج جہاد کے حکم سے معاف ہیں۔ باقی لوگوں میں لڑنے والوں کو بڑے درجے ہیں کہ بیٹھنے والوں کو نہیں اگرچہ بیٹھنے والے بھی جنتی ہیں اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہے فرض عین نہیں یعنی بعضے جہاد کرتے ہیں تو نہ کرنے والے معاف ہیں اور جو سب موقوف کریں تو سب گنہگار ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ
جگہ رہنے ان کے کی دوزخ ہے اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی مگر ناتوان

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً
مردوں سے اور عورتوں سے اور لڑکوں سے کہ نہیں کر سکتے بہانہ

وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ
اور نہیں پاتے راہ پس یہ لوگ شتاب ہے اللہ یہ کہ معاف کرے ان سے

وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اور ہے اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ف۱ اور جو کوئی وطن چھوڑ کر جاوے بیچ راہ اللہ کے

يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ
پاوے گا بیچ زمین کے جگہ بہت اور کشادگی اور کوئی نکلے گھر اپنے سے

مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ
وطن چھوڑ کر طرف اللہ کی اور رسول اس کے کی پھر پالیوے اس کو موت پس تحقیق پڑا ثواب

اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا ضَرَبْتُمْ
اس کا اوپر ذمے اللہ کے اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۲ اور جس وقت چلو تم

فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ
بیچ زمین کے پس نہیں اوپر تمہارے گناہ یہ کہ کوتاہ کرو تم نماز سے

اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا
اگر ڈرو تم یہ کہ فتنہ میں ڈالیں تم کو وہ لوگ کہ کافر ہوئے تحقیق کافر ہیں واسطے

لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ
تمہارے دشمن ظاہر ف۳ اور جس وقت ہووے تو بیچ ان کے پس قائم کرے واسطے ان کے نماز

فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۫ فَاِذَا
پس چاہیئے کہ کھڑی ہووے ایک جماعت اُن میں سے ساتھ تیرے اور چاہیئے کہ لیویں ہتھیار اپنے پس جس وقت

سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۪ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى
سجدہ کریں پس چاہیئے کہ ہو جاویں پیچھے تمہارے اور چاہیئے کہ آوے ایک جماعت اور

لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ
کہ نہیں نماز پڑھی انہوں نے پس نماز پڑھیں ساتھ تیرے اور چاہیئے کہ لیویں بچاؤ اپنا اور ہتھیار اپنے

ف۱ یہ حال فرمایا ان کا جو کافروں کے ملک میں دل سے مسلمان ہیں اور ظاہر نہیں ہو سکتے ان کے ظلم سے تو اگر اپنی کمائی آپ کرتے ہیں اور سفر کی تدبیر سے واقف ہیں تو ان کا عذر قبول نہیں اور ملک میں جا رہیں زمین اللہ کی کشادہ ہے اور اگر ناچار ہیں پرائے بس میں تو امید ہے کہ معاف ہوں۔ فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ جس ملک میں مسلمان کھلا نہ رہ سکے وہاں سے ہجرت فرض ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی روزی کا ڈر نہ چاہیئے کہ بہت جگہ روزی مل رہتی ہے کشائش سے اور یہ خطرہ نہ چاہیئے کہ شاید راہ ہی میں مارے جاویں کہ اس میں ثواب پورا ہے اور موت اپنے وقت سے پہلے نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ سفر جو تین منزل کا ہو اس میں چار رکعت فرض میں سے دو ہی پڑھنی چاہئیں اور کافروں کے ستانے کا ڈر اس وقت تھا جب یہ حکم آیا اس تقریب سے معافی ملی ہر وقت کو اور پوری نہ پڑھیئے کہ اللہ صاحب کی بخشش سے بے پروائی ہوتی ہے اور سنت کا تقیید سفر میں نہیں رہتا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۴ / ۱۱

(صفحہ ۹۹ کا حصہ سے آگے) پر بھی زنا کی حد پچاس کوڑے ہیں زیادہ نہیں یہی حکم ہے غلام کا۔ ۱۲ منہ رح

وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ
دوست رکھتے ہیں وہ جو کافر ہیں کاش کہ غافل ہو تم ہتھیاروں اپنے سے اور اسباب اپنے سے

فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ
پس جھک آویں اوپر تمہارے جھک آنا یکبارگی اور نہیں گناہ اوپر تمہارے اگر

كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَنْ تَضَعُوْۤا
ہو تم کو ایذا مینہ سے یا ہو تم بیمار یہ کہ رکھ دو

اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ
ہتھیار اپنے اور لو بچاؤ اپنا تحقیق اللہ نے تیار کیا ہے واسطے کافروں کے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا
عذاب رسوا کرنے والا ف۱ پس جب تمام کر چکو نماز کو پس یاد کرو اللہ کو کھڑے

وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ
اور بیٹھے اور اوپر کروٹوں اپنی کے پس جب آرام پاؤ تم پس سیدھا کرو نماز کو

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾ وَلَا
تحقیق نماز ہے اوپر مسلمانوں کے لکھی ہوئی وقت مقرر کی ہوئی ف۲ اور مت

تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ
سستی کرو بیچ ڈھونڈنے قوم کے اگر ہو تم درد کھینچتے پس تحقیق وہ بھی درد کھینچتے ہیں

كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
جیسے درد کھینچتے ہو تم اور امید رکھتے ہو تم خدا سے جو کچھ کہ نہ امید رکھتے وہ اور ہے اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۰۴﴾ؑ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ
جاننے والا حکمت والا تحقیق نازل کی ہم نے طرف تیری کتاب ساتھ حق کے تو کہ حکم کرے تو

بَيْنَ النَّاسِ بِمَاۤ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾ۙ
درمیان لوگوں کے ساتھ اس چیز کے کہ دکھلاتا ہے تجھ کو اللہ اور مت ہو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑنے والا

وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۶﴾ۚ وَلَا تُجَادِلْ
اور بخشش مانگ اللہ سے تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور مت جھگڑ تو

عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ
ان لوگوں کی طرف سے کہ خیانت کرتے ہیں جانوں اپنی کو تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اس شخص کو کہ

ف۱ یہ نماز خوف فرمائی کہ اگر وقت مقابلہ کا ہو تو فوج دو حصہ ہو جاوے ہر جماعت آدھی نماز میں امام کے شریک ہو اور آدھی جدی پڑھے جبتک دوسری جماعت دشمن کے مقابل رہے اور اس وقت نماز میں آمد و رفت معاف ہے اور ہتھیار اور زرہ یا سپر ساتھ رکھیں اور اگر اس قدر بھی فرصت نہ ملے تو جماعت موقوف کریں تنہا پڑھ لیں پیادہ اور سوار با شارہ اگر یہ بھی فرصت نہ ملے تو قضا کریں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی خوف کے وقت اگر نماز میں کوتاہی ہو تو بعد نماز اور طرح اللہ کو یاد کرو ایک نماز میں یہ قید ہے کہ وقت ہی پر چاہیئے اور یاد اللہ کی ہر حال میں درست ہے۔ ۱۲۔منہ رح

(مثنا سے آگے)
بے تحقیق اور بغیر خبر سردار کے مشہور کرنے لگتے وہ خبر آخر غلط نکلی۔ فائدہ یہ جو فرمایا کہ اگر اللہ کا فضل تم پر نہ ہوتا تو شیطان کے پیچھے چلتے مگر تھوڑے یعنی ہر وقت احکام تربیت کے نہ پہنچتے رہیں تو تم لوگ ہدایت پر قائم رہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۱۵ ۴ ۱۲

ف۳ مثلاً کوئی محتاج کی سفارش کر کر دولتمند سے کچھ دلوا دے یہ بھی شریک ہوا ثواب خیرات میں اور جو کافر یا مفسد کو سفارش کر کر چھڑا دے کہ پھر وہ فساد کرے یہ بھی شریک ہے اس فساد میں۔ ۱۲۔منہ رح

كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ

ہے خیانت کرنے والا گنہگار چھپتے ہیں لوگوں سے اور نہیں چھپ سکتے

مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ط

اللہ سے اور وہ ساتھ ان کے ہے جس وقت مصلحت کرتے ہیں وہ چیز کہ نہیں پسند کرتا بات سے

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ

اور ہے اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں گھیرنے والا ف۱ ہاں تم وہ لوگ ہو کہ جھگڑے کیے تم نے ان

عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا قف فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ

کی طرف سے بیچ زندگانی دنیا کے پس کون جھگڑے گا اللہ سے ان کی طرف سے دن

الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ

قیامت کے یا کون شخص ہوگا اوپر ان کے کارساز اور جو کوئی کام کرے برا یا

يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾

ظلم کرے جان اپنی کو پھر بخشش مانگے اللہ سے پاوے گا اللہ کو بخشنے والا مہربان ف۲

وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

اور جو کوئی کماوے گناہ پس سوائے اس کے نہیں کہ کماتا ہے اس کو اوپر جان اپنی کے اور ہے اللہ جاننے والا

حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ

حکمت والا ف۳ اور جو کوئی کماوے کچھ خطا یا گناہ پھر تہمت لگاوے ساتھ اس کے

بَرِيْٓئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ ع وَلَوْلَا فَضْلُ

بے گناہ کو پس تحقیق اٹھالیا اس نے بہتان اور گناہ ظاہر اور اگر نہ ہوتا فضل

اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ط

اللہ کا اوپر تیرے اور رحمت اس کی البتہ قصد کیا تھا ایک جماعت نے ان میں سے کہ بہکا دیں تجھ کو

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ط وَاَنْزَلَ

اور نہ بہکاویں مگر جانوں اپنی کو اور نہیں ضرر پہنچاویں گے تجھ کو کچھ اور اتاری

اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ط

اللہ نے اوپر تیرے کتاب اور حکمت اور سکھایا تجھ کو جو کچھ کہ نہ تھا تو جانتا

وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ

اور ہے فضل اللہ کا اوپر تیرے بڑا نہیں ہے بھلائی بیچ بہت

ف۱ یہ اوّل و آخر کئی آیت میں ذکر ہے ایک قصے کا حضرت کے وقت ایک انصاری کی زرہ آٹے میں دھری گم ہوئی صبح کو تلاش کی آٹے کا خط دیکھا ایک شخص کے گھر تک اس کا نام طعمہ بن ابیرق تھا وہاں جھاڑا لیا تو یہ نہ پائی وہ خط آگے دیکھا ایک یہودی کے گھر تک زید نام وہاں پائی۔ اس یہودی نے کہا کہ مجھ کو طعمہ نے سپرد کی۔ طعمہ نے کہا میں بری ہوں چور وہی ہے۔ طعمہ کی قوم نے رات کو مشورت کی کہ ہم حضرت کے پاس سب مل کر گواہی دیں گے کہ طعمہ بری ہے تو حضرت ہماری حمایت کریں گے اور یہودی چور ٹھہرے گا صبح کو یہی کیا اللہ تعالٰے نے یہ آیتیں نازل فرمائیں حضرت کو خبردار کر دیا۔ فی الحقیقت چور یہی تھا طعمہ۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ برا فرمایا کبیرہ کو اور ظلم فرمایا صغیرہ کو یہ ان لوگوں کو حکم ہے کہ توبہ کریں تو توقبول ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۶ ۸ ۱۴

ف۳ یعنی قوم اپنے دل میں آپ شرمندہ نہ رہیں کہ ہم کو عیب لگا اور آگے عیب لگنے کے خطرے سے اپنے کی حمایت نہ کریں جبتک تحقیق نہ ہو کیونکہ اللہ تو خبردار ہے اور اس کا حکم بھی یہی ہے کہ ایک کا گناہ دوسرے پر نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

نَجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ
مصلحتوں ان کی کے مگر وہ شخص کہ حکم کرے ساتھ خیرات کے یا ساتھ اچھی بات کے یا صلح کر دینے کے

بَيْنَ النَّاسِؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ
درمیان لوگوں کے اور جو کوئی کرے یہ واسطے ڈھونڈنے رضامندی اللہ کے پس البتہ

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا
دیویں گے ہم اس کو ثواب بڑا وا۔ اور جو کوئی برخلاف کرے رسول کے پیچھے اس کے کہ

تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا
ظاہر ہوئی واسطے اس کے ہدایت اور پیروی کرے سوا راہ مسلمانوں کے متوجہ کریں گے ہم اس کو

تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ۧ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ
جدھر متوجہ ہوا ہے اور داخل کریں گے ہم اس کو دوزخ میں اور بری ہے جگہ پھر جانے کی وا تحقیق اللہ نہیں بخشتا

اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُؕ وَمَنْ
یہ کہ شریک لایا جاوے ساتھ اس کے اور بخشتا ہے سوائے اس کے واسطے جس کے چاہے اور جو کوئی

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ
شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق گمراہ ہوا گمراہی دور وٓ نہیں پکارتے

مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًاۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾ۙ
سوائے اس کے مگر عورتوں کو اور نہیں پکارتے مگر شیطان سرکش کو

لَّعَنَهُ اللّٰهُۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾ۙ
لعنت کی ہے اس کو اللہ نے اور کہا اس نے البتہ لوں گا میں بندوں تیرے سے ایک حصہ مقرر وٓ

وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ
اور البتہ گمراہ کروں گا میں ان کو اور آرزوئیں دلاؤں گا ان کو اور البتہ حکم کروں گا ان کو پس البتہ کاٹیں گے کان

الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ
جانوروں کے اور البتہ حکم کروں گا ان کو پس پھیر ڈالیں گے پیدائش خدا کی کو اور جو کوئی پکڑے شیطان کو

وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۹﴾ؕ يَعِدُهُمْ
دوست سوائے اللہ کے پس تحقیق ٹوٹا پایا ٹوٹا ظاہر وٓ وعدہ دیتا ہے ان کو

وَيُمَنِّيْهِمْؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ
اور آرزوئیں دلاتا ہے ان کو اور نہیں وعدہ دیتا ان کو شیطان مگر فریب کا یہ لوگ

وا منافق لوگ حضرت سے کان میں باتیں کرتے تاکہ لوگوں میں اپنا اعتبار ٹھہرادیں اور مجلس میں بیٹھ کر آپس میں کان میں باتیں کرتے۔ کسی کا عیب کسی کا گلہ اس کو اللہ صاحب نے فرمایا کہ ان کی مشورت اکثر بے خیر ہے۔ صاف بات کو حاجت نہیں چھپانے کی مگر اس میں دغا ملی ہے اور چھپائے تو خیرات کو تا لینے والا شرمندہ نہ ہو یا مسئلہ دین کی غلطی بتانے کو تا نادان خجل نہ ہو یا لڑوں میں صلح کروانے کو غصے والا جوش میں صلح نہیں مانتا اوّل آپس میں ٹھہرائیے پھر اس کو سنائیے۔ ۱۲۔ منہ رح

(۱۷ ع ۳ ۱۴)

وٓ رسول نے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ ہے مسلمانوں کی جماعت پر جس نے جُدی راہ پکڑی وہ جا پڑا دوزخ میں۔ پس جس بات پر امت کا اجماع ہوا وہی اللہ کی مرضی ہے اور منکر ہو سو دوزخی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(منزل ۱ ۔ ۱۲)

وٓ اوپر سے ذکر تھا منافقوں کا جو پیغمبر کے حکم پر راضی نہ ہوئے اور جُدی راہ پر چلے یہ آیت فرمائی کہ اللہ شرک نہیں بخشتا تو شرک فرمایا حکم میں شریک کرنے کو یعنی سوائے دینِ اسلام کے اور دین پسند رکھے اور اس پر چلے۔ پس جو دین ہے سوا اسلام کے سب شرک ہے اگرچہ پوچھنے

(باقی صـ۱۱۶ پر)

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۡ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ

جگہ ان کی دوزخ ہے اور نہ پاویں گے اس سے بھاگنا اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

ایمان لائے اور کام کیے اچھے البتہ داخل کریں گے ہم ان کو بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے ان کے سے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ

نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے ہمیشہ وعدہ کیا اللہ نے سچ اور کون ہے بہت سچا

مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ

اللہ سے بات میں نہیں موافق آرزو تمہاری کے اور نہ موافق آرزو اہل کتاب کے

مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

جو کوئی عمل کرے برا بدلہ دیا جائے گا ساتھ اس کے اور نہ پاوے واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى

اور نہ مدد دینے والا ف۱ اور جو کوئی عمل کرے اچھا مرد کی قسم سے ہو یا عورت ہو

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾

اور وہ ایمان والا ہو پس یہ لوگ داخل ہوں گے بہشت میں اور نہ ظلم کیے جاویں گے کھجور کے شگاف برابر

وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ

اور کون ہے بہتر دین میں اس شخص سے کہ مطیع کرے منہ اپنا واسطے اللہ کے اور وہ نیکی کرنے والا ہو

وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾

اور پیروی کرے دین ابراہیم حنیف کی اور پکڑا اللہ نے ابراہیم کو دوست

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور ہے اللہ ساتھ ہر

شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ

چیز کے گھیرنے والا اور فتویٰ پوچھتے ہیں تجھ سے بیچ عورتوں کے کہہ اللہ فتویٰ دیتا ہے تم کو

فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ

بیچ ان کے اور جو کچھ کہ پڑھی جاتی ہے اوپر تمہارے بیچ کتاب کے بیچ حق یتیم عورتوں کے جن کو

لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ

نہیں دیتے تم ان کو جو کچھ لکھا گیا ہے واسطے ان کے اور رغبت کرتے ہو یہ کہ نکاح کر لو ان کو

ف۵ جانوروں کے کان چیر دینا یہ کافروں کا دستور تھا۔ گائے یا بکری کا ایک بچہ بت کے نام کر دیا۔ اس کے کان میں نشان ڈال دیتے اور صورت بدلنا یہ کہ سر میں چوٹی رکھتے بت کے نام کی مسلمانوں کو ان کاموں سے بچنا ضرور ہے اپنے بزرگوں سے یہ معاملت نہ کریئے کافر بھی جن سے کرتے تھے یہ بزرگ ہی جان کر کرتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۱ کتاب والوں کو خیال تھا کہ ہم خالص بندے ہیں جن گناہوں پر خلق پکڑی جاویگی ہم نہ پکڑے جاویں گے ہمارے پیغمبر حمایت کریں گے اور نادان مسلمان بھی اپنے حق میں یہی خیال رکھتے ہیں سو فرمادیا کہ برا جو کرے گا کوئی ہو سزا پاوے گا۔ حمایت کسی کی پیش نہیں جاتی اللہ کا پکڑا وہی چھوڑے تو چھوٹے دنیا کی مصیبت میں آدمی قیاس کر لے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۸ / ۱۱ / ۱۵

(صفحہ ۱۱۵ سے آگے)
ہیں شرک نہ کرتے ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی تیرے بندے اپنے مال میں میرا حصّہ ٹھہرا رکھیں گے جیسے دستور ہے بتوں کی نیاز نکالتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى

اور بیچ ناتوانوں کے لڑکوں سے اور یہ کہ قائم رہو تم واسطے یتیموں کے

بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ

ساتھ انصاف کے اور جو کچھ کرو تم بھلائی سے پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اس کے

عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا

جاننے والا ف۱ اور اگر ایک عورت ڈرے خاوند اپنے سے لڑنا یا منہ پھیرنا

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَاۤ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ

پس نہیں گناہ اوپر اُن کے یہ کہ صلح کریں درمیان اپنے صلح اور صلح

خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا

بہتر ہے اور حاضر کی گئی جانیں بخیلی پر اور اگر احسان کرو تم اور پرہیزگاری کرو

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْۤا

پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۲ اور ہرگز نہ کر سکو گے تم

اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ

یہ کہ عدل کرو درمیان عورتوں کے اور اگرچہ حرص کرو تم پس مت جھک جاؤ تم

الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ

جھک جانا پس چھوڑ دو ان کو جیسے لٹکی ہوئی اور اگر صلح کرو تم اور ڈرو پس تحقیق

اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا

اللہ ہے بخشنے والا مہربان ف۳ اور اگر جُدے ہو جاویں دونو بے پروا کر دے گا اللہ ہر ایک

مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِى

کو کشائش اپنی سے اور ہے اللہ کشائش والا حکمت والا اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا

آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور البتہ تحقیق وصیت کی ہم نے ان لوگوں کو کہ دیئے گئے

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا

ہیں کتاب پہلے تم سے اور تم کو یہ کہ پرہیزگاری کرو اللہ کی اور اگر کفر کرو

فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا

پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور ہے اللہ بے پروا

ف۱ اس سورت کے اوّل میں تقید تھا یتیم کے حق کا اور فرمایا تھا کہ لڑکی یتیم جس کا والی نہیں مگر چچا کا بیٹا اگر جانے کہ میں اس کا حق ادا نہ کروں گا تو آپ اس کو نکاح میں نہ لاوے کسی اور کو دے کہ آپ اس کا حمایتی رہے تو مسلمانوں نے ایسی عورتیں نکاح میں لانا موقوف کیا پھر دیکھا کہ بعضی جگہ لڑکی کے حق میں بہتر ہے کہ اپنا والی ہی نکاح میں لاوے جو وہ اس کی خاطر کرے گا غیر نہ کرے گا۔ حضرت سے رخصت مانگی اس پر یہ آیت اتری رخصت ملی اور فرمایا کہ وہ جو کتاب میں منع سنا تھا سو جب ہے کہ ان کا حق پورا نہ دو اور یتیم کے حق کی تاکید تھی اور جو بھلائی کیا چاہو تو رخصت ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی مرد کا دل پھرا دیکھے اور عورت اس کی خوشی کرنے کو اپنا حق کچھ چھوڑ دے تو روا ہے اور جیوں کے سامنے دھری ہے حرص یعنی مال بچنا ہر کسی کو خوش لگتا ہے البتہ مرد راضی ہو جاوے گا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی انسان کی طبع میں مال کی حرص ہے۔ اور ایک عورت پر زیادہ ڈھلنا سو چاہیئے تا مقدور آپ کو بچاتا رہے بعد اس کے اللہ بخشنے والا ہے اور ادھر میں لٹکتی یہ کہ نہ اس (باقی برصفحہ ۱۱۹)

حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى

تعریف کیا گیا اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور کفایت ہے

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ

اللہ کام بنانے والا ف۱ اگر چاہے لے جاوے تم کو اے لوگو اور لے آوے

بِاٰخَرِيْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ

اوروں کو اور ہے اللہ اوپر اس کے قادر جو کوئی چاہتا ہے

ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ

ثواب دنیا کا پس نزدیک اللہ کے ہے ثواب دنیا کا اور آخرت کا

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا

اور ہے اللہ سننے والا دیکھنے والا ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ہو جاؤ تم

قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاۗءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ

قائم رہنے والے ساتھ انصاف کے گواہی دینے والے واسطے خدا کے اور اگرچہ اوپر جانوں اپنی کے ہو یا اوپر ماں باپ کے

وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ

اور قرابت والوں کے اگر ہو وہ شخص دولت مند یا فقیر پس اللہ بہت مہربان ہے ساتھ ان کے

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا

پس مت پیروی کرو خواہش کی بیچ اس کے کہ عدل کرو اور اگر پیچ دو یا اعراض کرو

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا

پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ایمان

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ

لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور کتاب کے جو اتاری ہے اوپر رسول اپنے کے اور کتاب کے

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ

جو اتاری ہے پہلے اس سے اور جو کوئی کفر کرے ساتھ اللہ کے اور فرشتوں اس کے کے اور کتابوں

وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ

اس کی کے اور رسولوں اس کے کے اور دن پچھلے کے پس تحقیق گمراہ ہوا گمراہی دور ف۴ تحقیق جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا

لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر زیادہ ہوئے

ع ۱۹ ۸ ۱۶

ف۱ تین بار فرمایا کہ اللہ کا ہے جو کچھ آسمان و زمین میں پہلی بار کشائش کا بیان ہے دوسری بار بے پروائی کا اگر تم منکر ہو تیسری بار کارسازی کا اگر تم تقویٰ پکڑو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی سب مل کر شرع پر قائم رہو تو اللہ دنیا بھی دے اور آخرت بھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی گواہی میں منظوظ کی خاطر نہ کرو اور محتاج پر ترس نہ کھاؤ اور قرابت نہ دیکھو۔ حق ہو سو کہو اور اگر سچ کہا بھی ملی زبان سے کہ سننے کو شبہہ پڑا یا تمام قصہ نہ کہا۔ کچھ بات کام کی رکھ لی۔ یہ بھی گناہ میں داخل ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ ایمان والے فرمایا ہے ان کو جو ظاہر میں مسلمان ہیں سو ان کو تقید ہے کہ جب تک دل سے یقین نہ لاویں گے ان سب چیزوں کا تو خدا کے ہاں مسلمان نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۱۱۱ سے آگے)
کرنی واجب ہے اور اگر کافر ہیں اور دشمن ہیں تو واجب نہیں خوں بہا مذہب حنفی میں مسلمان کی دو ہزار سات سو چالیس روپے ہیں تخمیناً اور دینے آتے ہیں قاتل کی برادری کو تین برس میں بہ تفریق ادا کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾

کفر میں ہرگز نہیں اللہ یہ کہ بخشے ان کو اور نہ یہ کہ دکھاوے ان کو راہ ف۱

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳۸﴾ الَّذِيْنَ

خوشخبری دے منافقوں کو ساتھ اس کے کہ واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا وہ لوگ

يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَيَبْتَغُوْنَ

جو پکڑتے ہیں کافروں کو دوست سوائے مسلمانوں کے آیا چاہتے ہیں

عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾ وَقَدْ نَزَّلَ

نزدیک ان کے عزت پس تحقیق عزت واسطے اللہ کے ہے تمام اور تحقیق اتارا

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ

اوپر تمہارے بیچ کتاب کے یہ کہ جب سنو تم نشانیوں اللہ کی کو کفر کیا جاتا ہے

بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا

ساتھ ان کے اور ٹھٹھا کیا جاتا ہے ساتھ ان کے پس مت بیٹھو ساتھ ان کے یہاں تک کہ بحث کریں

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ

بیچ بات کے سوائے اس کے تحقیق تم اس وقت مانند ان کے ہو تحقیق اللہ جمع کرنے والا ہے

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ﴿۱۴۰﴾ الَّذِيْنَ

منافقوں کو اور کافروں کو بیچ دوزخ کے سب کو ف۲ وہ لوگ کہ

يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا

انتظار کرتے ہیں ساتھ تمہارے پس اگر ہوئی واسطے تمہارے فتح خدا کی طرف سے کہتے

اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ قَالُوْٓا

ہیں کیا نہ تھے ہم ساتھ تمہارے اور اگر ہووے واسطے کافروں کے کچھ حصہ کہتے ہیں

اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ

کیا نہ غالب آئے تھے ہم اوپر تمہارے اور نہ منع کیا تھا ہم نے تم کو مسلمانوں سے پس اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ

حکم کرے گا درمیان تمہارے دن قیامت کے اور ہرگز نہ کرے گا اللہ واسطے کافروں کے

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ ع اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ

اوپر مسلمانوں کے راہ ف۳ تحقیق منافق فریب دیتے ہیں

ع ۲۰ / ۷ / ۱۷

ف۱ یعنی ظاہر میں مسلمان رہے اور دل سے بھٹکتے رہے تو اگر آخر کو بے یقین مرے تو کافر کے برابر ہیں ان کو بخشش نہیں اور ظاہر کی مسلمانی سے وہاں راہ نہ ملے گی۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ جو شخص ایک مجلس میں اپنے دین کے عیب سنے پھر انہی میں بیٹھے اگرچہ آپ نہ کہے وہی منافق ہے۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص راہ حق میں ہو اور گمراہوں سے بھی بنائے رکھے یہ بھی نفاق ہے۔ ۱۲-منہ رح

(صفحہ ۱۱۷ سے آگے) تو آپ آرام سے رکھو نہ چھوڑ دو کہ اور کسی سے نکاح کرے۔ ۱۲-منہ رح

اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا

اللہ کو اور فریب دینے والا ہے ان کو اور جب کھڑے ہوتے ہیں طرف نماز کی کھڑے ہوتے ہیں

كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا

کاہلی سے دکھلاتے ہیں لوگوں کو اور نہیں یاد کرتے اللہ کو مگر

قَلِيْلًا ۙ ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ

تھوڑے دُھکدُھکی میں ہیں درمیان اس کے نہ طرف ان کے

وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ

اور نہ طرف ان کی اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس ہرگز نہ پاوے تو واسطے

لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ

اس کے راہ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو کافروں کو

اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ

دوست سوائے مسلمانوں کے کیا چاہتے ہو تم یہ کہ کرو

تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

واسطے اللہ کے اوپر اپنے غلبہ ظاہر تحقیق منافق

فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ

بیچ درجے نیچے کے ہیں آگ سے اور ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے

نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا

ان کے مددگار ف۱ مگر جنہوں نے توبہ کی اور صلاحیت پکڑی اور مضبوط پکڑا

بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ

خدا کو اور خالص کیا دین اپنے کو واسطے اللہ کے پس یہ لوگ ساتھ مسلمانوں کے ہیں

وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا

اور شتاب دے گا اللہ ایمان والوں کو ثواب بڑا کیا

يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ

کرے گا اللہ عذاب کر کر تم کو اگر شکر کرو گے تم اور ایمان لاؤ گے تم

وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

اور ہے اللہ قدر دان جاننے والا

ف۱ یعنی منافق اللہ تعالیٰ نے اسی قوم کو فرمایا یعنی ظاہری کلمہ پڑھتے ہیں اور کچے مسلمان ہیں۔ اسلام میں ثابت قدم نہیں۔ عبادت میں اللہ کی کاہلی کرتے ہیں اور نماز دکھانے کو پڑھتے ہیں اور اڑے ہیں گمراہی کی باتوں پر۔ اللہ تعالیٰ نے شیطانوں کو مسلط کر دیا۔ اب اللہ کے قہر سے نہ کوئی ان کو دنیا میں چھڑا سکے نہ آخرت میں کوئی ان کی سعی کرے نہ کسی کی سفارش کام آوے۔ ۱۲۔ منہ

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ

نہیں دوست رکھتا اللہ پکار کر کہنا بُری بات کو مگر جو کوئی

ظُلِمَ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ

ظلم کیا جاوے اور ہے اللہ سننے والا جاننے والا وا اگر ظاہر کرو تم بھلائی کو یا چھپاؤ اس کو

اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ

یا درگذر کرو برائی سے پس تحقیق اللہ ہے بخشنے والا قدرت والا وٗ تحقیق

الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ

جو لوگ کہ کفر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور ارادہ کرتے ہیں یہ کہ جدائی ڈالیں

اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّ

درمیان اللہ کے اور رسولوں اس کے کے اور کہتے ہیں ایمان لاتے ہیں ہم ساتھ بعض کے اور کفر کرتے ہیں ساتھ بعض

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ

کے اور چاہتے ہیں یہ کہ پکڑیں درمیان اس کے راہ یہ لوگ وہ ہیں

الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ

کافر تحقیق اور تیار کیا ہم نے واسطے کافروں کے عذاب رسوا کرنے والا وٚ اور جو لوگ کہ

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ

ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسولوں اس کے کے اور نہ جدائی ڈالیں درمیان کسی کے ان میں سے

اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

یہ لوگ البتہ دے گا ان کو ثواب ان کا اور ہے اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ

مہربان پوچھتے ہیں تجھ سے صاحب کتاب کے یہ کہ اتار دے اوپر ان کے ایک کتاب

السَّمَاۗءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا

آسمان سے پس تحقیق سوال کیا تھا موسٰے سے بڑا اس سے پھر کہنے لگے دکھلا دے ہم کو

اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا

اللہ کو ظاہر پس پکڑا ان کو بجلی نے بسبب ظلم ان کے کے پھر پکڑا تھا

الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ

گائے کا بچہ پیچھے اس کے کہ آئیں تھیں ان کے پاس دلیلیں پس معاف کیا ہم نے اس سے

وا یعنی کسی میں عیب دین یا دنیا معلوم کرے تو اس کو مشہور نہ کرے کیونکہ اللہ سنتا جانتا ہے وہ ہر کسی کی جزا دے گا اسی کو غیبت کہتے ہیں اس میں مظلوم کو روا ہے کہ ظالم کا ظلم بیان کرے اسی طرح اور بھی کئی مقام میں غیبت روا ہے یہ حکم یہاں شاید اس پر فرمایا کہ منافق کا نام مشہور نہ کیجئے جیسے حضرت نے مشہور نہیں کیا۔ اس میں اس کا دل زیادہ بگڑتا ہے مبہم نصیحت کرے منافق آپ سمجھ لے گا۔ اس میں شاید ہدایت پاوے۔ ۱۲۔ منہ

وٗ یعنی منافق کو چاہو کہ صادق کرو تو ظاہر کے طعن سے چھپا سمجھانا بہتر ہے اور درگذر خوب ہے اللہ بھی جانتا بوجھتا بندوں سے درگذر کرتا ہے۔ ۱۲۔ منہ

۲۱ ع ۱۱ ۱

وٚ یہاں سے ذکر ہے یہود کا قرآن میں اکثر ان کا اور منافقوں کا ذکر اکٹھا ہی فرمایا کہ اللہ کا ماننا یہی ہے کہ زمانے کے پیغمبر کا حکم مانے اس بغیر اللہ کا ماننا غلط ہے۔ ۱۲۔ منہ

وَاٰتَیْنَا مُوْسٰی سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ

اور دیا ہم نے موسےٰ کو غلبہ ظاہر اور اٹھایا ہم نے اوپر ان کے پہاڑ

بِمِیْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ

واسطے قول لینے کے ان سے اور کہا ہم نے ان کو داخل ہو دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے اور کہا ہم نے ان کو

لَا تَعْدُوْا فِی السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا ﴿۱۵۴﴾

مت تعدی کرو بیچ ہفتے کے اور لیا ہم نے ان سے قول گاڑھا

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّیْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ

پس بسبب توڑ ڈالنے ان کے قول اپنے کو اور بسبب کفران کے کے ساتھ نشانیوں اللہ کے اور بسبب مارنے

الْاَنْۢبِیَآءَ بِغَیْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ

ان کے پیغمبروں کو ناحق اور بسبب کہنے اُن کے کے کہ دلوں ہمارے پر پردے ہیں بلکہ مہر کی ہے اللہ نے

عَلَیْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا یُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ

اوپر ان کے بسبب کفران کے کے پس نہیں ایمان لاتے مگر تھوڑے اور بسبب کفران کے کے اور کہنے ان

عَلٰی مَرْیَمَ بُهْتَانًا عَظِیْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ

کے کے اوپر مریم کے بہتان بڑا اور بسبب کہنے ان کے کے کہ تحقیق ہم نے مار ڈالا مسیح

عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ

عیسےٰ بیٹے مریم کے کو پیغمبر اللہ کا تھا اور نہیں مارا اس کو اور نہ سولی دی اس کو

وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِیْهِ لَفِیْ شَكٍّ

اور لیکن شبہ ڈالا گیا واسطے ان کے اور تحقیق جو لوگ کہ اختلاف کیا انہوں نے بیچ اس کے البتہ بیچ شک

مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا

کے ہیں اس سے نہیں واسطے ان کے ساتھ اس کے کچھ علم مگر پیروی کرنا گمان کا اور نہ

قَتَلُوْهُ یَقِیْنًا ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا

مارا اس کو بے یقین۔ بلکہ اٹھا لیا اس کو اللہ نے طرف اپنی اور ہے اللہ غالب

حَكِیْمًا ﴿۱۵۸﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِهٖ

حکمت والا ف۱ اور نہیں کوئی اہل کتاب سے مگر البتہ ایمان لاوے گا ساتھ اس کے

قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَكُوْنُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا ﴿۱۵۹﴾

پہلے موت اس کی کے اور دن قیامت کے ہوگا اوپر ان کے گواہ ف۲

ف۱ یہود کہتے ہیں کہ ہم نے مارا عیسےٰ کو اور مسیح اور رسول خدا نہیں کہتے یہ اللہ نے ان کے خطا ذکر فرمائے اور فرمایا کہ اس کو ہرگز نہیں مارا حق تعالےٰ نے اس کی ایک صورت ان کو بنا دی۔ اس صورت کو سولی چڑھایا پھر فرمایا کہ نصاریٰ بھی اوّل سے یہی کہتے ہیں کہ مسیح کو مارا نہیں وہ زندہ ہے لیکن تحقیق نہیں سمجھتے کئی باتیں کہتے ہیں بعضے کہتے ہیں کہ بدن کو مارا ان کی روح اللہ کے پاس چڑھ گئی۔ بعضے کہتے ہیں مارا تھا پھر تین روز کے بعد زندہ ہو کر بدن سے چڑھ گئے ہر طرح وہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ اس کو نہیں مارا سو یہ خبر اللہ کو ہے اس نے بتایا کہ اس کی صورت کو مارا اور ان کے پکڑتے وقت نصاریٰ سرک گئے تھے اور یہود بھی نہ پہنچے تھے۔ اس آن کی خبر نہ ان کو نہ اُن کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت عیسےٰ ابھی زندہ ہیں جب یہود میں دجال پیدا ہوگا۔ تب اس جہان میں آ کر اس کو ماریں گے اور یہود و نصاریٰ سب اس پر ایمان لاویں گے کہ یہ نہ مرے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ

پس بسبب ظلم کے ان لوگوں سے کہ یہودی ہوئے حرام کی ہم نے اوپر ان کے پاکیزہ چیزیں جو حلال کی گئی

لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿١٦٠﴾ وَّاَخْذِهِمُ

تھیں واسطے ان کے اور بسبب بند کرنے ان کے کے راہ خدا کے سے بہتوں کو ف اور بسبب لینے ان کے

الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ

سود کو اور تحقیق منع کیے گئے جمع اس سے اور بسبب کھانے ان کے کے مال لوگوں کے ساتھ جھوٹ کے

وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٦١﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ

اور تیار کیا ہم نے واسطے کافروں کے ان میں سے عذاب درد دینے والا لیکن مضبوط لوگ

فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

بیچ علم کے ان میں سے اور مسلمان ایمان لاتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے

وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ

طرف تیری اور جو اتاری گئی ہے پہلے تجھ سے اور قائم کرنے والے نماز کو اور دینے والے

الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اُولٰٓئِكَ

زکوٰۃ کے اور ایمان لانے والے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے یہ لوگ البتہ

سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١٦٢﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ

دیں گے ہم ان کو ثواب بڑا تحقیق ہم نے وحی بھیجی طرف تیری جیسے وحی بھیجی ہم نے

اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

طرف نوح کی اور پیغمبروں کی پیچھے اس کے اور وحی کی ہم نے طرف ابراہیم کے

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى

اور اسماعیل کے اور اسحاق کے اور یعقوب کے اور اولاد اس کی کے اور عیسے

وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ

اور ایوب کے اور یونس اور ہارون کے اور سلیمان کے اور دی ہم نے داؤد علیہ السلام

زَبُوْرًا ﴿١٦٣﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَ

کو زبور اور بھیجے ہم نے پیغمبر کہ تحقیق بیان کیا ہم نے ان کو اوپر تیرے پہلے اس سے اور

رُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿١٦٤﴾

پیغمبر کہ نہ بیان کیا ہم نے ان کو اوپر تیرے اور باتیں کیں اللہ نے موسیٰ سے باتیں کرنا،

ف یعنی اوپر سے سب شرارتیں ان کی جو ذکر کیں بعضی پہلے ہوئیں اور بعضی پیچھے لیکن مجمل یہ کہ گناہ پر دلیر تھے اس واسطے ان کو شریعت سخت رکھی کہ سرکشی ٹوٹے۔ ١٢ منہ رح

ع ٢٢ ١٠ ٢

رُسُلًا مُّبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ لِئَلَّا یَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ

بھیجے ہم نے پیغمبر خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تو کہ نہ ہو واسطے لوگوں کے اوپر اللہ کے

حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا ﴿۱۶۵﴾ لٰكِنِ

الزام ۱؎ پیچھے پیغمبروں کے اور ہے اللہ تعالےٰ غالب حکمت والا ۲؎ لیکن

اللّٰهُ یَشْهَدُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اِلَیْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓىِٕكَةُ

اللہ تعالےٰ شاہدی دیتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری طرف تیری اتاری اس کو ساتھ علم اپنے کے اور فرشتے

یَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ﴿۱۶۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

گواہی دیتے ہیں اور کفایت ہے اللہ گواہی دینے والا ۲؎ تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے

وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ﴿۱۶۷﴾

اور بند کیا انہوں نے راہ خدا تعالےٰ کی سے تحقیق گمراہ ہوئے گمراہی دور

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ

تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور ظلم کیا نہیں ہے اللہ کہ بخشے اُن کو

وَلَا لِیَهْدِیَهُمْ طَرِیْقًا ﴿۱۶۸﴾ اِلَّا طَرِیْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ

اور نہ دکھاوے گا ان کو راہ مگر راہ دوزخ کی ہمیشہ رہیں گے

فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرًا ﴿۱۶۹﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ

بیچ اس کے ہمیشہ اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان اے لوگو

قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَیْرًا لَّكُمْ ؕ

تحقیق آیا تمہارے پاس پیغمبر ساتھ حق کے پروردگار تمہارے سے پس ایمان لاؤ بہتر ہو گا واسطے

وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ

تمہارے اور اگر کفر کرو گے پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے اور ہے

اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۱۷۰﴾ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ

اللہ جاننے والا حکمت والا اے اہل کتاب مت زیادتی کرو بیچ دین اپنے کے

وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِیْحُ عِیْسَى

اور مت کہو اوپر اللہ کے مگر سچ سوائے اس کے نہیں کہ مسیح عیسیٰ

ابْنُ مَرْیَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَاۤ اِلٰى مَرْیَمَ وَرُوْحٌ

بیٹا مریم کا پیغمبر اللہ کا ہے اور حکم ہے اس کا ڈال دیا اس کو طرف مریم کی اور روح ہے

۱؎ یعنی عذر کی جگہ نہ رہے کہ ہم کو تیری مرضی معلوم ہوتی تو اس پر چلتے یہ اللہ کی حکمت اور تدبیر ہے اور اگر زبردستی کرے تو اس کی حاجت نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

۲؎ یعنی وحی ہر پیغمبر کو آتی رہی ہے کچھ نیا کام نہیں پر اس کلام میں اللہ نے اپنا خاص علم اتارا اور اللہ اس حق کو ظاہر کردے گا۔ چنانچہ ظاہر ہوا کہ جس قدر ہدایت اس نبی سے ظاہر ہوئی اور کسی سے نہ ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا
اس کی طرف سے پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسولوں اس کے کے اور نہ کہو خدا تین ہیں باز رہو بہتر ہوگا

لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا
واسطے تمہارے سوائے اس کے نہیں کہ اللہ معبود اکیلا ہے پاکی ہے اس کو اس سے کہ ہو واسطے اس کے اولاد واسطے

فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾ ع لَنْ
اسی کے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور کفایت ہے اللہ کارساز ف۱

ع ٢٣ ۹/٤

يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ
ہرگز انکار نہ کرے گا مسیح اس سے کہ ہو بندہ واسطے اللہ کے اور نہ فرشتے

الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ
مقرب اور جو کوئی انکار کرے گا بندگی اس کی سے اور تکبر کرے گا

فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
پس اکٹھے کرے گا ان کو طرف اپنی سب کو پس لیکن جو لوگ کہ ایمان لائے اور عمل

الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ
نیک اچھے پس پورا دے گا ان کو ثواب ان کا اور زیادہ دے گا ان کو فضل اپنے سے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا
اور جن لوگوں نے انکار کیا اور تکبر کیا پس عذاب کرے گا ان کو عذاب درد دینے

اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا
والا اور نہ پاویں گے واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست اور نہ

نَصِيْرًا ﴿١٧٣﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
مددگار اے لوگو تحقیق آئی تمہارے پاس دلیل پروردگار تمہارے سے

وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿١٧٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ
اور اتاری ہم نے طرف تمہاری روشنی ظاہر پس جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے

وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِىْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ
اور محکم پکڑا اس کو پس البتہ داخل کرے گا ان کو بیچ رحمت کے اپنی طرف سے اور فضل کے

وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾ يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ
اور دکھلاوے گا ان کو طرف اپنی راہ سیدھی فتویٰ پوچھتے ہیں تجھ سے کہہ

ف۱ یہ خطاب ہے نصاریٰ کو کہ اللہ کو تین جگہ بتاتے ہیں، باپ اور بیٹا اور روح القدس فرمایا کہ دین کی بات میں مبالغہ عیب ہے ایک شخص سے اعتقاد ہو تو اس کی تعریف میں حد سے نہ بڑھیئے جتنی بات تحقیق ہو وہی کہیئے اور فرمایا فی الحقیقت بیٹا جننے یہ اللہ کو لائق نہیں اور بیٹا کرے تو اس کو پیش کار کی حاجت نہیں۔ وہ بس ہے کام بنانے والا۔ ۱۲-منہ رح

اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ
اللہ فتوے دیتا ہے تم کو بیچ کلالہ کے اگر کوئی مرد ہلاک ہو جاوے نہیں ہو واسطے اس کے

وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَاۤ اِنْ
اولاد اور نہ باپ اور واسطے اس کے ہو ایک بہن پس واسطے اسکے ہے آدھا اس چیز سے کہ چھوڑ گیا اور وہ وارث ہوتا ہے اس کا

لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ
اگر نہ ہو واسطے اس کے اولاد پس اگر ہوں دو بہنیں پس واسطے ان دونوں کے دو تہائی

مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ
اس چیز سے کہ چھوڑ گیا اور اگر ہوں وہ وارث جماعت مرد اور عورتیں پس واسطے مرد

مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ
کے برابر حصے دو عورتوں کے بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے ایسا نہ ہو کہ گمراہ ہو جاؤ

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ ع
اور اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ۱

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۱۲۰ رکوعاتہا ۱۶

سورہ مائدہ مدینہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — بیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ
اے لوگو جو ایمان لائے ہو پورا کرو ساتھ عہدوں کے ۲ حلال کیے گئے واسطے تمہارے

الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ
چارپائے چگنے والے مگر جو پڑھی جاتی ہیں اوپر تمہارے نہ حلال جاننے والے شکار کو اور تم احرام باندھے ہو

اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا
تحقیق اللہ حکم کرتا ہے جو چاہتا ہے ۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت بے حرمت کرو

شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ
نشانیوں اللہ کی کو اور نہ مہینے حرام کو اور نہ اس جانور کو کہ نیاز کعبہ کی ہو اور نہ جن کے گلے ہیں

وَلَاۤ اٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ
پٹہ ڈال کر لے جاویں کعبے کو اور نہ قصد کرنے والوں گھر حرمت والے کو کہ چاہتے ہیں فضل پروردگار اپنے سے

وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ
اور رضامندی اور جب حلال ہو تم پس شکار کرو تم اور نہ باعث ہو تم کو دشمنی کسی

---

۱ کلالہ کے معنی ہارا ضعیف یہاں فرمایا اس کو جس کے وارثوں میں باپ بیٹا نہیں کہ اصل وارث وہی تھے تو اس وقت سگے بہن بھائی کو بیٹا بیٹی کا حکم ہے سگے نہ ہوں تو یہی حکم سوتیلوں کا بری ایک بہن کو آدھا اور دو کو دو تہائی اور ملے ہوں بھائی بہن تو مرد کو حصہ دوہرا عورت کو اکہرا اور جو نرے بھائی ہوں تو ان کو فرمایا کہ وہ بہن کے وارث ہیں یعنی حصہ ہیں معین نہیں وہ عصبہ ہیں۔ فائدہ اگر بیٹی ہو اور بہن ہو تو حصہ بیٹی کو اور بہن عصبہ ہے۔ یعنی حصہ داروں سے بچے سو وہ لے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲۴ / ۵

۲ یعنی جب آدمی مسلمان ہوا تو سب حکم اللہ کے قبول کرنے ٹھہرا چکا۔ اب آگے حکم فرماتے ان کو قبول کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

۳ مواشی یا جانور ہیں جن کو لوگ پالتے ہیں کھانے کو جیسے گائے بکری پھر جنگل کے ہرن اور نیلہ گاؤ وغیرہ اسی میں داخل ہیں کہ جنس ایک ہے ان کو احرام کے وقت اور اسی طرح کے مکان میں حرام فرمایا اس کے ساتھ حرم کے آداب اور بھی فرمائے۔ ۱۲۔ منہ رح

قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ
قوم کی اس واسطے کہ بند کیا تم کو مسجد حرام سے یہ کہ حد سے نکل جاؤ

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۠ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ
اور مددگاری کرو اوپر بھلائی کے اور پرہیزگاری کے اور مت مدد کرو اوپر گناہ کے

وَالْعُدْوَانِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ② حُرِّمَتْ
اور تعدی کے اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے وا حرام کیا گیا

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ
اوپر تمہارے مردار اور لہو اور گوشت سؤر کا اور جو کچھ پکارا جاوے سوائے اللہ

بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ
ساتھ اس کے اور گلا گھونٹی اور لاٹھی ماری اور اوپر سے گر پڑی اور سینگ ماری اور جو

اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۪ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ
کھا گیا ہو درندہ مگر جو ذبح کر لو تم ان میں سے اور جو ذبح کی جاوے اوپر تھانوں کے اور یہ کہ

تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ
قسمت معلوم کرو ساتھ تیروں کے یہ فسق ہے آج کے دن ناامید ہوئے وہ لوگ کہ

كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ
کافر ہوئے دین تمہارے سے پس مت ڈرو ان سے اور ڈرو مجھ سے آج کے دن

اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ
پورا کیا میں نے واسطے تمہارے دین تمہارا اور پوری کی اوپر تمہارے نعمت اپنی اور پسند کیا

لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ
واسطے تمہارے اسلام کو دین پس جو کوئی بےبس ہوا بیچ بھوک کے نہ

مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ③ يَسْئَلُوْنَكَ
جھکنے والا طرف گناہ کے پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے وٹ پوچھتے ہیں تجھ سے

مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ
کیا حلال کیا گیا ہے واسطے ان کے کہہ کہ حلال کی گئی ہیں واسطے تمہارے پاکیزہ چیزیں اور جو سکھلاؤ تم

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ
زخم دینے والوں کو شکار کرنے والوں کو سکھلاتے ہو تم ان کو اس چیز سے کہ سکھلایا ہے تم کو اللہ نے

ربع

وا حلال نہ سمجھو یعنی ہاتھ نہ ڈالو اللہ کے نام کی چیزوں پر یعنی کافر بھی اگر نیاز کعبہ لاویں تو لوٹ مت لو اور ماہِ حرام میں ان کو نہ مارو اور لٹکن والیاں بھی وہی قربانی کے جانور ہیں کہ مکے کو لے جاتے ہیں نشان کر کر اور فرمایا کہ کافروں نے تم کو روکا تھا مسجد سے تم زیادتی نہ کرو یعنی آنے کو نہ روکو باقی آگے سے منع کر دو کہ کافر نہ آوے تو یہ روا ہے اس سے معلوم ہوا کہ کافر جس کام میں اللہ کو تعظیم کرے اس کام کو نصیحت نہ کرے مگر جو بت کی تعظیم کرے تو البتہ اہانت کرے۔ ١٢۔ منہ رح

وٹ مواشی میں سے یہ چیزیں حرام فرمادیں سؤر اور ہر چیز کا لہو اور آپ سے مرا یا کسی طرح بغیر ذبح کے اور جو خدا کے سوا کسی کے نام پر ذبح کیا اور جو کسی مکان کی تعظیم پر ذبح کیا سوائے خانہ خدا مگر یہ چیزیں مضطر کو معاف ہیں اور بانٹا کرنا پانسوں سے یہ کافروں کا ایک جوا تھا کہ شرط بد کے ایک جانور دس شخص نے خریدا اور ذبح کیا اور دس پانسے تھے کسی پر لکھا آدھا کسی پر پاؤ کم زیادہ کوئی خالی پھر بانٹنے لگے تو ہر ایک کے نام پر جو پانسا آیا وہی حصہ اس کو ملا یا خالی نکل گیا۔ شرط بدنی تمام حرام ہے۔

(باقی صـ ١٣٨ پر)

فَكُلُوا مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ ص
پس کھاؤ اس چیز سے کہ پکڑ رکھیں اوپر تمہارے اور یاد کرو نام اللہ کا اوپر اس کے

وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝٤ الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ
اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ جلد لینے والا ہے حساب کا وا آج کے دن حلال کی گئیں واسطے

الطَّيِّبَاتُ ۖ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حِلٌّ لَكُمْ وَطَعَامُكُمْ
تمہارے پاکیزہ چیزیں اور کھانا ان لوگوں کا کہ دیئے گئے ہیں کتاب حلال ہے واسطے تمہارے اور کھانا تمہارا

حِلٌّ لَهُمْ ۖ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ
حلال ہے واسطے ان کے اور پاک دامنیں مسلمانوں میں سے اور پاک دامنیں ان

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ
لوگوں میں سے کہ دیئے گئے ہیں کتاب پہلے تم سے جب دو تم ان کو مہر ان کے

مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ ۗ وَمَنْ
نکاح میں لانے والے نہ بدکاری کرنے والے اور نہ پکڑنے والے چھپے آشنا اور جو کوئی

يَكْفُرْ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ
کفر کرے ساتھ ایمان کے پس تحقیق کھوئے گئے عمل اس کے اور وہ بیچ آخرت کے ٹوٹا پانے

الْخَاسِرِينَ ۝٥ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ
والوں میں سے ہے وا اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب کھڑے ہو تم واسطے نماز کے

فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا
پس دھوؤ مونہوں اپنوں کو اور ہاتھوں اپنوں کو کہنیوں تک اور مسح کرو سروں

بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا
اپنوں کو اور دھوؤ پاؤں اپنوں کو دونوں ٹخنوں تک اور اگر ہو تم ناپاک پس نہا لو

وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ
اور اگر ہو تم بیمار یا اوپر سفر کے یا آوے کوئی تم میں سے مکان ضرور سے

أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا
یا صحبت کرو تم عورتوں سے پس نہ پاؤ تم پانی پس قصد کرو تم مٹی پاک کا

فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ ۚ مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ
پس ملو مونہوں اپنوں کو اور ہاتھوں اپنوں کو اس سے نہیں ارادہ کرتا اللہ تو کہ کرے

ف۱ مواشی کا حکم تو فرما دیا پھر لوگوں نے اور چیزوں کو پوچھا تو فرمایا کہ ستھری چیزیں تم کو حلال ہیں۔ سو حضرت نے جو منع فرمائیں معلوم ہوا کہ وہ ستھری نہیں جیسے پھاڑنے والا جانور چوپائے یا پرندہ۔ مثلاً شیر یا باز یا چیل اور اسی میں داخل ہوئے مردار خوار سارے کوا وغیرہ اور جیسے گدھا اور خچر اور جیسے کیڑے زمین کے مثلاً چوہا وغیرہ۔ فائدہ اور پہلے حرام فرمایا جس کو پھاڑنے والے نے کھایا اب اس میں سے شکار سے سدھے جانور کا مارا ہوا حلال کیا جب اس نے آدمی کی خو سیکھی تو گویا آدمی نے ذبح کیا لیکن سدھنا شرط سدھا وہ کہ پکڑ کر رکھ چھوڑے آپ نہ کھاوے اور اللہ کا نام لینا شرط ہے دوڑانے کے وقت کہ اس بغیر ذبح درست نہیں مگر بھولے تو معاف ہے۔ ۱۲ منہ

ع ۱ / ۵ / ۵

ف۲ فرمایا کہ آج تم کو ستھری چیزیں حلال ہوئیں یعنی حضرت ابراہیم کے وقت یہ سب حلال تھیں جب توریت نازل ہوئی تو یہود کی سزا میں اکثر چیزیں منع ہوئیں اور انجیل میں حلال اور حرام بیان نہ ہوا اب قرآن میں وہی دین ابراہیم کے موافق سب حلال ہوئیں اور فرمایا کہ کتاب والوں کا کھانا حلال ہے یعنی (باقی صفحہ ۱۳۱ پر)

عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

اوپر تمہارے کچھ تنگی اور لیکن ارادہ کرتا ہے تو کہ پاک کرے تم کو اور تو کہ پوری کرے نعمت

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٦﴾ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اپنی اوپر تمہارے تو کہ تم شکر کرو اور یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے

وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا

اور عہد اس کا جو قول لیا ہے تم سے ساتھ اس کے جب کہا تم نے سنا ہم نے

وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٧﴾

اور مانا ہم نے اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ جاننے والا ہے سینوں والی بات کو وا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو ہو جاؤ تم قائم رہنے والے واسطے اللہ کے شاہدی دینے والے ساتھ انصاف کے

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ

اور نہ باعث ہو تم کو دشمنی کسی قوم کی اوپر اس بات کے کہ نہ عدل کرو عدل کرو وہ

اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾

بہت نزدیک ہے پرہیزگاری کے اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم و٢

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

وعدہ کیا اللہ نے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کام کیے اچھے واسطے ان کے بخشش ہے

وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٩﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

اور ثواب بڑا اور جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو یہ

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ

لوگ ہیں رہنے والے دوزخ کے اے لوگو جو ایمان لائے ہو یاد کرو نعمت

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ

اللہ کی اوپر اپنے جس وقت قصد کیا ایک جماعت نے یہ کہ دراز کریں طرف تمہاری ہاتھوں اپنوں کو

فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ

پس بند کئے ہاتھ ان کے تم سے اور ڈرو اللہ سے اور اوپر اللہ کے

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ ع وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ

پس چاہیے کہ توکل کریں ایمان والے اور البتہ تحقیق لیا اللہ نے عہد

ع ٢ ٦ ٦

وا اللہ تعالیٰ اہل کتاب کو یاد دلایا کرتا ہے کہ میرے عہد پر قائم رہو۔ اسی طرح ہم کو تاکید فرمایا کہ عہد یاد رکھو وہ عہد یہ ہے کہ جب لوگ مسلمان ہوتے تو حضرت سے بیعت کرتے یعنی ہاتھ پکڑ کر قول دیتے بہت چیزیں کرنے کا جیسے پانچ نمازیں اور روزہ رمضان اور زکوٰۃ اور حج اور خیرخواہی ہر مسلمان کی اور بہت چیزیں چھوڑنے پر جیسے خون اور زنا اور چوری اور تہمت لگانی بے گناہ کو اور سردار سے مخالفت کرنی اسی عہد پر فرمایا کہ قائم رہو۔ ١٢- منہ

و٢ اکثر کافروں نے مسلمانوں سے بڑی دشمنی کی تھی۔ پیچھے مسلمان ہوئے تو فرمایا کہ ان سے وہ دشمنی نہ نکالو اور ہر جگہ یہی حکم ہے حق بات میں دوست اور دشمن برابر ہے۔ ١٢- منہ

بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ۚ وَ بَعَثۡنَا مِنۡہُمُ اثۡنَیۡ عَشَرَ نَقِیۡبًا ؕ وَ قَالَ
بنی اسرائیل کا اور کھڑے کیے ہم نے ان میں سے بارہ سردار اور کہا

اللّٰہُ اِنِّیۡ مَعَکُمۡ ؕ لَئِنۡ اَقَمۡتُمُ الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَیۡتُمُ الزَّکٰوۃَ
اللہ نے تحقیق میں ساتھ تمہارے ہوں اگر قائم رکھو تم نماز کو اور دو تم زکوٰۃ کو

وَ اٰمَنۡتُمۡ بِرُسُلِیۡ وَ عَزَّرۡتُمُوۡہُمۡ وَ اَقۡرَضۡتُمُ اللّٰہَ قَرۡضًا
اور ایمان لاؤ تم ساتھ پیغمبروں میرے کے اور قوت دو ان کو اور قرض دو تم اللہ کو قرض

حَسَنًا لَّاُکَفِّرَنَّ عَنۡکُمۡ سَیِّاٰتِکُمۡ وَ لَاُدۡخِلَنَّکُمۡ جَنّٰتٍ
اچھا البتہ دور کروں گا میں تم سے برائیاں تمہاری اور البتہ داخل کروں گا میں تم کو بہشتوں میں

تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ ۚ فَمَنۡ کَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِکَ مِنۡکُمۡ
چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں پس جو کوئی کافر ہوا پیچھے اس کے تم میں سے

فَقَدۡ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیۡلِ ﴿۱۲﴾ فَبِمَا نَقۡضِہِمۡ مِّیۡثَاقَہُمۡ
پس تحقیق گمراہ ہوا راہ سیدھی سے وا پس بسبب توڑنے ان کے کے عہد اپنے کو

لَعَنّٰہُمۡ وَ جَعَلۡنَا قُلُوۡبَہُمۡ قٰسِیَۃً ۚ یُحَرِّفُوۡنَ الۡکَلِمَ عَنۡ
لعنت کیا ہم نے ان کو اور کر دیا ہم نے دلوں ان کے کو سخت بدل ڈالتے ہیں باتوں کو جگہ ان

مَّوَاضِعِہٖ ۙ وَ نَسُوۡا حَظًّا مِّمَّا ذُکِّرُوۡا بِہٖ ۚ وَ لَا تَزَالُ تَطَّلِعُ
کی سے اور بھول گئے حصہ اس چیز سے کہ نصیحت کیے گئے تھے ساتھ اس کے اور ہمیشہ رہے گا تو خبردار ہوتا

عَلٰی خَآئِنَۃٍ مِّنۡہُمۡ اِلَّا قَلِیۡلًا مِّنۡہُمۡ فَاعۡفُ عَنۡہُمۡ وَ اصۡفَحۡ ؕ
اوپر خیانت کے ان سے مگر تھوڑے ان میں سے پس معاف کر ان سے اور درگذر کر

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۱۳﴾ وَ مِنَ الَّذِیۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّا
تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو اور ان لوگوں سے کہ کہتے ہیں تحقیق ہم

نَصٰرٰۤی اَخَذۡنَا مِیۡثَاقَہُمۡ فَنَسُوۡا حَظًّا مِّمَّا ذُکِّرُوۡا بِہٖ ۪
نصاریٰ ہیں لیا ہم نے قول ان کا پس بھول گئے حصہ اس چیز سے کہ نصیحت کیے گئے ساتھ

فَاَغۡرَیۡنَا بَیۡنَہُمُ الۡعَدَاوَۃَ وَ الۡبَغۡضَآءَ اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ ؕ
اس کے پس لگا دی ہم نے درمیان ان کے دشمنی اور بغض دن قیامت تک

وَ سَوۡفَ یُنَبِّئُہُمُ اللّٰہُ بِمَا کَانُوۡا یَصۡنَعُوۡنَ ﴿۱۴﴾ یٰۤاَہۡلَ
اور البتہ خبردار کرے گا ان کو اللہ ساتھ اس چیز کے کہ تھے وہ کرتے و۲ اے اہل

و۱ یہ بیان فرمایا بنی اسرائیل سے عہد لینا حضرت موسیٰ کی آخر عمر میں یہ قرار دیے ہیں یہ سورت حضرت کی آخر عمر میں نازل ہوئی شاید ہم کو سنایا اسی واسطے کہ ہم کو بھی یہی تقید ہے ایک عہد اس امت سے تھا کہ رسول جو بعد پیدا ہوں ان کی مدد کرو اس کے بدل ہم سے یہ ہے کہ خلفاء کی اطاعت کرو یہ مذکور بارہ سرداروں کا بیان فرمایا اسی اشارہ کو کہ حضرت نے بتایا ہے میری امت میں بارہ خلیفہ ہوں گے قوم قریش سے اور فرمایا ہے کہ جو خرابی ہوئی پہلی امت سے سو ہو گی تم میں سے جیسے وہ خراب ہوئے پیغمبروں کی مخالفت سے یہ امت خراب ہوئی خلیفہ پر خروج کر کر۔ ۱۲۔ منہ رح

و۲ اس سے معلوم ہوا کہ جب اللہ کے کلام سے اثر پکڑنا اور حکم شرع پر محبت سے قائم رہنا چھوٹ جاوے اور فقط مذہب کا جھگڑا اور حمیت رہ جاوے تو راہ سے بہکے۔ ۱۲۔ منہ رح

الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ

کتاب تحقیق آیا ہے تمہارے پاس پیغمبر ہمارا بیان کرتا ہے واسطے تمہارے بہت اس چیز سے کہ تھے

تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ

تم چھپاتے کتاب میں سے اور درگذر کرتا ہے بہت سے تحقیق آئی تمہارے پاس

اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ

اللہ کی طرف سے روشنی اور کتاب بیان کرنے والی ہدایت کرتا ہے ساتھ اس کے اللہ اس شخص کو کہ پیروی کرتا

رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

ہے رضامندی اس کی کی راہیں سلامتی کی اور نکالتا ہے ان کو تاریکیوں سے طرف

النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾ لَقَدْ

روشنی کے ساتھ حکم اپنے کے اور ہدایت کرتا ہے ان کو طرف راہ سیدھی کے البتہ تحقیق

كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ

کافر ہوئے وہ لوگ جو کہتے ہیں تحقیق اللہ وہی ہے مسیح بیٹا مریم کا

قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ

کہہ پس کون اختیار رکھتا ہے اللہ کے کام سے کچھ اگر چاہے یہ کہ ہلاک کر ڈالے

الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ

مسیح بیٹے مریم کے کو اور ماں اس کی کو اور ان لوگوں کو جو بیچ زمین کے ہیں سارے

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا

اور واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ درمیان دونو کے ہے پیدا کرتا ہے جو کچھ

يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى

کہ چاہتا ہے اور اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ؎۲ اور کہا یہود نے اور نصاریٰ نے

نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ

ہم بیٹے اللہ کے ہیں اور پیارے ہیں اس کے کہہ پس کیوں عذاب کرتا ہے تم کو ساتھ گناہوں

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

تمہارے کے بلکہ تم آدمی ہو اس چیز سے کہ پیدا کیا ہے بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے اور عذاب کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؗ

جسے چاہتا ہے اور واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ درمیان ان دونو کے ہے

؎۱ اللہ صاحب کسی جگہ نبیوں کے حق میں ایسی بات فرماتے ہیں تا ان کی امت ان کو بندگی کی حد سے زیادہ نہ چڑھاویں واِلّا نبی اس لائق کا ہے کو ہیں۔ ۱۲۔ منہ

(صفحہ ۱۲۸ سے آگے)

ان کا ذبح اوپر جو ذبح کی شرط فرمائی کہ اللہ کا نام ذکر ہو اور غیر کی تعظیم نہ ہو یہاں ایک شرط فرما دی کہ ذبح کرنے والا مسلمان ہو یا اہلِ کتاب یعنی یہود یا نصاریٰ اور کسی دین اور مذہب والے کا ذبح نہیں حلال اگرچہ نام اللہ کا لے اس کا لینا معتبر نہیں اور فرمایا کہ اسی طرح مسلمان کو عورت نکاح کرنی ان کی حلال ہے اوروں کی نہیں سو جن شرطوں سے آپس میں نکاح درست ہے اسی طرح ان کا درست ہے پھر فرمایا کہ اہلِ کتاب کو اور کفار سے دو حکم میں مخصوص کیا یہ فقط دنیا میں ہے اور آخرت میں ہر کافر خراب ہے اگر نیک عمل بھی کرے تو قبول نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا
اور طرف اسی کی ہے پھر جانا اے اہل کتاب تحقیق آیا ہے تمہارے پاس پیغمبر ہمارا

يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا
بیان کرتا ہے واسطے تمہارے پیچھے موقوف ہو جانے پیغمبروں کے ایسا نہ ہو کہ کہو تم نہیں آیا ہمارے پاس

مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ز فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ط وَاللّٰهُ
کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا پس تحقیق آیا تمہارے پاس خوشخبری دینے والا ڈرانے والا اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۹﴾ ع وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ
اوپر ہر چیز کے قادر ہے ۱؎ اور جب کہا موسےٰ نے واسطے قوم اپنی کے اے قوم میری

اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ
یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے جس وقت کیے بیچ تمہارے پیغمبر اور کیا تم کو

مُّلُوْكًا ق وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۰﴾ يٰقَوْمِ
بادشاہ اور دیا تم کو جو کچھ کہ نہ دیا کسی کو سارے جہان سے اے قوم میری

ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا
داخل ہو زمین پاک میں جو لکھی ہے اللہ نے واسطے تمہارے اور مت پھر

عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۱﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا
جاؤ اوپر پیٹھ اپنی کے پس پلٹ جاؤ ٹوٹا پانے والے ۲؎ کہا انہوں نے اے موسیٰ تحقیق بیچ اس

قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ق صلے وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ج
کے ہے قوم سرکش اور تحقیق ہم ہرگز نہ جاویں گے اس میں یہاں تک کہ نکل جاویں وہ اس میں سے

فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ
پس اگر نکل جاویں اس میں سے پس تحقیق ہم داخل ہونے والے ہیں کہا دو مردوں نے ان لوگوں سے

يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ج فَاِذَا
کہ ڈرتے تھے انعام کیا تھا اللہ نے اوپر ان کے داخل ہو تم اوپر ان کے دروازے میں سے پس جب

دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ج ۵ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ
داخل ہو گئے تم اس میں پس تحقیق تم غالب ہو اور اوپر اللہ کے پس توکل کرو تم اگر ہو تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا
ایمان والے کہا انہوں نے اے موسیٰ تحقیق ہم ہرگز نہ داخل ہوں گے اس میں کبھی جب تک وہ رہیں گے

۱؎ حضرت عیسےٰؑ سے بعد کوئی رسول نہ آیا تھا سو فرمایا کہ تم افسوس کرتے کہ ہم رسولوں کے وقت میں نہ ہوئے کہ تربیت ان کی پاتے اب بعد مدت تم کو رسول کی صحبت میسر ہوئی غنیمت جانو اور اللہ قادر ہے اگر تم نہ قبول کرو گے اور خلق کھڑی کر دے گا تم سے بہتر جیسے حضرت موسیٰ کے ساتھ جہاد کرنا قبول نہ کیا ان کی قوم نے اللہ نے ان کو محروم کر دیا اوروں کے ہاتھ ملک شام فتح کروا دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

۳ ع ۸ ۷

۲؎ حضرت ابراہیمؑ اپنے باپ کا وطن چھوڑ نکلے اللہ کی راہ میں اور ملک شام میں آکر ٹھہرے اور مدت تک ان کو اولاد نہ ہوئی۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان کو بشارت فرمائی کہ تیری اولاد بہت پھیلاؤں گا اور زمین شام ان کو دوں گا اور نبوت اور دین اور کتاب اور سلطنت ان میں رکھوں گا۔ پھر حضرت موسیٰ کے وقت وہ وعدہ پورا ہوا بنی اسرائیل کو فرعون کی بیگار سے خلاص کیا اور اس کو غرق کیا اور ان کو فرمایا کہ تم جہاد کرو عمالقہ سے ملک شام چھین لو پھر ہمیشہ وہ ملک شام تمہارا ہے حضرت موسیٰ نے بارہ شخص بارہ قبیلہ بنی اسرائیل پر (باقی ص۱۳۷ پر)

فِيهَا فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُونَ ﴿٢٤﴾

اس میں پس جا تو اور پروردگار تیرا پس لڑو تم دونو تحقیق ہم یہیں بیٹھے ہیں

قَالَ رَبِّ إِنِّي لَا أَمْلِكُ إِلَّا نَفْسِي وَأَخِي فَافْرُقْ بَيْنَنَا

کہا موسیٰ نے اے رب میرے تحقیق میں نہیں مالک مگر جان اپنی کا اور بھائی اپنے کا پس جدائی ڈال درمیان ہمارے

وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِينَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ

اور درمیان قوم فاسقوں کے کہا پس تحقیق وہ زمین حرام کی گئی اوپر ان کے

أَرْبَعِينَ سَنَةً يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ فَلَا تَأْسَ عَلَى

چالیس برس سرگرداں پھریں گے بیچ زمین کے پس مت غم کھا اوپر

الْقَوْمِ الْفٰسِقِينَ ﴿٢٦﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ

قوم فاسقوں کے ؎۱ اور پڑھ اوپر ان کے خبر دو بیٹوں آدم کی ساتھ حق کے

إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ

جس وقت کہ نیاز لائے دونو کچھ نیاز پس قبول کی گئی ایک کی ان دونوں میں سے اور نہ قبول کی گئی دوسرے

الْآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ

سے کہا اس نے البتہ مار ڈالوں گا میں تجھ کو کہا اس نے سوائے اس کے نہیں قبول کرتا ہے اللہ

الْمُتَّقِينَ ﴿٢٧﴾ لَئِنْ بَسَطْتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِي مَا أَنَا بِبَاسِطٍ

پرہیزگاروں سے ؎۲ البتہ اگر دراز کرے گا تو طرف میری ہاتھ اپنا تو کہ مار ڈالے مجھ کو نہیں میں دراز کرنے والا

يَدِيَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ إِنِّي أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِينَ ﴿٢٨﴾

ہاتھ اپنا طرف تیری تو کہ مار ڈالوں میں تجھ کو تحقیق میں ڈرتا ہوں اللہ پروردگار عالموں کے سے ؎۳

إِنِّي أُرِيدُ أَنْ تَبُوءَ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ مِنْ أَصْحٰبِ

تحقیق میں ارادہ کرتا ہوں یہ کہ پھر جاوے تو ساتھ گناہ میرے کے اور گناہ اپنے کے پس ہو جاوے تو رہنے والوں

النَّارِ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِينَ ﴿٢٩﴾ فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ

آگ کے سے یہ ہے بدلہ ظالموں کا ؎۴ پس رغبت دلائی اس کو نفس اس کے نے مار

أَخِيهِ فَقَتَلَهُ فَأَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِينَ ﴿٣٠﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا

ڈالنا بھائی اپنے کا پس مار ڈالا اس کو پس ہو گیا ٹوٹا پانے والوں سے پس بھیجا اللہ نے ایک کوا

يَبْحَثُ فِي الْأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِي سَوْءَةَ أَخِيهِ

کہ کریدتا تھا بیچ زمین کے تو کہ دکھاوے اس کو کیونکر ڈھانک دے لاش بھائی اپنے کی

ؔ۱ اہل کتاب کو یہ قصہ سنایا اس پر کہ اگر تم رفاقت نہ کرو گے پیغمبر کی تو یہ نعمت اوروں کے نصیب ہوگی آگے اسی پر قصہ سنایا ہابیل و قابیل کا کہ حسد والا مردود ہے ۱۲- منہ رح

ؔ۲ حضرت آدم کی اولاد ہونے لگی ایک حمل میں دو شخص بیٹا اور بیٹی اس وقت میں بہن بھائی کا نکاح روا تھا ضرورت کو حضرت آدمؑ تو بھی احتیاط کرتے ایک حمل کے بہن بھائی نہ ملاتے۔ ایک بیٹی حضرت آدم ہابیل کو دینے لگے اسی کو قابیل لگا مانگنے انہوں نے دونوں کی خاطر رکھی کہا تم دونوں اللہ کی نیاز کرو ہابیل جو نبی کے حکم پر تھا اس کی نیاز غیب سے آتش آکر جلا گئی یعنی قبول ہوئی قابیل کی نیاز چھوڑ گئی قابیل نے حسد چاہا کہ ہابیل کو مار ڈالے۔ آخر مار ڈالا۔ اب تک جہاں خون ناحق ہوتا ہے اس پر بھی ایک وبال چڑھتا ہے۔ ۱۲- منہ رح

ؔ۳ اگر کوئی ناحق کسی کو مارنے لگے تو اس کو رخصت ہے کہ ظالم کو مارے اور اگر صبر کرے تو شہادت کا درجہ ہے۔ ۱۲- منہ رح

ؔ۴ یعنی تیرے گناہ عمر کے تجھ پر ثابت رہیں اور میرے خون کا گناہ (باقی ص ۱۳۵ پر)

قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ
کہا اے وائے مجھ کو کیا نہ ہوا مجھ سے یہ کہ ہوں میں مانند اس کوے کے پس ڈھانک دوں میں

سَوْءَةَ اَخِىْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۛ (٣١) مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ
لاش بھائی اپنے کی پس ہو گیا پشیمانوں سے ف١ اسی واسطے لکھا ہم

كَتَبْنَا عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ
نے اوپر بنی اسرائیل کے یہ کہ جو کوئی مار ڈالے جی کو بغیر بدلے جی کے

اَوْ فَسَادٍ فِى الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا
یا بغیر فساد کے بیچ زمین کے گویا کہ مار ڈالا لوگوں کو سب کو اور جس نے جلادیا اس کو

فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ
پس گویا کہ جلادیا اس نے لوگوں کو سب کو اور البتہ تحقیق آئے ہیں ان کے پاس رسول ہمارے ساتھ دلیلوں

ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِى الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ (٣٢)
ظاہر کے پھر تحقیق بہت ان میں سے پیچھے اس کے ہیں بیچ زمین کے حد سے نکل جانے والے ف٢

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ
سوائے اس کے نہیں کہ بدلا ان لوگوں کا کہ لڑتے ہیں اللہ سے اور رسول اس کے سے اور دوڑتے ہیں

فِى الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ
بیچ زمین کے فساد کو یہ کہ قتل کیے جاویں یا سولی دیئے جاویں یا کاٹے جاویں ہاتھ ان کے

وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ
اور پاؤں ان کے مخالف طرف سے یا کھوئے جاویں زمین سے یعنی قید رکھے جاویں یہ واسطے ان کے

خِزْىٌ فِى الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۙ (٣٣) اِلَّا
رسوائی ہے بیچ دنیا کے اور واسطے ان کے بیچ آخرت کے عذاب ہے بڑا ف٣ مگر

الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ
جن لوگوں نے توبہ کی پہلے اس سے کہ قدرت پاؤ تم اوپر ان کے پس جانو کہ تحقیق

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (٣٤) ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا
اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف٤ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور ڈھونڈو

اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِىْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (٣٥)
طرف اس کے وسیلہ اور محنت کرو بیچ راہ اس کی کے تو کہ تم فلاح پاؤ ف٥

ف١ اس سے پہلے کوئی انسان مرا نہ تھا کہ معلوم ہو کہ مردے کا بدن کیا کرے قابیل ہابیل کو مار کر ڈرا کہ اس کا بدن پڑا رہے گا تو لوگ دیکھ کر مجھ کو پکڑیں گے۔ اس کو پوٹ باندھ کر لیے پھرا کئی روز آخر اللہ نے ایک کوا بھیجا اس نے زمین کو کریدا اس کو دکھا کر یہ سمجھا کہ اس کے بدن کو دفن کرنا چاہیئے اور نقل میں یوں آیا ہے کہ ایک کوے نے زمین کرید کر دوسرے کوے مردے کو دفن کیا اس نے دفن بھی دیکھا اور بھائی کی خیرخواہی دوسرے بھائی کے حق میں دیکھی اور اپنے فعل سے پشیمان ہوا۔ ١٢ منہ

ف٢ یعنی اوّل روئے زمین میں بڑا گناہ یہی ہوا اس سے آگے رسم پڑی اسی سبب سے توریت میں اس طرح فرمایا کہ ایک کو مارا جیسے سب کو مارا یعنی ایک کے کرنے سے اور دلیر ہوتے ہیں تو سب کے گناہ میں وہ اوّل بھی شریک ہے اور جیسا کہ ایک کو جلایا سب کو جلایا۔ ١٢ منہ

ف٣ اوّل فرمایا خون کرنا گناہ ہے مگر بدلے میں یا فساد کی سزا میں اب اس کا بیان کیا کہ جو کوئی لڑائی کرے اللہ

(باقی ص١٣٥ پر)

معانقۃ ٥ وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ع ٥/٨ ٩

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ
تحقیق جو لوگ کافر ہوئے اگر ہو واسطے ان کے جو کچھ بیچ زمین کے ہے سارا اور مانند

مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ
اس کی ساتھ اس کے تو کہ بدلہ دیں ساتھ اس کے عذاب دن قیامت کے سے نہ قبول کیا جاوے ان سے

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ
اور واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا ارادہ کریں گے یہ کہ نکل جاویں آگ سے

وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنْهَا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٣٧﴾
اور نہیں وہ نکل جانے والے اس سے اور واسطے ان کے عذاب ہے ہمیشہ

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا
اور چور اور چورنی پس کاٹو ہاتھ ان دونوں کے سزا بدلے اس چیز کے

كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَن تَابَ
جو کمایا انہوں نے عبرت خدا کی طرف سے اور اللہ غالب حکمت والا ہے پس جو کوئی توبہ کرے

مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ
پیچھے ظلم اپنے کے اور نیکی کرے پس تحقیق اللہ پھر آتا ہے اوپر اس کے تحقیق

اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٩﴾ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ
اللہ بخشنے والا مہربان ہے کیا نہ جانا تو نے یہ کہ اللہ واسطے اس کے ہے بادشاہی آسمانوں

وَالْأَرْضِ يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ
کی اور زمین کی عذاب کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے اور اللہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٤٠﴾ يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ لَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ
اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۳ اے رسول نہ غمگین کریں تجھ کو وہ لوگ کہ

يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِينَ قَالُوا آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ
جلدی کرتے ہیں بیچ کفر کے ان لوگوں میں سے کہ کہتے ہیں ایمان لائے ہم ساتھ مونہوں اپنوں

وَلَمْ تُؤْمِن قُلُوبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِينَ هَادُوا ۛ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ
کے اور نہ ایمان لائے دل ان کے اور ان لوگوں میں سے کہ یہودی ہوئے سننے والے ہیں واسطے جھوٹ

سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ آخَرِينَ لَمْ يَأْتُوكَ ۖ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِن
کے سننے والے ہیں واسطے قوم دوسری کے کہ نہ آئی تیرے پاس ف۲ بدل ڈالتے ہیں باتوں کو

ف۱ یہ اس پر فرمایا کہ کوئی تعجب نہ کرے چور کو تھوڑی خطا پر بڑی سزا فرمائی۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۲ بعضے منافق تھے کہ دل میں یہود سے ملتے تھے اور بعضے یہود تھے کہ حضرت پاس آمد و رفت کرتے تھے اللہ نے فرمایا کہ یہ لوگ جاسوسی کو آتے ہیں کہ تمہارے دین میں کچھ عیب چن کر لے جاویں اپنے سرداروں پاس جو یہاں نہیں آتے اور فی الحقیقت عیب کہاں ہے لیکن بات کو غلط تقریر کر کر ہنر کو عیب کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

(صـ۱۳۴ سے آگے)
و رسول سے یعنی حاکم کے مخالف ہو کر ملک کو غارت کرے وہ ہاتھ لگے تو سولی چڑھا کر مارے یا قتل کرے یا داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں کاٹیے یا قید میں ڈال رکھیے جیسی خطا ہو ویسی سزا۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۴ اگر ایک شخص سر راہ لوٹتا تھا اب اس نے موقوف کیا اور اسباب اس کام کا دور کیا تو اس پر حد نہیں آتی۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۵ یعنی رسول کی اطاعت میں جو نیکی کرو وہ قبول ہے اور بغیر اس کے عقل سے کرو سو قبول نہیں۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

مع ۱۳ ع ۱۲ (النصف ع الاول الجزء)

بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ
پیچھے جگہ ان کی سے کہتے ہیں اگر دیئے جاؤ تم یہ پس لے لو اس کو اور اگر

لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ
نہ دیئے جاؤ تم وہ پس بچو اور جو شخص کہ ارادہ کرے اللہ تعالیٰ گمراہ کرنا اس کا بس ہرگز نہ

لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ
مالک ہوگا تو واسطے اس کے اللہ کی طرف سے کچھ یہ وہ لوگ ہیں کہ نہ ارادہ کیا اللہ نے یہ کہ پاک کرے

قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ ۖۚ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ
دلوں ان کے کو واسطے ان کے ہے بیچ دنیا کے رسوائی اور واسطے ان کے بیچ آخرت کے عذاب ہے

عَظِيْمٌ ﴿۴۱﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ
بڑا ف۱ سننے والے ہیں جھوٹ کو بہت کھانے والے ہیں حرام کو پس اگر آویں تیرے پاس

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ
پس حکم کر درمیان ان کے یا منہ پھیر لے ان سے اور اگر منہ پھیر لے تو ان سے

فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْئًا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ
پس ہرگز نہ زیاں پہنچاویں گے تجھ کو کچھ اور اگر حکم کرے تو پس حکم کر درمیان ان کے

بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَكَيْفَ
ساتھ انصاف کے تحقیق اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے انصاف کرنے والوں کو ف۲ اور کیونکر

يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ
حکم کریں تجھ کو اور پاس ان کے توریت ہے بیچ اس کے حکم ہے اللہ کا پھر

يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۳﴾ ع
پھر جاتے ہیں پیچھے اس کے اور نہیں یہ لوگ ایمان لانے والے

اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ
تحقیق اتاری ہم نے توریت بیچ اس کے ہدایت ہے اور روشنی ہے حکم کرتے تھے ساتھ اس کے پیغمبر

الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ
وہ مطیع تھے خدا کے واسطے ان لوگوں کے کہ یہودی ہوئے اور حکم کرتے تھے خدا کے لوگ اور عالم

بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ
ساتھ اس چیز کے کہ یاد رکھوائے گئے تھے کتاب اللہ کی سے اور تھے اوپر اس کے گواہ

ف۱ یہود میں کئی قصے ہوئے کہ اپنے قضایا حضرت کے پاس لائے فیصلے کو وہ سردار یہود آپ نہ آتے بیچ والوں کے ہاتھ بھیجتے اور کہہ دیتے کہ ہمارے معمول کے موافق حکم کریں تو قبول رکھو۔ غرض یہ تھی کہ حکم توریت کے خلاف معمول باندھتے تھے ایک نبی اگر اس کے موافق حکم کر دے تو ہم کو اللہ کے ہاں سند ہو جائے اور جانتے تھے کہ ان کو توریت کی خبر نہیں جو ہمارا معمول سنیں گے سو حکم کریں گے اللہ تعالیٰ نے حضرت کو خبردار کیا موافق توریت ہی کے حکم فرمایا اور توریت میں سے ثابت کر کر ان کو قائل کیا ایک قصہ رجم کا تھا کہ وہ منکر ہوئے تھے پھر توریت سے قائل کیا اور ایک قصاص کا تھا کہ وہ اشراف اور کم ذات کا فرق کرتے تھے اور توریت میں فرق نہیں رکھا۔ ۱۲۔ منہ

ع ٦ ٩ ١٠

ف۲ حضرت کے دل میں تردد تھا کہ ان کے مقدمہ میں نہ بولوں تو ناخوش ہوں اور اگر اپنے دین پر فیصل کروں تو نا قبول رکھیں اور اگر ان کا معمول جاری رکھوں تو عند اللہ غلط ہے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اختیار ہے یا تغافل کرو تو ان (باقی صـ۱۳۷ پر)

فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا
پس مت ڈرو لوگوں سے اور ڈرو مجھ سے اور مت مول لو بدلے نشانیوں میری کے مول

قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٤٤﴾
تھوڑا اور جو کوئی نہ حکم کرے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہے اللہ نے پس یہ لوگ وہ ہیں کافر

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ
اور لکھا ہم نے اوپر ان کے بیچ اس کے یہ کہ جان بدلے جان کے اور آنکھ بدلے آنکھ کے

وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ
اور ناک بدلے ناک کے اور کان بدلے کان کے اور دانت بدلے دانت کے اور زخموں کا

قِصَاصٌ ۭ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ
بدلہ ہے پس جو کوئی خیرات کر ڈالے ساتھ اس کے پس وہ کفارہ ہے واسطے اس کے اور جو کوئی نہ حکم کرے

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ
ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہے اللہ نے پس یہ لوگ وہ ہیں ظالم اور پیچھاڑی بھیجا ہم نے اوپر پیروں ان

بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ
کے کے عیسیٰ بیٹے مریم کے کو سچ کرنے والا اس چیز کو کہ آگے اس کے تھی توریت سے اور دی ہم نے

الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ
اس کو انجیل بیچ اس کے ہدایت اور روشنی اور سچا کرنے والی اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے

التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٦﴾ ۭ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ
توریت سے اور ہدایت اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے اور چاہیئے کہ حکم کریں اہل

الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
انجیل ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہے اللہ نے بیچ اس کے اور جو کوئی نہ حکم کرے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ
ہے اللہ نے پس یہ لوگ وہی ہیں فاسق اور اتاری ہم نے طرف تیری کتاب ساتھ حق کے

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ
سچا کرنے والی اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے کتاب سے اور نگہبان اوپر اس کے

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ عَمَّا
پس حکم کر درمیان ان کے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری اللہ نے اور مت پیروی کر خواہشوں ان کی کی منہ کر

(صفحہ ١٣٦ سے آگے)
کی ناخوشی کا خطرہ نہیں یا حکم کرو تو اپنے دین کے موافق کرو۔ پھر حضرت نے وہی حکم فرمایا ان کو قائل کر کر۔ ١٢۔ منہ رح

(صفحہ ١٣٢ سے آگے)
سردار کئے تھے ان کو بھیجا کہ اس ملک کی خبر لادیں وہ خبر لائے تو ملک شام کی بہت خوبیاں بیان کیں اور وہاں مسلط تھے عمالقہ ان کی قوت و زور بھی بیان کیا حضرت موسےٰ نے ان کو کہا کہ تم قوم کے پاس خوبی ملک بیان کرو اور قوت دشمن نہ کہو ان میں دو شخص اس حکم پر رہے اور دس نہ رہے قوم نے سنا تو نامردی کرنے لگے اور چاہا کہ پھر اپنے مصر میں جاویں اس تقصیر سے چالیس برس فتح شام کو دیر لگی، اس قدر مدت جنگلوں میں پھرتے رہے۔ جب اس قرن کے لوگ مر چکے مگر وہ دو شخص کہ وہی حضرت موسیٰ کے بعد خلیفہ ہوئے ان کے ہاتھ سے فتح ہوئی۔ ١٢۔ منہ رح

(صفحہ ١٣٣ سے آگے)
چڑھے اور میری عمر کے گناہ اتریں۔ ١٢۔ منہ رح

جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ
اس چیز سے کہ آئی ہے تیرے پاس حق سے واسطے ہر ایک کے کیا ہم نے تم میں سے گھاٹ اور راہ اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ
چاہتا اللہ البتہ کرتا تم کو امت ایک اور لیکن تو کہ آزما دے تم کو بیچ اس چیز کے کہ دی تم کو

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ
پس دوڑ کر لو بھلائیوں کو طرف اللہ کی ہے پھر جانا تمہارا سب کا پھر خبر دے گا تم کو

بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم بیچ اس کے اختلاف کرتے اور یہ کہ حکم کر درمیان ان کے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری اللہ

وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ
نے اور مت پیروی کر خواہشوں ان کی کی اور ڈر ان سے یہ کہ بہکا دیں تجھ کو بعض اس چیز سے کہ

اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ
اتاری ہے اللہ نے طرف تیری پس اگر پھر جاویں پس جان تو سوائے اس کے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ پہنچا دے

بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾
ان کو سزا ساتھ بعضے گناہوں ان کے کے اور تحقیق بہت لوگوں میں سے البتہ فاسق ہیں

اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا
کیا پس حکم جاہلیت کا چاہتے ہیں اور کون شخص بہتر ہے اللہ تعالیٰ سے حکم میں واسطے

لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ
اس قوم کے کہ یقین لاتے ہیں اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو یہود

وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ
اور نصاریٰ کو دوست بعضے ان کے دوست ہیں بعض کے اور جو کوئی دوست پکڑے

مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾
ان کو تم میں سے پس تحقیق وہ انہیں میں سے ہے تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم ظالموں کو

فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ
پس دیکھتا ہے تو ان لوگوں کو کہ بیچ دلوں ان کے کے بیماری ہے جلدی کرتے ہیں بیچ ان کے

يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ
کہتے ہیں ڈرتے ہیں ہم یہ کہ پہنچ جاوے ہم کو گردش زمانے کی پس شتاب ہے اللہ یہ کہ

(صفحہ ۱۲۷ سے آگے)
یہ بھی اسی میں داخل ہے۔ فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ غیر خدا کے نام پر جانور ذبح ہوا یا غیر خدا کی تعظیم پر وہ مردار ہے۔ فائدہ یہ جو فرمایا کہ آج پورا دین تمہارا دے چکا یہ آیت آخر کو اتری ہے کہ سب احکام اللہ کے نازل ہو چکے تھے۔ اس کے بعد تین مہینے حضرت زندہ رہے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۷ / ۱۱

وقف لازم — وقف منزل — وقف غفران — عند البعض

يَّأْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا

لے آوے فتح کو یا کچھ بات اپنے پاس سے پس ہو جاویں اوپر اس چیز کے کہ چھپاتے

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ۝٥٢ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ

تھے بیچ دلوں اپنے کے پشیمان ف۱ اور کہیں گے وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں کیا یہی ہیں

الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۭ حَبِطَتْ

وہ لوگ جو قسم کھاتے تھے ساتھ اللہ کے سخت قسمیں اپنی کہ تحقیق وہ البتہ ساتھ تمہارے ہیں ناپید ہوئے

اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝٥٣ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عمل ان کے پس ہو گئے ٹوٹا پانے والے اے لوگو جو ایمان لائے ہو

مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ

جو کوئی پھر جاوے گا تم میں سے دین اپنے سے پس البتہ لاوے گا اللہ ایک قوم کو کہ

يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ

پیار کرتا ہے ان کو اور پیار کرتے ہیں وہ اس کو نرمی کرنے والے ہیں اوپر مسلمانوں کے سختی کرنے والے

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۡ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ

ہیں اوپر کافروں کے جہاد کریں گے بیچ راہ اللہ کے اور نہ ڈریں گے

لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ

ملامت کسی ملامت کرنے والے کی سے یہ بڑائی اللہ کی ہے دیتا ہے اس کو جس کو چاہے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝٥٤ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ

اور اللہ کشائش والا ہے جاننے والا ف۲ سوائے اس کے نہیں کہ دوست تمہارا اللہ ہے اور رسول اس کا اور وہ

اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

لوگ کہ ایمان لائے وہ لوگ کہ قائم رکھتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ

وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۝٥٥ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ

اور وہ رکوع کرنے والے ہیں اور جو کوئی دوست رکھے اللہ کو اور رسول اس کے کو اور ان لوگوں کو

اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝٥٦ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

کہ ایمان لائے پس تحقیق گروہ اللہ کے وہی ہیں غالب اے لوگو جو

اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا

ایمان لائے ہو مت پکڑو ان لوگوں کو جو پکڑتے ہیں دین تمہارے کو ٹھٹھا اور کھیل

ف۱ یعنی منافق کافروں سے دوستی لگائے جاتے ہیں کہ ہم پر گردش نہ آجائے یعنی مسلمان مغلوب ہو جائیں تو ان کی دوستی ہمارے کام آوے سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اب قریب ہے کہ کافر ہلاک ہوں اور مسلمانوں کی ان پر فتح ہو یا کچھ اور حکم آوے یعنی کافر یا ملک سے ویران ہوں آخر یہود کو حکم فرمایا جلاوطن کرنے کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب حضرت کی وفات پر عرب دین سے پھرے تو حضرت صدیق نے یمن سے مسلمان بلائے ان سے جہاد کروایا کہ تمام عرب مسلمان ہوئے یہ ان کے حق میں بشارت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

النصف

ع ۸ / ٦ / ۱۲

مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ
ان لوگوں میں سے کہ دیئے گئے ہیں کتاب پہلے تم سے اور نہ کافروں کو دوست

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى
اور ڈرو اللہ سے اگر ہو تم ایمان والے اور جب پکارتے ہو تم طرف

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
نماز کی پکڑتے ہیں اس کو ٹھٹھا اور کھیل یہ بسبب اس کے ہے کہ وہ ایک قوم ہیں کہ نہیں

يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ
سمجھتے ف کہہ اے اہل کتاب نہیں عیب پکڑتے تم ہم سے مگر یہ کہ

اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ
ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف ہماری اور جو اتاری گئی پہلے اس سے

وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ
اور یہ کہ بہت تمہارے فاسق ہیں کہہ کیا خبردوں میں تم کو ساتھ بدتر کے اس سے

مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ
جزا میں نزدیک اللہ کے وہ شخص کہ لعنت کی اس کو اللہ نے اور غصہ ہوا اوپر اس کے اور کیے

مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ۭ اُولٰٓئِكَ
ان میں سے بندر اور سؤر اور بندگی کی شیطان کی یہ لوگ

شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾ وَاِذَا جَآءُوْكُمْ
بدتر ہیں جگہ میں اور بہت بہکے ہوئے ہیں راہ سیدھی سے اور جب آتے ہیں تیرے پاس

قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ۭ
کہتے ہیں ایمان لائے ہم اور تحقیق داخل ہوئے ہیں ساتھ کفر کے اور وہ تحقیق نکل گئے ہیں ساتھ اس کے

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ
اور اللہ خوب جانتا ہے اس چیز کو کہ چھپاتے ہیں اور دیکھتا ہے تو بہتوں کو ان میں سے

يُسَارِعُوْنَ فِي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۭ
جلدی کرتے ہیں بیچ گناہ کے اور تعدی کے اور کھانے ان کے کے حرام کو

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۲﴾ لَوْلَا يَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ
البتہ برا ہے جو کچھ کہ تھے وہ کرتے کیوں نہ منع کیا ان کو درویشوں نے

ف بعضے یہود اور بعضے مشرک اذان کی آواز سے ہنستے یہ ان کی بے عقلی تھی۔ اللہ کی بڑائی ہر دین میں بہتر ہے۔
۱۲- منہ رح

وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ

اور عالموں نے بولنے ان کے سے جھوٹ کو اور کھانے ان کے کے حرام کو

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ

البتہ بُرا ہے جو کچھ تھے وہ کرتے اور کہا یہود نے ہاتھ

اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ

اللہ کے بند ہیں بند کیے گئے ہاتھ ان کے اور لعنت کی گئی بسبب اس چیز کے کہ کہا

بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ

انہوں نے بلکہ دونوں ہاتھ اس کے کشادہ ہیں خرچ کرتا ہے جس طرح چاہتا ہے اور البتہ زیادہ کرے گا

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا

بہت کو ان میں سے جو اتارا گیا ہے طرف تیری پروردگار تیرے سے سرکشی

وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ

اور کفر اور ڈال دی ہم نے درمیان ان کے عداوت اور بغض

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ

دن قیامت تک جس وقت جلاتے ہیں آگ واسطے لڑائی کے

اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ

بجھا دیتا ہے اس کو اللہ اور دوڑتے ہیں بیچ زمین کے فساد کو اور اللہ

لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا

نہیں دوست رکھتا فساد کرنے والوں کو ف۱ اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے

وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ

اور پرہیزگاری کرتے البتہ دور کرتے ہیں ہم ان سے برائیاں ان کی اور البتہ داخل کرتے ہم

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ

ان کو بہشتوں میں نعمت کے اور اگر وہ قائم رکھتے توریت کو اور انجیل کو

وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ

اور جو کچھ اتارا گیا ہے طرف ان کی پروردگار ان کے سے البتہ کھاتے اوپر اپنے سے

وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ

اور نیچے پاؤں اپنے کے سے بعضے ان میں سے ایک جماعت ہے بیچ کی راہ کی اور بہت ان میں

ف۱ یہ یہود میں بولنا رواج تھا کہ اللہ کا ہاتھ بند ہوا۔ یعنی ہم پر روزی تنگ ہوئی۔ یہ کفر کا لفظ ہے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ کبھی بند نہیں ہوتا دونوں ہاتھ کھلے ہیں قہر کا اور مہر کا۔ تم پر اب قہر کا ہاتھ کھلا مہر کا اوروں پر اور فرمایا کہ اللہ نے ان میں اتفاق نہیں رکھا جب آگ سلگاتے ہیں لڑائی کو یعنی فتنہ انگیزی کرتے ہیں کہ آپس میں سب کو ملا کر مسلمانوں سے لڑیں وہ اللہ بجھا دیتا ہے آپس میں پھوٹ جاتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

10

ع ۹/۱۰ ۱۳

مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ
سے بُرا ہے جو کچھ کرتے ہیں ؎۱ اے رسول پہنچا دے جو کچھ کہ اتارا گیا ہے طرف

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ
تیری پروردگار تیرے سے اور اگر نہ کرے تو پس نہ پہنچایا تو نے

رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى
پیغام اس کا اور اللہ بچاوے گا تجھ کو لوگوں سے تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَىْءٍ
قوم کافروں کو ؎۲ کہہ اے اہل کتاب نہیں تم اوپر کسی چیز کے

حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ
یہاں تک کہ قائم کرو تم توریت کو اور انجیل کو اور جو کچھ اتارا جاتا ہے طرف تمہاری پروردگار

رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ
تمہارے سے اور البتہ زیادہ کرے گا بہتوں کو ان میں سے جو اتارا گیا ہے طرف تیری رب تیرے سے

طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ اِنَّ
سرکشی اور کفر پس مت غم کھا اوپر قوم کافروں کے تحقیق

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰى
جو لوگ کہ ایمان لائے اور جو لوگ کہ یہودی ہوئے اور بے دین اور نصاریٰ

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ
جو کوئی ایمان لاوے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور کام کرے اچھے پس نہیں خوف

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِىْٓ
اوپر ان کے اور نہ وہ غم کھاویں گے تحقیق لیا ہم نے عہد بنی

اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ
اسرائیل کا اور بھیجے ہم نے طرف ان کی پیغمبر جس وقت آیا ان کے پاس

رَسُوْلٌ ۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا
پیغمبر ساتھ اس چیز کے کہ نہیں چاہتے تھے جی ان کے ایک فرقے کو جھٹلا دیا اور ایک فرقے کو

يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا
مار ڈالتے ہیں اور گمان کیا انہوں نے یہ کہ نہ ہوگا فتنہ پس اندھے ہوئے اور بہرے ہوئے

؎۱ کھاویں اوپر سے اور نیچے سے یعنی آسمان اور زمین سے ان کو رزق فراخ آدے۔ ۱۲۔منہ رح

؎۲ یعنی یہ اگلی بات کہ صاف اہل کتاب کو گمراہ کہو جب تک یہ کلام اللہ کا قبول نہ کریں اس میں اگرچہ وہ دشمن ہوں تم بے فکر پہنچاؤ اور خطرہ نہ کرو ۱۲۔منہ رح

ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ
پھر ساتھ رحمت کے پھرا اللہ اوپر ان کے پھر اندھے ہوئے اور بہرے ہوئے بہت ان میں سے

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٧١﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ
اور اللہ دیکھنے والا ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں البتہ تحقیق کافر ہوئے وہ لوگ کہ کہتے ہیں تحقیق

اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ
اللہ وہی ہے مسیح بیٹا مریم کا اور کہا مسیح نے اے بیٹو

اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ
یعقوب کے عبادت کرو اللہ کی پروردگار میرا ہے اور پروردگار تمہارا تحقیق بات یہ ہے جو کوئی شریک

فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ
لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق حرام کی اللہ نے اوپر اس کے بہشت اور جگہ اس کی آگ ہے اور نہیں واسطے ظالموں کے

مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٧٢﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ
کوئی مددگار البتہ تحقیق کافر ہوئے وہ لوگ کہ کہتے ہیں تحقیق اللہ تیسرا ہے تین میں کا

وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ
اور نہیں کوئی معبود مگر معبود ایک اور اگر نہ باز رہیں گے اس چیز سے کہ کہتے ہیں

لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ اَفَلَا
البتہ لگے گا ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے ان میں سے عذاب درد دینے والا ۔ وا کیا پس

يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٤﴾
نہیں توبہ کرتے طرف اللہ کی اور نہیں بخشش مانگتے اس سے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ
نہیں مسیح بیٹا مریم کا مگر پیغمبر تحقیق گذرے ہیں پہلے اس سے

الرُّسُلُ ۭ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ۭ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ۭ اُنْظُرْ
پیغمبر اور ماں اس کی صدیقہ تھی یعنی ولیہ تھی وہ دونوں کھاتے کھانا دیکھ

كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٧٥﴾ قُلْ
کیونکر بیان کرتے ہیں ہم واسطے ان کے نشانیاں پھر دیکھ کہاں سے پلٹائے جاتے ہیں وؔ۲ کہہ

اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۭ
کیا عبادت کرتے ہو تم سوائے خدا کے اس چیز کو کہ نہیں اختیار میں رکھتے واسطے تمہارے ضرر اور نہ نفع

وقف لازم

وا نصاریٰ میں دو قول ہیں۔ بعضے کہتے ہیں اللہ یہی تھا جو صورتِ مسیح میں آیا اور بعضے کہتے ہیں تین حصہ ہو گیا ایک اللہ رہا ایک روح القدس ایک مسیح یہ دونو صریح کفر ہیں کاملوں کے حق میں یہی کہئے جو آگے فرمایا۔ ١٢۔منہ رح

وؔ۲ یعنی اس سے زیادہ کیا نشانی کہ جو شخص کھانا کھاوے اسے حاجتِ بشری لگے اللہ کی ذات پاک اس لائق کب ہے۔ ١٢۔منہ رح

وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا
اور اللہ وہی ہے سننے والا جاننے والا کہہ اے اہل کتاب مت زیادتی کرو

فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا
بیچ دین اپنے کے سوائے حق کے اور مت پیروی کرو خواہشوں اس قوم کی کہ تحقیق گمراہ ہوئے

مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٧﴾ ع
وا اکثر منافق پیچھے بیٹھ کر اہانت کرتے پیغمبر کی اور دین کی جو پکڑے جاتے تو قسمیں کھاتے کہ ہم نے کچھ نہیں کہا۔ سورۂ منافقون میں بھی یہ ذکر آوے گا اور یہ جو فرمایا کہ فکر کیا تھا جو نہ ملا یا یہ مراد ہے کہ لشکر میں خانہ جنگی ہوئی تھی اس میں لگے اغوا کرنے کہ مہاجر اور انصار میں پھوٹ ڈالیں حضرت نے اصلاح کر دی سورۂ منافقون میں آوے گا یا مراد وہ ہے کہ بارہ شخص نے سفر میں آدھی رات کو جمع ہو کر چاہا کہ حضرت پر ہاتھ چلا دیں ایک صحابی ساتھ تھے حذیفہ رضؓ ان کو فرمایا کہ ان کو مارو تب آگے سے بھاگے حذیفہ رضؓ سب کو پہچانتے تھے پر ظاہر کرنا حکم نہ تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۷۷﴾
بسبب اس کے کہ خلاف کیا تھا اللہ سے جو وعدہ کیا تھا اس سے اور بسبب اس کے کہ تھے جھوٹ بولتے

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ
کیا نہیں جانتے یہ کہ اللہ جانتا ہے بھید ان کا اور مصلحت ان کی

وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ
اور یہ کہ اللہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا ول وہ لوگ کہ عیب پکڑتے ہیں رغبت کرنے والوں کو

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ
مسلمانوں میں سے بیچ خیراتوں کے اور ان لوگوں کو کہ نہیں پاتے

اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ط سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ
مگر محنت اپنی پس ٹھٹھا کرتے ہیں ان سے ٹھٹھا کرتا ہے اللہ اُن سے

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ
اور واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا وٓ بخشش مانگ واسطے ان کے یا نہ بخشش مانگ واسطے

لَهُمْ ط اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ
ان کے اگر بخشش مانگے واسطے ان کے ستر بار پس ہرگز نہ بخشے گا

اللّٰهُ لَهُمْ ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ط وَاللّٰهُ
اللہ تعالیٰ واسطے ان کے یہ اس واسطے ہے کہ کافر ہوئے ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ ع فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ
نہیں ہدایت کرتا قوم فاسقوں کو وٓ خوش ہوئے پیچھے چھوڑے گئے

بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ
ساتھ بیٹھ رہنے اپنے کے پیچھے رسول اللہ کے اور ناخوش رکھا یہ کہ

يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
جہاد کریں ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے بیچ راہ اللہ تعالیٰ کے

وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ط قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ط
اور کہا انہوں نے مت نکلو بیچ گرمی کے کہہ آگ دوزخ کی اشد ہے گرمی میں

لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا
اگر ہوتے سمجھتے پس چاہیئے کہ ہنسیں تھوڑا اور روویں

وٓ ایک منافق تھا ثعلبہ حضرت سے دعا چاہی کہ مجھ کو کشائش ہو فرمایا کہ تھوڑا جس کا شکر ہو آوے بہتر ہے بہت سے کہ غفلت لاوے پھر آیا لگا عہد کرنے کہ اگر مجھ کو مال ہو میں بہت خیرات کروں اور غفلت میں نہ پڑوں حضرت نے دعا کی اس کو بکریوں میں برکت ملی یہاں تک کہ مدینے کے جنگل سے کفایت نہ ہوتی نکل کر گاؤں میں جا رہا جمعہ و جماعت سے محروم ہوا حضرت نے پوچھا کہ ثعلبہ کیا ہوا لوگوں نے بیان کیا فرمایا ثعلبہ خراب ہوا پھر زکوٰۃ کا وقت ہوا سب دینے لگے اس نے کہا یہ تو مال بھرنا گویا جزیہ دینا بہانہ کر کر ٹال دیا، پھر حضرت پاس مال لایا زکوٰۃ میں حضرتؐ نے قبول نہ کیا بعد حضرتؐ کے ابوبکرؓ و عمرؓ بھی اپنی خلافت میں اس کی زکوٰۃ نہ لیتے خلافتِ عثمانؓ میں مرگیا۔ ۱۲ منہ

ع ۱۰/۸ ۱۶

وٓ ایک بار حضرتؐ نے تقید کیا خیرات پر عبدالرحمٰن بن عوف چار ہزار درہم لائے اور لوگ لانے لگے عاصم چار سیر جَو لائے عبدالرحمٰن نے کہا آٹھ ہزار میں رکھتا تھا نصف اپنے رب کو قرض دیتا ہوں اور نصف حق عیال کا عاصم نے کہا مزدوری کر کر آٹھ سیر جَو لایا ہوں نصف خیرات کرتا ہوں اور نصف قوتِ عیال کا۔ منافق آپس میں کہنے لگے

(باقی صفحہ ۲۳۹ پر)

كَثِيرًا ۚ جَزَآءً ۢ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٨٢﴾ فَإِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ

بہت بدلے اس چیز کے کہ تھے کماتے پس اگر پھیرے جاوے تجھ کو اللہ تعالیٰ

إِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُلْ لَّنْ

طرف ایک جماعت کے ان میں سے پس اذن مانگیں تجھ سے واسطے نکلنے کے پس کہہ ہرگز

تَخْرُجُوا مَعِيَ أَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوا مَعِيَ عَدُوًّا ۖ إِنَّكُمْ

نہ نکلو گے تم ساتھ میرے کدھی اور ہرگز نہ لڑو گے ساتھ میرے کسی دشمن سے تحقیق تم

رَضِيتُمْ بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوا مَعَ الْخٰلِفِينَ ﴿٨٣﴾

راضی ہوئے ساتھ بیٹھ رہنے کے پہلی بار پس بیٹھ رہو ساتھ پیچھے رہنے والوں کے ف۱

وَلَا تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى

اور مت نماز پڑھ اوپر کسی کے ان میں سے کہ مرجاوے کدھی اور مت کھڑا ہو اوپر

قَبْرِهِ ۖ إِنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُوا وَهُمْ فٰسِقُونَ ﴿٨٤﴾

قبر اس کی کے تحقیق وہ کافر ہوئے ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور مرگئے اور وہ فاسق تھے

وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ

اور نہ خوش لگیں تجھ کو مال ان کے اور نہ اولاد ان کی سوائے اس کے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ

أَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ

یہ کہ عذاب کرے ان کو ساتھ اس کے بیچ دنیا کے اور نکل جاویں جانیں ان کی اور وہ

كٰفِرُونَ ﴿٨٥﴾ وَإِذَآ أُنْزِلَتْ سُورَةٌ أَنْ آمِنُوا بِاللّٰهِ وَ

کافر ہوں اور جس وقت کہ اتاری جاتی ہے کوئی سورت یہ کہ ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور

جَاهِدُوا مَعَ رَسُولِهِ اسْتَأْذَنَكَ أُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ

جہاد کرو ساتھ رسول اس کے کے پروانگی مانگتے ہیں تجھ سے صاحب دولت کے ان میں سے

وَقَالُوا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِينَ ﴿٨٦﴾ رَضُوا بِأَنْ يَّكُونُوا

اور کہتے ہیں چھوڑ دو ہم کو ساتھ بیٹھنے والوں کے راضی ہوئے ساتھ اس کے کہ ہوویں

مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُونَ ﴿٨٧﴾

ساتھ پیچھے رہنے والوں کے اور مہر رکھی گئی اوپر دلوں ان کے کے پس وہ نہیں سمجھتے

لٰكِنِ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ جٰهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ

لیکن رسول اور جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اس کے جہاد کیا انہوں نے ساتھ مالوں اپنے کے

ف۱ یہ جو فرمایا کہ اگر پھیرے جاوے اللہ کسی فرقے کی طرف اس واسطے کہ آیت نازل ہوئی سفر میں وہ منافق تھے مدینہ میں اور فرقہ فرمایا اس واسطے کہ بعضے منافق پیچھے مرگئے اور سب بیٹھنے والے منافق نہ تھے بعضے مسلمان بھی تھے کہ ان کی تقصیر معاف ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۲۳۸ سے آگے)
عبدالرحمٰن کو منظور رہے نمود اپنی اور عاصم اپنے تئیں زور آوری ملاتا ہے خیرات والوں میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہاں سے فرق نکلتا ہے اعتقاد کا اور گناہگار کا۔ گناہ ایسا کونسا ہے کہ پیغمبر کے بخشائے سے نہ بخشا جاوے اور بے اعتقاد کو پیغمبر کی ستر استغفار فائدہ نہ کرے۔ اب جو بے اعتقاد لوگ بھروسا کریں پیغمبر کی شفاعت پر کس دلیل سے مثلاً آدمی سے بدی ہو یا نماز روزہ نہ ہوا اور وہ شرمندہ ہے اور نادم ہے تو وہ گناہگار ہے اور جو کوئی بدکام کو عیب نہ جانے اور فرض خدا کو کرنا نہ کرنا برابر سمجھے اور کرنے والوں کو طعن کرے وہ بے اعتقاد ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ؗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾

اور جانوں اپنی کے اور یہ لوگ واسطے انہیں کے ہیں بھلائیاں اور یہ لوگ وہی ہیں فلاح پانے والے

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

تیار کی ہیں اللہ نے واسطے ان کے بہشتیں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے

فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۸۹﴾ ع وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ

بیچ ان کے یہ ہے مراد پانا بڑا اور آئے عذر کرنے والے

الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ

گنواروں سے تو کہ اذن دیا جاوے واسطے ان کے اور بیٹھ رہے وہ لوگ کہ جھوٹ بولے اللہ سے

وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۰﴾

اور رسول اسکے سے شتاب پہنچے گا ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے تھے ان میں سے عذاب درد دینے والا

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ

نہیں اوپر ناتوانوں کے اور نہ اوپر بیماروں کے اور نہ اوپر ان لوگوں کے

لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ

کہ نہیں پاتے وہ چیز کہ خرچ کریں تنگی جب خیرخواہی کریں واسطے اللہ کے اور رسول اس کے کے

مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ لا

نہیں اوپر احسان کرنے والوں کے کچھ راہ عتاب کی اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ

اور نہیں اوپر ان لوگوں کے کہ جس وقت آتے ہیں تیرے پاس تو کہ سواری دے تو ان کو کہا تو نے نہیں پاتا میں

مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۠ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ

وہ چیز کہ سوار کروں میں تم کو اوپر اس کے پھر گئے اور آنکھیں ان کی بہتی تھیں آنسوؤں سے

حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ ط اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى

بسبب غم کے کہ نہیں پاتے وہ چیز کہ خرچ کریں سوائے اس کے نہیں کہ راہ عتاب کی اوپر

الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ

ان لوگوں کے ہے کہ اذن مانگتے ہیں تجھ سے اور وہ دولتمند ہیں راضی ہوئے ساتھ اس بات کے کہ ہوویں ساتھ

الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

پیچھے رہنے والیوں کے اور مہر رکھی اللہ نے اوپر دلوں ان کے کے پس وہ نہیں جانتے

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا

عذر لاویں گے طرف تمہاری جب پھر آؤ گے طرف اُن کی کہہ مت

تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى

عذر لاؤ ہرگز نہ مانیں گے واسطے تمہارے تحقیق بتلادی ہیں اللہ نے بعضی خبریں تمہاری اور اب دیکھے گا

اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

اللہ عمل تمہارے اور رسول اُس کا پھر پھیرے جاؤ گے طرف جانتے والے پوشیدہ اور ظاہر کے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا

پس خبر دے گا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے شتاب قسمیں کھاویں گے ساتھ اللہ کے واسطے تمہارے جس

انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ

وقت پھر جاؤ گے تم طرف ان کی تو کہ منہ پھیرو ان سے پس منہ پھیر لو اُن سے محقیق وہ

رِجْسٌ ۫ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾

پلید ہیں اور جگہ رہنے ان کے کی دوزخ ہے بدلے اس چیز کے کہ تھے کماتے

يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ

قسمیں کھاویں گے واسطے تمہارے تو کہ راضی ہو اُن سے پس اگر راضی ہو گے ان سے پس تحقیق

اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا

اللہ نہیں راضی ہوتا قوم فاسقوں سے ۱ گنوار بہت سخت ہیں کفر میں

وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ

اور نفاق میں اور بہت لائق ہیں کہ نہیں جانتے حدیں اس چیز کی کہ اُتارا ہے اللہ نے اوپر رسول اپنے کے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ

اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۲ اور بعض گنواروں سے وہ شخص ہیں کہ پکڑتے ہیں اس چیز کو کہ خرچ کرتے

مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ

ہیں ڈانڈ اور انتظار کرتے ہیں ساتھ تمہارے گردشوں زمانے کی اوپر اُن کے ہے گردش برائی کی

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ

اور اللہ سننے والا جانتے والا ہے اور بعضے گنواروں میں سے وہ ہیں کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ اللہ کے

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ

اور دن پچھلے کے اور پکڑتے ہیں جو کچھ خرچ کرتے ہیں نزدیکیاں نزدیک اللہ کے

۱ یعنی جس شخص کا احوال معلوم ہو کہ منافق ہے اس کی طرف سے تغافل روا ہے لیکن دوستی اور محبت اور یگانگی روا نہیں۔ ۱۲- منہ رحمہ

۲ یعنی ان کی طبع میں بے حکمی اور غرض ڈھونڈنی اور جاہلی پیدا ہے سو اللہ حکمت والا ہے ان سے وہ کام مشکل بھی نہیں چاہتا اور وہ درجے بلند بھی نہیں دیتا۔ ۱۲- منہ رحمہ

وَصَلَوٰتِ الرَّسُولِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ

اور دعائے خیر پیغمبر کی خبردار ہو تحقیق وہ نزدیکی ہے واسطے اُن کے البتہ شتاب داخل کریگا ان کو اللہ

فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۹۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ

بیچ رحمت اپنی کے تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور آگے بڑھ جانے والے پہلے

مِنَ الْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ

ہجرت کرنے والوں سے اور مدد دینے والوں سے اور وہ لوگ کہ پیروی کرتے ہیں ان کی ساتھ نیکی کے

رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ

راضی ہوا اللہ اُن سے اور راضی ہوئے وہ اُس سے اور تیار کی ہیں واسطے ان کے بہشتیں چلتی ہیں نیچے

تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۰۰﴾

ان کے نہریں ہمیشہ رہیں گے بیچ ان کے ہمیشہ یہ ہے مراد پانا بڑا ف۱

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ ۛ

اور ان لوگوں سے کہ گرد تمہارے ہیں گنواروں سے منافق ہیں اور بعضے لوگ مدینہ کے بھی

مَرَدُوْا عَلَی النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ

سرکشی کرتے ہیں اوپر نفاق کے تو نہیں جانتا ان کو ہم جانتے ہیں اُن کو شتاب عذاب کریں گے ہم ان کو

مَّرَّتَیْنِ ثُمَّ یُرَدُّوْنَ اِلٰی عَذَابٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۱﴾ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا

دو بار پھر پھیرے جاویں گے طرف عذاب بڑے کے ف۲ اور اَور لوگ ہیں کہ اقرار کرتے ہیں

بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا ؕ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّتُوْبَ

ساتھ گناہوں اپنے کے ملا دیا ہے عمل اچھا اور اَور بُرا شتاب ہے اللہ یہ کہ پھر آوے

عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ

اوپر ان کے تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے لے مال اُن کے سے خیرات کہ پاک کرے تو ان کو یعنی ظاہر

وَتُزَكِّیْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

میں اور پاکیزہ کرے تو ان کو ساتھ اس کے یعنی باطن میں اور دعا خیر بھیج اوپر اُن کے تحقیق دعا تیری تسکین ہے واسطے ان کے اور اللہ

سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمْ یَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ

سننے والا جاننے والا ہے ف۳ کیا نہیں جانا انہوں نے یہ کہ اللہ وہی ہے کہ قبول کرتا ہے توبہ

عِبَادِهٖ وَیَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۰۴﴾

بندوں اپنے سے اور لیتا ہے خیراتیں اور یہ کہ اللہ وہی ہے پھر آنے والا مہربان ف۴

ف۱ جنگ بدر تک جو مسلمان ہوئے ہیں وہ قدیم ہیں اور باقی ان کے تابع ہیں۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یعنی دنیا میں بھی تکلیف پر تکلیف پاویں گے پھر آخرت میں پکڑے جاویں گے۔ وہ منافق کوئی اندھا ہوا کوئی کوڑھی کسی کے بدن میں پیپ پڑی۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی جیسے بعضوں پر عتاب ہوا کہ ہمیشہ کو ان کی زکوٰۃ لینی موقوف ہوئی۔ ان پر عتاب نہیں۔ ۱۲۔ منہ

ف۴ یعنی رسول بے اختیار ہے جس کے حق میں اللہ نے جو فرمایا وہ ادا کرتا ہے۔ ۱۲۔ منہ

وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ ۖ
اور کہو کہ عمل کرو پس البتہ دیکھے گا اللہ عمل تمہارے اور رسول اُس کا اور ایمان والے

وَسَتُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ
اور البتہ پھیرے جاؤ گے تم طرف جاننے والے غیب کے اور ظاہر کے پس خبر دے گا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے

تَعْمَلُونَ ﴿١٠٥﴾ وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللَّهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا
تم کرتے ف۱ اور کئی شخص ہیں کہ ڈھیل دیئے گئے ہیں واسطے حکم اللہ کے یا عذاب کرے گا اُن کو اور یا پھر

يَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٠٦﴾ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا
آوے گا اوپر ان کے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ف۲ اور جن لوگوں نے پکڑی ہے مسجد

ضِرَارًا وَكُفْرًا وَتَفْرِيقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَادًا لِّمَنْ
ضرر پہنچانے کو اور کفر کرنے کو اور جدائی ڈالنے کو درمیان ایمان والوں کے اور گھات لگانے کو واسطے

حَارَبَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ مِن قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا
اس شخص کے کہ لڑائی کر رہا ہے اللہ سے اور رسول اس کے سے پہلے سے اور البتہ قسمیں کھاویں گے یہ کہ نہ ارادہ کیا تھا ہم نے مگر

الْحُسْنَىٰ ۖ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ فِيهِ أَبَدًا ۚ
بھلائی کا اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ البتہ جھوٹے ہیں مت کھڑا ہو تو بیچ اس کے کدھی

لَّمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَن
البتہ وہ مسجد کہ بنیاد رکھی گئی ہے اوپر پرہیزگاری کے پہلے دن سے بہت لائق ہے یہ کہ

تَقُومَ فِيهِ ۚ فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ أَن يَتَطَهَّرُوا ۚ وَاللَّهُ يُحِبُّ
کھڑا ہو تو بیچ اس کے بیچ اس کے مرد ہیں کہ دوست رکھتے ہیں یہ کہ پاکی کریں اور اللہ دوست رکھتا

الْمُطَّهِّرِينَ ﴿١٠٨﴾ أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ تَقْوَىٰ مِنَ اللَّهِ
ہے پاکی کرنے والوں کو ف۳ کیا پس جو شخص کہ بنیاد رکھے عمارت اپنی کی اوپر تقوے کے اللہ سے

وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَم مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ
اور رضامندی کے بہتر ہے یا جو شخص کہ بنیاد رکھے عمارت اپنی کی اوپر کنارے کھائی گرنے والی

هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
کے پس لے گرے اُس کو بیچ آگ دوزخ کے اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم

الظَّالِمِينَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ
ظالموں کو ف۴ ہمیشہ رہے گی عمارت اُن کی جو بنائی ہے انہوں نے بیچ دلوں اُن کے کے

ف۱ یعنی اس جہاد میں قصور ہوا تو آگے اور جہاد ہوں گے رسول کے روبرو اور خلیفوں کے تب کام کر لو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اوپر کئی فرقے مذکور ہوئے ایک منافق جھوٹے بہانے کرتے ایک گنوار غرض کا وقت تاکتے۔ ایک گنوار صاف دل سے رفیق اور ایک وہ جو اپنا گناہ مانے ان کو معاف فرمایا، مگر جو قدیم یاروں میں تین شخص اپنا گناہ مانتے تھے ان کو ادب دینے کو پچاس دن ڈھیل میں رکھا، اس بیچ میں حضرت اور سب مسلمان ان سے کلام نہ کرتے، اور ان کی عورتیں جدا ہو گئیں جب ان کے دل خوب پشیمان ہوئے تب معافی نازل ہوئی وہ آیت آگے ہے یہ ذکر اُن کا فرمایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت مکے سے ہجرت کر آئے تو مدینے سے باہر اترے ایک محلہ تھا بنی عمرو بن عوف کا۔ بعد چند روز کے شہر میں جگہ پکڑی اور مسجد نبوی تعمیر کی۔ اس محلہ میں جہاں نماز پڑھتے تھے وہاں کے لوگوں نے مسجد تیار کی اور جماعت قائم رہی مسجد قبا کر مشہور ہے حضرت اکثر ہفتے کے روز وہاں جاتے اور نماز پڑھتے اس محلہ میں بعض منافقوں نے چاہا کہ اور مسجد بنا دیں (باقی ص۲۴۵ پر)

ع ۱۳ / ۱۱ / ۲

اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى
مگر یہ کہ ٹکڑے ٹکڑے کٹ جاویں دل ان کے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ف تحقیق اللہ نے مول لی ہیں

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ
مسلمانوں سے جانیں ان کی اور مال ان کے بدلے اس کے واسطے ان کے بہشت ہے

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَيْهِ
لڑیں گے بیچ راہ اللہ کے پس ماریں گے اور مارے جاویں گے وعدہ ہے اوپر اس کے

حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ
سچا بیچ توریت کے اور انجیل کے اور قرآن مجید کے اور کون شخص بہت پورا کرنیوالا ہے عہد اپنے

مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ
کو اللہ سے پس خوش وقت ہو تم ساتھ سوداگری اپنی کے جو سوداگری کی ہے تم نے ساتھ اس کے اور یہ

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ
وہی ہے مراد پانا بڑا توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں اللہ کی تعریف کرنیوالے ہیں

السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
خدا کی راہ میں پھرنے والے ہیں رکوع کرنے والے ہیں سجدہ کرنے والے ہیں حکم کرنے والے ہیں ساتھ بھلائی کے

وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ
اور منع کرنے والے ہیں نامعقول سے اور نگاہ رکھنے والے ہیں حدوں اللہ کی کو اور بشارت دے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا
ایمان والوں کو ف۳ نہیں تھا لائق واسطے نبی کے اور واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں یہ کہ بخشش مانگیں

لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ
واسطے مشرکوں کے اور اگرچہ ہوں صاحب قرابت کے پیچھے اس کے کہ ظاہر ہوا واسطے ان کے

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ
یہ کہ وہ رہنے والے دوزخ کے ہیں اور نہیں تھا بخشش مانگنا ابراہیم کا

لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ
واسطے باپ اپنے کے مگر بسبب وعدے کے کہ وعدہ کیا تھا اس سے یہ پس جب ظاہر ہوا واسطے اس کے یہ کہ وہ

عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا
دشمن ہے واسطے خدا کے بیزار ہوا اس سے تحقیق ابراہیم البتہ دردمند تھا تحمل والا ف۳ اور نہیں

ف۱ یعنی اس عمل بد کا اثر یہ ہوا کہ ہمیشہ ان کے دل میں نفاق رہے گا نفاق کو فرمایا شبہ۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ سیاحت سے مراد روزہ ہے یا ہجرت ہے یا دل نہ لگانا دنیا کے مزوں میں اور حدیں تھامنی یہ کہ بغیر حکم شرع کوئی کام نہ کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ قرآن میں جو ذکر ہوا کہ ابراہیم نے اپنے باپ کی بخشش مانگی شاید حضرت کے دل میں بھی آیا ہو اور مسلمانوں نے بھی چاہا کہ اپنے قرابت والوں کے حق میں دعا کریں یہ منع آیا معلوم ہوا کہ مشرک بخشا نہیں جاتا۔ ۱۲ منہ رح

كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ
شان اللہ کی یہ کہ گمراہ ٹھہرا دیوے قوم کو پیچھے اس کے کہ ہدایت کیا ہے اُن کو یہاں تک کہ بیان کرے واسطے انکے

مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ
کہ کس چیز سے بچیں تحقیق اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ف۱ تحقیق اللہ واسطے اس کے ہے بادشاہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ
آسمانوں کی اور زمین کی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور نہیں واسطے تمہارے سوائے

اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ
اللہ کے کوئی دوست اور نہ مددگار ، تحقیق ساتھ رحمت کے پھر آیا اللہ اوپر نبی کے

وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ
اور وطن چھوڑنے والوں پر اور مدد دینے والوں پر جنہوں نے پیروی کی اس کی بیچ وقت سختی کے

مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ
پیچھے اس کے کہ نزدیک تھا کہ کج ہو جاویں دل ایک جماعت کے ان میں سے پھر پھر آیا اوپر ان کے

اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى
تحقیق وہ ساتھ ان کے شفقت کرنیوالا مہربان ہے ف۲ اور اوپر تین شخصوں کے جو کہ پیچھے چھوڑے گئے تھے یہاں تک کہ

اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ
جب تنگ ہو گئی اوپر ان کے زمین ساتھ اس کے کہ کشادہ تھی اور تنگ ہو گئی اوپر ان کے

اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ
جانیں ان کی اور جانا انہوں نے کہ نہیں پناہ اللہ سے مگر طرف اس کی پھر پھر آیا

عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اوپر ان کے تو کہ پھر آویں وہ تحقیق اللہ وہ ہے پھر آنے والا مہربان ف۳ اے لوگو جو

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ مَا كَانَ
ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور ہو جاؤ ساتھ سچوں کے ف۴ نہیں تھا لائق

لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ
واسطے رہنے والوں مدینے کے اور وہ لوگ کہ گرد ان کے ہیں گنواروں میں سے یہ کہ

يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ
پیچھے رہ جاویں رسول خدا کے سے اور نہ یہ کہ رغبت کریں بیچ آرام جان اپنی کے چھوڑ کر جان اس کی کو

ف۱ یعنی اسی واسطے تم کو منع کر دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ مہاجر اور انصار کو معاف کیا دو خطروں سے اور دو بار فرمایا مہربان ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ساتھ مہاجرین اور انصار کے وہ شخص بھی داخل ہوئے پچاس دن ہیں ان پر سخت حالت گذری کہ موت سے بدتر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یہ تین شخص سچ کہنے سے بخشے گئے نہیں تو منافقوں میں ملتے۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۲۴۳ سے آگے)
پہلوں کی ضد پر اور اپنی جماعت جدا ٹھہرائی اور ایک راہب ابو عامر کہ اسلام کی ضد سے نکل گیا تھا اس کو نفاق سے بلا کر وہاں سردار امام کریں حضرت سے چاہا کہ بار اول آپ وہاں نماز پڑھیں تو ہم جماعت قائم کریں حضرت کو ان کی دغا معلوم نہ تھی۔ وعدہ کیا کہ جنگ تبوک سے ہم پھریں گے تو اول وہاں نماز پڑھ کر شہر میں داخل ہوں گے حق تعالیٰ نے پہلے خبردار کر دیا اور مسجد قبا کے لوگوں کی تعریف کی آدمی خبردار رہے کہ ظاہر بعضی عبادت ہے اور نیت اس میں نفسانیت ہے اس کا یہ حال ہے۔ ۱۲۔ منہ رح (باقی صفحہ ۲۴۶ پر)

ع ۱۴

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ
یہ اس واسطے ہے کہ نہیں پہنچتی اُن کو پیاس اور نہ محنت اور نہ بھوک

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ
بیچ راہ خدا کے اور نہیں چلتے ایسی جگہ چلنے کی کہ غصے میں لادے کافروں کو

وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ
اور نہیں لیتے دشمنوں سے کچھ لینا مگر لکھا جاتا ہے واسطے ان کے بسبب اس کے عمل

صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲۰ وَلَا يُنْفِقُوْنَ
نیک تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا ثواب نیکی کرنے والوں کا اور نہیں خرچ کرتے

نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا
خرچ کرنا چھوٹا اور نہ بڑا اور نہیں کاٹتے کسی جنگل کو مگر

كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۲۱
لکھا جاتا ہے واسطے ان کے تو کہ جزا دیوے ان کو اللہ بہتر اس چیز کی جو تھے کرتے

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ
اور نہ تھے مسلمان کہ نکل جاویں سارے، پس کیوں نہ نکلے ہر

فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا
فرقے سے ان میں سے ایک جماعت تو کہ سمجھ سیکھیں بیچ دین کے اور تو کہ ڈراویں

قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۝۱۲۲ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
قوم اپنی کو جب پھر جاویں طرف ان کی شاید کہ وہ بچیں ف۱ اے لوگو جو

اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ
ایمان لائے ہو لڑو ان لوگوں سے جو پاس تمہارے ہیں کافروں سے اور چاہیئے کہ پاویں بیچ تمہارے

غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝۱۲۳ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ
سختی اور جانو یہ کہ اللہ ساتھ پرہیزگاروں کے ہے ف۲ اور جب اتاری جاتی ہے

سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ
کوئی سورت پس بعضے ہیں ان میں سے کہ کہتے ہیں کہ کس کو تم میں سے زیادہ کیا اس نے ایمان

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۱۲۴
پس جو لوگ کہ ایمان لائے پس زیادہ کیا ان کو ایمان اور وہ خوش وقت ہوتے ہیں

ف۱ یعنی ہر قوم میں سے چاہیئے بعضے لوگ پیغمبر کی صحبت میں رہیں تا علم دین سیکھیں اور پچھلوں کو سکھاویں اب پیغمبر موجود نہیں لیکن علم دین موجود ہے طلب علم فرض کفایہ ہے اور جہاد فرض کفایہ ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ سختی معلوم کریں یعنی قوت جنگ یا سختی لینے معاملت میں بے رخی پس کافر سے الفت و ملائمت نہ کرے۔ مگر جب دیکھئے کہ دین کا راغب ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۱۵ / ۴

(صفحہ ۲۴۳ کا ف۳ ۲۴۵ سے آگے)
ف۳ یعنی بے انصافی کی شامت سے عمل نیک بھی چاہیں تو بن نہیں آتا۔ ۱۲۔منہ رح

نصف

وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى

اور ایپر جو لوگ کہ بیچ دلوں ان کے کے بیماری ہے پس زیادہ کی اُن کو نجاست ساتھ

رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿١٢٥﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ

نجاست ان کی کے اور مر گئے اور وہ کافر ہیں ف۱ کیا نہیں دیکھتے یہ کہ بلاؤں میں ڈالے جاتے ہیں

فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ

بیچ ہر برس کے ایک بار یا دو بار پھر نہیں توبہ کرتے اور نہ وہ

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى

نصیحت پکڑتے ہیں ف۲ اور جس وقت نازل کی جاتی ہے کوئی سورت نظر کرتے ہیں بعضے اُن کے طرف

بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ

بعض کی کیا دیکھتا ہے تم کو کوئی پھر پھر جاتے ہیں پھیر دیا اللہ نے

قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

دلوں ان کے کو بسبب اس کے کہ وہ ایک قوم ہیں کہ نہیں سمجھتے ف۳ البتہ تحقیق آیا ہے تمہارے پاس پیغمبر

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

نفس تمہارے سے شاق ہے اُوپر اس کے یہ کہ ایذا میں پڑو تم حرص کرنے والا ہے اوپر بھلائی تمہاری کے ساتھ مسلمانوں

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ

کے شفقت کرنے والا مہربان ہے ف۴ پس اگر پھر جاویں پس کہہ کفایت ہے مجھ کو اللہ نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ ع

مگر وہ اوپر اس کے توکل کیا میں نے اور وہ ہے پروردگار تخت بڑے کا

سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ١٠٩ رُكُوْعَاتُهَا ١١

سورۃ یونس مکہ میں نازل ہوئی ایمن شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے ایک سو نو آئتیں اور گیارہ رکوع ہیں

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ

یہ ہیں نشانیاں کتاب حکمت والی کی کیا ہوا واسطے لوگوں کے

عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ

تعجب یہ کہ وحی بھیجی ہم نے طرف ایک مرد کے اُن میں سے یہ کہ ڈرا لوگوں کو

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ

اور خوشخبری دے ان لوگوں کہ ایمان لائے ہیں یہ کہ واسطے ان کے ہے قدم راستی کا یعنی مرتبہ نزدیک پروردگار ان کے کے

ف۱ کلام اللہ جس مسلمان کے دل کے خطرہ سے موافق پڑتا وہ کہتا کہ مجھ کو اس نے ایمان زیادہ کیا یہی لفظ بولتے منافق جب ان کے چھپے عیب بیان کرتا لیکن مسلمان کہتے خوش وقتی سے اور منافق کہتے شرمندگی سے پھر تو بھی صدق نہ لاتے چاہتے آگے سے اور اپنا عیب زیادہ چھپاویں یہی ہے گندگی پر گندگی عیب دار کو لازم ہے کہ نصیحت سن کر چھوڑ دے نہ یہ کہ اس ناصح سے چھپانے لگے۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ اکثر جنگ و جہاد کے وقت منافق معلوم ہو جاتے تھے۔ ۱۲۔ منہ

ع ۱۶/۷ ۵

ف۳ یعنی کلام اللہ میں جہاں عیب آئے منافقوں کے وہ آپس میں دیکھتے ہیں کہ مجلس میں کسی نے ہم کو پرکھا نہ ہو پھر شتاب اُٹھ جاتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ

النصف ۳

ف۴ تلاش رکھتا ہے تمہاری یعنی چاہتا ہے کہ اُمت میری زیادہ ہوتی رہے۔ ۱۲۔ منہ

صلی اللہ علیہ وسلم

قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ

کہا کافروں نے تحقیق یہ البتہ جادوگر ہے ظاہر تحقیق پروردگار تمہارا اللہ ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو بیچ چھ دن کے پھر قرار پکڑا

عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ۭ

اوپر عرش کے تدبیر کرتا ہے کام کی نہیں کوئی سفارش کرنے والا مگر پیچھے حکم اس کے کے

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۳ اِلَيْهِ

یہ ہے اللہ پروردگار تمہارا پس بندگی کرو اس کی کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے تم ف طرف اس کی

مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ

ہے پھر جانا تمہارا سب کا وعدہ کیا ہے اللہ نے سچا تحقیق وہی پہلی بار کرتا ہے پیدائش پھر

يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ

دوبارہ کرے گا اس کو تو کہ جزا دیوے ان لوگوں کو ایمان لائے اور کام کیے اچھے ساتھ انصاف کے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ

اور جو لوگ کہ کافر ہوئے واسطے ان کے پینا ہے آب گرم سے اور عذاب درد دینے والا

بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۴ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاۗءً

بسبب اس کے کہ تھے کفر کرتے وہی ہے جس نے کیا سورج کو چمکتا یعنی روشن و درخشندہ

وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ

اور چاند کو اجالا اور مقرر کیں واسطے اس کے منزلیں تو کہ جانو تم گنتی برسوں کی

وَالْحِسَابَ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ

اور حساب نہیں پیدا کیا اللہ نے اس کو مگر ساتھ حق کے مفصل بیان کرتا ہے

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۵ اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ

نشانیوں کو واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں تحقیق بیچ آنے جانے رات کے اور دن کے

وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور جو کچھ پیدا کیا ہے اللہ نے بیچ آسمانوں کے اور زمین کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے قوم کے کہ

يَّتَّقُوْنَ ۝۶ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ

ڈرتے ہیں تحقیق جو لوگ کہ نہیں امید رکھتے ملاقات ہماری کی اور راضی ہوئے ساتھ زندگانی

ف جتنی دیر لگے چھ دن کو اتنے میں بنائے آسمان اور زمین اور اس ملک کا دربار ٹھہرایا عرش پر سب کام کی تدبیر وہاں سے ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝٧
دنیا کے اور آرام پکڑا ساتھ اس کے اور جو لوگ کہ وہ نشانیوں ہماری سے غافل ہیں

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝٨ اِنَّ الَّذِيْنَ
یہ لوگ جگہ رہنے ان کے کی آگ ہے بسبب اس کے کہ تھے کماتے تحقیق وہ لوگ کہ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ
ایمان لائے اور عمل کیے نیک راہ دکھاوے گا ان کو رب ان کا بسبب ایمان ان کے کے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝٩
چلیں گی نیچے اُن کے سے نہریں بیچ بہشتوں نعمت کے

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ
پکارنا ان کا ہے بیچ اس کے پاکی ہے تجھ کو یا اللہ اور دعا ملاقات ان کی کی بیچ اس کے سلام ہے

وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ وَلَوْ
اور آخر پکارنا ان کا یہ ہے کہ سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار عالموں کا ف اور اگر

يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ
شتاب دیوے اللہ لوگوں کو برائی جیسا جلدی مانگتے ہیں بھلائی کو البتہ پوری کی جاوے

اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ
طرف ان کی اجل ان کی پس چھوڑ دیتے ہیں ہم ان لوگوں کو کہ نہیں امید رکھتے ملاقات ہماری کی بیچ

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝١١ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا
سرکشی اپنی کے سرگردان ہوتے ہیں ف اور جب لگتی ہے آدمی کو برائی پکارتا ہے ہم کو

لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ
اور پر کروٹ اپنی کے یا بیٹھے یا کھڑے پس جب کھول دیتے ہیں ہم اس سے ایذا اس کی

مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ
چلا جاتا ہے جیسے کہ نہ پکارا تھا ہم کو طرف ایذا کی کہ لگی تھی اس کو اسی طرح زینت دیا گیا ہے واسطے حد سے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١٢ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ
نکل جانے والوں کے جو کچھ کہ تھے کرتے اور البتہ تحقیق ہلاک کیا ہے ہم نے قرنوں کو پہلے تم سے

لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا
جب ظلم کیا انہوں نے اور آئے تھے ان کے پاس پیغمبر ساتھ دلیلوں کے اور نہ تھے کہ

ف اَوّل عجائب نعمتیں دیکھ کر کہیں گے پاک ذات یعنی سبحان اللہ پھر اس کی لذت پاکر کہیں گے الحمد للہ اور جنت میں طور ملاقات یہی ہے السلام علیک جو دنیا میں مسلمان کرتے ہیں۔ ۱۲- منہ رح

ع ۱ / ۱۰ / ۶

ف یعنی آدمی چاہتا ہے کہ نیکی کا بدلہ شتاب ملے یا نیک دعا شتاب لگے سو اگر حق تعالٰے شتاب کرے تو اپنی بدی کے وبال سے فرصت نہ پاوے مگر دونوں میں تحمل ہے تا نیک لوگ تربیت پاویں اور بدلوگ غفلت میں پڑے رہیں۔ ۱۲- منہ رح

لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ

ایمان لادیں اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم قوم گنہگاروں کو پھر کیا ہم نے تم کو

خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

جانشین بیچ زمین کے پیچھے اُن کے تو کہ دیکھیں ہم کیونکر کرتے ہو

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ

اور جب پڑھی جاتی ہیں اُوپر ان کے نشانیاں ہماری ظاہر کہتے ہیں وہ لوگ کہ نہیں امید رکھتے

لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ

ملاقات ہماری کی لے آ قرآن سوائے اس کے یا بدل ڈال اس کو کہہ کہ نہیں ممکن

لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ

واسطے میرے یہ کہ بدل ڈالوں اس کو طرف جی اپنے کے سے نہیں پیروی کرتا ہوں میں مگر اس چیز کی کہ وحی کی گئی ہے

اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾ قُلْ

طرف میری تحقیق ڈرتا ہوں میں اگر نافرمانی کروں میں پروردگار اپنے کی عذاب دن بڑے کے سے ۝ کہہ

لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۫ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ

اگر چاہتا اللہ نہ پڑھتا میں اس کو اوپر تمہارے اور نہ جتاتا اللہ تم کو ساتھ اس کے پس تحقیق رہا تھا میں

فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

بیچ تمہارے ایک عمر پہلے اس سے کیا پس نہیں سمجھتے ۝ پس کون شخص بہت ظالم ہے اس شخص سے کہ باندھے

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾

اُوپر اللہ کے جھوٹ یا جھٹلاوے نشانیوں اس کی کو تحقیق بات یہ ہے کہ نہیں چھٹکارا پاتے گنہگار ۝

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ

اور عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے اس چیز کی کہ نہیں ضرر دیتی ان کو اور نہ نفع دیتی ہے ان کو اور کہتے ہیں

هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ

یہ شفاعت کرنے والے ہیں ہماری نزدیک خدا کے کہہ خبر دیتے ہو اللہ کو ساتھ اس چیز کے کہ نہیں جانتا

فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾

بیچ آسمانوں کے اور نہ بیچ زمین کے پاکی ہے اس کو اور بلند ہے اس چیز سے کہ شریک مقرر کرتے ہیں ۝

وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ

اور نہ تھے لوگ مگر جماعت ایک پس اختلاف کیا اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ

ف۱ اس قرآن کا پند و نصیحت تو پسند کرتے اور بتوں کو باطل کرنا نہ مانتے تو کہتے اتنا بدل ڈال تو یہ کلام ہم سب قبول کر لیں۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یعنی اپنی طرف سے میں بناتا تو چالیس برس کی عمر میں بناتا یا اس قسم کا خیال رکھتا۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی اگر میں بناتا ہوں تو مجھ سا ظالم نہیں اور جو میں سچا ہوں تو جھٹلانے والوں پر بھی بات ہے۔ ۱۲۔ منہ

ف۴ جو مشرک ہے سو یہی کہتا ہے کہ اللہ ایک ہے اور یہ شریک اس کی طرف سے ہم پر مختار ہیں سو فرمایا کہ اگر اس نے مختار کیے ہوتے تو آپ ان سے کیوں منع کرتا اور جو کہیں کہ ہمارے دین میں منع نہیں کیا تم کو منع کیا ہو گا تو اگلی آیت میں اس کا جواب ہے کہ دین اللہ کا ایک ہے جب لوگ بچل گئے ہیں پھر ان کو بتا دیا ہے اعتقاد میں کچھ فرق نہیں اور جو کہیں کہ اگر تم سچے ہوتے تو ہم پر دنیا میں عذاب آتا اس کا جواب بھی آگے ہے کہ فیصلے کا دن آتا ہے۔ ۱۲۔ منہ

سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

پہلے ہو گئی ہے پروردگار تیرے سے البتہ فیصل کیا جاتا درمیان ان کے بیچ اس چیز کے کہ بیچ اس کے اختلاف کرتے ہیں

وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ

اور کہتے ہیں کیوں نہ اتاری گئی اوپر اس کے نشانی پروردگار اس کے سے پس کہہ سوائے اس کے نہیں کہ

لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۲۰﴾ ع وَاِذَآ اَذَقْنَا

علم غیب واسطے خدا کے ہے پس انتظار کرو تحقیق میں بھی ساتھ تمہارے انتظار کرنے والوں سے ہوں ف۱ اور جس وقت چکھاتے ہیں ہم

النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ

لوگوں کو رحمت پیچھے سختی کے کہ لگی ہو ان کو ناگہاں ان کو مکر ہوتا ہے بیچ

اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿۲۱﴾

نشانیوں ہماری کے کہہ اللہ بہت جلد کرنیوالا ہے مکر تحقیق بھیجے ہوئے ہمارے لکھتے ہیں جو کچھ کہ مکر کرتے ہو تم ف۲

هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ

وہی ہے جو چلاتا ہے تم کو بیچ جنگل کے اور دریا کے یہانتک کہ جب ہوتے ہو تم بیچ کشتیوں کے

وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَاۗءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ

اور جاری ہوتی ہیں کشتیاں ساتھ ان کے ساتھ باؤ اچھی کے اور خوش ہوتے ہیں ساتھ اس کے آجاتی ہے ان کشتیوں کو باؤ تند

وَّجَاۗءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ

اور آتی ہے ان کو موج ہر مکان سے اور جانتے ہیں یہ کہ وہ گھیرا گیا اس نے ان کو

دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڬ لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ

پکارتے ہیں اللہ کو خالص کر کر واسطے اس کے عبادت اگر نجات دے گا تو ہم کو اس سے

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ

البتہ ہوں گے ہم شکر کرنے والوں سے پس جب نجات دی ان کو ناگہاں وہ سرکشی کرتے ہیں

فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ ۙ

بیچ زمین کے ناحق اے لوگو سوائے اس کے نہیں کہ سرکشی تمہاری اوپر جانوں تمہاری کے

مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

کے ہے لے لو فائدہ زندگانی دنیا کا پھر طرف ہماری ہے پھر آنا تمہارا پس خبر دیں گے ہم تم کو ساتھ اس چیز کے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ

کہ تھے تم کرتے سوائے اس کے نہیں کہ مثال زندگانی دنیا کی مانند پانی کی ہے کہ اتارا ہم نے اس کو آسمان سے

ف۱ یعنی اگر کہیں کہ ہم کا ہے سے جانیں کہ تمہاری بات سچ ہے فرمایا کہ آگے دیکھو حق تعالیٰ اس دین کو روشن کرے گا اور مخالف ذلیل ہوں گے برباد ہو جاویں گے سو ویسا ہی ہوا۔ سچ کی نشانی ایک بار کافی ہے اور ہر بار مخالف ذلیل ہوں تو فیصلہ ہو جاوے فیصلہ کا دن دنیا میں نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی سختی کے وقت آدمی کی نظر اسباب سے اٹھ کر اللہ پر رہتی ہے جب کام بن گیا لگا اسباب پر رکھنے سو ڈرتا نہیں کہ اللہ پھر ایک اسباب کھڑا کر دے اسی تکلیف کا اس کے ہاتھ میں سب اسباب تیار ہیں ایک اسی کی صورت آگے اور فرمائی۔ ۱۲۔ منہ رح

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ

پس رل گئی ساتھ اس کے روئیدگی زمین کی اس چیز سے کہ کھاتے ہیں لوگ اور چارپائے

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَاۤ

یہاں تک کہ جب پکڑتی ہے زمین بناؤ اپنا اور زینت پکڑتی ہے اور جانتے ہیں لوگ اُس کے

اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَاۤ ۙ اَتٰٮهَاۤ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا

یہ کہ وہ قادر ہیں اُوپر اس کے آتا ہے اس پر حکم ہمارا رات کو یا دن کو پس کر دیتے ہیں ہم اس

حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

کو کٹی ہوئی گویا کہ نہ بسے تھے کل کو اسی طرح مفصل بیان کرتے ہیں ہم نشانیوں کو واسطے

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْۤا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِىْ مَنْ

اس قوم کے کہ تفکر کرتے ہیں ف اور اللہ پکارتا ہے طرف گھر سلامتی کے اور راہ دکھاتا ہے جس کو

يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ

چاہے طرف راہ سیدھی کے واسطے ان لوگوں کے کہ نیکی کرتے ہیں نیکی ہے اور زیادتی ہے

وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓٮِٕكَ اَصْحٰبُ

اور نہ ڈھانکے گی منہ اُن کے کو سیاہی اور نہ ذلت یہ لوگ رہنے والے

الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ

بہشت کے ہیں وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں اور جن لوگوں نے کہ کمائیں برائیاں بدلا

سَيِّئَةٍ ۢ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ

برائی کا مانند اسی کی ہے اور ڈھانکے گی اُن کو ذلت نہیں واسطے اُن کے اللہ سے کوئی

عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَاۤ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ

بچانے والا گویا کہ اڑھائے گئے ہیں منہ اُن کے ٹکڑے رات

مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓٮِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَوْمَ

اندھیری کے یہ لوگ رہنے والے آگ کے ہیں وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں اور جس دن

نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ

اکٹھا کریں گے ہم ان کو سب کو پھر کہیں گے ہم واسطے ان لوگوں کے کہ شریک لائے تھے کھڑے رہو مکان اپنے پر

اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ

تم اور شریک تمہارے پس قسم قسم ملا دی ہم نے درمیان اُن کے اور کہا شریکوں ان کے نے نہیں تھے تم

ف یعنی رُوح آسمان سے بدن میں آئی بدن میں مل کر قوت پکڑی پھر کام کیے انسانی اور حیوانی جب ہر سبز ہیں پورا ہوا اور اس کے متعلقوں کو اس پر بھروسہ ہوا ناگہاں موت آ پہنچی۔ فائدہ ہمارا حکم پہنچا یعنی پک کر زرد ہوگئی پھر کٹی یا کوئی فوج آ پڑی کہ کچی کاٹ ڈالی یعنی موت ناگہاں آتی ہے۔ ۱۲ منہ رح

17

اِیَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ

ہم کو عبادت کرتے پس کفایت ہے ہم کو اللہ شاہد درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے تحقیق

كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ

تھے ہم عبادت تمہاری سے غافل ؎۱ اس جگہ آزمالے گا ہر ایک جی جو

اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

پہلے کیا تھا اور پھیرے جاویں گے طرف اللہ کی مالک اپنے حق کی اور کھویا جاویگا ان سے جو کچھ کہ تھے

يَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ

باندھ لیتے کہہ کون شخص رزق دیتا ہے تم کو آسمان سے اور زمین سے یا کون شخص

يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ

مالک ہے سننے کا اور دیکھنے کا اور کون شخص نکالتا ہے زندے کو مُردے سے اور نکالتا ہے

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ

مُردے کو زندے سے اور کون تدبیر کرتا ہے کام کی پس البتہ کہیں گے اللہ پس کہہ

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ

آیا پس نہیں ڈرتے پس یہی ہے اللہ پروردگار تمہارا حق ہے پس کیا ہے پیچھے حق کے

اِلَّا الضَّلٰلُ ۚۖ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

مگر گمراہی پس کہاں سے پھیرے جاتے ہو اسی طرح ثابت ہوئی بات پروردگار تیرے کی

عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ قُلْ هَلْ مِنْ

اوپر ان لوگوں کے جو فاسق ہوئے یہ کہ وہ نہیں ایمان لاویں گے ؎۲ کہہ کہ کیا ہے

شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا

شریکوں تمہارے میں سے وہ شخص کہ پہلی بار کرے پیدائش پھر دوبارہ کریگا اس کو کہہ کہ اللہ ہی پہلی بار کرتا ہے

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ قُلْ هَلْ مِنْ

پیدائش پھر دوبارہ کرے گا اس کو پس کہاں سے پلٹائے جاتے ہو کہہ کہ آیا ہے

شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ

شریکوں تمہارے میں سے وہ شخص کہ راہ دکھاتا ہے طرف حق کی کہہ اللہ راہ دکھاتا ہے طرف حق کی

اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ

کیا پس وہ شخص کہ راہ دکھاتا ہے طرف حق کی بہت لائق ہے اس بات کا کہ پیروی کیا جاوے یا وہ شخص کہ آپ ہی نہیں راہ

ع ۱۰ — ۳ — ۸

؎۱ جتنے مشرک ہیں اپنے خیال کو پوجتے ہیں یا شیطان کو نام کرتے ہیں نیکوں کا وہ اس کام سے بیزار ہیں آخرت میں معلوم ہوگا۔ ۱۲- منہ رح

؎۲ یعنی اللہ نے ازل سے ان کی قسمت میں یقین نہیں لکھا اور سبب اس کا بے حکمی اُن کی۔ ۱۲- منہ رح

إِلَّآ أَن يُهْدَىٰ ۖ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿٣٥﴾ وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ

پاتا مگر یہ کہ راہ بتایا جاوے پس کیا ہے تم کو کیونکر حکم کرتے ہو اور نہیں پیروی کرتے اکثر ان کے

إِلَّا ظَنًّا ۚ إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۚ إِنَّ اللَّهَ

مگر گمان کی تحقیق گمان نہیں کفایت کرتا حق سے کچھ تحقیق اللہ

عَلِيمٌۢ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٣٦﴾ وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَىٰ

جانتا ہے جو کچھ کرتے ہیں اور نہیں ہے یہ قرآن کہ باندھ لیا جاوے

مِن دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ

سوائے اللہ کے سے ولیکن سچا کرنے والا ہے اس چیز کا کہ آگے اس کے ہے اور تفصیل کرنے والا

الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٣٧﴾ أَمْ يَقُولُونَ

ہے کتاب کی نہیں شک بیچ اس کے پروردگار عالموں کی طرف سے ہے کیا یہ کہتے ہیں کہ

افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم

باندھ لیا ہے اُس کو کہہ پس لے آؤ ایک سورۃ مانند اس کی اور پکارو جس کو سکو

مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ

سوائے اللہ کے اگر ہو تم سچے بلکہ جھٹلایا اس چیز کو کہ نہیں

يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ

گھیرا علم اس کے کو اور نہیں آئی ان کے پاس تحقیق حجت اس کی اسی طرح جھٹلایا تھا

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾

ان لوگوں نے کہ پہلے تھے ان کے پس دیکھ کیونکر ہوا آخر کار ظالموں کا ف

وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ

اور بعضے ان میں سے وہ ہیں کہ ایمان لاوینگے ساتھ اس کے اور بعضے ان میں سے وہ ہیں کہ نہ ایمان لاوینگے ساتھ اس کے اور پروردگار

أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ ع وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي

تیرا خوب جانتا ہے مفسدوں کو اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس کہہ واسطے میرے عمل میرا ہے

وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ

اور واسطے تمہارے عمل تمہارا ہے، تم بے تعلق ہو اس چیز سے کہ کرتا ہوں میں اور میں بے تعلق ہوں اس

مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ

چیز سے کہ کرتے ہو تم ف۲ اور بعضے ان میں سے وہ ہیں کہ کان رکھتے ہیں طرف تیری کیا پس تو

ع ۴ ۱۰ ۹

ف۱ اس کی حقیقت نہیں آئی یعنی جو وعدہ ہے اس قرآن میں وہ ابھی ظاہر نہیں ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی اگر جھوٹ پہنچاؤں حکم اللہ کا تو میں گنہگار ہوں تم نہیں اور اگر میں سچ لاؤں پھر نہ کرو تو گناہ تم پر ہے تو ماننے میں تمہارا نقصان نہیں کسی طرح۔ ۱۲۔ منہ رح

تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ

سناتا ہے بہروں کو اور اگرچہ ہوں نہ سمجھتے اور بعضے ان میں سے وہ ہیں کہ دیکھتے ہیں

اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِى الْعُمْىَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾

طرف تیری کیا پس تو راہ دکھاتا ہے اندھوں کو اور اگرچہ ہوں نہ دیکھتے ف۱

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ

تحقیق اللہ نہیں ظلم کرتا لوگوں کو کچھ اور لیکن لوگ جانوں اپنی کو

يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً

ظلم کرتے ہیں ف۲ اور جس دن اکٹھا کرے گا ان کو گویا کہ نہ رہے تھے مگر ایک ساعت

مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

دن سے ایک دوسرے کو پہچانیں گے آپس میں تحقیق زیان پایا ان لوگوں نے کہ جھٹلایا

بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ

ملاقات اللہ کی کو اور نہ ہوئے راہ پانے والے ف۳ اور اگر دکھلادیں ہم تجھ کو بعضی

الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ

وہ چیز کہ وعدہ دیتے ہیں ہم ان کو یا قبض کر لیویں تجھ کو پس طرف ہماری ہے پھر آنا اُن کا پھر

اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا

اللہ شاہد ہے اوپر اس چیز کے کہ کرتے ہیں ف۴ اور واسطے ہر ایک امّت کے پیغمبر ہے پس جب

جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾

آتا ہے وہ پیغمبر اُن کا فیصل کیا جاتا ہے درمیان ان کے ساتھ انصاف کے اور وہ نہیں ظلم کیے جاتے ف۵

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ

اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے کہہ

لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِىْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ

نہیں اختیار رکھتا میں واسطے جان اپنی کے ضرر کا اور نہ فائدے کا مگر جو چاہے اللہ

لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً

واسطے ہر امت کے وقت مقرر ہے جب آتا ہے وقت اُن کا پس نہیں پیچھے رہتے ایک ساعت

وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ

اور نہ آگے بڑھتے ہیں کہہ کیا دیکھا تم نے اگر آوے تم کو عذاب اس کا

ف۱ یعنی کان رکھتے ہیں یا نگاہ کرتے ہیں اس توقع پر کہ ہمارے دل پر تصرّف کردیں جیساکہ بعضوں پر ہوگیا سو یہ بات اللہ کے ہاتھ ہے ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی بعضوں کے دل پر اثر نہیں دیتا سو ان کی تقصیر سے کہ دل صاف کر کر نہیں سنتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی قبر میں رہنا اُس دن ایک گھڑی بھر معلوم ہوگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی غلبۂ اسلام کچھ حضرت کے روبرو ہوا اور باقی اُن کے خلیفوں سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ عملِ بد آگے سے ہوتے ہیں لیکن رسول پہنچ کر سزا ملتی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

بَيَاتًا اَوۡ نَهَارًا مَّاذَا يَسۡتَعۡجِلُ مِنۡهُ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿۵۰﴾ اَثُمَّ اِذَا

رات کو یا دن کو کس چیز کی جلدی کرتے ہیں اس میں سے گنہگار ف۱ کیا پھر جس

مَا وَقَعَ اٰمَنۡتُمۡ بِهٖ ؕ آٰلۡـٰٔنَ وَقَدۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ

وقت ہو پڑے گا ایمان لاؤ گے تم ساتھ اس کے کیا اب لائے ایمان تحقیق تھے ساتھ اس کے جلدی کرتے ف۲ پھر

قِيۡلَ لِلَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡخُلۡدِ ۚ هَلۡ تُجۡزَوۡنَ

کہا جاوے گا واسطے ان لوگوں کے کہ ظلم کرتے تھے چکھو عذاب ہمیش کا نہیں جزا دیئے جاؤ گے

اِلَّا بِمَا كُنۡتُمۡ تَكۡسِبُوۡنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسۡتَنۡۢبِـُٔوۡنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلۡ اِىۡ

مگر ساتھ اسی چیز کے کہ تھے تم کماتے اور خبر پوچھتے ہیں تجھ سے کیا سچ ہے وہ کہہ ہاں قسم ہے

وَرَبِّىۡۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؔؕ وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوۡ اَنَّ لِكُلِّ نَفۡسٍ

پروردگار میرے کی تحقیق وہ البتہ حق ہے اور نہیں تم عاجز کرنے والے ف۳ اور اگر ہو واسطے ہر جی کے

ظَلَمَتۡ مَا فِى الۡاَرۡضِ لَافۡتَدَتۡ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا

جس نے ظلم کیا ہے جو کچھ بیچ زمین کے ہے البتہ بدلا دیوے ساتھ اس کے اور چھپاویں گے پشیمانی کو جب

رَاَوُا الۡعَذَابَ ۚ وَقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۵۴﴾

دیکھیں گے عذاب کو اور فیصل کیا جاوے گا درمیان ان کے ساتھ انصاف کے اور وہ نہ ظلم کیے جاویں گے

اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ

خبردار ہو تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہے خبردار ہو تحقیق وعدہ اللہ کا حق ہے

وَّلٰـكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ وَاِلَيۡهِ

و لیکن بہت اُن کے نہیں جانتے وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے اور طرف اسی کی

تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۵۶﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَتۡكُمۡ مَّوۡعِظَةٌ مِّنۡ

پھیرے جاؤ گے اے لوگو تحقیق آئی ہے تمہارے پاس نصیحت

رَّبِّكُمۡ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوۡرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۵۷﴾

پروردگار تمہارے کے سے اور تندرستی واسطے اس چیز کے کہ بیچ سینوں کے ہے اور ہدایت اور رحمت واسطے مسلمانوں کے

قُلۡ بِفَضۡلِ اللّٰهِ وَبِرَحۡمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلۡيَفۡرَحُوۡا ؕ هُوَ خَيۡرٌ

کہہ ساتھ فضل اللہ کے اور ساتھ رحمت اس کی کے پس ساتھ اسی کے پس چاہیئے کہ خوش ہوں وہ بہتر ہے

مِّمَّا يَجۡمَعُوۡنَ ﴿۵۸﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ لَكُمۡ مِّنۡ

پس تحقیق تو ڈھیل دیئے گیوں سے ہے دن وقت معلوم تک کہا

رَبِّ بِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَلَأُغْوِيَنَّهُمْ

اے رب میرے بسبب اسکے کہ گمراہ کیا تو نے مجھ کو البتہ زینت دونگا میں واسطے انکے بیچ زمین کے اور البتہ گمراہ کرونگا میں انکو

أَجْمَعِينَ ﴿٣٩﴾ إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾ قَالَ

سب کو مگر بندے تیرے اُن میں سے جو خالص کیے گئے ہیں کہا کہ

هَٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ ﴿٤١﴾ إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ

یہ راہ ہے اُوپر میرے سیدھی ف۴ تحقیق بندے میرے نہیں واسطے تیرے

عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِينَ ﴿٤٢﴾ وَإِنَّ

اُوپر ان کے غلبہ مگر جن نے پیروی کی تیری گمراہوں میں سے اور تحقیق

جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٤٣﴾ لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ لِّكُلِّ

دوزخ جگہ وعدے اُن کے کی ہے سب کی واسطے اُس کے سات دروازے ہیں، واسطے ہر ایک

ف۱ بشر وہ جو بدن رکھے کہ ہاتھ سے پکڑا جاوے اور روح رکھے ہوشیار اگلے مخلوقات یا حیوان تھے جن کو ہوش نہیں یا فرشتے یا جن تھے جن کا بدن نہ پکڑا جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اپنی جان یعنی خاص جس میں نمونہ ہے اللہ کی صفات کا علم اور زندگی اور یاد حق کی اور لگاؤ اللہ سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ شاید یہی مُراد ہو کہ انگارے پھینکتے ہیں اور نکالا زمین سے کہ انسان بسیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی بندگی اللہ کی سیدھی راہ ہے اور ان پر شیطان قابو نہیں رکھتا۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۳۱۴ سے آگے)
اس میں رہ گئیں سختی اور بوجھ اسی طرح گرم باؤ کی خاصیت رہی جن کی پیدائش میں ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی لطیف آگ ہوا ملی ہوئی ابلیس بھی اسی قسم میں ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُومٌ ﴿٤٤﴾ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنّٰتٍ وَّعُيُونٍ ﴿٤٥﴾
دروازے کے اُن میں سے ایک حصہ ہے قسمت کیا ہوا ف تحقیق پرہیزگار بیچ بہشتوں کے اور چشموں کے ہیں

اُدْخُلُوهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِينَ ﴿٤٦﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِّنْ
کہیں گے انکو داخل ہو انمیں ساتھ سلامتی کے امن سے ف اور نکال ڈالا ہم نے جو کچھ بیچ سینوں اُن کے کے تھا

غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِينَ ﴿٤٧﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا
ناخوشی سے بھائی ہوجاوینگے اُوپر تختوں کے آمنے سامنے ف نہیں لگے گی ان کو بیچ اس کے

نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ ﴿٤٨﴾ نَبِّئْ عِبَادِيٓ
محنت اور نہیں وہ اس سے نکالے گئے ہوں گے خبر دے بندوں میرے کو یہ کہ

اَنِّيٓ اَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٤٩﴾ وَاَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ
تحقیق میں ہی ہوں بخشنے والا مہربان اور یہ کہ تحقیق عذاب میرا وہ ہے عذاب

الْاَلِيمُ ﴿٥٠﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيمَ ﴿٥١﴾ اِذْ دَخَلُوا
درد دینے والا ف اور خبر دے اُن کو مہمانوں ابراہیم کے سے جس وقت داخل ہوئے

عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلٰمًا ط قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُونَ ﴿٥٢﴾ قَالُوا لَا
اُوپر اس کے پس کہا انہوں نے کہ سلام کرتے ہیں ہم کہا تحقیق ہم تم سے ڈرتے ہیں ف کہا انہوں نے مت

تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيمٍ ﴿٥٣﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُونِي عَلٰىٓ
ڈر تحقیق ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھ کو ساتھ لڑکے علم والے کے کہا کیا بشارت دی تم نے مجھ کو اُوپر

اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُونَ ﴿٥٤﴾ قَالُوا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ
اس بات کے کہ لگا ہے مجھ کو بڑھاپا پس ساتھ کس چیز کے بشارت دیتے ہو مجھ کو ف کہا انہوں نے بشارت دیتے ہیں ہم تجھ کو ساتھ حق کے

فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِينَ ﴿٥٥﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ
پس مت ہو ناامیدوں سے کہا اور کون ناامید ہوتا ہے رحمت

رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّونَ ﴿٥٦﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿٥٧﴾
پروردگار اپنے کی سے مگر گمراہ ف کہا پس کیا ہے مہم تمہاری اے بھیجے ہوئے

قَالُوٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِينَ ﴿٥٨﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوطٍ ط اِنَّا
کہا انہوں نے تحقیق ہم بھیجے ہوئے ہیں طرف قوم گنہگار کی مگر کنبہ لُوط کا تحقیق ہم

لَمُنَجُّوهُمْ اَجْمَعِينَ ﴿٥٩﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ اِنَّهَا لَمِنَ
البتہ نجات دینے والے ہیں اُن سب کو مگر عورت اس کی مقرر کر رکھا ہے ہم نے یہ کہ وہ البتہ

ف جیسے بہشت کے آٹھ دروازے ہیں نیک عمل والوں پر بانٹے ہوئے ویسے دوزخ کے سات دروازے ہیں بدعمل والوں پر بانٹے ہوئے شاید بہشت کا ایک دروازہ زیادہ وہ ہے کہ بعضے لوگ نرے فضل سے جاویں گے بغیر عمل باقی عمل میں دروازے برابر ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ سلامتی سے یعنی کسی طرح کی بے آرامی نہیں یا سلام علیک سے کہ فرشتے اُن سے کہیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی دنیا میں جو کچھ آپس میں خفگی تھی جی صاف ہوگئے اس سے معلوم ہوا کہ کبھی دو آدمیوں میں خفگی رہی ہے اور دونوں بہشتی ہیں جیسے حضرت کے اصحاب۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اگلا قصہ فرمایا کہ ایک بار فرشتے اتارے ایک جا خوشخبری دیتے اور ایک پر پتھر برساتے تا معلوم ہو کہ اس کی دونوں صفتیں پوری ہیں بندے نہ دلیر ہوں نہ آس توڑیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ ظاہر کچھ سبب نہ تھا ڈر کا پر اُن کے ساتھ جو حکم تھا عذاب کا حضرت ابراہیم کے دل پر اس کا اثر پڑا، دل کی صفائی سے یہ ہوتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ معلوم ہوا کہ کامل بھی ظاہر اسباب پر بولتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(باقی صـ۳۱۷ پر)

ع ١٢

الْغٰبِرِيْنَ ۝٦٠ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ۨ الْمُرْسَلُوْنَ ۝٦١ قَالَ اِنَّكُمْ

پیچھے رہنے والوں سے ہے ف۱ پس جب آئے کنبے لُوط کے پاس بھیجے ہوئے کہا تحقیق تم

قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝٦٢ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝٦٣

قوم ہو ناپہچان کہا انہوں نے بلکہ آئے ہیں ہم تیرے پاس ساتھ اس چیز کے کہ تھے بیچ اسکے شک کرتے ف۲

وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝٦٤ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ

اور آئے ہیں ہم تیرے پاس ساتھ حق کے اور تحقیق ہم البتہ سچے ہیں پس لے چل اہل اپنے کو بیچ ایک ٹکڑے کے

مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ

رات سے اور پیروی کر پچھاڑی اُن کی کی اور نہ پھر کر دیکھے تم میں سے کوئی شخص

وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝٦٥ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ

اور چلے جاؤ جہاں حکم کیے جاتے ہو اور مقرر کر دیا ہم نے طرف اس کی اِس بات کو

اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۗءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ۝٦٦ وَجَآءَ اَهْلُ

کہ تحقیق جڑ ان کی کاٹی جاوے گی صبح ہوتے اور آئے اُس

الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝٦٧ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ ضَيْفِيْ فَلَا

شہر والے خوشیاں کرتے کہا تحقیق یہ لوگ مہمان میرے ہیں پس مت

تَفْضَحُوْنِ ۝٦٨ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ۝٦٩ قَالُوْٓا اَوَلَمْ

فضیحت کرو مجھ کو اور ڈرو اللہ تعالےٰ سے اور مت رُسوا کرو مجھ کو کہا انہوں نے کیا نہیں

نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝٧٠ قَالَ هٰٓؤُلَاۗءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ

منع کیا ہم نے تجھ کو سارے جہان سے کہا کہ یہ ہیں بیٹیاں میری اگر ہو تم

فٰعِلِيْنَ ۝٧١ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝٧٢ فَاَخَذَتْهُمُ

کرنے والے قسم ہے زندگی تیری کی تحقیق وہ البتہ بیچ مستی اپنی کے سرگردان تھے ف۳ پس پکڑا ان کو

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ۝٧٣ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا

آواز تند نے سورج نکلتے ہوئے پس کیا ہم نے اُوپر اس کا نیچے اُس کے اور برسایا ہم نے

عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝٧٤ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اوپر ان کے پتھروں کو کنکرے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں

لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ۝٧٥ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ۝٧٦ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

واسطے چہرہ پہچاننے والوں کے اور تحقیق وہ بستی البتہ بیچ راہ چلنے کے ہے تحقیق بیچ اس کے البتہ

ف۱ وہ عورت دل سے منافق تھی، لیکن حق تعالےٰ بغیر تقصیر ظاہر کے عذاب نہیں کرتا ایک حکم ایسا بھیجا کہ اس سے نہ ہو سکا وہ یہ کہ منہ پھیر کر نہ دیکھو پھر اس گناہ پر عذاب میں پکڑا۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی ہم اوپرے آدمی نہیں فرشتے ہیں قوم پر عذاب لائے ہیں۔ ۱۲ منہ

ف۳ یہ اللہ تعالےٰ حضرت کو فرماتا ہے قسم ہے تیری جان کی وہ قوم لوط اپنی مستی میں ان کی بات نہیں سنتے۔ ۱۲ منہ

(بقیہ ص۳۱۶ سے آگے) عذاب سے نڈر ہونا اور فضل سے نا امیدی دونوں کفر کی باتیں ہیں یعنی آگے کی خبر اللہ کو ہے ایک بات پر دعویٰ کرنا یقین کر کر یہی کفر کی بات ہے لیکن دل کے خیال پر پکڑ نہیں جب منہ سے دعوے کرے تب گناہ آتا ہے۔ ۱۲ منہ

لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۷۷﴾ وَاِنْ کَانَ اَصْحٰبُ الْاَیْكَةِ لَظٰلِمِیْنَ ﴿۷۸﴾
نشانی ہے واسطے ایمان والوں کے ف۱ اور تحقیق تھے رہنے والے بن کے البتہ ظالم

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِیْنٍ ﴿۷۹﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ
پس بدلا لیا ہم نے اُن سے اور تحقیق وہ دونو البتہ بیچ راستے ظاہر کے ہیں ف۲ اور البتہ تحقیق جھٹلایا رہنے والوں

الْحِجْرِ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۸۰﴾ وَاٰتَیْنٰهُمْ اٰیٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ﴿۸۱﴾
حجر کے نے پیغمبروں کو ف۳ اور دیں ہم نے ان کو نشانیاں اپنی پس ہوئے ان سے منہ پھیرنے والے

وَكَانُوْا یَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا اٰمِنِیْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ
اور تھے تراشتے پہاڑ سے گھر امن چاہنے والے پس پکڑا ان کو

الصَّیْحَةُ مُصْبِحِیْنَ ﴿۸۳﴾ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۸۴﴾
آواز تند نے صبح ہوتے پس نہ کفایت کیا اُن سے اس چیز نے کہ تھے کماتے

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ
اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور اس چیز کو کہ درمیان اُنکے ہے مگر ساتھ حق کے اور تحقیق

السَّاعَةَ لَاٰتِیَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِیْلَ ﴿۸۵﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ
قیامت البتہ آنے والی ہے پس درگذر کر درگذر کرنا نیک ف۴ تحقیق رب تیرا وہ ہے

الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۶﴾ وَلَقَدْ اٰتَیْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنَ
پیدا کرنے والا جاننے والا اور البتہ تحقیق دیں ہم نے تجھ کو سات چیزیں کہ دہرائی جاتی ہیں اور قرآن

الْعَظِیْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ
بڑا ف۵ مت لمبی کر دونو آنکھیں اپنی طرف اس چیز کی کہ فائدہ دیا ہے ہم نے ساتھ اسکے کتنی قسموں کو انمیں سے

وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلْ
اور مت غم کھا اوپر اُن کے اور نیچے کر بازو اپنے کو واسطے ایمان والوں کے اور کہہ

اِنِّیْۤ اَنَا النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ ﴿۸۹﴾ كَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِیْنَ ﴿۹۰﴾
تحقیق میں ڈرانے والا ہوں ظاہر ف۶ جس طرح اتارا ہم نے اوپر بانٹنے والوں کے

الَّذِیْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِیْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ
جنہوں نے کیا قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے پس قسم ہے رب تیرے کی البتہ سوال کرینگے ہم اُن سے

اَجْمَعِیْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ
سب سے اس چیز سے کہ تھے عمل کرتے ف۷ پس آشکارا کر اس چیز کو کہ حکم کیا جاتا ہے تو

ف۱ مکے سے شام کو جاتے ہوئے وہ بستی راہ پر نظر آتی تھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بن کے رہنے والے یعنی قوم شعیب مدین میں رہتے تھے اور پاس اس شہر کے درختوں کا بن تھا وہاں بھی رہتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حجر والے فرمایا ثمود کو ان کے ملک کا نام حجر تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ پہلی اُمتوں کا احوال سنا کر فرمایا کہ یہ جہان خالی نہیں پڑا سر پر ایک مدبر ہے ہر چیز کا تدارک کرنے والا پورا تدارک آخر کو قیامت ہے اور کنارہ پکڑنے کو فرمایا جب حکم پہنچا چکے اور کافر ضد پر آئے تب حکم ہوا کہ جھگڑنے کا فائدہ نہیں وعدہ کی راہ دیکھو ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی یہ نعمت بڑی دیکھ اور کافروں کی ضد سے خفا نہ ہو، سات آیتیں وظیفہ کیا سورۂ فاتحہ کو اور بڑا قرآن بھی اسی کو کہا ہر سورہ قرآن ہے یہ سب سے بڑی ہے درجے میں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو اللہ تعالےٰ نے قرآن دیا ہو پھر کسی کی اور نعمت دیکھ کر ہوس کرے اس نے قرآن کی قدر نہ جانی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی تیرا کام دل پھیر دینا نہیں یہ خدا سے ہوسکتا ہے جو کوئی ایمان نہ لاوے تو غم

(باقی صفحہ ۳۱۹ پر)

وَاَعۡرِضۡ عَنِ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿٩٤﴾ اِنَّا كَفَيۡنٰكَ الۡمُسۡتَهۡزِءِيۡنَ ﴿٩٥﴾

اور منہ پھیرلے مشرکوں سے تحقیق ہم نے کفایت کیا ہے تجھ کو ٹھٹھا کرنے والوں سے

الَّذِيۡنَ يَجۡعَلُوۡنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ‌ۚ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿٩٦﴾

وہ جو مقرر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے معبود اور پس البتہ جانیں گے

وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّكَ يَضِيۡقُ صَدۡرُكَ بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ ﴿٩٧﴾ فَسَبِّحۡ

اور البتہ تحقیق جانتے ہیں ہم یہ کہ تو تنگ ہو جاتا ہے سینہ تیرا ساتھ اس چیز کے کہ کہتے ہیں پس پاکی بیان کر

بِحَمۡدِ رَبِّكَ وَكُنۡ مِّنَ السّٰجِدِيۡنَ ﴿٩٨﴾ وَاعۡبُدۡ رَبَّكَ حَتّٰى

ساتھ تعریف رب اپنے کے اور ہو سجدہ کرنے والوں سے اور عبادت کر پروردگار اپنے کو یہاں تک

يَاۡتِيَكَ الۡيَقِيۡنُ ﴿٩٩﴾

کہ آوے تجھ کو موت ف١

ع ٢٠ ٦ ٦

ف١ یعنی موت کہ بیشک ہے۔ ١٢۔ منہ رح

(بقیہ ص ٣١٨ سے آگے) نہ کھا۔ ١٢۔ منہ رح

ف کافر سنتے تھے سورتوں کے نام تو آپس میں ٹھٹھے سے بانٹتے کوئی کہتا میں بقرہ لونگا یا مائدہ تجھ کو عنکبوت دونگا۔ ١٢۔ منہ رح

سُوۡرَةُ النَّحۡلِ مَكِّيَّةٌ — بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ — اٰيَاتُهَا ١٢٨ رُكُوۡعَاتُهَا ١٦

سورۂ نحل مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے ایک سو اٹھائیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

اَتٰۤى اَمۡرُ اللّٰهِ فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡهُ‌ؕ سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿١﴾

آیا حکم اللہ کا پس مت جلدی کرو اس کو پاک ہے وہ اور بلند ہے اس چیز سے کہ شریک کرتے ہیں

يُنَزِّلُ الۡمَلٰٓـئِكَةَ بِالرُّوۡحِ مِنۡ اَمۡرِهٖ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ

اتارتا ہے فرشتوں کو ساتھ روح کے حکم اپنے سے اوپر جس کے چاہتا ہے

عِبَادِهٖۤ اَنۡ اَنۡذِرُوۡۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوۡنِ ﴿٢﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

بندوں اپنے سے یہ کہ ڈراؤ ساتھ اس بات کے کہ نہیں کوئی معبود مگر میں پس ڈرو مجھ سے پیدا کیا ہے آسمانوں کو

وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَـقِّ‌ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿٣﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ

اور زمین کو ساتھ حق کے بلند ہے اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں پیدا کیا انسان کو

مِنۡ نُّطۡفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيۡمٌ مُّبِيۡنٌ ﴿٤﴾ وَالۡاَنۡعَامَ خَلَقَهَا‌ۚ لَـكُمۡ

نطفے سے پس ناگہاں وہ جھگڑنے والا ہے ظاہر اور چارپایوں کو پیدا کیا ان کو واسطے تمہارے

فِيۡهَا دِفۡءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿٥﴾ وَلَـكُمۡ فِيۡهَا جَمَالٌ

بیچ اس کے اسباب گرمی کا اور فائدے ہیں اور اس میں سے کھاتے ہو اور واسطے تمہارے بیچ اس کے جمال ہے

حِيۡنَ تُرِيۡحُوۡنَ وَحِيۡنَ تَسۡرَحُوۡنَ ﴿٦﴾ وَتَحۡمِلُ اَثۡقَالَـكُمۡ

جس وقت کہ شام کو پھیگا لاتے ہو اور جب چگانے کو نکالتے ہو اور اٹھا لے جاتے ہیں بوجھ تمہارے

إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ ۚ إِنَّ رَبَّكُمْ
طرف کسی شہر کی کہ نہ تھے تم پہنچنے والے اس کے مگر ساتھ آدھی جان کے تحقیق پروردگار تمہارا

لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٧﴾ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا
البتہ شفقت کرنے والا مہربان ہے اور پیدا کیے گھوڑے اور خچریں اور گدھے تاکہ چڑھو اُن پر

وَزِينَةً ۚ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨﴾ وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ
اور واسطے زینت کے اور پیدا کرتا ہے جو کچھ کہ نہیں جانتے تم اور اوپر اللہ کے پہنچتی ہے سیدھی راہ

وَمِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٩﴾ ع هُوَ الَّذِي
اور بعضی ان میں سے کج ہے اور اگر چاہتا اللہ البتہ ہدایت کرتا تم کو سب کو ف١ وہی ہے جس نے

ع ٩/٧

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ۖ لَّكُم مِّنْهُ شَرَابٌ وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ
اتارا آسمان سے پانی واسطے تمہارے اس میں سے پینا ہے اور اس میں سے درخت ہیں کہ بیچ اسکے

تُسِيمُونَ ﴿١٠﴾ يُنبِتُ لَكُم بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَ
چراتے ہو اگاتا ہے واسطے تمہارے ساتھ اس کے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور

الْأَعْنَابَ وَمِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ
انگور اور ہر ایک میووں سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم

يَتَفَكَّرُونَ ﴿١١﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
کے کہ فکر کرتے ہیں اور مسخر کیا واسطے تمہارے رات اور دن اور سورج اور چاند

وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ
اور تارے مسخر ہیں ساتھ حکم اس کے کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے

يَعْقِلُونَ ﴿١٢﴾ وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ۗ إِنَّ
کہ سمجھتے ہیں ف٢ اور جو کچھ پھیلا دیا ہے واسطے تمہارے بیچ زمین کے کہ مختلف ہیں رنگ اس کے تحقیق

فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ
بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم کے کہ نصیحت پکڑتے ہیں ف٣ اور وہ ہے جس نے مسخر کیا

الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً
دریا کو تو کہ کھاؤ اس میں سے گوشت تازہ اور نکالو اس میں سے گہنا

تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن
کہ پہنتے ہو اس کو اور دیکھتا ہے تو کشتیوں کو پانی پھاڑنے والی بیچ اس کے اور تو کہ ڈھونڈو

ف١ یعنی اس کی قدر نہیں دیکھ کر صاف معلوم ہوتی ہیں اس کی خوبیاں اور جس کی عقل سیدھی نہیں وہ بھٹکتا ہے۔ ١٢۔ منہ

ف٢ چار چیزوں سے بندوں کے کام لگ رہے ہیں صریح لیکن اور ستاروں سے کچھ ظاہر ہیں ان کو کام نہیں ان کو جدا فرمایا۔ ١٢۔ منہ

ف٣ شاید اس سے مراد جانور ہیں۔ ١٢۔ منہ

فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاَلْقٰى فِى الْاَرْضِ رَوَاسِىَ

فضل اسکے سے اور توکہ تم شکر کرو ف۱ اور ڈالے بیچ زمین کے پہاڑ

اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

ایسا نہ ہو کہ ہل جاوے ساتھ تمہارے اور نہریں اور راہیں توکہ تم راہ پاؤ ف۲

وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا

اور نشانیاں راہ کی اور ساتھ تاروں کے وہ راہ پاتے ہیں ف۳ آیا پس جو شخص کہ پیدا کرتا ہے مانند اسکی ہے کہ نہیں

يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا

پیدا کرتا کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے تم اور اگر گنو تم نعمتیں اللہ کی نہ

تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

پورا گن سکو ان کو تحقیق اللہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے اور اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہو تم

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ

اور جو ظاہر کرتے ہو تم ف۴ اور ان لوگوں کو کہ پکارتے ہیں سوائے اللہ کے نہیں پیدا کرتے

شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ؕ ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ

کچھ اور وہ پیدا کیے جاتے ہیں مردے ہیں نہیں زندے اور نہیں جانتے

اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ ع اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

کب اٹھائے جائیں گے ف۵ معبود تمہارا معبود اکیلا ہے پس جو لوگ کہ نہیں ایمان لاتے

بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا جَرَمَ

ساتھ آخرت کے دل ان کے انکار کرتے ہیں اور وہ تکبر کرنے والے ہیں نہیں شک

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

یہ کہ اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہیں اور جو کچھ کہ ظاہر کرتے ہیں تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا

الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا

تکبر کرنے والوں کو اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے کیا اتارا ہے پروردگار تمہارے نے کہتے ہیں

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ ۙ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ

کہانیاں ہیں پہلوں کی توکہ اٹھاویں بوجھ اپنے پورے دن

الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اَلَا

قیامت کے اور بعضے گناہوں ان لوگوں کے سے کہ گمراہ کرتے ہیں انکو بغیر علم کے خبردار ہو

ف۱ تلاش کرو اس کے فضل سے یعنی روزی کماؤ سوداگری سے دریا ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ایک ملک سے دوسرے ملک میں جا سکو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی راہ میں پتے رکھے کہ بھول نہ جاویں۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ شاید اس جگہ یہ بات اس پر فرمائی کہ بعضے شخص بات میں لاجواب ہوتے ہیں پر دل میں بات نہیں بیٹھتی سو خدا دل پر پکڑتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ ۱۲ ۸

ف۵ شاید یہ ان کو فرمایا جو مرے بزرگوں کو پوجتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٤ ٩

سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ

بُرا ہے جو کچھ بوجھ اٹھاتے ہیں تحقیق مکر کیا تھا ان لوگوں نے جو پہلے اُن سے تھے پس آیا عذاب اللہ کا

بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ

عمارت ان کی کے پاس نیووں سے پس گر پڑی اوپر ان کے چھت اُوپر ان کے سے

وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور آیا ان کے پاس عذاب اس جگہ سے کہ نہیں جانتے تھے ف پھر دن قیامت کے

يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ

رُسوا کرے گا ان کو اور کہے گا کہاں ہیں شریک میرے وہ جو تھے تم جھگڑتے

فِيْهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى

بیچ ان کے کہیں گے وہ لوگ کہ دیئے گئے تھے علم تحقیق رسوائی آج کے دن اور برائی اُوپر

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٧﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۪ فَاَلْقَوُا

کافروں کے ہے جو قبض کرتے تھے اُن کو فرشتے اس حالت میں کہ ظلم کرنے والے تھے جانوں اپنی کو پس ڈالی انہوں نے

السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ

صلح نہ تھے ہم کرتے کچھ بُرائی یوں نہیں تحقیق اللہ جاننے والا ہے ساتھ اُس چیز کے کہ تھے تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ

کرتے پس داخل ہو دروازوں دوزخ کے ہیں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے پس البتہ بُری ہے

مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ

جگہ تکبر کرنے والوں کی اور کہا گیا ہے واسطے ان لوگوں کے جو پرہیزگاری کرتے ہیں کیا اتارا تھا

رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ

پروردگار تمہارے نے کہا انہوں نے بھلائی واسطے ان لوگوں کے کہ احسان کرتے ہیں بیچ اس دنیا کے بھلائی ہے

وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٠﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ

اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے اور البتہ بہتر ہے گھر پرہیزگاروں کا بہشتیں ہمیشہ رہنے کی

يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ

داخل ہوں گے اُن میں چلتی ہیں نیچے ان کے نہریں واسطے انکے ہے بیچ ان کے جو چاہیں

كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣١﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

اسی طرح جزا دیتا ہے اللہ پرہیزگاروں کو جو لوگ کہ قبض کرتے ہیں ان کو فرشتے

ف چنانچہ پہنچا نیو سے اور چھت گر پڑی یعنی ان کے فریب اور دغا اکھاڑ مارے۔ ۱۲ منہ

طَيِّبِينَ يَقُولُونَ سَلَامٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٢﴾
اس حالت میں کہ پاکیزہ ہیں کہتے ہیں فرشتے سلامتی ہے اوپر تمہارے داخل ہو بہشت میں بسبب اسکے کہ تھے تم عمل کرتے

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ
نہیں انتظار کرتے مگر یہ کہ آویں ان کے پاس فرشتے یا آوے حکم پروردگار تیرے کا

كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِن
اسی طرح کیا تھا ان لوگوں نے کہ پہلے اُن سے تھے اور نہیں ظلم کیا تھا اُن کو اللہ نے و لیکن

كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٣٣﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا
تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے پس پہنچیں ان کو برائیاں اس چیز کی کہ کیا تھا انہوں نے

وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٣٤﴾ وَقَالَ الَّذِينَ
اور گھیر لیا اُن کو اس چیز نے کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے اور کہا اُن لوگوں نے جو

أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ نَّحْنُ
شریک لاتے ہیں اگر چاہتا اللہ نہ عبادت کرتے ہم سوائے اس کے کسی چیز کو ہم

وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ
اور نہ باپ ہمارے اور نہ حرام کرڈالتے ہم سوائے اس کے یعنی بن کہے اسکے کسی چیز کو اسی طرح کیا اُن

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ
لوگوں نے جو پہلے اُن سے تھے پس کیا ہے اوپر پیغمبروں کے مگر پہنچا دینا ظاہر ف١ اور البتہ تحقیق

بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا
بھیجے ہیں ہم نے بیچ ہر ایک اُمت کے پیغمبر یہ کہ عبادت کرو اللہ کو اور ایک طرف رہو

الطَّاغُوتَ ۖ فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ
بتوں سے پس بعضے ان میں سے وہ تھے کہ ہدایت کی انکو اللہ نے اور بعضے انمیں سے وہ ہیں کہ ثابت ہوئی اُوپر انکے

الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ
گمراہی پس سیر کرو بیچ زمین کے پس دیکھو کیونکر ہوا

عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿٣٦﴾ إِن تَحْرِصْ عَلَىٰ هُدَاهُمْ فَإِنَّ
آخر کام جھٹلانے والوں کا ف٢ اگر حرص کرے تو اوپر ہدایت ان کی کے پس تحقیق

اللَّهَ لَا يَهْدِي مَن يُضِلُّ ۖ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٣٧﴾
اللہ نہیں ہدایت کرتا اس شخص کو کہ گمراہ کرتا ہے اور نہیں واسطے ان کے کوئی مددگار

ع ٥ / ١٠

ف١ یہ نادانوں کے کلام ہیں کہ اللہ کو یہ کام بُرا لگتا تو کیوں کرنے دیتا۔ آخر ہر فرقے کے نزدیک بعضے کام بُرے ہیں پھر وہ کیوں ہوتے ہیں۔ یہاں جواب مجمل فرمایا کہ ہمیشہ رسول منع کرتے آئے ہیں اسی سے جس کی قسمت تھی ہدایت پائی جو خراب ہونا تھا خراب ہوا اللہ کو یہی منظور ہے۔ ١٢- منہ رح

ف٢ طاغوت وہ جو ناحق سرداری کا دعوٰی کرے کچھ سند نہ رکھے ایسے کو طاغوت کہتے ہیں بت اور شیطان اور زبردست ظالم سب یہی ہیں۔ ١٢- منہ رح

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ
اور قسم کھائی اُنہوں نے ساتھ اللہ کے سخت قسم اپنی کہ نہ اٹھاوے گا اللہ اُن کو جو مر جاتے ہیں

بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ
یوں نہیں وعدہ کیا ہے اوپر اپنے ثابت و لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے تو کہ بیان کرے

لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا
واسطے اُن کے وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اُس کے اور تاکہ جانیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے یہ کہ وُہ ہیں

كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ
جھوٹے ف۱ سوائے اس کے نہیں کہ کہنا ہمارا واسطے کسی چیز کے کہ جب ارادہ کرتے ہیں ہم اس کو یہ کہتے ہیں ہم اسکو ہو

فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا
پس ہو جاتی ہے ف۲ اور جن لوگوں نے کہ وطن چھوڑا بیچ راہ اللہ کے پیچھے اس کے کہ ظلم کیے گئے

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا
البتہ جگہ دیں گے ہم انکو بیچ دنیا کے اچھی یعنی مہاجرین کو اور البتہ ثواب آخرت کا بہت بڑا ہے کاش کہ

يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ ۙ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمَآ
ہوتے جانتے جن لوگوں نے صبر کیا اور اوپر رب اپنے کے توکل کرتے ہیں اور نہیں

اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْــَٔلُوْٓا
بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے مگر مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف اُن کی پس سوال کرو

اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ ۙ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ
یاد والوں کو اگر ہو تم نہیں جانتے ف۳ یعنی بھیجا ہم نے ان کو ساتھ دلیلوں کے اور کتابوں کے

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ
اور اتارا ہم نے طرف تیری ذکر کو تو کہ بیان کرے تو واسطے لوگوں کے وہ چیز کہ اتاری گئی ہے طرف ان کی

وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ
اور تو کہ وہ فکر کریں کیا پس نڈر ہو گئے وہ لوگ جو مکر کرتے ہیں برائیاں یہ کہ

يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ
دھسا دیوے اللہ ساتھ ان کے زمین کو یا آوے ان کے پاس عذاب اس

حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾ ۙ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ
جگہ سے کہ نہیں جانتے یا پکڑ لے ان کو بیچ چلنے پھرنے ان کے کے پس نہیں وُہ

ع ۵ / ۶ / ۱۱ — وقف لازم — النصف

ف۱ یعنی اس جہان میں بہت باتوں کا شبہ رہا اور کسی نے اللہ کو نہ مانا کوئی منکر رہا تو دوسرا جہان ہونا لازمی ہے کہ جھگڑے تحقیق ہوں سچ اور جھوٹ جُدا ہو اور مطیع اور مُنکر اپنا کیا پاویں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی مُردوں کو جِلانا ہمارے پاس مشکل نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یاد رکھنے والے یعنی اہلِ کتاب کہ اگلے احوال جانتے تھے۔ ۱۲۔منہ رح

بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۴۶﴾ اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمۡ
عاجز کرنے والے یا پکڑلے ان کو اوپر ڈرانے کے پس تحقیق پروردگار تمہارا
لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۴۷﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ
البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے کیا نہیں دیکھا انہوں نے طرف اس کی کہ پیدا کیا اللہ نے ہر چیز سے
يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمۡ
پھرتے ہیں سائے اس کے داہنی طرف سے اور بائیں طرف سے سجدہ کرتے ہوئے واسطے اللہ کے اور وہ
دٰخِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾ وَلِلّٰهِ يَسۡجُدُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ
ذلیل ہیں اُسکے آگے ف اور واسطے اللہ کے سجدہ کرتے ہیں جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہیں
مِنۡ دَآبَّةٍ وَّالۡمَلٰٓئِكَةُ وَهُمۡ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ﴿۴۹﴾ يَخَافُوۡنَ
چلنے والوں سے اور فرشتے اور وہ نہیں تکبر کرتے ف۲ ڈرتے ہیں
رَبَّهُمۡ مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ وَيَفۡعَلُوۡنَ مَا يُؤۡمَرُوۡنَ ﴿۵۰﴾ السجدة ۞ وَقَالَ اللّٰهُ
پروردگار اپنے سے اوپر اپنے سے اور کرتے ہیں جو کچھ حکم کیے جاتے ہیں ف۳ اور کہا اللہ نے
لَا تَتَّخِذُوۡۤا اِلٰهَيۡنِ اثۡنَيۡنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّاىَ
مت پکڑو دو معبود سوائے اس کے نہیں کہ وہ معبود اکیلا ہے پس مجھ ہی
فَارۡهَبُوۡنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَلَهُ الدِّيۡنُ
سے ڈرو اور واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے اور واسطے اُسی کے ہے
وَاصِبًا ؕ اَفَغَيۡرَ اللّٰهِ تَتَّقُوۡنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمۡ مِّنۡ نِّعۡمَةٍ فَمِنَ
عبادت لازم کیا پس غیر خدا کے سے ڈرتے ہو اور جو کچھ تمہارے پاس ہے نعمت سے پس
اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيۡهِ تَجۡـئَرُوۡنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا
اللہ کی طرف سے ہے پھر جب لگتی ہے تم کو سختی پس طرف اسی کی فریاد کرتے ہو پھر جب
كَشَفَ الضُّرَّ عَنۡكُمۡ اِذَا فَرِيۡقٌ مِّنۡكُمۡ بِرَبِّهِمۡ يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۵۴﴾
کھول دیتا ہے سختی کو تم سے ناگہاں ایک فرقہ تم میں سے ساتھ پروردگار اپنے کے شریک لاتا ہے
لِيَكۡفُرُوۡا بِمَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ ؕ فَتَمَتَّعُوۡا ۚ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۵۵﴾
تو کہ کفر کریں ساتھ اس چیز کے کہ دیا ہے ہم نے ان کو پس اٹھالو فائدہ پس البتہ جانو گے
وَيَجۡعَلُوۡنَ لِمَا لَا يَعۡلَمُوۡنَ نَصِيۡبًا مِّمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ ؕ تَاللّٰهِ
اور مقرر کرتے ہیں واسطے اس چیز کے کہ نہیں جانتے ایک حصہ اس چیز سے کہ دی ہے ہم نے انکو قسم ہے اللہ کی

ف ہر چیز ٹھیک دوپہر میں کھڑی ہے اس کا سایہ بھی کھڑا ہے جب دن ڈھلا سایہ جھکا پھر جھکتے جھکتے شام تک زمین پر پڑ گیا، جیسے نماز میں کھڑے سے رکوع، رکوع سے سجدہ۔ اسی طرح ہر چیز آپ کھڑی ہے اپنے سائے سے نماز کرتی ہے کسی ملک میں کسی موسم میں داہنے طرف جھکتا ہے کہیں بائیں طرف۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۲ السجدة

ف۲ پہلے کھڑی چیزوں کا سجدہ بیان ہوا یہ جانوروں کا اور فرشتوں کا مغرور لوگوں کو سر رکھنا زمین پر مشکل پڑتا ہے نہیں جانتے کہ بندے کی بڑائی اسی میں ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ہر بندے کے دل میں ہے کہ میرے اوپر اللہ ہے آپ کو نیچے سمجھتا ہے یہ سجدہ فرشتوں کا بھی ہے اور سب کا۔ ۱۲۔ منہ رح

لَتُسْئَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ

البتہ سوال کیے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تھے تم باندھ لیتے ف۱ اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے بیٹیاں

سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى

پاکی ہے اس کو اور واسطے انکے ہے جو کچھ کہ چاہتے ہیں ف۲ اور جب خبر دیا جاتا ہے ایک اُن کا ساتھ بیٹی کے

ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ

ہو جاتا ہے منہ اُس کا سیاہ اور وہ غم سے بھرا ہوتا ہے چھپتا پھرتا ہے قوم سے یعنی لوگوں سے

مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى

برائی اس چیز کی سے کہ بشارت دیا گیا ہے ساتھ اسکے آیا نگاہ رکھے اس کو اُوپر ذلت کے یا گاڑ دے اُس کو بیچ

التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

مٹی کے خبردار ہو بُرا ہے جو کچھ کہ حکم کرتے ہیں واسطے ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے

بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

ساتھ آخرت کے صفت بُری ہے اور واسطے اللہ کے ہے صفت بلند اور وہ ہے غالب

الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ ع وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا

حکمت والا اور اگر پکڑے اللہ لوگوں کو ساتھ ظلم اُن کے کے نہ چھوڑے اُوپر پُشتِ زمین کے

مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ

کوئی چلنے والا و لیکن ڈھیل دیتا ہے اُن کو ایک وقت مقرر تک پس جب آوے گا

اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾

وقت ان کا نہ پیچھے رہیں گے ایک ساعت اور نہ پہلے چلیں گے ف۳

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ

اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے جو کچھ کہ ناخوش رکھتے ہیں اور بیان کرتی ہیں زبانیں اُن کی جھوٹ

اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾

یہ کہ واسطے اُن کے ہے اچھی چیز نہیں شک یہ کہ واسطے اُنکے ہے آگ اور یہ کہ وہ آگے چلائے گئے ہیں ف۴

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

قسم اللہ کی البتہ تحقیق بھیجے ہم نے پیغمبر طرف اُمتوں کی پہلے تجھ سے پس زینت دی واسطے اُنکے شیطان نے

اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا

عملوں اُن کے کو پس وہی ہے دوست اُنکا آج کے دن اور واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا اور نہیں اُتاری ہم نے

ف۱ یہ اُن کو فرمایا جو اپنے کھیت میں مواشی میں تجارت میں اللہ کے سوا کسی کی نیاز ٹھہراتے ہیں سب مال اللہ کا ہے اور کسی کا حق نہیں مگر اللہ کی راہ میں دے اپنے ثواب کو پھر اپنے بدلے ثواب کسی کو دلوا دے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۰ / ۷ / ۱۳

ف۲ یعنی اپنے واسطے مانگتے ہیں بیٹا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی لوگوں کو سزا دے تو مینہ بند کرے اس میں جانور بھی مریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یہ ان کو فرمایا جو ناکارہ چیزیں اللہ کے نام دیں اور اس پر یقین کریں کہ ہم کو بہشت ملے اور روز بروز دوزخ میں بڑھتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

اُوپر تیرے کتاب کو مگر تو کہ بیان کرے تو واسطے اُن کے وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اس کے

وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

اور ہدایت اور رحمت واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں اور اللہ نے اتارا ہے آسمان سے

مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

پانی پس زندہ کیا ساتھ اس کے زمین کو پیچھے موت اس کی کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۵﴾ ع وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ

واسطے اس قوم کے کہ سنتے ہیں ف۱ اور تحقیق واسطے تمہارے بیچ چارپایوں کے البتہ عبرت ہے پلاتے ہیں ہم تم کو

ع ۸/۵/۱۴

مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا

اس چیز سے کہ بیچ پیٹوں انکے ہے درمیان سے گوبر اور لہو کے دودھ خالص آسانی سے حلق سے گزرنیوالا

لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ

واسطے پینے والوں کے اور میوے کھجوروں کے اور انگوروں کے سے لیتے ہو تم

مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

اس سے مست کرنے والی چیزیں اور رزق اچھا تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم کے

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ

کہ سمجھتے ہیں اور وحی بھیجی پروردگار تیرے نے طرف مکھی شہد کے یہ کہ پکڑ لے

الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِيْ

پہاڑوں سے گھر اور درختوں سے اور اس چیز سے کہ بلند کرتے ہیں ف۲ پھر کھا

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ

سب میووں سے پس چل راہوں پروردگار اپنے کی ہیں مسخر کی ہوئی نکلتی ہیں

مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۭ

پیٹوں انکے سے پینے کی چیزیں کہ مختلف ہیں رنگ اس کے بیچ اس کے شفا ہے واسطے لوگوں کے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ

تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۳ اور اللہ نے پیدا کیا تم کو

ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ

پھر قبض کرے گا تم کو اور بعض تم میں سے وہ شخص ہے کہ پھیرا جاتا ہے طرف ناکارہ عمر کی تو کہ

ف۱ یعنی اسی طرح قرآن سے جاہلوں کو عالم کریگا اگر دل سے سنیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی انگور کی بیل چڑھانے کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ تین پتے بتائے برے میں سے بھلا نکلنے کے جانور کے پیٹ میں سے دُودھ اور نشا کے انگور کھجور سے روزی پاک اور مکھی کے پیٹ سے شہد یعنی اس قرآن سے جاہلوں کی اولاد عالم نکلے گی۔ حضرت صلعم کے وقت یہی ہوا کافروں کی اولاد کامل ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٩ / ٥ / ١٥

لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٧٠﴾ ع وَاللّٰهُ

نہ جانے پیچھے جاننے کے کچھ تحقیق اللہ جاننے والا ہے قدرت والا ف۱ اور اللہ نے

فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا

بزرگی دی بعضے تمہارے کو اوپر بعض کے بیچ رزق کے پس نہیں وہ لوگ کہ بزرگی دیئے گئے ہیں

بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰي مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ

پھیر دینے والے رزق اپنے کو اوپر اس کے جو مالک ہوئے تھے داہنے ہاتھ ان کے پس وہ بیچ اس کے

سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿٧١﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

برابر ہوں کیا پس ساتھ نعمت اللہ کے انکار کرتے ہیں ف۲ اور اللہ نے پیدا کیں واسطے تمہارے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

جنس تمہاری سے جوڑے ہیں اور پیدا کیے واسطے تمہارے بی بیوں تمہاری سے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ

بیٹے اور پوتے اور رزق دیا تم کو پاکیزہ چیزوں سے کیا پس ساتھ باطل کے

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَيَعْبُدُوْنَ

ایمان لاتے ہیں اور ساتھ نعمت اللہ کے وہ کفر کرتے ہیں ف۳ اور عبادت کرتے ہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ

سوائے اللہ کے اس چیز کو کہ نہیں اختیار رکھتے واسطے ان کے رزق کا آسمانوں سے

وَالْاَرْضِ شَيْـــًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٧٣﴾ۚ فَلَا تَضْرِبُوْا

اور زمین سے کچھ اور نہیں طاقت رکھتے ف۴ پس مت بیان کرو

لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٧٤﴾

واسطے اللہ کے مثالیں تحقیق اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ف۵

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ

بیان کی اللہ نے مثال کی طرح ایک غلام پرائے بس میں نہیں قدرت پاتا اوپر کسی چیز کے

وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا

اور وہ شخص کہ دیا ہم نے اس کو اپنی طرف سے رزق اچھا پس وہ خرچ کرتا ہے اس میں سے چھپے

وَّجَهْرًا ۭ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

اور ظاہر کیا برابر ہوتے ہیں سب تعریف واسطے اللہ کے ہے بلکہ اکثر ان کے

ف۱ یعنی اس اُمت میں قابل پیدا ہو کر پھر ناقص ہونے لگیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی کا غلام اس کا کھانا پکا لاوے گرمی اور دھواں آپ اٹھاوے اور تحفہ مال اس کو پہنچاوے تو لازم ہے کہ اس کو ساتھ بٹھا کر کھلاوے نہ ہو سکے تو ایک دو نوالے ہاتھ میں رکھ دے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی بتوں کا احسان مانتے ہیں کہ ہماری سے چنگا کیا یا بیٹا دیا یا روزی دی اور یہ سب جھوٹ وہ بیچ دینے والا ہے اس کے شکر گذار نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی نہ آسمان سے مینہ برسا دیں نہ زمین سے اناج نکالیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ مشرک کہتے ہیں کہ مالک اللہ ہی ہے۔ یہ لوگ اسکی سرکار میں مختار ہیں اس واسطے ان کو پوجیے سو یہ غلط مثال ہے اللہ ہر چیز آپ کرتا ہے کسی پر سپرد نہیں کر رکھا اور اگر صحیح مثال چاہو تو آگے دو مثالیں فرمائیں۔ ۱۲۔ منہ رح

لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٧٥ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ

نہیں جانتے ف۱ اور بیان کی اللہ نے مثال دو مردوں کی ایک ان دونو کا

اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا

گونگا ہے نہیں قدرت رکھتا اوپر کسی چیز کے اور وہ بوجھ ہے اوپر مالک اپنے کے جدھر

يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ

بھیجے اس کو نہیں لاتا بھلائی کیا برابر ہوتا ہے وہ اور جو شخص کہ حکم کرتا ہے

بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٧٦ ع وَلِلّٰهِ غَيْبُ

ساتھ انصاف کے اور وہ اوپر راہ سیدھی کے ہے ف۲ اور واسطے اللہ کے ہے علم غیب

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ

آسمانوں کا اور زمین کا اور نہیں حال قیامت کا مگر مانند جھپکنے پلک کے

اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٧٧ وَاللّٰهُ

یا وہ زیادہ نزدیک ہے تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے اور اللہ نے

اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـــًٔا ۙ

نکالا تم کو پیٹوں ماؤں تمہاری کے سے نہیں جانتے تھے تم کچھ

وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْــِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ

اور کیا واسطے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل تو کہ تم

تَشْكُرُوْنَ ۝٧٨ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ

شکر کرو کیا نہیں دیکھا انہوں نے طرف پرند جانوروں کی کہ مسخّر کیے گئے ہیں بیچ ادھر

السَّمَاۗءِ ۭ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

آسمان کے نہیں تھام رکھتا ان کو مگر اللہ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے

يُّؤْمِنُوْنَ ۝٧٩ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ

کہ ایمان لاتے ہیں ف۳ اور اللہ نے کی واسطے تمہارے گھروں تمہارے سے ایک جگہ رہنے کی اور کیا

لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ

واسطے تمہارے چمڑے جانوروں کے سے گھر کہ ہلکا جانتے ہو تم اس کو دن

ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا

سفر اپنے کے اور دن مقام اپنے کے اور بالوں بھیڑوں کے اور بالوں اونٹوں کے

ع ۱۰ ۶ ۱۲

ف۱ یعنی اللہ مالک ہر چیز کا جس کو چاہے سو دے اور بت مالک نہیں کسی چیز کا بلکہ آپ پرایا مال ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی خدا کے دو بندے یک بت نکما نہ ہل سکے نہ چل سکے جیسے گونگا غلام دوسرا رسول جو اللہ کی راہ بتا دے ہزاروں کو اور آپ بندگی پر قائم ہے اس کے تابع بہتر یا اس کے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی ایمان لانے میں بعضے اٹکتے ہیں، معاش کی فکر سے سو فرمایا کہ ماں کے پیٹ سے کوئی کچھ نہیں لاتا اسباب کمائی کے آنکھ، کان، دل اللہ ہی دیتا ہے اور اڑتے جانور ادھر ہیں کس کے بھروسے رہتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ
اور بالوں بکریوں کے سے اسباب اور فائدہ ہے ایک مدت تک ف۱ اور اللہ نے کیے واسطے تمہارے

مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ
اس چیز سے کہ پیدا کیا ہے سائے اور کیے واسطے تمہارے پہاڑوں سے سائے اور کیے

لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ
واسطے تمہارے کرتے بڑے بڑے کہ بچاتے ہیں تم کو گرمی سے اور کرتے ہیں کہ بچاتے ہیں تم کو لڑائی تمہاری سے

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ
اسی طرح پورا کرتا ہے نعمت اپنی کو اوپر تمہارے تو کہ تم مطیع ہو ف۲ پس اگر

تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ
پھر جاویں پس سوائے اس کے نہیں کہ اوپر تیرے پہنچا دینا ظاہر ہے پہچانتے ہیں نعمت

اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع وَيَوْمَ نَبْعَثُ
اللہ کی پھر انکار کرتے ہیں اس کا اور اکثر ان کے کافر ہیں اور جس دن کہ کھڑا کریں گے

مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ
ہم ہر امت سے گواہ پھر نہ اذن دیا جائے گا واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے اور نہ وہ

يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا
عذر قبول کیے جاوینگے ف۳ اور جب دیکھیں کہ وہ لوگ کہ ظالم ہیں عذاب کو پس نہ

يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ
ہلکا کیا جاوے گا ان سے اور نہ ڈھیل دیئے جاویں گے اور جب دیکھیں گے وہ لوگ جو

اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ
شریک لاتے ہیں شریکوں اپنوں کو کہیں گے اے پروردگار ہمارے یہ ہیں شریک ہمارے وہ جو

كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ
تھے ہم پکارتے سوائے تیرے پس ڈالیں گے طرف ان کی بات تحقیق تم

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾ ۚ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ۨ السَّلَمَ وَضَلَّ
البتہ جھوٹے ہو ف۴ اور ڈالیں گے طرف اللہ کی اس دن صلح اور کھوئی جاوے گی

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا
ان سے وہ چیز کہ تھے باندھ لیتے وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور بند کیا انہوں نے

ف۱ اون بھیڑ کی پشم اور بریاں اونٹ کی پشم۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جن کرتوں میں گرمی کا بچاؤ ہے سردی کا بھی بچاؤ ہے پر اس ملک میں گرمی بہت ہے اسی کا ذکر فرمایا اور لڑائی کا بچاؤ زرہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۱ / ۷ / ۱۷

ف۳ حکم نہ ملے گا بولنے کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جو لوگ پوجتے ہیں بزرگوں کو وہ بزرگ بے گناہ ہیں ایک شیطان اپنا وہی نام رکھ کر آپ کو پجواتا ہے اسی سے ان کو کہیں گے کہ تم جھوٹے ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا

راہ خدا کی سے زیادہ دیں گے ہم ان کو عذاب اُوپر عذاب کے بسبب اس کے کہ تھے

يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ

فساد کرتے اور جس دن کہ کھڑا کریں گے ہم بیچ ہر اُمّت کے گواہ اُوپر اُن کے

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ

جانوں اُن کی سے اور لادیں گے ہم تجھ کو گواہ اُوپر ان لوگوں کے اور اتاری ہم نے اُوپر تیرے

الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى

کتاب بیان کرنے والی ہر چیز کی اور ہدایت اور رحمت اور خوش خبری

لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ

واسطے مسلمانوں کے تحقیق اللہ حکم کرتا ہے ساتھ عدل کے اور احسان کے

وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ج

اور دینے قرابت والوں کے اور منع کرتا ہے بے حیائی سے اور نامعقول سے اور سرکشی سے

يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ

اور نصیحت کرتا ہے تم کو تو کہ تم نصیحت پکڑو ف۱ اور پورا کرو عہد اللہ کا جب عہد باندھو تم

وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ

اور مت توڑو قسموں کو پیچھے مضبوطی اُن کی کے اور تحقیق کیا ہے تم کو اللہ نے

عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا

اُوپر اپنے ضامن تحقیق اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم اور مت ہو مانند

كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ

اس عورت کی کہ توڑ ڈالا کاتے اپنے کو پیچھے قوت کے ریزہ ریزہ پکڑتے ہو تم

اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ

قسموں اپنی کو دخل دینے والی درمیان اپنے اس واسطے کہ ہوئی کوئی امّت بڑھی ہوئی دوسری

اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

جماعت سے سوائے اس کے نہیں کہ آزمائش کرتا ہے تم کو اللہ ساتھ اسکے اور البتہ بیان کریگا واسطے تمہارے دن قیامت کے

مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً

جو کچھ کہ تھے تم بیچ اسکے اختلاف کرتے ف۲ اور اگر چاہتا اللہ البتہ کر دیتا تم کو اُمّت

ف۱ غیر کے مقدمہ میں انصاف چاہیئے یعنی برابر رکھنا اور اپنی طرف سے بھلائی ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۲ / ۶ / ۱۸

ف۲ کوئی قول دے کر دغا کرتا ہے اسی واسطے کہ زبردست کو گرا دے اور کمزور کو چڑھا دے یہ اللہ نے آزمانے کو رکھا ہے کسی کے بدلے سے بدلا نہیں جاتا ادبار سے اقبال وہی لا دے تو آوے اور بد قولی کا خیال تبھی آتا ہے جب ادبار آنا ہوتا ہے دوسرا گرایا نہ گرا، اوّل آپ گرتا ہے اپنے بنے کام کو خراب کرنا جیسے ایک عورت دیوانی تھی مالدار سارے برس سُوت کتواتی کہ جڑاؤں دونگی اقربا کو۔ جب جاڑا شروع ہوتا سوت کتر کر بوٹی بوٹی سب کو بانٹتی۔ ۱۲۔ منہ رح

وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

ایک و لیکن گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ہدایت کرتا ہے جس کو چاہتا ہے

وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ

اور البتہ پوچھے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تھے تم عمل کرتے ف۱ اور مت پکڑو قسموں اپنی کو

دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ

دخل دینے والیں درمیان اپنے پس ڈگ جاویگا قدم تمہارا پیچھے ثابت ہونے اسکے کے اور چکھو گے تم برائی

بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾

بسبب اس کے کہ بند کیا تم نے راہ اللہ کی سے اور ہوگا واسطے تمہارے عذاب بڑا ف۲

وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ

اور مت مول لو بدلے عہد اللہ کے مول تھوڑا سا تحقیق وہ چیز کہ نزدیک اللہ کے ہے وہ

خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا

بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ف۳ جو کچھ نزدیک تمہارے ہے تمام ہو جاتا ہے اور جو کچھ

عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ

نزدیک اللہ کے ہے باقی رہنے والا ہے اور البتہ جزا دینگے ہم ان لوگوں کو کہ صبر کرتے ہیں ثواب اُن کا ساتھ بہتر

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى

اس چیز کے کہ تھے کرتے جو کوئی کرے کام اچھا مردوں سے ہو یا عورتوں سے

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

اور وہ ہو ایمان والا پس البتہ زندہ کریں گے ہم اس کو زندگی پاکیزہ ف۴ اور البتہ بدلا دیں گے ہم اُن کو

اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ

ثواب اُن کا بہتر اس چیز کے کہ تھے عمل کرتے ف۵ پس جب پڑھے تو

الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ

قرآن پس پناہ مانگ ساتھ اللہ کے شیطان راندے ہوئے سے تحقیق شیطان

لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ

نہیں واسطے اس کے غلبہ اُوپر ان لوگوں کے کہ ایمان لائے اور اُوپر پروردگار اپنے کے

يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ

وہ توکل کرتے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ غلبہ اس کا اوپر ان لوگوں کے ہے کہ دوستی کرتے ہیں اس کی

ف۱ اس سے معلوم ہوا کہ کافر کو بدقولی سے نہ ماریئے کفران باتوں سے مٹتا نہیں اور اپنے اُوپر وبال آتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مسلمانی کو بدنام نہ کرو کہ یقین لانے والے شک میں پڑیں اور تم پر یہ گناہ چڑھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ پہلے مذکور تھا آپس کے قول توڑنے کا اب ذکر ہے اللہ سے قول توڑنے کا یعنی مال کی طمع سے حکم شرع کے خلاف نہ کرو، وہ مال وبال لاوے گا جو موافق شرع ہاتھ لگے وہی بہتر ہے تمہارے حق میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اچھی زندگی قیامت کو جلادیں گے یا دنیا میں اللہ کی محبت میں اور لذت میں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ع وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ
اور وہ لوگ کہ وہ ساتھ خدا کے شریک کرتے ہیں ف۱ اور جب بدل ڈالتے ہیں ہم ایک آیت کو جگہ

اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ
ایک آیت کی اور اللہ خوب جانتا ہے اس چیز کو کہ اتارتا ہے کہتے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ تو باندھ لینے والا ہے

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ
بلکہ اکثر اُن کے نہیں جانتے ف۲ کہہ کہ اتارا ہے اس کو جان پاک نے

مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى
پروردگار تیرے کی طرف سے ساتھ حق کے تو کہ ثابت رکھے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور ہدایت

وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ
اور خوش خبری واسطے مسلمانوں کے ف۳ اور البتہ تحقیق جانتے ہیں ہم یہ کہ وہ کہتے ہیں

اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ
سوائے اس کے نہیں کہ سکھاتا ہے اُسکو آدمی زبان اس شخص کی کہ کجراہی کرتے ہیں طرف اُس کی عجمی ہے

وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
اور یہ زبان عربی ہے ظاہر ف۴ تحقیق وہ لوگ جو کہ نہیں ایمان لاتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾
ساتھ نشانیوں اللہ کی کے نہ ہدایت کریگا ان کو اللہ اور واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا ف۵

اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ
سوائے اس کے نہیں کہ باندھ لیتے ہیں جھوٹ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ہیں ساتھ نشانیوں

اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ
اللہ کے اور یہ لوگ وہی ہیں جھوٹے جو کوئی کفر کرے ساتھ اللہ کے

بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ
پیچھے ایمان اپنے کے مگر وہ شخص کہ زبردستی کیا گیا اور دل اس کا آرام میں ہے ساتھ ایمان کے

وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ
و لیکن جو شخص کہ کھل گیا ساتھ کفر کے سینہ اس کا پس اُوپر اُن کے ہے غصہ

مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ
اللہ کا اور واسطے اُن کے ہے عذاب بڑا ف۶ یہ اس واسطے ہے کہ

ع ۱۴ / ۱۱ / ۱۹

ف۱ دنیا میں کسی آدمی کو کوئی شیطان یعنی جن ستانے لگے تو اس کے رجوع نہ ہو وہ اور سر چڑھتا ہے بلکہ اللہ کی پناہ میں دوڑے اس کا کلام ہے اور اسی کے نام ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ اس کلام میں اللہ تعالےٰ نے اکثر نسخ فرمایا ہے تو کافر شبہ کرتے اس کا جواب سمجھا دیا۔ یعنی ہر وقت پر موافق اس وقت کے حکم بھیجے تو یقین والوں کا دل قوی ہو کہ ہمارا رب ہر حال سے باخبر ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی ہر حال میں اس کے موافق راہ سوجھاوے اور ہر کام پر ویسی خوشخبری سنا دے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ ایک شخص کا غلام رومی نصرانی مکے میں تھا حضرت کے پاس آبیٹھتا محبت سے اللہ کا کلام اور پیغمبروں کا احوال سننے کو کافر کہتے وہی سکھا جاتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ یعنی جتنا سمجھایئے وہ نہیں سمجھتے بے یقین آدمی محروم ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۶ پہلے مذکور ہوئے کافروں کے شبہے اب فرمایا کہ جو کوئی شبہے سن کر ایمان سے پھر جاوے اس کا یہ حال ہے مگر ظالم زبردستی سے اگر منہ سے کفر کا لفظ کہوا دے اور دل میں ایمان برقرار ہے اس کو گناہ نہیں، لیکن اگر مرنا قبول کرے اور لفظ بھی منہ سے نہ کہے تو شہید اکبر ہے۔ ۱۲۔منہ رح

اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا
انہوں نے دوست رکھا زندگانی دنیا کو اُوپر آخرت کے اور تحقیق اللہ نہیں

يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ
ہدایت کرتا قوم کافروں کو ف۱ یہ لوگ وہ ہیں کہ مہر رکھی

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ
اللہ نے اُوپر دلوں اُن کے کے اور کانوں اُن کے کے اور آنکھوں اُن کی کے اور یہ لوگ

هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٠٨﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ
وہی ہیں بے خبر نہیں شک یہ کہ وہ بیچ آخرت کے وہی ہیں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٠٩﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْ بَعْدِ
ٹوٹا پانے والے پھر تحقیق پروردگار تیرا واسطے ان لوگوں کے کہ وطن چھوڑ جاتے ہیں پیچھے

مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا
اس کے کہ ایذا دیئے گئے پھر جہاد کیا انہوں نے اور صبر کیا تحقیق پروردگار تیرا پیچھے اس کے

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٠﴾ ع يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ
البتہ بخشنے والا مہربان ہے ف۲ اس دن کہ آوے گا ہر جی جھگڑتا ہوا

نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا
جان اپنی کی طرف سے اور پورا دیا جاویگا ہر جی کو جو کچھ کہ کیا ہے اور وہ نہ

يُظْلَمُوْنَ ﴿١١١﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً
ظلم کیے جاویں گے ف۳ اور بیان کی اللہ نے مثال ایک بستی کی کہ تھی امن والی

مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ
چین والی آتا تھا اس کو رزق اس کا با فراغت ہر جگہ سے

فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ
پس کفر کیا ساتھ نعمتوں اللہ کے پس چکھا دیا اُس کو اللہ نے پہناوا بھوک کا

وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ
اور ڈر کا بسبب اس کے کہ تھے کرتے ف۴ اور البتہ تحقیق آیا تھا اُن کے پاس

رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ
ایک پیغمبر ان میں سے پس جھٹلایا اُس کو پس پکڑا اُن کو عذاب نے اور وہ

ف۱ اگر جو کوئی ایمان سے پھرا ہے تو دنیا کی غرض کو جان کے ڈر سے یا برادری کی خاطر سے یا زر کے لالچ سے جس نے دنیا عزیز رکھی اس کو آخرت کہاں، اگر جان کے ڈر سے لفظ کہے تو چاہیئے جب ڈر کا وقت جا چکے پھر توبہ و استغفار کر کر ثابت ہو جاوے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ مکے میں بعضے لوگ کافروں کے ظلم سے پھل گئے تھے یا زبانی لفظ کہہ لیا تھا اس پیچھے جب اتنے کام کیے ایمان کے وہ تقصیر بخشی گئی ایک بزرگ تھے عمار اُن کے باپ یاسر اور ماں سمیہ ظلم اٹھاتے مر گئے پر لفظ کفر نہ کہا، بیٹے نے خوفِ جان سے لفظ کہہ دیا پھر روتے ہوئے حضرت کے پاس آئے تب یہ آیتیں اتریں ۱۲۔منہ رح

ع ۱۴ / ۱۰ / ۲۰

ف۳ یعنی کسی طرف کوئی نہ بولے گا۔ اس دن ظلم نہ چل سکے گا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ ایسے بہت شہر ہوتے ہیں پر یہ احوال فرمایا مکے کا۔ تن کے کپڑے بھوک اور ڈر یعنی ایک دم بھوک اور ڈر سے خالی نہ رہنے لگے۔ ۱۲۔منہ رح

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪

ظالم تھے پس کھاؤ اس چیز سے کہ دیا ہے تم کو اللہ نے حلال پاکیزہ

وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا

اور شکر کرو نعمت اللہ کی کا اگر ہو تم اسی کو عبادت کرتے ف۱ سوائے اسکے نہیں

حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ

کہ حرام کیا اوپر تمہارے مُردار اور لہو اور گوشت سؤر کا اور وہ چیز کہ

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ

آواز بلند کی جاوے واسطے غیر خدا کے ساتھ اس کے پس جو کوئی بے بس ہو نہ حد سے نکل جانیوالا اور نہ اور سے چھین لینے والا

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ

پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور مت کہو واسطے اس چیز کے کہ بیان کرتی ہیں

اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا

زبانیں تمہاری جھوٹ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے تو کہ باندھ لو

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

اوپر اللہ کے جھوٹ تحقیق جو لوگ کہ باندھ لیتے ہیں اوپر اللہ کے

الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ ۭ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۡ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

جھوٹ نہیں فلاح پانے کے فائدہ ہے تھوڑا سا اور واسطے ان کے عذاب ہے

اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا

درد دینے والا اور اوپر ان لوگوں کے کہ یہودی ہوئے حرام کی ہم نے وہ چیز کہ بیان کی ہم نے

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اوپر تیرے پہلے اس سے اور نہ ظلم کیا ہم نے اُنکو و لیکن تھے جانوں اپنوں کو

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ

ظلم کرتے ف۲ پھر تحقیق پروردگار تیرا واسطے ان لوگوں کے کہ کرتے ہیں برائی ساتھ نادانی کے

ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

پھر توبہ کرتے ہیں پیچھے اُس کے اور نیکی کرتے ہیں تحقیق پروردگار تیرا پیچھے اس کے

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ

البتہ بخشنے والا مہربان ہے ف۳ تحقیق ابراہیمؑ تھا پیشوا فرمانبردار واسطے اللہ کے

ف۱ یعنی ایمان لاؤ اور حلال کو حرام مت کرو اپنی عقل سے۔ ۱۲۔ منہٗ

ف۲ سورۂ انعام میں ذکر ہوچکا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی حلال حرام میں جھوٹ بنایا تھا۔ جب مسلمان ہوئے تو بخشے گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۵ ۹ ۲۱

حَنِيْفًا ۭ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ۭ
پھر آنے والا طرف راہ سیدھی کے اور نہ تھا شریک لانے والوں سے ول شکر کرنے والا تھا واسطے نعمتوں اسکی کے

اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِي
برگزیدہ کیا تھا اس کو اور راہ دکھائی تھی اس کو طرف راہ سیدھی کے اور دی ہم نے اُس کو بیچ

الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ۭ ثُمَّ
دنیا کے نیکی اور تحقیق وہ بیچ آخرت کے البتہ صالحوں سے ہے ٹ پھر

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ
وحی بھیجی ہم نے طرف تیری یہ کہ پیروی کر دین ابراہیم حنیف کی اور نہیں تھا وہ

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا
شریک لانے والوں سے ۳ سوائے اس کے نہیں کہ مقرر کی گئی تھی تعظیم ہفتے کی اُوپر ان لوگوں کے کہ اختلاف کرتے

فِيْهِ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا
تھے بیچ اسکے اور تحقیق رب تیرا البتہ حکم کرے گا درمیان اُن کے دن قیامت کے بیچ اس چیز کے کہ تھے

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ
بیچ اس کے اختلاف کرتے ٹ بلا طرف راہ پروردگار اپنے کے ساتھ حکمت کے اور نصیحت

الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ
نیک کے اور جھگڑا کر اُن سے ساتھ اس چیز کے کہ وہ بہت بہتر ہے تحقیق رب تیرا وہی بہت جاننے والا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَاِنْ
ساتھ اس شخص کے کہ گمراہ ہو گیا راہ اس کی سے اور وہی خوب جانتا ہے راہ پانے والوں کو ٥ اور اگر

عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۭ وَلَىِٕنْ صَبَرْتُمْ
بدلا لو تم پس بدلا لو برابر اس چیز کے کہ ایذا دیئے گئے ہو تم ساتھ اسکے اور البتہ اگر صبر کرو تم

لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا
البتہ وہ بہتر ہے واسطے صبر کرنے والوں کے ٦ اور صبر کر اور نہیں صبر تیرا مگر ساتھ اللہ کے اور مت

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ
غم کھا اوپر اُن کے اور مت ہو بیچ تنگی کے اس سے کہ مکر کرتے ہیں تحقیق اللہ

مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ع
ساتھ ان لوگوں کے ہے کہ پرہیزگاری کرتے ہیں اور ساتھ ان کے کہ وہ احسان کرنے والے ہیں

ع ۱۶ / ۹ / ۲۲

ول یعنی حلال اور حرام میں اور دین کی باتوں میں اصل ملت ابراہیم ہے اور عرب کے لوگ کہتے ہیں آپ کو حنیف اور شرک کرتے ہیں اس کی راہ پر نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ٹ دنیا کی خوبی آسودگی اور قبولیت سارے جہان میں۔ ۱۲۔منہ رح

۳ یعنی درمیان میں یہود و نصاریٰ کو موافق ان کے حال کے اور حکم بھی ہوئے۔ آخری پیغمبر پھر اسی ملت پر آئے۔ ۱۲۔منہ رح

ٹ یعنی اصل ملت ابراہیم میں ہفتے کا کچھ حکم نہ تھا اس امت پر بھی نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

٥ الزام دے جس طرح بہتر ہو یعنی قضیہ نہ بڑھے۔ ۱۲۔منہ رح

٦ پہلے جو فرمایا کہ سمجھاؤ بھلی طرح اس میں رخصت دی کہ بدی کے بدل بدی بری نہیں پر صبر اور بہتر ہے۔ ۱۲۔منہ رح

سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ١١١ رُكُوْعَاتُهَا ١٢

سورۂ بنی اسرائیل مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — اس میں ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

پاکی ہے اس شخص کو کہ لے گیا بندے اپنے کو رات کو مسجد

الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ

حرام سے طرف مسجد اقصٰی کی وہ جو برکت دی ہم نے گرد اسکے کو تو کہ دکھلاویں ہم اسکو

مِنْ اٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ① وَاٰتَيْنَا مُوْسَى

نشانیوں اپنی سے تحقیق وہ ہے سننے والا دیکھنے والا ف اور دی ہم نے موسےٰؑ کو

الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا

کتاب اور کیا ہم نے اس کو ہدایت واسطے بنی اسرائیل کے یہ کہ نہ پکڑو

مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ② ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ

سوائے میرے کارساز اے اولاد ان لوگوں کی کہ چڑھائے تھے ہم نے ساتھ نوح کے تحقیق وہ

كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ③ وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

تھا بندہ شکر کرنے والا اور حکم کیا ہم نے طرف بنی اسرائیل کی

فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ

بیچ کتاب کے البتہ فساد کرو گے تم بیچ زمین کے دو بار اور البتہ بلندی پکڑو گے تم

عُلُوًّا كَبِيْرًا ④ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ

بلندی بڑی پس جب آیا وعدہ پہلا ان دونو میں کا بھیجے ہم نے اوپر تمہارے

عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ

بندے واسطے ہمارے لڑائی والے سخت پس بیٹھ گئے بیچ گھروں کے

وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ⑤ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ

اور تھا وعدہ پورا کیا گیا پھر پھیر دیا ہم نے واسطے تمہارے غلبہ

عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ

اوپر اُن کے اور مدد دی ہم نے تم کو ساتھ مالوں کے اور بیٹوں کے اور کیا ہم نے تم کو

اَكْثَرَ نَفِيْرًا ⑥ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ

زیادہ لشکر میں اگر بھلائی کرو گے تم بھلائی کرو گے واسطے جانوں اپنی کے

ف حق تعالٰے اپنے رسول کو معراج کی رات لے گیا مکہ سے بیت المقدس براق پر اور آگے لے گیا آسمانوں پر، یہاں اتنا ذکر ہے باقی سورۂ نجم میں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا

اور اگر برائی کروگے پس واسطے اسی کے ہے پس جب آیا وعدہ دوسرا بھیجے اور بندے تو کہ بُرا کردیں

وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ

منہ تمہارے کو اور تو کہ پیٹھ جاویں مسجد میں جیساکہ پیٹھ گئے اس میں پہلی بار

وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا ﴿٧﴾ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَنْ يَرْحَمَكُمْ

اور تو کہ ویران کریں جس پر غالب آویں ویران کرنا نزدیک ہے پروردگار تمہارا یہ کہ رحم کرے تم کو

وَإِنْ عُدْتُمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ

اور اگر پھر آؤگے تم پھر آویں گے ہم اور کیا ہم نے دوزخ کو واسطے کافروں کے

حَصِيرًا ﴿٨﴾ إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ

قید خانہ ف تحقیق یہ قرآن راہ دکھاتا ہے طرف اس راہ کی کہ وہ بہت سیدھی ہے

وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ

اور بشارت دیتا ہے مسلمانوں کو وہ جو عمل کرتے ہیں اچھے یہ کہ

لَهُمْ أَجْرًا كَبِيرًا ﴿٩﴾ وَأَنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ

واسطے ان کے ثواب ہے بڑا اور یہ کہ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے

أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٠﴾ وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ بِالشَّرِّ

تیار کیا ہم نے واسطے ان کے عذاب درد دینے والا اور دعا مانگتا ہے آدمی ساتھ برائی کے

دُعَاءَهُ بِالْخَيْرِ ۖ وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُولًا ﴿١١﴾ وَجَعَلْنَا

مانند دعا کرنے اس کے کی ساتھ نیکی کے اور ہے آدمی جلدکار ف۲ اور کیے ہم نے

اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ آيَتَيْنِ ۖ فَمَحَوْنَا آيَةَ اللَّيْلِ وَجَعَلْنَا آيَةَ

رات کو اور دن کو دو نشانی پس چھائیں ڈالدی ہم نے نشانی رات کی ہیں اور کی ہم نے نشانی

النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِتَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوا

دن کی دکھلانے والی تو کہ چاہو تم فضل پروردگار اپنے کے سے اور تو کہ جانو تم

عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ

گنتی برسوں کی اور حساب اور ہر چیز کو مفصّل بیان کیا ہم نے اس کو

تَفْصِيلًا ﴿١٢﴾ وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ ۖ

مفصّل بیان کرنا ف۳ اور ہر آدمی کو لگادیا ہم نے اس کو عمل نامہ اس کا بیچ گردن اس کی کے

ف۱ توریت میں کہہ دیا تھا کہ دوبار، بنی اسرائیل شرارت کرینگے اس کی جزا میں دشمن اُن کے ملک پر غالب ہونگے اسی طرح ہوا ہے۔ ایک بار جالُوت غالب ہوا پھر حق تعالےٰ نے اس کو حضرت داؤد کے ہاتھ سے ہلاک کیا پیچھے بنی اسرائیل کو اور قوت زیادہ دی حضرت سلیمان کی سلطنت میں دوسری بار فارسی لوگوں میں بخت نصر غالب ہوا تب سے اُن کی سلطنت نے قوت نہ پکڑی۔ اب فرمایا کہ اللہ مہربانی پر آیا ہے اگر اس نبی کے تابع ہو تو وہی سلطنت اور غلبہ پھر کردے اور اگر پھر وہی شرارت کروگے تو ہم وہی کریں گے یعنی مسلمان کو ان پر غالب کیا اور آخرت میں دوزخ تیار ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی گھبراتا ہے کہ میری دُعا شتاب کیوں نہیں قبول ہوتی اور اس کی دُعا بعضی اسکے حق میں بُری ہے اگر قبول ہو تو انسان خراب ہو سو ہر طرح اللہ بہتر دانا ہے اسی کی رضا پر شاکر رہیئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی گھبرانے سے فائدہ نہیں ہر چیز کا وقت و اندازہ مقرر ہے جیسے رات اور دن کسی کے گھبرانے سے اور دعا سے رات کم نہیں ہو جاتی اپنے وقت پر آپ صبح ہوتی ہے اور دونوں نمونے اس کی قدرت کے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

نصف القرآن — ع ۱۰ / ۱

وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ

اور نکالیں گے ہم واسطے اس کے دن قیامت کے ایک کتاب کہ دیکھے گا اس کو کھلی ہوئی ف۱ پڑھ

كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ

کتاب اپنی کفایت ہے جان تیری آج اوپر تیرے حساب لینے والی جس نے

اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا

راہ پائی پس سوائے اس کے نہیں کہ راہ پاتا ہے واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی گمراہ ہوا پس سوائے اسکے نہیں

يَضِلُّ عَلَيْهَا وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى وَمَا كُنَّا

کہ گمراہ ہوتا ہے اوپر اپنے اور نہیں بوجھ اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا اور نہیں ہم

مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ

عذاب کرنے والے یہاں تک کہ بھیجیں پیغمبر ف۲ اور جب ارادہ کرتے ہیں ہم یہ کہ ہلاک کریں

قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ

کسی بستی کو حکم کرتے ہیں ہم دولتمندوں اسکے کو پس نافرمانی کرتے ہیں بیچ اس کے پس ثابت ہوتی ہے

عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا

اوپر اس کے بات عذاب کی پس ہلاک کرتے ہیں ہم اس کو ہلاک کرنا اور بہت ہلاک کیے ہیں ہم نے

مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ

قرنوں سے پیچھے نوح کے اور کفایت ہے پروردگار تیرا ساتھ گناہوں

عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ

بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا جو کوئی ارادہ کرتا ہے دنیا کا

عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ

شتاب دیتے ہیں ہم اس کو بیچ اس کے جو چاہتے ہیں ہم واسطے جس کے چاہیں ہم پھر کرتے ہیں ہم واسطے اس کے

جَهَنَّمَ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ

دوزخ داخل ہوگا اس میں بُرے حال سے راندہ ہوا اور جو کوئی ارادہ کرتا ہے

الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

آخرت کا اور سعی کرتا ہے واسطے اس کے جو سعی اس کی ہے اور وہ ایمان والا ہے پس یہ لوگ ہیں

كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ

سعی ان کی قدر دانی کی گئی ہے ہر ایک کو مدد دیتے ہیں ہم ان کو اور ان کو

ف۱ یعنی بُری قسمت کے ساتھ بُرے عمل ہیں کہ چھوٹ نہیں سکتے وہی نظر آویں گے قیامت میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی بُرے عمل آفت لاتے ہیں پر حق تعالےٰ بن سوجھائے نہیں پکڑتا رسول بھیجتا ہے اسی واسطے۔ ۱۲۔ منہ رح

مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۗ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾ اُنْظُرْ

بخشش پروردگار تیرے کی سے اور نہیں ہے بخشش پروردگار تیرے کی بند کی گئی دیکھ

كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۗ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ

کیونکر بزرگی دی ہم نے بعضے اُن کے کو اوپر بعض کے اور البتہ آخرت بڑی ہے درجوں میں

وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ

اور بڑی ہے بزرگی دینے میں مت مقرر کر ساتھ اللہ کے معبود اور پس بیٹھ رہے گا تو

مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ ع وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ

مذمت کیا گیا ہلاک میں سونپا ہوا اور حکم کیا پروردگار تیرے نے یہ کہ نہ عبادت کرو مگراسی کو یعنی اللہ کو

وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۗ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ

اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا اگر پہنچے نزدیک تیرے بڑھاپے کو ایک ان دونو میں سے

اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا

یا دونو پس مت کہو اُن کو اُف اور مت ڈانٹ اُن کو اور کہہ واسطے ان دونو کے

قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ

بات تعظیم کی اور بچھا واسطے ان دونو کے بازو ذلت کا مہربانی سے

وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ ۗ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

اور کہہ اے پروردگار میرے رحم کر ان دونو کو جیسا کہ پالا ان دونو نے مجھ کو چھوٹا رب تمہارا خوب جانتا ہے اس چیز کو

فِيْ نُفُوْسِكُمْ ۗ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ

کہ بیچ جیوں تمہارے کے ہے اگر ہوگے صالح پس تحقیق وہ ہے واسطے رجوع کرنے والوں کے

غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ

طرف اپنی بخشنے والا ف۱ اور دے قرابت والے کو حق اُس کا اور مسکین کو اور

السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا

مسافر کو اور مت بیجا خرچ کر بیجا خرچ کرنا ف۲ تحقیق بیجا خرچ کرنے والے ہیں گے

اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۗ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾

بھائی شیطانوں کے اور ہے شیطان واسطے پروردگار اپنے کے کفر کرنے والا ف۳

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا

اور اگر منہ پھیرے تو اُن سے واسطے چاہنے رحمت پروردگار اپنے کے کہ اُمید رکھتا ہے تو اُس کی

ف۱ یعنی دل میں آوے کہ بوڑھے ماں باپ سے یہ معاملت نباہنی مشکل ہے تو فرمادیا کہ جس کی نیت نیکی پر ہے اگر خفا کرے اور پھر رجوع لاوے تو اللہ بخشنے والا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی بے جگہ خرچ کر کر خراب نہ کر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی مال بڑی نعمت ہے اللہ کی جس سے خاطر جمع ہو عبادت میں اور درجے بڑھیں بہشت میں اس کو بے جا اڑانا ناشکری ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى
پس کہہ واسطے ان کے بات آسانی کی ف۱ اور مت کر ہاتھ اپنے کو بندھا ہوا طرف

عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾
گردن اپنی کی اور مت کھول دے اُس کو نہایت کھول دینا پس بیٹھ رہے گا تو ملامت کیا ہوا پچھتاتا ہوا ف۲

اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ
تحقیق پروردگار تیرا کھول دیتا ہے رزق کو واسطے جس کے چاہے اور بند کر لیتا ہے تحقیق وہ ہے

بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ ع وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ
ساتھ بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا ف۳ اور مت مار ڈالو اولاد اپنی کو ڈر

اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً
افلاس کے سے ہم رزق دیتے ہیں اُن کو اور تم کو تحقیق مار ڈالنا اُن کا ہے خطا

كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ
بڑی ف۴ اور مت نزدیک جاؤ زنا کے تحقیق وہ ہے بے حیائی اور بُری ہے

سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ
راہ ف۵ اور مت مار ڈالو اُس جان کو جو حرام کیا ہے اللہ نے یعنی مسلمان کو مگر ساتھ حق کے

وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا
اور جو کوئی مارا جاوے مظلوم پس تحقیق کیا ہے ہم نے واسطے والی اُس کے کے غلبہ پس چاہیئے کہ نہ

يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا
زیادتی کرے بیچ قتل کے تحقیق وہ ہے یعنی وارث مقتول کا مدد دیا گیا ف۶ اور مت پاس جاؤ

مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ
مال یتیم کے مگر اس نیت سے کہ وہ بہت اچھی ہے یہاں تک کہ پہنچے جوانی اپنی کو

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـــُٔوْلًا ﴿۳۴﴾ وَاَوْفُوا
اور پورا کرو عہد کو تحقیق عہد ہے سوال کیا گیا ف۷ اور پورا کرو

الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۭ ذٰلِكَ
میپان کو جب میپان کرو اور تولو ساتھ ترازو سیدھی کے یہ

خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ
بہتر ہے اور اچھا ہے بازگشت میں ف۸ اور مت پیچھے چل اس چیز کے کہ نہیں مجھ کو ساتھ اس کے علم

ف۱ یعنی جو کوئی ہمیشہ سخاوت کرتا ہے اور ایک وقت اس پاس نہیں تو اللہ کے ہاں امیدوارے کا محروم جانا خوش نہیں آتا۔ اسس محتاج کی قسمت سے اللہ سخیوں کو بھیج رہتا ہے سو اس واسطے اگر ایک وقت تو نہ دے تو میٹھے جواب کہہ کہ اگلی سب خیراتیں برباد نہ ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی سب الزام دیں کہ اتنا کیوں دیا کہ آپ محتاج رہ گیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی محتاج کو دیکھ کر بیتاب نہ ہو جا اس کی حاجت تیرے ذمہ پر نہیں اللہ کے ذمہ پر ہے لیکن یہ باتیں پیغمبر کو فرمائی ہیں جو بے حد سخی تھے جس کے جی سے مال نہ نکل سکے اس کو تقید ہے دینے کا حکیم بھی گرمی والے کو سرد دوا دیتا ہے سردی والے کو گرم۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ کافر بیٹیاں مارتے تھے کہ ان کا خرچ کہاں سے لاوینگے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی اگر یہ راہ نکلے تو ایک دوسرے کی عورت پر نظر کرے کوئی اس کی عورت پر کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی ہر کسی کو لازم ہے کہ خون کا بدلہ دلانے میں مدد کرے نہ الٹا قاتل کی حمایت کرے اور وارث کو بھی چاہیئے ایک کے بدلے دو نہ مارے یا قاتل ہاتھ نہ لگا اس کے بیٹے بھائی کو نہ مارے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۷ مگر جس طرح بہتر ہو (باقی صفحہ ۳۴۲ پر)

ع ۸ ۴

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۶﴾

تحقیق کان اور آنکھ اور دل ہر ایک اُن میں کا ہے گا اس سے سوال کیا گیا ف

وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ

اور مت چل بیچ زمین کے اکڑتا ہوا تحقیق تو ہرگز نہ پھاڑے گا زمین کو

وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَیِّئُهٗ عِنْدَ

اور ہرگز نہ پہنچے گا پہاڑوں کو لنباؤ میں یہ سب باتیں ہیں گی بُری نزدیک

رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓی اِلَیْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ

پروردگار تیرے کے ناپسند ف۲ یہ اس چیز سے ہے کہ وحی کی ہے طرف تیری رب تیرے نے حکمت سے

وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰی فِیْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾

اور مت مقرر کر ساتھ اللہ کے معبود اور پس ڈالا جاویگا بیچ دوزخ کے ملامت کیا ہوا راندہ ہوا

اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِیْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ

کیا پسند کیا ہے تم کو پروردگار تمہارے نے ساتھ بیٹوں کے اور پکڑیں آپ فرشتوں میں سے بیٹیاں

اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِیْمًا ﴿۴۰﴾ ع وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

تحقیق تم البتہ کہتے ہو بات بڑی اور البتہ تحقیق طرح طرح سے بیان کیا ہم نے بیچ اس قرآن کے

لِیَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا یَزِیْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ

تو کہ نصیحت پکڑیں اور نہیں زیادہ کرتا اُن کو مگر نفرت کہہ اگر ہوتے

مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا یَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰی ذِی الْعَرْشِ

ساتھ اس کے بہت معبود جیسا کہتے ہیں یہ کافر اس وقت البتہ ڈھونڈتے طرف صاحب عرش کی

سَبِیْلًا ﴿۴۲﴾ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِیْرًا ﴿۴۳﴾

راہ ف۳ پاک ہے وہ اور بلند ہے اس چیز سے کہ کہتے ہیں بلندی بڑی

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ ؕ وَاِنْ

تسبیح کرتے ہیں واسطے اُس کے آسمان ساتوں اور زمین اور جو کوئی کہ بیچ ان کے ہیں اور نہیں

مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ ؕ

کوئی چیز مگر تسبیح کرتی ہے ساتھ تعریف اسکی کے و لیکن نہیں سمجھتے تم تسبیح اُن کی

اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ

تحقیق وہ ہے تحمل والا بخشنے والا ف۴ اور جس وقت پڑھتا ہے تو قرآن کو کر دیتے ہیں ہم درمیان تیرے

ف۱ یعنی جو بات تحقیق معلوم نہ ہو اسکو دعوٰی کر کر نہ کہیے کہ یوں ہے اور ایسی ہی گواہی دینی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جن باتوں کو منع کیا وہ رب کی بیزاری ہے اور جن کو حکم کیا ان کا نہ کرنا بیزاری ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی پرایا محکوم رہنا کیوں قبول کرتے تخت کے مالک کو اُلٹ ڈالتے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۳۴۱ سے آگے) یعنی اس کے مال کو سنوار دے تو مضائقہ نہیں اور قرار کی پوچھ ہے یعنی کسی سے قول قرار صلح کا دے کر بدی کرنی اس کا وبال ضرور پڑتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ سیدھی ترازو سے یعنی جھوک نہ مارو اور اچھا انجام یعنی دغابازی اوّل چلتی ہے پھر لوگ خبردار ہو کر اس سے معاملت نہیں کرتے اور پورا حق دینے والا سب کو خوش لگتا ہے۔ اللہ اس کی تجارت خوب چلاتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۰

ف۴ یعنی ایسی بُری باتوں پر تم کو شتاب نہیں پکڑتا اور توبہ کرو تو بخشتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَبَيْنَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُورًا ﴿٤٥﴾ وَ
اور درمیان ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے پردہ چھپا ہوا ف اور

جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ
کر دیتے ہیں ہم اُوپر دلوں اُن کے کے پردہ ایسا نہ ہو کہ سمجھیں اس کو اور بیچ کانوں ان کے کے

وَقْرًا ۚ وَإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْآنِ وَحْدَهُ وَلَّوْا عَلَىٰ
بوجھ ہے اور جس وقت کہ یاد کرتا ہے تو پروردگار اپنے کو بیچ قرآن کے اکیلا پھر جاتے ہیں اُوپر

أَدْبَارِهِمْ نُفُورًا ﴿٤٦﴾ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُونَ بِهِ إِذْ
پیٹھوں اپنی کے بھاگتے ہوئے ہم خوب جانتے ہیں اس نیت کو کہ سنتے ہیں ساتھ اس کے جس وقت کہ

يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ وَإِذْ هُمْ نَجْوَىٰ إِذْ يَقُولُ الظَّالِمُونَ
کان رکھتے ہیں طرف تیری اور جس وقت کہ وہ مصلحت کرتے ہیں جس وقت کہ کہتے ہیں ظالم

إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا ﴿٤٧﴾ انظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا
نہیں پیروی کرتے تم مگر مرد جادو کیے گئے کی دیکھ کیونکر بیان کی ہیں

لَكَ الْأَمْثَالَ فَضَلُّوا فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ﴿٤٨﴾ وَقَالُوا
واسطے تیرے مثالیں پس گمراہ ہوئے پس نہیں پا سکتے راہ اور کہتے ہیں

أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا وَرُفَاتًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ﴿٤٩﴾
آیا جب ہو جاویں گے ہم ہڈیاں اور گلے ہوئے کیا ہم پھر اٹھائے جاویں گے پیدائش نئی میں

قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا ﴿٥٠﴾ أَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِي
کہہ ہو جاؤ تم پتھر یا لوہا یا اور پیدائش اس قسم سے کہ بڑی لگے بیچ

صُدُورِكُمْ ۚ فَسَيَقُولُونَ مَن يُعِيدُنَا ۖ قُلِ الَّذِي فَطَرَكُمْ
سینوں تمہارے کے پس البتہ کہیں گے کہ کون پھیر لاویگا اُن کو کہہ وہی ہے جس نے پیدا کیا تھا تم کو

أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ
پہلی بار پس جھکاویں گے وہ طرف تیری سر اپنے کو اور کہیں گے

مَتَىٰ هُوَ ۖ قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَرِيبًا ﴿٥١﴾ يَوْمَ يَدْعُوكُمْ
کب ہوگا یہ کہہ شتاب ہے یہ کہ ہو نزدیک جس دن بلاوے گا تم کو

فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ وَتَظُنُّونَ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٥٢﴾ ع
پس جواب دو گے ساتھ تعریف اس کی کے اور جانو گے کہ نہیں رہے تھے تم مگر تھوڑا ف۲

ف۱ یعنی اس قرآن میں ایسی تاثیر ہے اور کافروں پر اثر نہیں ہوتا۔ یہی واسطہ کہ اوٹ بنی ہیں آفتاب سے جہاں روشن ہے اور جس کی اس طرف پیٹھ ہے اس کے حساب میں کہیں نہیں۔ ۱۲-منہ

ف۲ یعنی اب شتابی کرتے ہو تب جانو گے کہ دنیا میں کچھ دیر نہ رہے تھے پچاس سو برس ان ہزاروں برسوں کے سامنے کیا معلوم ہوں۔ ۱۲-منہ

ع ۵ ۱۲ ۵

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ
اور کہہ واسطے بندوں میرے کے کہ کہیں وہ بات کہ وہ بہت اچھی ہے تحقیق شیطان وسوسہ ڈالتا ہے

بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ
درمیان اُنکے تحقیق شیطان ہے واسطے آدمی کے دشمن ظاہر ف۱ پروردگار تمہارا

اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ
خوب جانتا ہے تم کو اگر چاہے رحم کرے تم کو یا اگر چاہے عذاب کرے تم کو اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو

عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
اوپر ان کے داروغہ ف۲ اور پروردگار تیرا خوب جانتا ہے ان لوگوں کو کہ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہیں

وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾
اور البتہ تحقیق بزرگی دی ہم نے بعضے نبیوں کو اُوپر بعض کے اور دی ہم نے داؤد کو زبور ف۳

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ
کہہ بلاؤ ان لوگوں کو کہ دعویٰ کرتے ہو تم سوائے اس کے پس نہیں اختیار رکھتے کھولنا

الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ
برائی کا تم سے اور نہ بدل ڈالنا ف۴ یہ لوگ جن کو پکارتے ہیں ڈھونڈتے ہیں

اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ
طرف پروردگار اپنے کی وسیلہ کونسا ان میں سے بہت نزدیک ہے اور امید رکھتے ہیں رحمت اُسکے کی اور ڈرتے ہیں

عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا
عذاب اسکے سے تحقیق عذاب پروردگار تیرے کا ہے خوف کیا گیا ف۵ اور نہیں کوئی بستی مگر

نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا
ہم ہلاک کرنے والے ہیں اس کے پہلے دِن قیامت کے یا عذاب کرنے والے ہیں ہم اسکے عذاب

شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ
سخت ہے یہ بیچ کتاب کے لکھا ہوا ف۶ اور نہ منع کیا ہمارے تئیں یہ کہ

نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ
بھیج دیویں ہم نشانیاں مگر یہ کہ جھٹلایا تھا ساتھ اس کے پہلوں نے اور دی ہم نے ثمود کو

النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا
اونٹنی دلیل پس ظلم کیا انہوں نے اس پر اور نہیں بھیجتے ہم نشانیوں کو مگر

ف۱ یعنی مذاکرہ میں سخت بات نہ کہیں شیطان لڑائی ڈالتا ہے۔ جب لڑائی پڑے تو اگلا سمجھتا ہو تو بھی نہ سمجھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ مذاکرہ میں حق والا جھنجھلاتا ہے کہ دوسرا صریح حق کو نہیں مانتا۔ سو فرما دیا کہ تم پر اُن کا ذمہ نہیں اللہ بہتر جانے جس کو چاہے راہ سوجھا دے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی بعضے نبی تھے کہ جھنجھلا گئے تیرا حوصلہ ان سے زیادہ رکھا ہے اور داؤد کا ذکر کیا کہ دونوں بات رکھتے تھے جہاد بھی اور زبور بھی سمجھانے کو وہی دونوں باتیں یہاں بھی ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی تم سے کسی اور پر ڈال دیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی جن کو کافر پوجتے ہیں وہ آپ ہی اللہ کی جناب میں وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ جو بندہ بہت نزدیک ہو اسی کا وسیلہ پکڑیں اور وسیلہ سب کا پیغمبر ہے آخرت میں انہی کی شفاعت ہوگی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی تقدیر میں لکھ چکے ہر شہر کے لوگ بزرگ کو پوجتے ہیں کہ ہم اسکی رعیت ہیں اور اس کی پناہ میں ہیں سو وقت آنے پر کوئی نہیں پناہ دے سکتا۔ ۱۲۔ منہ رح

نُخَوِّفُ بِهَا ﴿۵۹﴾ وَإِذْ قُلْنَا لَكَ إِنَّ رَبَّكَ أَحَاطَ بِالنَّاسِ ۚ وَمَا جَعَلْنَا

واسطے ڈرانے کے ف۱ اور جس وقت کہا ہم نے واسطے تیرے تحقیق رب تیرے نے گھیر لیا ہے لوگوں کو اور نہیں کیا ہم نے وہ

الرُّءْيَا الَّتِيٓ أَرَيْنٰكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ

مود یعنی خواب جو دکھلائی تجھ کو مگر آزمائش واسطے لوگوں کے اور اسی طرح اس درخت کو کہ لعنت کیا گیا ہے

فِي الْقُرْاٰنِ ۚ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا ﴿۶۰﴾ ع

بیچ قرآن کے اور ڈراتے ہیں ہم اُن کو پس نہیں زیادہ کرتا ان کو مگر سرکشی بڑی ف۲

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوٓا إِلَّآ إِبْلِيسَ

اور جس وقت کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو آدم علیہ السلام کو پس سجدہ کیا انہوں نے مگر ابلیس نے

قَالَ ءَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِينًا ﴿۶۱﴾ ج قَالَ أَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِي

کہا کیا سجدہ کروں میں واسطے اس شخص کے کہ پیدا کیا ہے تونے مٹی سے ف۳ کہا کیا دیکھا تونے اس شخص کو کہ

كَرَّمْتَ عَلَيَّ ز لَئِنْ أَخَّرْتَنِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهُ

بڑائی دی اُوپر میرے اگر ڈھیل دیگا تو مجھ کو دن قیامت تک البتہ ہلاک کرونگا میں اولاد اسکی کو

إِلَّا قَلِيلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَن تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ جَهَنَّمَ

مگر تھوڑے ف۴ کہا جا پس جو کوئی پیروی کرے گا تیری اُن میں سے پس تحقیق دوزخ ہے

جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُورًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُم

جزا تمہاری جزا پوری اور بہکا جس کو بہکا سکے اُن میں سے

بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِم بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ

ساتھ آواز اپنی کے اور کھینچ بلا اوپر اُن کے سواروں اپنوں کو اور پیادوں اپنوں کو اور شریک ہو اُنکا بیچ مالوں اُنکے کے

وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ إِلَّا غُرُورًا ﴿۶۴﴾ إِنَّ

اور اولاد ان کی کے اور وعدہ دے اُن کو اور نہیں وعدہ دیتا ان کو شیطان مگر فریب کا ف۵ تحقیق

عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۚ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيلًا ﴿۶۵﴾

بندے میرے نہیں واسطے تیرے اُوپر اُن کے غلبہ اور کفایت ہے پروردگار تیرا کارساز

رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِن

رب تمہارا وہ ہے جو چلاتا ہے واسطے تمہارے کشتیاں بیچ دریا کے تو کہ چاہو

فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿۶۶﴾ وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي

فضل اس کے سے تحقیق وہ ہے ساتھ تمہارے مہربان ف۶ اور جب پہنچتی ہے تم کو سختی بیچ

ف۱ یعنی ہدایت موقوف نہیں نشانی پر۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یعنی جب کہہ دیا کہ رب نے گھیر لیے لوگ تو آخر سب مسلمان ہونگے پھر تو نشانی کیوں مانگے اور وہ دکھاوا معراج ہے کہ لوگ جانچے گئے سچّوں نے مانا اور کچوّں نے جھوٹ جانا اور درخت پھٹکارا یعنی درخت زقوم قرآن میں فرمایا کہ دوزخ والے کھاویں گے ایمان والے یقین لائے اور منکروں نے کہا کہ دوزخ کی آگ میں سبز درخت کیونکر ہوگا یہ بھی جانچنا تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۸/۷

ف۳ یعنی اللہ کے حکم میں شبہے نکالنے کافروں کی چال ہے وہی چال ہے ابلیس کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی اپنا مسخر کروں جیسے گھوڑے کو لگام دی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ مال میں ساجھا یہ کہ بتوں کی نیاز اپنے مال میں فرض سمجھتے ہیں اولاد میں یہ کہ ایک کو بتاتے ہیں فلانے کا بخشا ہے دوسرا فلانے کا بخشا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ اس کا فضل یعنی روزی، روزی کو قرآن میں اکثر فضل فرمایا ہے۔ فضل کے معنی زیادتی، سو مسلمان کی بندگی ہے واسطے آخرت کے اور دنیا ملتی ہے ٹبرھتی میں کشتی ہانکنا ہے یعنی دریا میں اپنا زور نہیں چلتا بلّی یا چپو کر مگر باد سو اسی کے اختیار میں ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ
دریا کے کھوئے جاتے ہیں جن کو پکارتے ہیں مگر وہی پس جب نجات دیتا ہے تم کو طرف جنگل کی

اَعْرَضْتُمْ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿۶۷﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ
منہ پھیر لیتے ہو اور ہے آدمی ناشکر گذار کیا پس نڈر ہو تم اس سے کہ دھسا دیوے

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا
تم کو طرف جنگل کی یا بھیج دیوے اوپر تمہارے مینہ پتھروں کا پھر نہ پاؤ تم

لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿۶۸﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى
واسطے اپنے کوئی کارساز یا نڈر ہو تم اس سے کہ لے جاوے تم کو بیچ اس کے اور بار

فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ
پس بھیجے اوپر تمہارے کشتی توڑنے والی باؤ سے پس ڈبا دیوے تم کو بسبب اسکے کہ کفر کیا تم نے

ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿۶۹﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ
پھر نہ پاؤ تم واسطے اپنے اُوپر ہمارے بدلے اسکے پیچھا کرنیوالا اور البتہ تحقیق عزت دی ہم نے بنی آدم کو

وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ
اور چڑھایا ہم نے ان کو سواریوں پر بیچ جنگل کے اور دریا کے اور رزق دیا ہم نے ان کو پاکیزہ سے اور بزرگی دی ہم نے

عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿۷۰﴾ ع يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ
انکو اُوپر بہتوں کے ان لوگوں سے کہ پیدا کئے ہیں ہم نے بزرگی دینا ف۱ جس دن بلاویں گے ہم سب لوگوں کو

بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ
ساتھ پیشواؤں انکے کے پس جو کوئی دیا گیا اعمالنامہ اپنا بیچ داہنے ہاتھ اپنے کے پس وہ لوگ پڑھیں گے

كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى
اعمالنامہ اپنا اور نہ ظلم کیے جاوینگے تاگے برابر ف۲ اور جو کوئی ہے بیچ اس دنیا کے اندھا

فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ
پس وہ بیچ آخرت کے اندھا ہے اور بہت کھویا ہوا ہے راہ ف۳ اور تحقیق نزدیک تھے کہ البتہ بہکا دیں تجھ کو

عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ
اس چیز سے کہ وحی کی ہم نے طرف تیری تو کہ باندھ لیوے تو اُوپر ہمارے سوائے اُسکے اور اس وقت البتہ پکڑتے تم کو

خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْئًا
دوست ف۴ اور اگر نہ ثابت رکھتے ہم تجھ کو البتہ تحقیق نزدیک تھا تو کہ جھک جاوے طرف اُن کی کچھ

ف۱ جانوروں کو سواری نہیں زمین پر نہ دریا پر آدمی کو دی ہے۔ اور ستھری روزی یہ کہ میوے کا چھلکا دور کرنا اور اناج کی بھوسی پیسنا اور پکا کر کھانا اسی کو سکھایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اس دن عمل کا کاغذ اڑا دیں گے نیکوں کے ہاتھ میں آوے گا داہنے ڈھب سے اور بدوں کو بائیں سے اور پیچھے سے یہ نشانی دیکھ کر نیک خوشی سے پڑھنے لگیں گے۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی ہدایت سے اندھا رہا دنیا ہی آخرت میں بہشت کی راہ سے اندھا ہے اور دُور پڑا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۷ / ۱۰ / ۷

ف۴ کافر کہتے تھے کہ اس کلام میں نصیحت کی باتیں اچھی ہیں مگر ہر جا شرک پر عیب دیا ہے یہ بدل ڈال تو ہم سب اس کو مانیں۔ ۱۲۔ منہ رح

قَلِيلًا ﴿٧٤﴾ إِذًا لَّأَذَقْنَٰكَ ضِعْفَ الْحَيَوٰةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ

تھوڑا اس وقت البتہ چکھاتے ہم تجھ کو دوگنا عذاب زندگانی دنیا کا اور دوگنا عذاب موت کا پھر

لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ﴿٧٥﴾ وَإِن كَادُوا لَيَسْتَفِزُّونَكَ مِنَ الْأَرْضِ

نہ پاتا تو واسطے اپنے اُوپر ہمارے مدد دینے والا اور تحقیق نزدیک ہے کہ بچلادیں تجھ کو اس زمین سے

لِيُخْرِجُوكَ مِنْهَا وَإِذًا لَّا يَلْبَثُونَ خِلَٰفَكَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ

تو کہ نکال دیں تجھ کو اس میں سے اور اس وقت نہ رہیں گے پیچھے تیرے مگر تھوڑے عادت

مَن قَدْ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِن رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلًا ﴿٧٧﴾ ع

ان شخصوں کی کہ تحقیق بھیجا ہم نے ان کو پہلے تجھ سے پیغمبروں اپنے سے اور نہ پاوے گا تو واسطے عادت ہماری کے تغیّر

أَقِمِ الصَّلَوٰةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَىٰ غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْءَانَ الْفَجْرِ ط

قائم کر نماز کو وقت ڈھلنے سورج کے رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھ فجر کو

إِنَّ قُرْءَانَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِۦ نَافِلَةً

تحقیق قرآن پڑھنا فجر کا ہے حاضر کیا گیا اور تھوڑی سی رات کو پس نماز تہجد کر ساتھ قرآن کے بڑھتی ہے

لَّكَ عَسَىٰٓ أَن يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا ﴿٧٩﴾ وَقُل رَّبِّ

واسطے تیرے شتاب ہے کہ بھیجے تجھ کو پروردگار تیرا مقام محمود میں ف اور کہہ اے رب میرے

أَدْخِلْنِى مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِى مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَل

داخل کر مجھ کو داخل کرنا سچا اور نکال مجھ کو نکالنا سچا اور کر

لِّى مِن لَّدُنكَ سُلْطَٰنًا نَّصِيرًا ﴿٨٠﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ

واسطے میرے نزدیک اپنے سے غلبہ مدد دینے والا ف اور کہہ آیا حق اور گم ہوا

الْبَٰطِلُ ط إِنَّ الْبَٰطِلَ كَانَ زَهُوقًا ﴿٨١﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْءَانِ مَا

باطل تحقیق باطل تھا گم ہو جانے والا ف اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے

هُوَ شِفَآءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ لا وَلَا يَزِيدُ الظَّٰلِمِينَ إِلَّا

وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے اور نہیں زیادہ کرتا ظالموں کو مگر

خَسَارًا ﴿٨٢﴾ وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَٰنِ أَعْرَضَ وَنَـَٔا بِجَانِبِهِۦ

ٹوٹا ف اور جب نعمت بھیجتے ہیں ہم اُوپر اِنسان کے منہ پھیر لیتا ہے اور دور کرلیتا ہے کروٹ اپنی

وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوسًا ﴿٨٣﴾ قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَىٰ شَاكِلَتِهِۦ ط

اور جب لگتی ہے اس کو برائی ہوتا ہے ناامید ف کہہ ہر ایک عمل کرتا ہے اوپر طریق اپنے کے

ف۱ یعنی نیند سے جاگ کر قرآن پڑھا کر یہ حکم سب سے زیادہ تجھ پر کیا ہے کہ تجھ کو مرتبہ بڑا دینا ہے وہ تعریف کا مقام ہے شفاعت کا جب کوئی پیغمبر نہ بول سکے گا تب حضرت اللہ سے عرض کر کر خلق کو چھڑادیں گے تکلیف سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۸ / ۷ / ۸

ف۲ یعنی اس شہر سے نکال آبرو سے اور کسی جگہ بٹھا آبرو سے وہ اللہ تعالےٰ نے مدینے میں بٹھایا اور وہاں کے لوگ حکم میں دیئے جن سے دین کو امداد ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی غلبہ دین آیا اور کفر بھاگا مکّے میں سے اور تمام عرب میں سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ روگ چنگے ہوں دل کے شک اور شبہے مٹیں اور اس کی برکت سے بدن کے روگ بھی دفع ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ باز و ہٹا دے یعنی بندگی سے سرکتا جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدَىٰ سَبِيلًا ﴿٨٤﴾ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ
پس پروردگار تمہارا خوب جانتا ہے اس شخص کو کہ وہ بہت پانے والا ہے راہ کو اور سوال کرتے ہیں تجھ کو

الرُّوحِ ۖ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا
جان سے کہہ جان حکم پروردگار میرے کے سے ہے اور نہیں دیئے گئے تم علم سے مگر

قَلِيلًا ﴿٨٥﴾ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ ثُمَّ لَا
تھوڑا ف اور اگر چاہیں ہم البتہ لے جاویں وہ چیز کہ وحی کی ہم نے طرف تیری پھر نہ

تَجِدُ لَكَ بِهِ عَلَيْنَا وَكِيلًا ﴿٨٦﴾ إِلَّا رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ ۚ إِنَّ فَضْلَهُ
پاوے تو واسطے اپنے ساتھ اس کے اوپر ہمارے کارساز مگر مہربانی پروردگار تیرے کی طرف سے تحقیق فضل اس کا ہے

كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا ﴿٨٧﴾ قُلْ لَئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ
اوپر تیرے بڑا کہہ البتہ اگر اکٹھے ہوویں آدمی اور جن اوپر

أَنْ يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ
اس بات کے کہ لاویں مانند اس قرآن کی نہ لا سکیں گے مانند اس کی اور اگرچہ

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا ﴿٨٨﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ
ہوویں بعضے اُن کے واسطے بعضوں کے مددگار اور البتہ طرح طرح سے بیان کیا ہے ہمنے واسطے لوگوں کے بیچ اس قرآن کے

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٨٩﴾ وَقَالُوا
ہر مثال سے پس انکار کیا اکثر لوگوں نے مگر کفر کرنا اور کہا انھوں

لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنْبُوعًا ﴿٩٠﴾ أَوْ
نے ہرگز نہ مانیں گے ہم واسطے تیرے یہاں تک کہ پھاڑ دیوے تو واسطے ہمارے زمین میں سے چشمہ یا

تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِنْ نَخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا
ہووے واسطے تیرے باغ کھجوروں کا اور انگوروں کا پس پھاڑ لاوے تو نہریں درمیان اسکے

تَفْجِيرًا ﴿٩١﴾ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ
پھاڑ لانے کر یا ڈال دے تو آسمان کو جیسا کہا کرتا ہے تو اوپر ہمارے ٹکڑے ٹکڑے یا

تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ﴿٩٢﴾ أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِنْ زُخْرُفٍ
لے آوے تو اللہ کو اور فرشتوں کو مدِمقابل یا ہو واسطے تیرے ایک گھر سونے کا

أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ وَلَنْ نُؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا
یا چڑھ جاوے تو بیچ آسمان کے اور ہرگز نہ مانیں گے ہم چڑھ جانے تیرے کو یہاں تک کہ اُتار لاوے اوپر ہمارے

ف حضرت کے آزمانے کو یہود نے پوچھا سو اللہ نے نہ بتایا کہ ان کو سمجھنے کا حوصلہ نہ تھا آگے بھی پیغمبروں نے خلق سے باریک باتیں نہیں کہیں اتنا جاننا بس ہے کہ اللہ کے حکم سے ایک چیز بدن میں آپڑی وہ جی اُٹھا جب نکل گئی وہ مرگیا۔ ۱۲-منہ رح

ع ۹ / ۱۰

كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ ع

کتاب کہ پڑھیں ہم اُس کو کہہ کہ پاک ہے پروردگار میرا نہیں ہوں میں مگر آدمی پیغام پہنچانے والا

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ یُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا

اور نہیں منع کیا لوگوں کو یہ کہ ایمان لاویں جس وقت آئی انکے پاس ہدایت مگر یہ کہ کہا انہوں نے

اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِی الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ

کیا بھیجا اللہ نے آدمی کو پیغام پہنچانے والا کہہ اگر ہوتے بیچ زمین کے فرشتے

یَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّیْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا

چلا کرتے آرام سے البتہ اتارتے ہم اوپر اُن کے آسمان سے فرشتے کو

رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًا بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

پیغام پہنچانیوالا کہہ کفایت ہے اللہ گواہ درمیان میرے اور درمیان تمہارے تحقیق وہ ہے

بِعِبَادِهٖ خَبِیْرًا بَصِیْرًا ﴿۹۶﴾ وَمَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ یُّضْلِلْ

ساتھ بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا اور جس کو ہدایت کرے اللہ پس وہ ہے راہ پانیوالا اور جس کو گمراہ کرے

فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَنَحْشُرُهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَلٰى

پس ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے ان کے دوست سوائے اس کے اور اکٹھا کریں گے ہم انکو دن قیامت کے اُوپر

وُجُوْهِهِمْ عُمْیًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ

موہوں اپنے کے اندھے اور گونگے اور بہرے جگہ رہنے ان کے کی دوزخ ہے جب بجھنے لگے گی زیادہ کرینگے ہم واسطے

سَعِیْرًا ﴿۹۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا

اُنکے آگ دہکانا یہ ہے سزا اُن کی بسبب اس کے کہ کفر کیا انہوں نے ساتھ نشانیوں ہماری کے اور کہا کیا جب ہوجاوینگے

عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ

ہم ہڈیاں اور بوسیدہ کیا ہم البتہ اٹھائے جاویں گے پیدائش نئی میں کیا نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ

اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ

اللہ جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو قادر ہے اُوپر اس کے کہ پیدا کرے مانند اُن کی

وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَیْبَ فِیْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾

اور مقرر کرے واسطے ان کے ایک وقت مقرر کہ نہیں شک بیچ اسکے پس انکار کیا ظالموں نے مگر کفر کرنا

قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّیْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ

کہہ اگر ہو تم مالک خزانوں رحمت پروردگار میرے کے اس وقت البتہ بند کر رکھو تم

النصف

23

خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ۧ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى

ڈر خرچ ہوجانے کے سے اور ہے آدمی تنگی کرنے والا اور البتہ تحقیق دیں ہم نے موسیٰ کو

تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِذْ جَاۗءَهُمْ فَقَالَ

نو نشانیاں ظاہر پس سوال کر بنی اسرائیل سے جب آیا ان کے پاس پس کہا

لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّىْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ

واسطے اس کے فرعون نے تحقیق میں البتہ گمان کرتا ہوں میں تجھ کو اے موسیٰ جادو کیا ہوا ف۱ کہا البتہ تحقیق جانا ہے تو نے

مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَاۗءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَاۗىِٕرَ ۚ وَاِنِّىْ

کہ نہیں اتارا ان نشانیوں کو مگر پروردگار آسمانوں اور زمین کے نے واسطے دکھانے کے اور تحقیق میں

لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ

البتہ گمان کرتا ہوں تجھ کو اے فرعون ہلاک کیا گیا پس ارادہ کیا یہ کہ بھکا دیوے ان کو یعنی نکال دے

الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾ۙ وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ

زمین سے پس غرق کیا ہم نے اس کو اور جو لوگ کہ ساتھ اسکے تھے سب کو اور کہا ہم نے پیچھے اس کے

لِبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ

واسطے بنی اسرائیل کے رہو تم زمین میں پس جب آوے گا وعدہ آخرت کا

جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ۭ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ

لے آویں گے ہم تم کو لپیٹ کر اور ساتھ حق کے اتارا ہے ہم نے اسکو اور ساتھ حق کے اترا ہے اور نہیں

اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ۘ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى

بھیجا ہم نے تجھ کو مگر بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ف۲ اور قرآن کو جدا جدا کیا ہم نے اس کو تو کہ پڑھے تو اسکو اوپر

النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ

لوگوں کے اوپر آہستگی کے اور اتارا ہم نے اسکو اتارنا آہستہ آہستہ ف۳ کہہ ایمان لاؤ تم ساتھ اسکے یا نہ ایمان لاؤ تم

اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

تحقیق وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم پہلے اس سے جب پڑھا جاتا ہے اوپر ان کے

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ۙ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ

گر پڑتے ہیں ٹھوڑیوں پر سجدہ کرتے ہوئے اور کہتے ہیں پاکی ہے رب ہمارے کو تحقیق

كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ

ہے وعدہ رب ہمارے کا البتہ کیا گیا ف۴ اور گر پڑتے ہیں اوپر ٹھوڑیوں کے روتے ہوئے

ع ۱۱/۷ ۱۱

وقف لازم

ف۱ شاید نو نشانیاں نو معجزے ہوں وہ جو فرعون کے مقابلہ میں اللہ نے بھیجے اور شاید نو حکم ہوں کہ توریت کے سرے پر لکھے جاتے تھے وہ یہی کبیرہ گناہوں سے منع تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بیچ کے ساتھ اترا یعنی بیچ میں بدلا نہیں گیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ بعضی کتاب سے مطلب فقط معنی سمجھنے ہیں اور اس کے لفظ بھی پڑھنے سے غرض ہے کہ نور و برکت اترتا ہے اسی واسطے سورتیں اور آیتیں جدا جدا رکھیں اور تھوڑا تھوڑا اتارا ہر وقت اس کے موافق حکم۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی اگلے کلام پہچاننے والے اس کو پہچانتے ہیں اور وعدہ جو تھا کہ آخر زمانے میں ایک کلام اترے گا ٹھیک پاتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَيَزِيدُهُمْ خُشُوعًا ۩ ﴿١٠٩﴾ قُلِ ادْعُوا اللَّهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمَٰنَ ۖ

اور زیادہ کرتا ہے ان کو عاجزی کرنا ف۱ کہہ پکارو اللہ کو یا پکارو رحمٰن کو

أَيًّا مَّا تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا

جس کو پکارو گے تم پس واسطے اسی کے ہیں نام بہت اچھے اور مت آواز بلند کر ساتھ نماز اپنی کے اور نہ

تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ﴿١١٠﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ

بہت آہستہ کر ساتھ اسکے اور ڈھونڈ درمیان اس کے راہ ف۲ اور کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے

الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ

جس نے نہیں پکڑی اولاد اور نہیں ہے واسطے اس کے شریک بیچ بادشاہی کے اور نہیں ہے

يَكُن لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ ۖ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ﴿١١١﴾ ع

واسطے اس کے دوست بچانے والا ذلت سے اور بڑائی کر اس کو بڑائی کرنا ف۳

سُورَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ — آیاتہا ۱۱۰ رکوعاتہا ۱۲

سورۂ کہف مکہ میں نازل ہوئی اس میں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — ایک سو دس آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنزَلَ عَلَىٰ عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَل لَّهُ

سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے اتاری اوپر بندے اپنے کے کتاب اور نہ کی واسطے اس کے

عِوَجًا ۜ ﴿١﴾ قَيِّمًا لِّيُنذِرَ بَأْسًا شَدِيدًا مِّن لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ

کجی درحالیکہ وہ قائم رکھنے والی ہے ہمیشہ دین کو تو کہ ڈراوے عذاب سخت سے پاس اسکے سے اور بشارت دے

الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا حَسَنًا ﴿٢﴾

ایمان والوں کو جو عمل کرتے ہیں اچھے یہ کہ واسطے ان کے ہے ثواب اچھا

مَّاكِثِينَ فِيهِ أَبَدًا ﴿٣﴾ وَيُنذِرَ الَّذِينَ قَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ وَلَدًا ﴿٤﴾

رہنے والے بیچ اس کے ہمیشہ اور ڈراوے ان لوگوں کو کہ کہتے ہیں پکڑی ہے اللہ نے اولاد

مَّا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ وَلَا لِآبَائِهِمْ ۚ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ

نہیں ان کو ساتھ اس کے کچھ علم اور نہ باپوں ان کے کو بڑی بات ہے جو نکلتی ہے

أَفْوَاهِهِمْ ۚ إِن يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا ﴿٥﴾ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ

موہوں ان کے سے نہیں کہتے مگر جھوٹ پس شاید کہ تو ہلاک کرنیوالا ہے جان اپنی کو

عَلَىٰ آثَارِهِمْ إِن لَّمْ يُؤْمِنُوا بِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَسَفًا ﴿٦﴾ إِنَّا

اوپر پچھاڑی ان کی کے جو نہ ایمان لاویں ساتھ اس بات کے مارے غم کے محقیق ہم نے

ف۱ نماز میں سجدہ دو بار ہوتا ہے اس واسطے دو بار فرمایا پہلی بار اس کلام کی تاثیر سے تعجب آتا ہے اور دوسری بار عاجزی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ رحمان نام اللہ کا عرب لوگ نہ جانتے تھے اس پر یہ فرمایا کہ نام بہتیرے ہیں اللہ وہی ایک ہے اور پکارنے کی نماز میں بہت چلانا بھی نہیں اور بہت دبی آواز بھی نہیں بیچ کی چال پسند ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ کوئی مددگار نہیں ذلت کے وقت یعنی اس پر کبھی ذلت ہی نہیں کہ مددگار چاہیئے بادشاہوں کے ہاں امیر زیر پڑ جاتے ہیں اس سے کہ برے وقت ان کی رفاقت کیے ہوتے ہیں وہاں یہ مذکور ہی نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

السجدۃ ۹ — ع ۱۲ / ۱۱ / ۱۲

جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ
کیا ہے جو کچھ اوپر زمین کے ہے زینت واسطے اس کے تو کہ آزماویں انکو کونسا ان میں سے بہتر ہے

عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝۸ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ
عمل میں ف۱ اور تحقیق ہم البتہ کرنے والے ہیں اس چیز کو کہ اوپر اس کے ہے زمین بنجر ناقابل زراعت کے ف۲ کیا گمان کیا ہے تو نے یہ کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝۹ اِذْ اَوَى
رہنے والے غار کے اور اوس کھودی ہوئی کے تھے نشانیوں ہماری سے تعجب اچنبھا جس وقت کہ جگہ پکڑی

الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ
ان جوانوں نے طرف غار کی پس کہا انہوں نے اے رب ہمارے دے ہم کو پاس اپنے سے رحمت اور تیار کر

لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ
واسطے ہمارے کام ہمارے سے بھلائی پس پردہ مارا ہم نے اوپر کانوں اُن کے کے یعنی سلادیا اُنکو بیچ غار کے

سِنِيْنَ عَدَدًا ۝۱۱ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى
برس گنتی ایک پھر اٹھایا ہم نے اُن کو تو کہ ظاہر کریں ہم کونسا دونوں جماعتوں میں سے خوب گننے والا

لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝۱۲ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ اِنَّهُمْ
تھا اس چیز سے کہ رہے تھے مدت سے ف۳ ہم بیان کریں گے اوپر تیرے قصہ اُن کا ساتھ حق کے تحقیق وہ

فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝۱۳ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
کتنے جوان تھے کہ ایمان لائے ساتھ رب کے اور زیادہ کی تھی ہم نے اُنکو ہدایت ف۴ اور باندھ دیا تھا ہم نے اُوپر دلوں اُنکے کے

اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ
جس وقت کہ کھڑے ہوئے پس کہا انہوں نے پروردگار ہمارا آسمانوں کا اور زمین کا ہے ہرگز نہ پکاریں گے ہم

دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝۱۴ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا
سوائے اس کے کسی معبود کو البتہ تحقیق کہی ہم نے اس وقت بات زیادہ ف۵ اس قوم ہماری نے پکڑے ہیں

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ فَمَنْ
سوائے اس کے معبود کیوں نہیں لاتے اوپر ان کے دلیل ظاہر پس کون شخص ہے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝۱۵ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ
بہت ظالم اس شخص سے کہ باندھ لیوے اُوپر اللہ کے جھوٹ اور جب ایک گوشہ ہو جاؤ تم اُن سے

وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ
اور اس چیز سے کہ عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے پس جگہ پکڑو طرف غار کی کہ پھیلائے واسطے تمہارے رب تمہارا

ف۱ یعنی اس کی رونق پر دوڑتا ہے یا اس کو چھوڑ کر آخرت کو پکڑتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی گھاس اور درخت چھانٹ کر۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ دو فرقے یا تاریخ لکھنے والوں میں ہیں کہ کوئی کتے برس لکھتے ہیں کوئی کتنے یا وہی اصحاب کہف جاگ کر بعضے تجویز کرنے لگے کہ ہم ایک دن سوئے بعضے کہنے لگے اس سے کم۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی ایمان سے زیادہ درجہ دیا اولیاء کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۲/۱۴

ف۵ ایک شہر کا بادشاہ تھا ظالم جو اس کے بتوں کو نہ پوجتا، اس کو عذاب سے مارتا یا بُت پوجاتا، یہ کئی جوان ان کے نوکروں کے بیٹے تھے کوئی نان بائی کا کوئی باورچی کا۔ اسی طرح کسی نے اُن کی چغلی کی اس نے رُوبرو بلا کر پوچھا اس وقت حق تعالےٰ نے ان کے دل پر گرہ دی، یعنی ثابت رکھا کہ اپنی بات صاف کہہ دی اس وقت بادشاہ نے موقوف رکھا کہ اور شہر سے پھر کر آؤں تو ان سے بُت پوجنا قبول کرواؤں یا عذاب کروں وہ گیا اور شہر کو یہ چھپ کر نکل گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ

رحمت اپنی طرف سے اور تیار کرے واسطے تمہارے کام تمہارے سے سبب آرام کا ف۱ اور دیکھے تو آفتاب کو

اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ

جب طلوع کرتا ہے جھک جاتا ہے غار ان کے سے داہنی طرف اور جب غروب کرتا ہے

تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ

کترا جاتا ہے اُن سے بائیں طرف اور وہ بیچ میدان کشادہ کے ہیں اس سے یہ نشانیاں

اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ

اللہ کی سے ہے جس کو ہدایت کرے اللہ پس وہی ہے راہ پانے والا اور جس کو گمراہ کرے پس ہرگز نہ

تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ

وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ
اور زمین تھے ملے ہوئے پس جدا کیا ہم نے ان دونو کو اور کیا ہم نے پانی سے

كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ
ہر چیز کو زندہ کیا پس نہیں ایمان لاتے ف۱ اور کیے ہم نے بیچ زمین کے

رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا
پہاڑ ایسا نہ ہو کہ ہل جاوے ساتھ ان کے اور کیے ہم نے بیچ اس کے کشادہ رستے

لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ښ
تو کہ وہ راہ پاویں ف۲ اور کیا ہم نے آسمان کو چھت محفوظ

وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ
اور وہ نشانیوں اس کی سے منہ پھیرنے والے ہیں ف۳ اور وہ ہے جس نے پیدا کیا رات کو

وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾
اور دن کو اور سورج اور چاند ہر ایک بیچ آسمان کے تیرتے ہیں ف۴

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ
اور نہیں کیا ہم نے واسطے کسی آدمی کے پہلے تجھ سے ہمیشہ رہنا کیا پس اگر تو مرجاوے گا پس یہ

الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ
ہمیشہ رہیں گے ف۵ ہر جی چکھنے والا ہے موت کا اور آزماتے ہیں ہم تم کو ساتھ برائی

وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ
اور بھلائی کے آزمائش کو اور طرف ہماری پھیرے جاؤ گے اور جس وقت دیکھتے ہیں تجھ کو وہ لوگ کہ

كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ
کافر ہوئے نہیں پکڑتے تجھ کو مگر ٹھٹھا کیا یہی ہے جو مذکور کرتا ہے

اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ
معبودوں تمہارے کا اور وہ ساتھ ذکر اللہ کے وہی کافر ہیں ف۶ پیدا کیا گیا ہے

الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾
آدمی جلدی سے شتاب دکھاؤں گا میں تم کو نشانیاں اپنی پس مت جلدی کرو مجھ سے

ف۱ منہ بند تھے یعنی ایک چیز تھی زمین میں سے نہریں اور کانیں اور سبزی بھانت بھانت نکالی آسمان سے کتنے ستارے ہر ایک کا گھر جُدا اور چال جُدا اور جاندار بنائے یعنی جانور پانی سے یعنی نطفہ سے۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ یعنی ایک ملک کے لوگ دوسرے ملک والوں سے مل سکیں۔ اگر پہاڑ ایسے ڈھب پر پڑتے کہ راہیں بند ہوتیں تو یہ بات کہاں تھی۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ بچاؤ کی چھت یعنی کوئی اس کو توڑ نہیں سکتا اور اس کے نمونے تارے اور چال اور رات اور دن۔ ۱۲-منہ رح

ف۴ یعنی اپنی اپنی راہ پڑے ہیں اس سے نہیں سٹتے۔ ۱۲-منہ رح

ف۵ کافر کہتے تھے اس شخص تک ہے یہ دھوم جہاں یہ مرا پھر کچھ نہیں۔ ۱۲-منہ رح

ف۶ نام لیتا ہے ٹھاکروں کا یعنی بُرا کہتا ہے۔ ۱۲-منہ رح

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ لَوْ
اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے کاش کہ

يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ
جانیں وہ لوگ جو کافر ہوئے اس وقت کہ نہ روک سکیں گے منہ اپنے سے

النَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٣٩﴾ بَلْ
آگ اور نہ پیٹھ اپنی سے اور نہ وہ مدد کیے جاویں گے بلکہ

تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا
آجاویگی ان کے پاس ناگہاں پس بھچکا کردے گی ان کو پس نہ سکیں گے پھیر دینا اس کا اور نہ

هُمْ يُنظَرُونَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ
وہ ڈھیل دیئے جاوینگے اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا تھا ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے

فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٤١﴾ ع
پس گھیر لیا ان لوگوں کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے ان میں سے اس چیز نے کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے

ع ٣ ١٢ ٣

قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ ۗ بَلْ هُمْ
کہہ کون نگہبانی کرتا ہے تمہاری رات اور دن اللہ سے بلکہ وہ

عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم
یاد پروردگار اپنے کی سے منہ پھیرنے والے ہیں کیا واسطے ان کے معبود ہیں کہ منع کرتے ہیں انکو

مِّن دُونِنَا ۚ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم
ورے ہم سے نہیں کر سکتے مدد جانوں اپنی کی اور نہ وہ

مِّنَّا يُصْحَبُونَ ﴿٤٣﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ
ہماری طرف سے رفاقت کیے جاتے ہیں بلکہ فائدہ دیا ہم نے اُن کو اور باپوں ان کے کو یہانتک کہ

طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ
دراز ہو گئی اُوپر ان کے عمر کیا پس نہیں دیکھتے یہ کہ ہم آتے ہیں زمین پر

نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿٤٤﴾ قُلْ إِنَّمَا
گھٹاتے اُس کو کناروں اس کے سے کیا پس وہ غالب ہیں ف کہہ سوائے اس کے نہیں کہ

أُنذِرُكُم بِالْوَحْيِ ۚ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا
ڈراتا ہوں میں تم کو ساتھ وحی کے اور نہیں سنتے بہرے پکارنا جب

ف ہم چلے آتے ہیں، گھٹاتے یعنی عرب کے ملک میں مسلمانی پھیلنے لگی ہے کفر گھٹنے لگا۔ ١٢۔ منہ رح

يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ

ڈرائے جاتے ہیں اور اگر لگ جاوے ان کو ایک بُو عذاب پروردگار تیرے کے سے

لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ

البتہ کہیں گے اے وائے ہم کو تحقیق ہم تھے ظالم اور رکھیں گے ہم ترازوئیں

الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ؕ وَاِنْ

عدل کی دن قیامت کے پس نہ ظلم کیا جاوے گا کوئی جی کچھ اور اگر

كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا

ہو ویگا عمل آدمی کا برابر ایک دانے کے رائی کے لے آویں گے ہم اس کو اور کفایت ہیں ہم

حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ

حساب لینے والے اور تحقیق دیا ہم نے موسے اور ہارون کو معجزہ

وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

اور روشنی اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے وہ جو ڈرتے ہیں رب اپنے سے

بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ

بن دیکھے اور وہ قیامت سے ڈرتے ہیں اور یہ ذکر ہے

مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ

برکت والا اتارا ہے ہم نے اسکو کیا پس تم اُس کے منکر ہو اور البتہ تحقیق دی ہم نے

اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ قَالَ

ابراہیم کو ہدایت اس کی پہلے اس سے اور تھے ہم اس کو جاننے والے جب کہا اس نے

لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا

واسطے باپ اپنے کے اور قوم اپنی کے کیا ہیں یہ صورتیں کہ تم واسطے ان کے

عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ

اعتکاف کرنے والے ہو کہا انہوں نے پایا ہم نے باپوں اپنوں کو واسطے انکے عبادت کرنے والے کہا

لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا

البتہ تحقیق تھے تم اور باپ تمہارے بیچ گمراہی ظاہر کے کہا انہوں نے

اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ

کیا لایا ہے تو ہمارے پاس حق یا تو ہے کھیلنے والوں سے کہا بلکہ پروردگار تمہارا

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰی ذٰلِکُمْ
پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا ہے جس نے پیدا کیا اُن کو اور میں اوپر اس بات کے

مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿٥٦﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ بَعْدَ اَنْ
شاہدوں سے ہوں اور قسم ہے اللہ کی البتہ میں بدی کروں گا بتوں تمہارے سے پیچھے اس کے

تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿٥٧﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا کَبِیْرًا لَّهُمْ
کہ پھر جاؤ تم پیٹھ پھیر کر پس کیا اُن کو ٹکڑے ٹکڑے مگر ایک بڑے اُن کے کو

لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ﴿٥٨﴾ قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ
تو کہ وہ طرف اس کی پھر آویں ف١ کہا انہوں نے کس نے کیا یہ ساتھ معبودوں ہمارے کے

اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿٥٩﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْکُرُهُمْ یُقَالُ
تحقیق وہ البتہ ظالموں سے ہے کہا انہوں نے کہ سنا ہے ہم نے ایک جوان کو کہ ذکر کرتا تھا اُن کا کہتے ہیں

لَهٗٓ اِبْرٰهِیْمُ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ
اس کو ابراہیم کہا انہوں نے پس لے آؤ اس کو رُوبرو آنکھوں لوگوں کے تو کہ وہ

یَشْهَدُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰٓاِبْرٰهِیْمُ ﴿٦٢﴾
دیکھیں کہا انہوں نے کیا تو نے کیا ہے یہ ساتھ معبودوں ہمارے کے اے ابراہیم

قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ کَبِیْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ کَانُوْا
کہا بلکہ کیا ہے اس کو بڑے ان کے نے کہ یہ ہے پس پوچھو اُن سے اگر ہیں

یَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓی اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّکُمْ اَنْتُمُ
بولتے پس پھر آئے طرف جی اپنے کے پس کہا انہوں نے تحقیق تم ہی ہو

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُکِسُوْا عَلٰی رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا
ظالم ف٢ پھر اُلٹے کیے گئے اوپر سروں اپنے کے البتہ تحقیق جانتا ہے تو کہ

هٰٓؤُلَآءِ یَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا
نہیں یہ بولتے کہا کیا پس عبادت کرتے ہو تم سوائے اللہ کے اس

لَا یَنْفَعُکُمْ شَیْـًٔا وَّلَا یَضُرُّکُمْ ﴿٦٦﴾ اُفٍّ لَّکُمْ وَلِمَا
چیز کو کہ نہ نفع دے تم کو کچھ اور نہ ضرر دے تم کو تُف ہے تم کو اور اس چیز کو

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوْا
کہ عبادت کرتے ہو تم سوائے اللہ کے کیا پس نہیں عقل پکڑتے کہا انہوں نے

ف١ یہ علاج کرنا انہوں نے چپکے کیا پھر جب وہ شہر سے باہر گئے ایک میلے میں تب بت خانہ میں جا کر سب کو توڑا۔ ١٢۔ منہ

ف٢ سمجھے کہ پتھر پوجنا کیا حاصل۔ ١٢۔ منہ

حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا
جلاؤ تم اس کو اور مدد دو معبودوں اپنوں کو اگر ہو تم کرنے والے کہا ہم نے

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا
اے آگ ہو جا تو ٹھنڈی اور سلامتی اوپر ابراہیم کے اور ارادہ کیا ساتھ اس کے مکر کا

فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿٧٠﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ
پس کیا ہم نے انہیں کو زیان پانے والے اور نجات دی ہم نے اسکو اور لوط کو طرف اس زمین کی

الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ۭ وَيَعْقُوْبَ
کہ برکت دی تھی ہم نے بیچ اسکے واسطے عالموں کے ف۱ اور دیا ہم نے اس کو اسحٰق اور یعقوب

نَافِلَةً ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿٧٢﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً
زیادتی اور ہر ایک کو دیا ہم نے صالح ف۲ اور کیا ہم نے ان کو پیشوا

يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ
ہدایت کرتے تھے ساتھ حکم ہمارے کے اور وحی کی ہم نے طرف ان کی کرنا بھلائیوں کا اور برپا رکھنا

الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاۗءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿٧٣﴾ وَلُوْطًا
نماز کا اور دینا زکوٰۃ کا اور تھے وہ واسطے ہمارے عبادت کرنے والے اور لوط کو

اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ
دیا ہم نے اس کو حکم اور علم اور نجات دی ہم نے اس کو اس بستی سے کہ کرتے تھے

تَّعْمَلُ الْخَـبٰۗىِٕثَ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿٧٤﴾
کام گندے تحقیق وہ تھے قوم بری بدکار

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾ وَنُوْحًا اِذْ
اور داخل کیا ہم نے اسکو بیچ رحمت اپنی کے تحقیق وہ صالحوں سے تھا اور نوح کو

نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ
ہدایت کی جس وقت کہ پکارا پہلے اس سے پس قبول کیا ہم نے واسطے اسکے پس نجات دی ہم نے اسکو اور اہل اسکے کو

الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
سختی بڑی سے اور مدد دی ہم نے اس کو اس قوم سے کہ وہ جھٹلاتے تھے

بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٧٧﴾
نشانیوں ہماری کو تحقیق وہ تھے قوم بری پس ڈبو دیا ہم نے اُن سب کو

ف۱ یعنی زمین شام جس میں آسودگی خوب ہے۔ ١٢۔منہ رح
ف۲ انعام میں دیا پوتا دعا تھی بیٹے ہی کی۔ ١٢۔منہ رح

ع ٥ ٢٥ ٥

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ

داؤد اور سلیمان کو ہدایت دی جس وقت حکم کرتے تھے دونو بیچ کھیتی کے جس وقت کہ چُگ گیا بیچ اسکے

غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝۷۸ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ

ریوڑ ایک قوم کا اور تھے ہم واسطے حکم اُن کے کے شاہد پس سمجھا دیا ہم نے وہ سلیمان کو

وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ

اور ہر ایک کو دیا ہم نے حکم اور علم ۱ اور مسخر کیا ہم نے ساتھ داؤد کے پہاڑوں کو

يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝۷۹ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ

تسبیح کہتے تھے اور جانوروں کو اور تھے ہم کرنے والے اور سکھلائی ہم نے اس کو کاریگری

لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ۝۸۰

ایک پہناوے تمہارے کی تو کہ بچاوے تم کو لڑائی تمہاری سے پس کیا ہو تم شکر کرنے والے ۲

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ

اور واسطے سلیمان کے باؤ تند کو مسخر کیا چلتی تھی ساتھ حکم اس کے کے طرف اس زمین کی

الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ۝۸۱ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ

کہ برکت دی تھی ہم نے بیچ اسکے اور ہیں ہم ہر چیز کو جاننے والے ۳ اور شیطانوں میں سے

مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا

مسخر کیے وہ جو غوطہ مارتے تھے واسطے اسکے اور کرتے تھے کام بہت سوائے اس کے اور تھے ہم

لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۝۸۲ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ

واسطے ان کے نگہبان ۴ اور ایوب کو ہدایت دی جس وقت پکارا اس نے رب اپنے کو تحقیق مجھ کو پہنچی ہے

الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝۸۳ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا

ایذا اور تو بہت مہربان ہے سب مہربانی کرنے والوں سے پس قبول کیا ہم نے واسطے اسکے پس کھول دی ہم نے

مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً

جو کچھ تھی اس کو ایذا اور دی ہم نے اس کو اولاد اس کی اور مانند ان کی ساتھ ان کے مہربانی

مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝۸۴ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ

اپنی طرف سے اور نصیحت واسطے عبادت کرنیوالوں کے ۵ اور اسمٰعیل کو اور ادریس کو

وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۸۵ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ

اور ذاالکفل کو ہدایت دی وہ ہر ایک تھا صبر کرنیوالوں سے ۶ اور داخل کیا ہم نے انکو بیچ رحمت اپنی کے

---

۱ حضرت داؤد نے بکریاں دلوادیں کھیتی والوں کو بدلا ان کے دین میں جو رکو غلام کر لیتے تھے اسی موافق یہ حکم کیا اور حضرت سلیمان لڑکے تھے انہوں نے بھی یہ جھگڑا اپنے پاس منگوایا اور کہا کہ بکریاں رکھو ان کا دودھ پیو اور کھیتی کو پانی دیا کریں بکری والے جب کھیتی جیسی تھی ویسی ہو جاوے تب بکریاں پھیر دیں. اور کھیتی لے لیں اس میں دونوں کا نقصان نہ ہو- ۱۲- منہ رح

۲ حضرت داؤد کے ساتھ زبور پڑھنے کے وقت پہاڑ اور جانور بھی انہی کی سی آواز سے پڑھتے اور لوہے کی زرہ بناتے فقط ہاتھ سے موڑ کر اور بناتے ہیں آگ سے- ۱۲- منہ رح

۳ ایک تخت بنایا تھا بہت بڑا اپنے سارے کارخانوں سے اور لوگوں سے اس پر بیٹھتے پھر باؤ آتی زور سے اس کو زمین سے اٹھاتی اور پر نرم باؤ چلتی مہینے کی راہ دو پہر میں پہنچاتی- ۱۲ منہ

۴ شیطانوں سے غوطہ لگواتے جواہر دریا سے نکلواتے جہاں آدمی کا مقدور نہیں اور عمارت میں بھاری کام ان سے کرواتے اور سفر میں حوض برابر لگن تانبے کی اور کنوئے برابر دیگیں اٹھا لے چلتے اور ان میں کھانا پکاتے اور سخت سخت کام ان سے لیتے- ۱۲ منہ رح

۵ حضرت ایوب کو حق تعالے (باقی صفحہ ۳۹۶ پر)

إِنَّهُم مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿٨٦﴾ وَذَا النُّونِ إِذ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

تحقیق وہ تھے صالحوں سے اور مچھلی والے یعنی یونس کو ہدایت کی جس وقت گیا غصہ کھا کر پس جانا کہ

أَن لَّن نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَىٰ فِي الظُّلُمَاتِ أَن لَّا إِلَٰهَ

ہرگز نہ تنگ پکڑیں گے ہم اوپر اسکے پس پکارا بیچ اندھیروں کے یہ کہ نہیں کوئی معبود

إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٨٧﴾ فَاسْتَجَبْنَا

مگر تو پاکی ہے تجھ کو تحقیق میں تھا ظالموں سے پس قبول کیا ہم نے

لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذَٰلِكَ نُنجِي الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٨﴾ وَزَكَرِيَّا

واسطے اسکے اور نجات دی ہم نے اس کو غم سے اور اسی طرح نجات دیتے ہیں ہم ایمان والوں کو ف اور ہدایت دی ہمنے زکریا

إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ ﴿٨٩﴾

کو جس وقت پکارا اسنے پروردگار اپنے کو اے پروردگار میرے مت چھوڑ مجھ کو اکیلا اور تو بہتر وارثوں کا ہے ف

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَوَهَبْنَا لَهُ يَحْيَىٰ وَأَصْلَحْنَا لَهُ زَوْجَهُ ۚ إِنَّهُمْ

پس قبول کیا ہم نے واسطے اسکے اور دیا ہم نے اس کو یحییٰ اور درست کر دیا ہم نے واسطے اسکے بی بی اسکی تحقیق وہ

كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا ۖ وَكَانُوا

تھے جلدی کرتے بیچ بھلائیوں کے اور پکارتے تھے ہم کو رغبت سے اور ڈر سے اور تھے

لَنَا خَاشِعِينَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهَا مِن

واسطے ہمارے عاجزی کرنیوالے ف اور ہدایت دی اس عورت کو کہ حفاظت کی اس نے شرمگاہ اپنی کی پس پھونک دیا ہمنے بیچ اس کے

رُّوحِنَا وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿٩١﴾ إِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ

روح اپنی کو اور کیا ہم نے اس کو اور بیٹے اس کے کو نشانی واسطے عالموں کے تحقیق یہ ہے امت تمہاری

أُمَّةً وَاحِدَةً وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُونِ ﴿٩٢﴾ وَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُم

امت ایک اور میں ہوں پروردگار تمہارا پس عبادت کرو میری اور کاٹ لیا انہوں نے کام اپنا

بَيْنَهُمْ ۖ كُلٌّ إِلَيْنَا رَاجِعُونَ ﴿٩٣﴾ فَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ

درمیان اپنے ہر ایک طرف ہماری پھر آنیوالے ہیں پس جو کوئی کام کرے اچھے

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهِ وَإِنَّا لَهُ كَاتِبُونَ ﴿٩٤﴾

اور وہ ایمان والا ہو پس نہیں ناقدردانی واسطے سعی اس کی کے اور تحقیق ہم واسطے اسکے لکھنے والے ہیں۔

وَحَرَامٌ عَلَىٰ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٩٥﴾

اور لازم ہے اوپر اس بستی کے کہ ہلاک کیا ہم نے اس کو یہ کہ وہ نہیں پھرتے ف

ف حزقیل کے یاروں میں تھے یونس علیہ السلام بڑے شوق میں عبادت کی، اور دنیا سے الگ حکم ہوا کہ ان کو بھیجو شہر نینوا میں مشرکوں کو منع کریں بُت پوجنے سے یہ خفا ہو کر گئے راہ میں ندی آئی ایک بیٹا کنارے چھوڑا ایک کندھے پر لیا عورت کا ہاتھ پکڑا ندی میں جب پانی نے زور کیا عورت کا ہاتھ چھوٹ گیا اسکے تھامنے سے کندھے سے لڑکا پھسل پڑا، گھبراہٹ میں دونوں بہہ گئے۔ کنارے آئے دوسرے لڑکے پاس اس کو بھیڑیا لے گیا جب اس شہر میں پہنچے سرداروں سے ملے پیغام اللہ کا دیا وہ ٹھٹھے کرنے لگے ایک مدت رہے آخر خفا ہو کر بددعا کی عذاب کی اور آپ نکل گئے تین دن عذاب آیا شہر کے سب لوگ جنگل میں نکلے اللہ کے آگے توبہ کی روئے بت سارے توڑ ڈالے عذاب ٹل گیا۔ شیطان نے یونس کو خبر دی کہ وہ قوم اچھے بھلے ہیں ان پر عذاب نہ آیا یہ دل میں خفا ہوئے کہ اللہ نے مجھ کو جھوٹا کیا حکم کی راہ نہ دیکھی کسی طرف چل کھڑے ہوئے ایک کشتی پر سوار ہوئے بھنور میں چکر کھانے لگی لوگوں نے کہا کشتی میں کسی کا غلام ہے بھاگا خاوند سے، قرعہ ڈالا تو ان کے نام پر آیا دریا میں ڈال دیا ایک مچھلی نگل گئی اس اندھیرے میں رب

ع ۶ / ۱۸ / ۶

(باقی صـ ۳۹۵ پر)

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ
یہانتک کہ جب کھولے جاوینگے یاجوج اور ماجوج اور وہ ہر اونچان سے

يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ
دوڑتے ہوں گے اور نزدیک آوے وعدہ سچا پس ناگہاں وہ چڑھ رہی ہیں

اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ
آنکھیں ان لوگوں کی کہ کافر ہوئے کہتے ہوں گے اے وائے ہم کو تحقیق تھے ہم بیچ غفلت کے

هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٩٧﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ
اس سے بلکہ تھے ہم ظالم ف۱ تحقیق تم اور جس چیز کو عبادت کرتے ہو سوائے

اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿٩٨﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ
اللہ کے پتھر ہیں دوزخ کے تم اس کے پاس آنے والے ہو اگر ہوتے یہ

اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ
معبود نہ آتے اس پاس اور ہر ایک بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں واسطے انکے بیچ اسکے چلانا ہے

وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ
اور وہ بیچ اسکے نہ سنیں گے ف۲ تحقیق وہ لوگ کہ پہلے ہو چکا ہے واسطے

مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰۗىِٕكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ
ان کے ہماری طرف سے وعدہ نیک یہ لوگ اس سے دور کیے گئے ہیں ف۳ نہیں سنیں گے

حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٢﴾
کھٹکا اس کا اور وہ بیچ اس کے کہ چاہیں گے جی ان کے ہمیشہ رہنے والے ہیں

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ۭ هٰذَا
نہ غمگین کرے گا ان کو ڈر بڑا اور لینے آویں گے ان کو فرشتے یہ ہے

يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاۗءَ
دن تمہارا جو تھے تم وعدہ دیئے جاتے جس دن لپیٹ لیویں گے ہم آسمان کو

كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ
جیسا لپیٹتا ہے طومار رقعوں کا جیسے شروع کی تھی ہم نے پہلی پیدائش دوبارہ کرینگے اسکو

وَعْدًا عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ
وعدہ ہے ہمارے ذمے پر تحقیق ہم ہیں کرنے والے اور البتہ تحقیق لکھ دیا ہم نے بیچ زبور کے

ف۱ یعنی خبر پہنچی تھی جان کر ٹلا دی۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۲ یعنی اپنے چلانے کے شور سے۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۳ یعنی ایک بار گزر کر پھر ہمیشہ دور رہیں گے ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۳۹۴ سے آگے) کو پکارے تب توبہ قبول ہوئی مچھلی نے کنارے پر اگل دیا وہاں ایک بیل نے چھا کر ان پر چھاؤں کی اور ہرنی نے دودھ پلایا جب قوت پائی حکم ہوا اسی قوم میں پھر جانے کا وہ آرزو مند تھے راہ دیکھتے ان کی عورت اور لڑکے پیدا ہوئے بھیڑ سے لوگوں نے چھڑایا تھا اور بہتوں کو نکال لیا تھا اسی شہر میں اب ان کی قبر ہے اور جو فرمایا سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے یعنی مہربانی کے معاملہ میں اس کو راضی نہ کر سکیں گے وہ ایسا خفا ہوا ہے اور حکومت کے معاملہ میں ہر چیز آسان ہے۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۴ یعنی اولاد دی۔ ۱۲ منہ
ف۵ لوگ کہتے ہیں جو کوئی اللہ کو پکارے توقع سے یا ڈر سے وہ محب تحقیق نہیں یہاں سے اس کی غلطی نکلی۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۶ یعنی کفر نہیں چھوڑتے تبھی کھیلتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

مِنۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿١٠٥﴾
پیچھے ذکر کے یہ کہ زمین کے وارث ہونگے اس کے میرے بندے صالح

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ
تحقیق بیچ اس کے البتہ مطلب کو پہنچا دینا ہے واسطے قوم عبادت کرنیوالی کے اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو

اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ
مگر رحمت واسطے عالموں کے کہہ سوائے اس کے نہیں کہ وحی کی جاتی ہے طرف میری یہ کہ معبود تمہارا

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ
معبود ایک ہے اکیلا پس آیا ہو تم اطاعت کرنے والے پس اگر پھر جاویں پس کہہ

اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۗ وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ
خبردار کر دیا ہیں نے تم کو اوپر برابری کے اور نہیں جانتا میں کہ نزدیک ہے یا دور

مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٩﴾ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ
جو کچھ وعدہ دیئے جاتے ہو تم ف تحقیق وہ جانتا ہے پکارنے کو بات سے اور جانتا ہے

مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿١١٠﴾ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ
جو چھپاتے ہو تم اور نہیں جانتا ہیں شاید کہ وہ آزمائش ہے واسطے تمہارے اور فائدہ ہے

اِلٰى حِيْنٍ ﴿١١١﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ
ایک مدت تک کہا پیغمبر نے اے رب میرے حکم کر ساتھ حق کے اور پروردگار ہمارا مہربان

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿١١٢﴾ ع
مدد مانگا گیا ہے اوپر اس چیز کے کہ بیان کرتے ہو تم

سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٧٨، رُكُوْعَاتُهَا ١٠

سورۂ حج مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — اٹھتر آیتیں اور دس رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ
اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے تحقیق زلزلہ قیامت کا چیز ہے

عَظِيْمٌ ﴿١﴾ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ
بڑی جس دن دیکھیں گے اس کو بھول جاوے گی ہر دودھ پلانے والی جس کو

اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ
دودھ پلایا تھا اور ڈالدے گی ہر حمل والی حمل اپنا اور دیکھے گا تو لوگوں کو

دونوں طرف برابر یعنی ابھی تم دونوں بات کرسکتے ہو ایک طرف کا زور نہیں آیا۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۳۹۳ سے آگے) نے دنیا میں سب طرح سے آسودہ رکھا تھا۔ کھیت اور مواشی اور لونڈی غلام کماتے اور اولاد صالح اور عورت موافق مرضی اور بڑے شکرگذار تھے پھر آزمانے کو ان پر شیطان کا ہاتھ دیا کھیت جل گئے مواشی مر گئے اور اولاد اکٹھی دب مری، دوستدار الگ ہوگئے۔ بدن میں آبلہ پڑ کر کیڑے پڑ گئے ایک عورت رفیق رہی جیسے نعمت میں شاکر تھے ویسے بلا میں صابر رہے۔ ایک قرن کے بعد یہ دعا کی اللہ تعالٰی نے اولاد مری ہوئی جلائی اور نئی اولاد دی۔ زمین سے چشمہ نکالا اسی سے پی کر اور نہا کر چنگے ہوئے اور سونے کی ٹڈیاں برسائیں اور سب طرح درست کر دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف کہتے ہیں ذوالکفل تھے ایوب کے بیٹے ایک شخص کے ضامن ہو کر کئی برس قید رہے اور اللہ پر محنت سہی۔ ۱۲۔ منہ رح

النصف ع ۱۹ / ۷ ۷

سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿٢﴾

مست اور نہیں وہ مست یعنی بےحواس و لیکن عذاب اللہ کا سخت ہے

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ

اور بعضے لوگ وہ شخص ہیں کہ جھگڑتے ہیں بیچ توحید خدا کے بغیر علم کے اور پیروی کرتے ہیں ہر

شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿٣﴾ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ

شیطان سرکش کی لکھا گیا ہے اوپر اُس کے یہ کہ جس کی دوستی کرے وہ یعنی شیطان پس تحقیق وہ

يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿٤﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

گمراہ کرتا ہے اسکو اور راہ دکھاتا ہے طرف عذاب دوزخ کی اے لوگو

اِنْ كُنْتُمْ فِىْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

اگر ہو تم بیچ شک کے پھر جی اُٹھنے سے پس تحقیق ہم نے پیدا کیا ہے تم کو مٹی سے

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ

پھر نطفے سے پھر لہو جمے ہوئے سے پھر بوٹی صورت بنی ہوئی سے اور بن

مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۚ وَنُقِرُّ فِى الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰۤى اَجَلٍ

بنی ہوئی سے تو کہ بیان کریں واسطے تمہارے اور ٹھیراتے ہیں ہم اسکو بیچ رحم کے جتنا چاہیں ایک وقت

مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْۤا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ

مقرر تک پھر نکالتے ہیں تم کو بچہ پھر تو کہ پہنچو جوانی اپنی کو اور بعض تم ہیں سے

مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ

وہ شخص ہے کہ قبض کیا جاتا ہے اور بعض تم میں سے وہ ہے کہ پھیرا جاتا ہے طرف ناکاری عمر کی تو کہ نہ جانے

مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَاۤ اَنْزَلْنَا

پیچھے جاننے کے کچھ اور دیکھتا ہے تو زمین کو خشک پس جسوقت اتارتے ہیں ہم

عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍ

اُوپر اس کے پانی ہلتی ہے اور پھولتی ہے اور اگاتی ہے ہر قسم قسم

بَهِيْجٍ ﴿٥﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْىِ الْمَوْتٰى

نفیس سے یہ بسبب اسکے ہے کہ اللہ وہی ہے حق اور یہ کہ وہی جلاتا ہے مُردوں کو

وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٦﴾ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ

اور یہ کہ وہ اُوپر ہر چیز کے قادر ہے اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے نہیں شک

فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝۷ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

بیچ اس کے اور یہ کہ اللہ اٹھاویگا ان لوگوں کو کہ بیچ قبروں کے ہیں اور بعض لوگوں سے وہ ہے جو

يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝۸ ۙ

جھگڑتا ہے بیچ خدا کے بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور نہ کتاب روشن کے

ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ

موڑنے والا شانے اپنے کو تو کہ گمراہ کرے راہ خدا کی سے واسطے اسکے بیچ دنیا کے رسوائی ہے

وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝۹ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

اور چکھا دینگے ہم اس کو دن قیامت کے عذاب جلنے کا یہ بسبب اسکے ہے کہ آگے بھیجا

يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝۱۰ ۧ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

تھا دونو ہاتھ تیرے نے اور یہ کہ اللہ نہیں ظلم کرنے والا واسطے بندوں اپنے کے اور بعض لوگوں میں سے وہ ہے کہ

يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ

بندگی کرتا ہے اللہ کی اوپر کنارے کے پس اگر پہنچے اس کو بھلائی آرام پکڑے ساتھ عبادت کے

وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ۣ خَسِرَ الدُّنْيَا

اور اگر پہنچے اس کو فتنہ پلٹ جاوے اوپر منہ اپنے کے لوٹے ہیں دیا دنیا

وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝۱۱ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ

اور آخرت کو یہ ہے وہ ٹوٹا پانا ظاہر ف پکارتا ہے سوائے

اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝۱۲ ۚ

اللہ کے اس چیز کو کہ نہ ضرر دے اس کو اور نہ نفع دے اس کو یہ وہ ہے گمراہی دور

يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى

پکارتا ہے اس شخص کو کہ ضرر اس کا نزدیک ہے نفع اس کے سے البتہ برا ہے دوست

وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ۝۱۳ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور برا ہے ہم صحبت تحقیق اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اچھے بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں تحقیق اللہ

يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝۱۴ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ

کرتا ہے جو چاہتا ہے جو شخص کہ گمان کرتا ہے یہ کہ ہرگز نہ مدد دیگا اس کو اللہ

ع ۱۰ / ۸

ف یعنی دنیا کی نیکی پاوے تو بندگی پر قائم رہے اور تکلیف پاوے تو چھوڑ دے اُدھر دنیا گئی اِدھر دین گیا کنارے کھڑا ہے یعنی دل ابھی نہ اس طرف ہے، نہ اُس طرف ہے۔ جیسے کوئی مکان کے کنارے کھڑا ہے جب چاہے نکل جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ

بیچ دنیا کے اور آخرت کے پس چاہیئے کہ کھینچ لے جاوے ایک رسّی طرف آسمان کی پھر

لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿١٥﴾

چاہیئے کہ کاٹ ڈالے اس کو پھر دیکھے کہ کیا لے جاوے گا مکر اس کا اس چیز کو کہ غصے میں لاتی ہے اسے ف

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ

اور اسی طرح اتارا ہے ہم نے اس کو نشانیاں ظاہر اور یہ کہ اللہ ہدایت کرتا ہے جس

يُّرِيْدُ ﴿١٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ

کو چاہے تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور وہ لوگ کہ یہودی ہوئے اور بے دین

وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ

اور نصاریٰ اور مجوس اور وہ لوگ کہ شریک کرتے ہیں تحقیق اللہ فیصل کرے گا

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿١٧﴾ اَلَمْ

درمیان انکے دن قیامت کے تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے حاضر ہے ف۲ کیا

تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ

نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ کو سجدہ کرتے ہیں واسطے اسکے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور جو کوئی بیچ زمین کے ہیں

وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ

اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور

وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ

اور بہت آدمیوں میں سے اور بہت ہیں کہ ثابت ہوا اوپر انکے عذاب اور جس کو ذلیل کرے

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿١٨﴾ ۩ هٰذٰنِ

اللہ پس نہیں واسطے اسکے کوئی عزت دینے والا تحقیق اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے ف۳ یہ دو

خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ

جھگڑنے والے جھگڑے بیچ پروردگار اپنے کے پس وہ لوگ کہ کافر ہوئے بیونتے جاوینگے

لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ

واسطے ان کے کپڑے آگ کے ڈالا جاوے گا اوپر سروں ان کے کے

الْحَمِيْمُ ﴿١٩﴾ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿٢٠﴾ ۭ

گرم پانی گلایا جاویگا ساتھ اس کے جو کچھ بیچ پیٹوں ان کے کے ہے اور چمڑا

ف دنیا کی تکلیف میں جو خدا سے نا امید ہوکر اس کی بندگی چھوڑ دے اور چھوٹی چیزیں پوجے جن کے ہاتھ نہیں بُرا بھلا وہ اپنے دل کے ٹھہرانے کو یہ صورت قیاس کرلے جیسے ایک شخص اونچی لٹکتی رسی سے لٹک رہا ہے اگر چڑھ نہیں سکتا توقع تو ہے کہ رسّی اُوپر کھینچے تو چڑھ جاوے جب رسّی توڑ دی، پھر کیا توقع۔ رسّی کہا اللہ کی امید کو اور آسمان کو تانے یعنی اونچان کو۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ مجوس آگ پوجتے ہیں اور ایک نبی کا بھی نام لیتے ہیں معلوم نہیں پیچھے بگڑے ہیں یا سرے سے غلط ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ ایک سجدہ ہے کہ سب اس میں شامل ہیں آسمان زمین میں جو کوئی ہے وہ یہ کہ اللہ کی قدرت میں بے بس ہیں اور ایک سجدہ ہے ہر ایک کا جُدا وہ یہ کہ اس کو جس کام کا بنایا اس کام میں لگے یہ بہت آدمی کرتے ہیں بہت نہیں کرتے اور خلق سارے کرتے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

سجدہ ع

وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا
اور واسطے ان کے ہتھوڑے ہیں لوہے کے جس وقت ارادہ کریں گے یہ کہ نکلیں اس سے

مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ
غم سے پھیرے جاویں بیچ اسکے اور چکھو عذاب جلنے کا تحقیق اللہ

يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
داخل کرتا ہے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے بہشتوں میں کہ چلتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ
نیچے ان کے سے نہریں پہنائے جاوینگے بیچ اسکے کنگن سونے سے

وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ
اور موتی اور لباس اُن کا بیچ اس کے ریشمی ہے ف اور راہ دکھلائے گئے طرف پاکیزگی کی

الْقَوْلِ ښ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
بات سے اور راہ دکھلائے گئے طرف راہ تعریف کیے گئے کے ف۲ تحقیق وہ لوگ کہ کافر ہوئے

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ
اور بند کرتے ہیں راہ خدا کی سے اور مسجد حرام سے وہ جو مقرر کیا

جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَاۗءَۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ
ہے ہم نے اسکو واسطے لوگوں کے برابر ہیں رہنے والے بیچ اسکے اور باہر سے آنے والے اور جو کوئی ارادہ کرے بیچ

بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾ ع وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ
اس کے گمراہی کا ساتھ ظلم کے چکھاویں گے اسکو عذاب درد دینے والے سے ف۳ اور جس وقت مقرر کردی ہم نے واسطے ابراہیم کے

مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْــــًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ
مکان کعبے کا اس شرط پر کہ نہ شریک لا ساتھ میرے کسی چیز کو اور پاک رکھ گھر میرے کو

لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْقَاۗىِٕمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَاَذِّنْ فِي
واسطے گرد پھرنے والوں کے اور کھڑے رہنے والوں کے اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے ف۴ اور پکار دے بیچ

النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰي كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ
لوگوں کے ساتھ حج کے آویں گے تیرے پاس پیادے اور اوپر ہر اونٹ دبلے کے آویں گے

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿۲۷﴾ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا
ہر راہ دور سے ف۵ تو کہ حاضر ہوں واسطے فائدوں اپنے کے اور یاد کریں

ف۱ یہ جو فرمایا کہ وہاں گہنا اور وہاں پوشاک معلوم ہوا کہ یہ دونوں یہاں نہیں اور گہنوں میں سے کنگن اس واسطے کہ غلام کی خدمت پسند آتی ہے تو کڑے ڈالتے ہیں ہاتھ میں۔ ۱۲۔ منہ

ع ۲ / ۱۲ / ۹

ف۲ ستھری بات یعنی بہشت میں جھگڑنا اور بکنا نہیں سوائے خوشی کی بات کے اور شکر اللہ کا یا دنیا میں توحید کی راہ پائی اور مسلمانی کی راہ۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی جنہوں نے لوگوں کو وہاں جانا بند کیا وہ سزا پاوینگے۔ ۱۲۔ منہ

ف۴ کہتے ہیں کعبہ شریف کی جگہ آگے سے بزرگ تھی پھر بعد مدتوں کے نشان نہ رہا تھا حضرت ابراہیم کو حکم ہوا پھر عمارت بنائی اور تازہ کیا ایک بادل غیب سے آکر کھڑا ہوا اس کی چھاؤں پر لکیر ڈالی اور بنیاد رکھی اور اُمتوں میں رکوع نہ تھا۔ یہ خاص اسی امت میں ہے تو خبر دی کہ لوگ ہوں گے اس کو آباد کرنے والے۔ ۱۲۔ منہ

ع ۳ / ۱۳ / ۱۰

ف۵ ایک پہاڑ پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پکارا کہ لوگو تم پر اللہ نے حج فرض کیا ہے حج کو آؤ باپ کی پشت میں لبیک کہا جن کی قسمت میں حج ہے ایک بار یا دو بار یا زیادہ اپنے
(باقی صفحہ ۴۰۱ پر)

اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ

نام اللہ کا بیچ دنوں معلوم کے اُوپر اس چیز کے کہ دیا ہے ان کو چوپایوں

الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآىِٕسَ الْفَقِيْرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ

پالے ہوؤں سے پس کھاؤ اس میں سے اور کھلاؤ بھوکے فقیر کو ف١ پھر

لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا

چاہیئے کہ دُور کریں میل اپنا اور پوری کریں نذریں اپنی اور گرد پھریں

بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٢٩﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ

گھر قدیم کے ف٢ بات یہ ہے اور جو کوئی تعظیم کرے حرمتوں اللہ کی کو

فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا

پس وہ بہتر ہے واسطے اسکے نزدیک پروردگار اسکے کے اور حلال کیے گئے واسطے تمہارے چارپائے پالے ہوئے جانور مگر جو

يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا

پڑھا جاتا ہے اوپر تمہارے پس بچتے رہو ناپاکی بتوں کی سے اور بچتے رہو

قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿٣٠﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ

بولنے جھوٹ کے سے توحید کرنے والے اللہ کو نہ شریک لانے والے ساتھ اسکے اور جو کوئی شریک لاوے

بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ

ساتھ اللہ کے پس گویا گر پڑا آسمان سے پس اُچک لے جاتے ہیں اس کو جانور یا

تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ

پھینک دیتی ہے اس کو باؤ بیچ مکان دُور کے ف٣ بات یہ ہے اور جو کوئی

يُّعَظِّمْ شَعَآىِٕرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ

تعظیم کرے نشانیوں اللہ کی کو پس تحقیق وہ پرہیزگاری دلوں کے سے ہے واسطے تمہارے

فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ

بیچ اس کے فائدے ہیں ایک وقت مقرر تک پھر جگہ حلال ہونے انکے کی طرف کعبے

الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾ ع وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ

کے ہے ف٤ اور واسطے ہر امّت کے مقرر کی ہے ہم نے طرح عبادت کی تو یہ کہ یاد کریں نام

اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۗ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

اللہ کا اوپر اس چیز کے کہ دی ہے ہم نے اُن کو چارپایوں پالے ہوؤں سے پس معبود تمہارا معبود

ف١ جو شکرانہ کا ذبح ہو یا نفل کا وہ آپ کھاوے اور جو بدلہ قصور کا ہو اس میں آپ نہ کھاوے اور کئی دن فرمایا نیں کو ذی الحجہ کی دسویں تاریخ اور گیارہویں اور بارہویں ان دنوں میں بڑا قبولیت کا کام یہی ہے اللہ کے نام پر ذبح کرنا۔ ١٢۔ منہ رحمہ

ف٢ جہاں سے لبیک شروع کرتے ہیں حجامت اور ناخن نہیں لیتے، بالوں میں تیل نہیں ڈالتے بدن سے ننگے رہتے ہیں۔ اب دسویں تاریخ سب تمام کرتے ہیں حجامت کر کر غسل کر کر کپڑے پہن کر طواف کو جاتے ہیں جس کو ذبح کرنا ہے پہلے ذبح کر لیتا ہے اور منتیں اپنی مرادوں کے واسطے جو مانا ہو وہ ادا کریں اصل منت اللہ کی ہے اور کسی کی نہیں۔ ١٢۔ منہ رحمہ

ف٣ بڑائی رکھے اللہ کے ادب کی یعنی قربانی کے جانور آتے ہوئے نہ لوٹے اور قیمتی جانور لادے اور اس پر جھول اچھی ڈال کر پھر وہ بھی خیرات کرے اور چوپائے تم کو حلال ہیں یعنی جو کھانے میں رواج ہے۔ اور بہتیرے چوپائے حرام بھی ہیں اور بچو بتوں کی پراگندگی سے جو کسی تھان پر ذبح کیا وہ مردار ہوا اور جھوٹی بات سے یعنی جو کسی کے نام کا کر کر ذبح کیا وہ بھی حرام ہے۔

ع ٨/٤ ١١

(باقی صہ ٤٠٢ پر)

وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ اِذَا

ایک ہے پس واسطے اسی کے مطیع ہو اور خوشخبری دے عاجزی کرنیوالوں کو وہ جو جس وقت

ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ

یاد کیا جاتا ہے اللہ ڈر جاتے ہیں دل ان کے اور صبر کرنے والے اُوپر اسچیز کے کہ پہنچتی ہے ان کو

وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور قائم رکھنے والے نماز کو اور اسچیز سے کہ دی ہے ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں ف

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ

اور اونٹ قربانی کے کیا ہم نے ان کو واسطے تمہارے نشانیوں اللہ کی سے واسطے تمہارے بیچ انکے خوبی ہے

فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا

پس یاد کرو نام اللہ کا اوپر ان کے قطار باندھے ہوئے پس جسوقت گر پڑیں کروٹیں انکی

فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا

پس کھاؤ ان میں سے اور کھلاؤ بےسوال فقیر کو اور سوال کرنے والے کو اسی طرح مسخر کیا ان کو

لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا

واسطے تمہارے تو کہ تم شکر کرو ف ہرگز نہ پہنچے گا اللہ کو گوشت ان کا

وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ

اور نہ لہو ان کا و لیکن پہنچے گی اُس کو پرہیزگاری تمہاری اسی طرح

سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰٮكُمْ ؕ وَبَشِّرِ

مسخر کیا ان کو واسطے تمہارے تو کہ تم بڑائی کہو اللہ کی اوپر اس کے کہ ہدایت کیا تم کو اور بشارت دے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

نیکی کرنے والوں کو تحقیق اللہ دفع کرتا ہے ان لوگوں سے کہ ایمان لائے تحقیق اللہ

لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ ع اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ

نہیں دوست رکھتا ہر خیانت کرنیوالے کفر کرنیوالے کو ف۳ اذن دیا گیا واسطے ان لوگوں کے کہ لڑائی کیے جاتے ہیں

بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۙ ﴿۳۹﴾ الَّذِيْنَ

بسبب اسکے کہ وہ ظلم کیے گئے ہیں اور تحقیق اللہ اوپر مدد ان کی کے البتہ قادر ہے وہ لوگ کہ

اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا

نکالے گئے گھروں اپنے سے ناحق مگر یہ کہ کہا انہوں نے پروردگار ہمارا

ف یعنی مواشی ذبح کرنا نیاز اللہ کی ہر دین میں عبادت رکھی ہے اس کے سوا اور کی نیاز ذبح کرنا اس کی عبادت ہوگئی تو شرک ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اُونٹ کو ذبح کے بدلے نحر ہے کھڑا کر کے قبلے کے سامنے پھر چھاتی میں زخم دیجئے جب سارا لہو نکل چکا وہ گر پڑا کاٹنے لگے۔ محتاج دو بتائے پہلا وہ ہے جو مانگتا نہیں اور دوسرا وہ جو مانگتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ جبتک حضرت مکے میں رہے حکم تھا کہ مسلمان صبر کریں کافروں کی بدی پر صبر کیا جب مدینے میں آئے حکم ہوا کہ جو تم سے بدی کرتے ہیں تم بھی بدلا لو تب جہاد شروع ہوا۔ اگلی آیت میں حکم ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۴۰۱ سے آگے) اور جو کوئی شریک کرے اس کی مثال فرمائی۔ اس واسطے کہ جس کی نیت ایک اللہ پہ ہے وہ قائم ہے اور جہاں نیت بہت طرف گئی، وہ سب اس کو راہ میں سے اچک لے گئے یا سب سے منکر ہو کر دہری ہوگیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جتنے مواشی ہیں، اس کو حق یہی ہے کہ کام لے پیچھے پھر کعبہ پاس لے جا کر چڑھا دیجئے مگر یہ بات دشوار (باقی صفحہ ۴۰۳ پر)

اللّٰهُ ۚ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ

اللہ ہے اور اگر نہ ہوتا دور کرنا اللہ کا لوگوں کو بعضے ان کے کو بعض سے البتہ ڈھائے جاتے

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ

خلوت خانے درویشوں کے اور عبادت خانے نصاریٰ کے اور عبادتخانے یہود کے اور مسجدیں کہ لیا جاتا ہے بیچ ان کے نام

اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ

اللہ کا بہت اور البتہ مدد دے گا اللہ اس کو کہ مدد دیتا ہے اس کو تحقیق اللہ البتہ زورآور ہے

عَزِيْزٌ ﴿٤٠﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ

غالب ف۱ وہ لوگ کہ اگر قدرت دیں ہم ان کو بیچ زمین کے قائم رکھیں نماز کو

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ

اور دیں زکوٰۃ کو اور حکم کریں ساتھ بھلائی کے اور منع کریں

الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿٤١﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ

نامعقول سے اور واسطے اللہ کے ہے آخر سب کاموں کا ف۲ اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ وَقَوْمُ

جھٹلایا تھا پہلے اُن سے قوم نوح کی نے اور قوم عاد اور ثمود نے اور قوم

اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿٤٣﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ

ابراہیم کی نے اور قوم لوط کی نے اور رہنے والے مدین کے نے اور جھٹلایا گیا

مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ

موسےٰ پس ڈھیل دی میں نے کافروں کو پھر پکڑا میں نے انکو پس کیونکر تھا

نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ

عذاب میرا پس بہت بستیاں ہیں کہ ہلاک کیا ہم نے ان کو اور وہ ظالم تھیں

فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ

پس وہ گری ہوئی ہیں اُوپر چھتوں اپنی کے اور بہت کنوئیں ناکارہ پڑے ہوئے اور بہت محل ہیں

مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ

بلند کیسے ہوئے کیا پس نہیں سیر کی انہوں نے بیچ زمین کے پس ہوتے واسطے ان کے

قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا

دل کہ سمجھتے ساتھ ان کے اور کان کہ سنتے ساتھ ان کے پس تحقیق وہ نہیں کہ

ف۱ جو اس کی مدد کریگا یعنی اس کے دین کی اور اس کے رسول کی اللہ قادر ہے جو چاہے ایک دم میں کرے لیکن انسان سے یہی معاملہ ہے بھلے بُرے کا آپس میں سزا پاویں۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ یعنی یہ اُمت دین قائم کرے گی ایک مدت آخر اللہ ہی جانے۔ ۱۲-منہ رح

(بقیہ ص۴۰۲ کا ف۱ سے آگے) ہے تو جہاں بسم اللہ اللہ اکبر کہا اور ذبح کیا یہ نشان ہے کہ اللہ کی نیاز کعبہ کو چڑھایا دُور ہو یا نزدیک ہو۔ ۱۲-منہ رح

تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ ﴿۴۶﴾

اندھی ہوجاتی ہیں آنکھیں و لیکن اندھے ہوجاتے ہیں دل وہ جو بیچ سینوں کے ہیں

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ وَعْدَهُ ۚ

اور جلدی مانگتے ہیں تجھ سے عذاب کو اور ہرگز نہ خلاف کریگا اللہ وعدے اپنے کو

وَإِنَّ يَوْمًا عِندَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ﴿۴۷﴾

اور تحقیق ایک دن نزدیک پروردگار تیرے کے مانند ہزار برس کی ہوتا ہے ان دنوں سے کہ گنتے ہو تم ف۱

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا

اور بہت بستیاں ہیں کہ ڈھیل دی میں نے اُن کو اور وہ ظلم کرنے والیاں تھیں پھر پکڑا میں نے انکو

وَإِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿۴۸﴾ ع قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ

اور طرف میری ہے پھر آنا کہہ اے لوگو سوائے اس کے نہیں کہ میں واسطے تمہارے

نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

ڈرانے والا ہوں ظاہر پس وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي

واسطے انکے بخشش ہے اور رزق ہے حرمت کا اور جن لوگوں نے سعی کی بیچ

آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿۵۱﴾ وَمَا

نشانیوں ہماری کے عاجز کرنے کو یہ لوگ ہیں رہنے والے دوزخ کے اور نہیں

أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا

بھیجا ہم نے پہلے تجھ سے کوئی رسول اور نہ نبی مگر جس وقت کہ

تَمَنَّىٰ أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنسَخُ اللَّهُ مَا

آرزو کرتا تھا ڈال دیتا تھا شیطان بیچ آرزو اس کی کے پس موقوف کردیتا ہے اللہ جو

يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

ڈالتا ہے شیطان پھر محکم کرتا ہے اللہ نشانیوں اپنی کو اور اللہ جاننے والا ہے

حَكِيمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِّلَّذِينَ

حکمت والا ف۲ تو کہ کردیوے اس چیز کو کہ ڈالتا ہے شیطان آزمائش واسطے ان لوگوں کے

فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ ۗ وَإِنَّ

کہ بیچ دلوں ان کے کے مرض ہے اور جو کہ سخت ہیں دل ان کے اور تحقیق

ف۱ یعنی ہزار برس کا کام ایک دن میں کر سکتا ہے۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ نبی کو ایک حکم اللہ سے آتا ہے۔ اس میں ہرگز تفاوت نہیں اور ایک اپنے دل کا خیال اس میں جیسے اور آدمی کبھی خیال ٹھیک پڑا کبھی نہ پڑا۔ جیسے حضرت نے خواب میں دیکھا کہ مدینے سے مکے میں گئے عمرہ کیا، خیال میں آیا شاید اب کے برس وہ ٹھیک پڑا اگلے برس یا وعدہ ہوا کافروں پر غلبہ ہو گا۔ خیال آیا کہ اب کی لڑائی میں اس میں نہ ہوا پھر اللہ جتا دیتا ہے لڑائی کا حکم تھا اس میں تفاوت نہیں۔ ۱۲۔ منہ

ع ۱۰ / ۶ / ۱۴

الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍۙ ۝٥٣ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

ظالم البتہ بیچ خلاف دُور کے ہیں اور تو کہ جانیں وہ لوگ کہ دیئے گئے

الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

ہیں علم یہ کہ وہ سچ ہے پروردگار تیرے کی طرف سے پس ایمان لاویں ساتھ اسکے پس عاجزی کریں واسطے اسکے

قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ

دل ان کے اور تحقیق اللہ البتہ راہ دکھانے والا ہے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے طرف راہ

مُّسْتَقِيْمٍ ۝٥٤ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ

سیدھی کے ف اور ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں بیچ شک کے اس سے

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ

یہاں تک کہ آوے انکے پاس قیامت ناگہاں یا آوے اُن کے پاس عذاب دن

عَقِيْمٍ ۝٥٥ اَلْمُلْكُ يَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِيْنَ

نحس کا بادشاہی اس دن واسطے اللہ کے ہے حکم کرے گا درمیان اُنکے پس وہ لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝٥٦ وَالَّذِيْنَ

کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے بیچ بہشتوں نعمت کے ہیں اور وہ لوگ

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝٥٧ ع

کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو پس یہ لوگ واسطے انکے عذاب ہے ذلیل کرنے والا

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا

اور جن لوگوں نے وطن چھوڑا بیچ راہ اللہ کے پھر مارے گئے یا مر گئے

لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ

البتہ رزق دیوے گا انکو اللہ رزق اچھا اور تحقیق اللہ البتہ وہ ہے بہتر

الرّٰزِقِيْنَ ۝٥٨ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ

روزی دینے والا البتہ داخل کریگا ان کو اس جگہ کہ پسند کریں گے اس کو اور تحقیق اللہ

لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝٥٩ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ

جاننے والا تحمل والا ہے بات یہی ہے اور جو کوئی بدلا لیوے برابر اس کے کہ زیادتی کی گئی ہے

بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝٦٠

اوپر اسکے پھر تعدی کی جاوے اُوپر اس کے البتہ مدد دیوے گا اسکو اللہ تحقیق اللہ البتہ معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے ف٢

ف یعنی اس میں گمراہ اور بہکتے ہیں سو ان کا کام ہے بہکنا اور ایمان والے اور مضبوط ہوتے ہیں کہ اس کلام میں بندے کا دخل نہیں، اگر ہوتا تو یہ بھی بندے کے خیال کی طرح کبھی صحیح کبھی غلط ہوتا اور جس کی نیت اعتقاد پر ہو اس کو اللہ یہ بات سوجھاتا ہے۔ ١٢۔ منہ رح

ف٢ یعنی بدلہ واجبی لینے والے کو عذاب نہیں کرتا اگرچہ بدلا نہ لینا بہتر تھا بدر کی لڑائی میں مسلمانوں نے بدلہ لیا کافروں کی ایذا کا پھر کافر آئے زیادتی کرنے کو اُحد میں اور احزاب میں پھر اللہ نے پوری مدد کی۔ ١٢۔ منہ رح

ع ٩ ١٧ ١٤

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ

یہ بسبب اس کے ہے کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو بیچ دن کے اور داخل کرتا ہے

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ

دن کو بیچ رات کے اور یہ کہ اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے ف یہ بسبب اسکے ہے کہ

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ

اللہ وہ ہے حق اور یہ کہ جو پکارتے ہیں سوا اس کے وہ باطل ہے

وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ

اور یہ کہ اللہ وہ ہے بلند مرتبہ بڑا کیا نہ دیکھا تونے یہ کہ اللہ نے اتارا

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً اِنَّ

آسمان سے پانی پس ہو جاتی ہے زمین سبز تحقیق

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اللہ باریک دیکھنے والا ہے خبردار واسطے اسی کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ

الْاَرْضِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

زمین کے ہے اور تحقیق اللہ البتہ وہ ہے بے پرواہ تعریف کیا گیا کیا نہ دیکھا تونے یہ کہ

اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي

اللہ نے مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور مسخر کیا کشتیوں کو چلتی ہیں بیچ

الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى

دریا کے ساتھ حکم اس کے کے اور تھام رکھتا ہے آسمان کو اس سے کہ گر پڑے اوپر

الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾

زمین کے مگر ساتھ حکم اس کے کے تحقیق اللہ ساتھ لوگوں کے البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ اِنَّ

اور وہی ہے جس نے جلایا تم کو پھر مارے گا تم کو پھر زندہ کرے گا تم کو تحقیق

الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ

آدمی البتہ ناشکر ہے ف واسطے ہر ایک امت کے کی ہے ہم نے طرح عبادت کی کہ وہ

نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ

عبادت کرتے ہیں اسکو پس نہ جھگڑیں تجھ سے بیچ حکم کے اور پکار طرف پروردگار اپنے کے

ع ٨ / ٧ / ١٥

ف یعنی اسی طرح کفر میں اسلام غالب کرے گا۔ ١٢۔ منہ رح

ف یعنی اس کا حق نہیں مانتا۔ ١٢۔ منہ رح

إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ

تحقیق تو البتہ اوپر راہ سیدھی کے ہے ول اور اگر جھگڑیں تجھ سے پس کہہ کہ اللہ

أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾ اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

خوب جانتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم اللہ حکم کرے گا درمیان تمہارے دن قیامت کے

فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ

بیچ اس چیز کے کہ تھے تم بیچ اس کے اختلاف کرتے کیا نہیں جانتا تو یہ کہ اللہ جانتا ہے

مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ

جو کچھ بیچ آسمان کے اور زمین کے ہے تحقیق یہ بیچ کتاب کے ہے تحقیق یہ

عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ

اوپر اللہ کے آسان ہے ول اور عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے اس چیز کے کہ نہیں اتاری

بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ

ساتھ اسکے کوئی دلیل اور اس چیز کو کہ نہیں واسطے ان کے ساتھ اسکے علم اور نہیں واسطے ظالموں کے

مِن نَّصِيرٍ ﴿٧١﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ

کوئی مدد دینے والا اور جس وقت پڑھی جاتی ہیں اوپر انکے نشانیاں ہماری روشن پہچانتا ہے تو

فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ ۖ يَكَادُونَ يَسْطُونَ

بیچ مونہوں ان لوگوں کے کہ کافر ہیں ناخوشی کو نزدیک ہیں کہ حملہ کریں

بِالَّذِينَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ

ساتھ ان لوگوں کے کہ پڑھتے ہیں اوپر ان کے نشانیاں ہماری کہہ پس کیا خبر دوں میں تم کو ساتھ بدتر کے

مِّن ذَٰلِكُمُ ۗ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ

اس سے آگ ہے وعدہ کیا ہے اس کا اللہ نے ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے اور بری ہے جگہ

الْمَصِيرُ ﴿٧٢﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا

پھر جانے کی اے لوگو بیان کی گئی ہے مثال پس سنو

لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا

اسکو تحقیق کہ جن کو پکارتے ہو سوائے اللہ کے ہرگز نہ پیدا کرینگے

ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ وَإِن يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا

ایک مکھی اور اگرچہ اکٹھے ہوں واسطے اسکے اور اگر چھین لے ان سے مکھی کچھ

ع ۹ ۸ ۱۶

ف۱ یعنی اصل دین ہمیشہ سے ایک ہے۔ اور احکام ہر زمانے میں جدا آتے ہیں۔ ہر حکم کا واسطہ کیوں پوچھتے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی بندوں کے عمل بھی ایک کتاب میں لکھے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

يَّتَفَرَّقُوْنَ ۝١٤ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ

متفرق ہو جاوینگے پس جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس وہ

ف۱ یعنی ظاہر دنیا میں جس کا غلبہ دیکھیں کہیں اللہ اسی پر خوش ہے۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ یعنی ہر ایک چیز کو ایک ابتدا ایک انتہا ہے انسان حیوان درخت کو تو نظر آتا ہے آسمان میں ہر گردش کی ایک مدت ہے مہینے یا برس یا بارہ برس پر ختم ہے جو ہر چیز میں صفت ہے سو سارے جہان میں ہے اپنے وقت پر اس کو فنا ہے پھر یہ ابتدا انتہا کھیل نہیں کچھ اس سے منظور ہے وہی آخرت میں نظر آوے گا۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ یعنی بن رسول بھیجے اللہ نہیں پکڑتا۔ ۱۲-منہ رح

ع ۱۰ / ۴

ف۴ یعنی ایک قوم کو جن باتوں پر سزا ملی سب کو وہی ملنی ہے سب کی فنا بھی ایک کی فنا سے سمجھو اور سب کی سزا بھی ایک کی سزا سے بوجھو۔ ۱۲-منہ رح

ف۵ یعنی جن کو اللہ تعالیٰ کا شریک بتاتے تھے۔ ۱۲-منہ رح

فِیْ رَوْضَةٍ یُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا

بیچ باغ کے بناؤ کروائے جاوینگے اور لے پر جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو

وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِی الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾

اور ملاقات آخرت کی کو پس یہ لوگ بیچ عذاب کے حاضر کیے جاویں گے

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ

پس پاکی ہے اللہ کو جسوقت کہ شام کرتے ہو تم اور جسوقت کہ صبح کرتے ہو تم اور واسطے اسی کے

الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

ہے سب تعریف بیچ آسمانوں کے اور زمین کے اور تیسرے پہر اور جب ظہر کرتے ہو تم ف۱

یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ

نکالتا ہے زندے کو مُردے سے اور نکالتا ہے مُردے کو زندے سے اور جلاتا ہے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ ع وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ

زمین کو پیچھے موت اسکی کے اور اسی طرح نکالے جاؤگے تم ف۲ اور نشانیوں اسکی سے ہے

اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾

یہ کہ پیدا کیا تم کو مٹی سے پھر ناگہاں تم انسان ہو چلتے پھرتے

وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا

اور نشانیوں اس کی سے ہے یہ کہ پیدا کیا واسطے تمہارے آپس تمہارے سے جوڑا تو کہ آرام پکڑو تم

اِلَیْهَا وَجَعَلَ بَیْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ

طرف اسکی اور کیا درمیان تمہارے پیار اور مہربانی تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۳ اور نشانیوں اسکی سے ہے پیدا کرنا آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

اور زمین کا اور اختلاف بولیوں تمہاری کا اور رنگوں تمہارے کا تحقیق بیچ اس کے

لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ ﴿۲۲﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ

البتہ نشانیاں ہیں واسطے عالموں کے ف۴ اور نشانیوں اسکی سے ہے سونا تمہارا بیچ رات کے اور دن کے

وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور ڈھونڈنا تمہارا فضل اس کے سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ

ف۱ یعنی پاک اللہ کو یاد کرو اور اس کی خوبی آسمان و زمین میں ہو رہی ہے۔ ان چار وقتوں پر یاد کرو صبح کی نماز اور شام کی اسی میں مغرب اور عشا آچکیں پچھلے وقت عصر اور دوپہر ظہر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مٹی مردہ سے جیتے جاندار۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حق تعالیٰ نے درخت کی نسل ایک سے چلائی اور جانور کی نسل دو سے پھر بعضے جانور کا جوڑا مقرر نہیں اور بعضوں کا مقرر ٹھہرایا اس میں نسل کے سوا انسیت اور چین ہے اور پیار اور محبت تاجہاں کی بستی ہو جو کوئی جوڑا مقرر نہ کرے یعنی زنا کرے، نکاح نہ کرے وہ انسان سے حیوان ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ / ۹ / ۵

ف۴ سب انسان ایک ماں باپ سے بنائے ملا کر بسائے پھر جدا بولیاں کر دیں ایک ملک کا آدمی دوسرے ملک میں جیسے جانور۔ ۱۲۔ منہ رح

يَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا
سنتے ہیں ف۱ اور نشانیوں اس کی سے ہے کہ دکھلاتا ہے تم کو بجلی ڈر سے اور امید سے

وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا
اور اتارتا ہے آسمان سے پانی پس زندہ کرتا ہے ساتھ اسکے زمین کو پیچھے مرنے اسکے کے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ
تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ عقل پکڑتے ہیں اور نشانیوں اس کی سے ہے یہ کہ

تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ
قائم ہیں آسمان اور زمین ساتھ حکم اس کے کے پھر جب پکارے گا تم کو ایک بار پکارنا

الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
زمین میں سے ناگہاں تم نکل آؤ گے ف۲ اور واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے

وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ
اور زمین کے ہے سب واسطے اُسکے فرمانبردار ہیں اور وہی ہے جو پہلی بار کرتا ہے پیدائش کو

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي
پھر دوبارہ کرے گا اس کو اور وہ بہت آسان ہے اوپر اس کے اور واسطے اس کے ہے صفت بلند بیچ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ ع ضَرَبَ لَكُمْ
آسمانوں کے اور زمین کے اور وہی ہے غالب حکمت والا ف۳ بیان کی واسطے تمہارے

مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ
مثال آپس تمہارے سے کیا ہے واسطے تمہارے اس چیز سے کہ مالک ہیں داہنے ہاتھ تمہارے

شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ
شریک بیچ اس چیز کے کہ دیا ہے ہم نے تم کو پس تم سب بیچ اس کے برابر ہو جاؤ ڈرو تم اُن سے

كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ
جیسا ڈرتے ہو تم آپس اپنے سے اسی طرح مفصل بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں واسطے اس قوم کے

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ
کہ عقل پکڑتے ہیں ف۴ بلکہ پیروی کی ان لوگوں نے کہ ظلم کیا انہوں نے خواہشوں اپنی کی بغیر علم کے

فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾
پس کون ہدایت کرتا ہے اس شخص کو کہ گمراہ کرے اسکو اللہ اور نہیں واسطے اس کے کوئی مدد دینے والا

ف۱ دو حالتیں بدلتی ہیں سویا تو پتھر کی طرح اور تلاش میں لگا تو ایسا ہوشیار کوئی نہیں اصل تو رات ہے سونے کو اور دن تلاش کو پھر دونوں وقت دونوں کام ہوتے ہیں نشانیاں ہیں سننے والوں کو کہ اپنے سونے کا احوال نظر نہیں آتا، لوگوں کی زبانی سنتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ معلوم ہوتا ہے کہ آسمان کھڑا ہے اس میں تارے چلتے ہیں جس کو اور جگہ فرمایا تیرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی آسمان کے لوگ نہ کھاویں نہ پیویں نہ حاجت بشری رکھیں سوائے بندگی کچھ کام نہیں اور زمین کے لوگ سب چیز میں آلودہ پر اللہ کے صفت نہ اُن سے ملے نہ اُن سے اور وہ پاک ذات ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳ ۸ ۶

ف۴ یعنی تم جھوٹے مالک ہو لونڈی غلام کے سب روزی کھاتے ہو اللہ کی پھر بھی برابر ساجھی نہیں ہو سکتے تمہارے جیسے اپنے بھائی بند اور تم کو کچھ پروا نہیں ان کی کہ مرضی سے کر کام کرو تو وہ سچا مالک کیا پروا رکھے اپنے غلام کی جس کو اس کا ساجھی گنو۔ ۱۲۔ منہ رح

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ

پس سیدھا کر منہ اپنا واسطے عبادت کے اوپر دین ابراہیم کے ہو کر لازم پکڑ پیدائش خدا کی کو جو پیدا کیا

النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ

لوگوں کو اوپر اس کے نہیں بدلنا ہے واسطے پیدائش خدا کے یہی ہے دین درست

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ

و لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ف۱ رجوع کرنے والے ہیں طرف اسکی اور ڈرو اس سے

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٣١﴾ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا

اور برپا رکھو نماز کو اور مت ہو شریک لانے والوں سے ف۲ ان لوگوں سے کہ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہے

دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ﴿٣٢﴾

انہوں نے دین اپنا اور ہو گئے فرقے فرقے ہر گروہ ساتھ اس چیز کے کہ پاس انکے ہے خوش ہیں

وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا

اور جب لگتی ہے لوگوں کو سختی پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو رجوع کرتے ہوئے طرف اسکی پھر جب

أَذَاقَهُمْ مِنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ﴿٣٣﴾

چکھاتا ہے انکو اپنی طرف سے مہربانی ناگہاں ایک فرقہ ان میں سے ساتھ رب اپنے کے شریک لاتے ہیں ف۳

لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ ۚ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٣٤﴾ أَمْ

تو کہ کفر کریں ساتھ اس چیز کے کہ دی ہے ہم نے انکو پس لے لو فائدہ پس البتہ جانو گے کیا

أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ يُشْرِكُونَ ﴿٣٥﴾

اتاری ہم نے اوپر ان کے کوئی دلیل پس وہ بولتی ہے ساتھ اس چیز کے کہ تھے ساتھ اسکے شریک لاتے

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ۖ وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ

اور جس وقت چکھاتے ہیں ہم آدمی کو رحمت خوش ہوتے ہیں ساتھ اسکے اور اگر پہنچے اُن کو برائی

بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ﴿٣٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ

بسبب اسکے کہ آگے بھیجا ہے ہاتھوں انکے نے ناگہاں وہ ناامید ہو جاتے ہیں کیا نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ اللہ

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ

کھول دیتا ہے رزق واسطے جس کے چاہے اور بند کر دیتا ہے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں

لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٣٧﴾ فَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ

واسطے اُس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ف۴ پس دے قرابت والے کو حق اس کا اور فقیر کو اور

ف۱ یعنی اللہ سب کا حاکم، مالک سب سے نرالا۔ کوئی اس کے برابر نہیں کسی کا زور اس پر نہیں یہ باتیں سب جانتے ہیں اس پر چلنا چاہئے ایسے ہی کسی کے جان مال کو ستانا ناموس میں عیب لگانا ہر کوئی برا جانتا ہے ایسے ہی اللہ کو یاد کرنا غریب پر ترس کھانا حق پورا دینا دغا نہ کرنی ہر کوئی اچھا جانتا ہے اس پر چلنا وہی دین سچا ہے ان چیزوں کا بندوبست پیغمبروں کی زبان سے اللہ نے سکھلا دیا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی اصل دین پکڑو اس کی طرف رجوع ہو کر اگر صلاح دنیا کے واسطے یہ کام کیے تو دین درست نہ ہوا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی جیسے بھلے کام ہر انسان کی جبلت پہچانتی ہے اللہ کی طرف رجوع ہونا بھی ہر ایک کی جبلت جانتی ہے ڈر کے وقت کھل جاتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یعنی جس کو چاہے ماپ دے روزی جس کو چاہے پھیلا دے۔ ۱۲۔منہ رح

السَّبِيلِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ ۖ وَأُولَٰئِكَ

مسافر کو یہ بہت بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ ارادہ کرتے ہیں رضامندی خدا کی کا اور یہ لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٣٨﴾ وَمَا آتَيْتُم مِّن رِّبًا لِّيَرْبُوَ فِي أَمْوَالِ

وہی ہیں فلاح پانے والے اور جو کچھ کہ دیتے ہو تم سود کو تو کہ بڑھے بیچ مالوں

النَّاسِ فَلَا يَرْبُو عِندَ اللَّهِ ۖ وَمَا آتَيْتُم مِّن زَكَاةٍ تُرِيدُونَ

لوگوں کے پس نہیں بڑھتا نزدیک اللہ کے اور جو کچھ دیتے ہو تم زکوٰۃ سے کہ ارادہ کرتے ہو

وَجْهَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ ﴿٣٩﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ

رضامندی خدا کی کا پس یہ لوگ وہی ہیں دگنا کرنے والے اللہ وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو پھر

رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۖ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَفْعَلُ

رزق دیا تم کو پھر مارے گا تم کو پھر جلاوے گا تم کو کیا ہے شریکوں تمہارے میں سے کوئی کہ کرے

مِن ذَٰلِكُم مِّن شَيْءٍ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٤٠﴾ ع ظَهَرَ

اس میں سے کچھ پاکی ہے اس کو اور بہت بلند ہے اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں پھیل گیا

الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُم

فساد بیچ جنگل کے اور دریا کے بسبب اس چیز کے کہ کمایا ہے ہاتھوں لوگوں کے نے تو کہ چکھاوے انکو

بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ سِيرُوا فِي

بعض اس چیز کا کہ کرتے ہیں تو کہ وہ پھر آویں ف۱ کہہ سیر کرو بیچ

الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلُ ۚ كَانَ

زمین کے پس دیکھو کہ کیونکر ہوا آخر کام ان لوگوں کا جو پہلے اس سے تھے ، تھے

أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ ﴿٤٢﴾ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِن قَبْلِ

بہت ان کے شریک لانیوالے پس سیدھا کر منہ اپنا واسطے دین درست کے پہلے اس سے

أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ ۖ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ﴿٤٣﴾

کہ آوے انکے پاس وہ دن کہ نہیں پھر جانا اس کو اللہ کی طرف سے اس دن متفرق ہوں گے ف۲

مَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِأَنفُسِهِمْ

جو کوئی کفر کریگا پس اوپر اسکے ہے کفر اسکا اور جو کوئی نیکی کرے پس واسطے جان اپنی کے

يَمْهَدُونَ ﴿٤٤﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِن

جگہ کرتے ہیں تو کہ بدلہ دلوے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

ع ۴ ۱۳ ۷

ف۱ یعنی کفر اور ظلم پھیل پڑا ہے۔ زمین میں اور جہازوں میں لوٹ مار ہر طرف اس کا وبال پڑا چاہیے سارا تو آخرت میں ہے پر کچھ یہاں بھی شاید ڈر کر راہ پر آویں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی دین کا غلبہ ہو اور سزا پانے والے الگ ہوں اور مقبول اللہ کے الگ۔ ۱۲۔ منہ رح

فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيٰحَ
فضل اپنے سے تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا کافروں کو اور نشانیوں اسکی سے ہے یہ کہ بھیجتا ہے باؤں کو

مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ
خوشخبری دینے والیاں اور تو کہ چکھاوے تم کو مہربانی اپنی سے اور تو کہ جاری ہوویں کشتیاں ساتھ حکم اُسکے کے

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
اور تو کہ ڈھونڈو فضل اس کے سے اور تو کہ تم شکر کرو ف۱ اور البتہ تحقیق بھیجے ہیں

مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا
ہم نے پہلے تجھ سے پیغمبر طرف قوم ان کی کے پس آئے ان کے پاس ساتھ دلیلوں ظاہر کے پس بدلا لیا ہم نے

مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾
اُن لوگوں سے کہ گناہ کرتے تھے اور تھا لازم اُوپر ہمارے مدد دینا ایمان والوں کا ف۲

اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ
اللہ وہ شخص ہے کہ بھیجتا ہے باؤں کو پس اٹھاتی ہیں بادلوں کو پس پھیلاتا ہے اسکو بیچ آسمان کے

كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ
جس طرح چاہتا ہے اور کرتا ہے اسکو تہ بتہ پس دیکھتا ہے تو مینہ کو نکلتا ہے درمیان اُسکے سے

فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
پس جب پہنچاتا ہے اس کو جس کو چاہتا ہے بندوں اپنے سے ناگہاں وہ خوش وقت ہو جاتے ہیں ف۳

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾
اور تحقیق تھے پہلے اس سے کہ اتارا جاوے اوپر اُن کے پہلے اس سے البتہ ناامید ہونے والے

فَانْظُرْ اِلٰۤى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ
پس دیکھ طرف نشانیوں رحمت خدا کی کے کیونکر زندہ کرتا ہے زمین کو پیچھے موت اس کی کے

اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَلَئِنْ
تحقیق وہی ہے البتہ زندہ کرتا مردوں کو اور وہ اُوپر ہر چیز کے قادر ہے اور اگر

اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾
بھیج دیں ہم ایک باؤ پس دیکھیں اُسکو کبھی زرد ہوئی البتہ ہو جاویں پیچھے اس کے کفر کرنیوالے ف۴

فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا
پس تحقیق تو نہیں سناتا مُردوں کو اور نہیں سناتا بہروں کو پکارنا جسوقت کہ پھر جاتے ہیں

ف۱ یعنی باؤ چلنے سے اتنے فائدے ہیں مینہ کی خبر اور جہاز چلتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ بیچ میں باؤ کا مذکور اس واسطے کہ جیسے مینہ کی خبر لاتی ہیں بادیں ایسے دین کے غلبہ کی نشانیاں روشن ہوتی جاتیاں ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ پھیلاتا ہے جس طرح چاہے یعنی پہلے کسی طرف پیچھے کسی طرف اسی طرح دین بھی پھیلا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی غرض کے ساتھ ہے ان کا شکر اور ناشکری اور یہاں اس پر فرمایا کہ مراد پاکر بندہ نڈر نہ ہووے اللہ کی قدرت رنگارنگ ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا

پیٹھ پھیر کر اور نہیں تو راہ دکھانیوالا اندھوں کو گمراہی اُنکی سے نہیں سناتا تو مگر

مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ

اس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے ساتھ نشانیوں ہماری کے پس وہ مطیع ہوجاتے ہیں اللہ وہ ہے جس نے پیدا کیا تم کو

ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ

ناتوانی سے پھر کی پیچھے ناتوانی کے قوت پھر کی پیچھے

قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾

قوت کے ناتوانی اور بڑھاپا پیدا کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے اور وہ ہے جاننے والا صاحب قدرت

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ڏ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ

اور جسدن قائم ہوگی قیامت قسم کھاویں گے گنہگار کہ نہیں رہے تھے سوائے ایک ساعت کے

كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ

اسی طرح تھے پھیرے جاتے ف اور کہیں گے وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم اور ایمان

لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ فَهٰذَا يَوْمُ

تحقیق وعدے پر رہے تھے تم بیچ کتاب اللہ کے دن زندہ کرنے تک پس یہ ہے دن

الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَيَوْمَىِٕذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ

زندہ کرنے کا و لیکن تم تھے نہیں جانتے پس اس دن نہ نفع دیگا ان لوگوں کو کہ

ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ

ظلم کرتے ہیں عذر ان کا اور نہ وہ توبہ قبول کیے جاوینگے اور البتہ تحقیق بیان کیا ہمنے واسطے لوگوں کے

فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَىِٕنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ

بیچ اس قرآن کے ہر ایک مثال سے اور اگر لاوے تو انکے پاس کوئی نشانی البتہ کہیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

وہ لوگ کہ کافر ہوئے نہیں تم مگر جھوٹے اسی طرح مہر رکھتا ہے اللہ

عَلٰي قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

اوپر دلوں ان لوگوں کے کہ نہیں جانتے پس صبر کر تحقیق وعدہ اللہ کا

حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع

سچ ہے اور نہ سبک کریں تجھ کو وہ لوگ کہ نہیں یقین لاتے ،

ف یعنی قبر کا رہنا تھوڑا معلوم ہوگا اور ایسی ہی غلط باتیں جانتے تھے۔ ۱۲ منہ

قرء حفص بضم الضاد وفتحها في الثلاثة لكن الضم مختار ۱۲

32

سُورَۃُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۳۴ رکوعاتہا ۴

سورۂ لقمان مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — چونتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً

یہ آیتیں ہیں کتاب حکمت والی کی راہ دکھانا اور مہربانی

لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

واسطے نیکی کرنیوالوں کے وہ جو قائم رکھتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ

اور وہ ساتھ آخرت کے وہی ہیں یقین لانے والے یہ لوگ اوپر ہدایت کے ہیں

رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ

پروردگار اپنے کی طرف سے اور یہ لوگ وہی ہیں فلاح پانیوالے اور بعض لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ مول لیتا ہے

لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا

غافل کرنیوالی بات کو تو کہ گمراہ کرے راہ خدا کے سے بغیر علم کے اور پکڑے اس کو

هُزُوًا ۚ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۶﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا

ٹھٹھا یہ لوگ واسطے اُنکے عذاب ہے رُسوا کرنے والا ف اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر اُسکے نشانیاں ہماری

وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ

پیٹھ پھیر لیتا ہے تکبر کرتا ہوا گویا کہ نہ سنا اُن کو گویا کہ بیچ دونو کانوں اسکے کے بوجھ ہے

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

پس بشارت دے اسکو ساتھ عذاب درد دینے والے کے تحقیق وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ﴿۸﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۖ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ

واسطے اُنکے بہشتیں ہیں نعمت کی ہمیشہ رہیں گے بیچ اُنکے وعدہ اللہ کا ہوا سچ اور وُہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى

غالب ہے حکمت والا پیدا کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے دیکھتے ہو انکو اور ڈالے

فِى الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ

بیچ زمین کے پہاڑ ایسا نہ ہو کہ ہل جاوے ساتھ تمہارے اور پھیلائے بیچ اس کے ہر طرح کے

دَآبَّةٍ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ

جانور اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی پس اگائے ہم نے بیچ اُس کے

ف ایک کافر تھا جس کو دیکھتا کہ دل نرم ہوا، مسلمانی کی طرف جھکا اپنے گھر لے جاتا شراب پلاتا اور راگ ناچ دکھاتا اس رنڈی کی مجلس سے ایمان کا اثر مٹ جاتا۔ اس کو یہ فرمایا۔ ۱۲۔ منزح

كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ﴿١٠﴾ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ

ہر قسم کے جوڑے نفیس سے یہ ہے پیدائش خدا کی پس دکھلاؤ مجھ کو کیا پیدا کیا ہے

الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿١١﴾ ع وَلَقَدْ

ان لوگوں نے جو سوائے اسکے ہیں بلکہ ظالم لوگ بیچ گمراہی ظاہر کے ہیں اور البتہ تحقیق

اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا

دی ہم نے لقمان کو حکمت یہ کہ شکر کر واسطے اللہ کے اور جو کوئی شکر کرتا ہے پس سوائے اسکے

يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿١٢﴾ وَاِذْ قَالَ

نہیں کہ شکر کرتا ہے واسطے فائدے جان اپنی کے اور جو کوئی کفر کرتا ہے پس تحقیق اللہ بے پرواہے تعریف کیا گیا ف۱ اور جس وقت کہا

لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ

لقمان نے واسطے بیٹے اپنے کے اور وہ نصیحت کرتا تھا اسکو اے چھوٹے بیٹے میرے مت شریک لا ساتھ اللہ کے تحقیق شرک

لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿١٣﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ

البتہ ظلم ہے بڑا اور حکم کیا ہم نے انسان کو بیچ ماں باپ اسکے کے اٹھاتی ہے اسکو ماں اسکی

وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ

سستی سے اوپر سستی کے اور دودھ چھڑانا اسکا بیچ دو برس کے یہ کہ شکر کر واسطے میرے

وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿١٤﴾ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰى اَنْ

اور واسطے ماں باپ اپنے کے طرف میرے ہے پھر آنا ف۲ اور اگر شدت کریں تجھ سے اوپر اس کے کہ

تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا

شریک لا ساتھ میرے اسچیز کو کہ نہیں واسطے تیرے ساتھ اسکے کچھ علم پس مت کہا مان ان دونو کا اور صحبت رکھ اُن سے

فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۫ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ

بیچ دنیا کے اچھی طرح اور پیروی کر راہ اس شخص کی کہ رجوع کرتا ہے طرف میری پھر

اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٥﴾ يٰبُنَيَّ

طرف میری ہے پھر آنا تمہارا پس خبر دونگا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے ف۳ اے چھوٹے بیٹے

اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ

میرے تحقیق وہ چھوٹی چیز اگر ہوتی برابر ایک دانے رائی کے پس ہو بیچ

صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ

پتھر کے یا بیچ آسمانوں کے یا بیچ زمین کے لے آتا ہے اسکو اللہ

ع ۱۱/۱۰

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ف۱ حضرت لقمان غلام تھے حبشی حضرت داؤد کے وقت میں اللہ نے ان کو حکمت دی یعنی عقل کی راہ سے وہ باتیں کھولیں جو موافق ہوں پیغمبروں کے حکم کے۔۱۲۔منہ رح

ف۲ یہ کلام بیچ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لقمان نے بیٹے کو ماں باپ کا حق نہ کہا تھا کہ اپنی غرض معلوم ہوتی اللہ صاحب نے شرک سے پیچھے اور نصیحتوں سے پہلے ماں باپ کا حق فرما دیا کہ بعد اللہ کے حق کے ماں باپ کا حق ہے باپ نے اللہ کا حق بتایا اللہ نے باپ کا اور رسول کا اور مرشد کا حق اللہ ہی کی طرف میں ہے کہ اسی کے نائب ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

النصف

ف۳ شریک نہ مان جو معلوم نہیں یعنی شبہے میں بھی نہ مان اور یقین سمجھ کر تو کیوں مانے۔ ۱۲۔منہ رح

إِنَّ اللّٰهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿۱۶﴾ يٰبُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ
تحقیق اللہ باریک دیکھنے والا خبردار ہے اے چھوٹے بیٹے میرے قائم کر نماز کو اور حکم کر

بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ أَصَابَكَ ط
ساتھ بھلائی کے اور منع کر برائی سے اور صبر کر اوپر اس چیز کے کہ پہنچے تجھ کو

إِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿۱۷﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ
تحقیق یہ بڑے کاموں میں سے ہے ف۱ اور مت موڑ گالوں اپنے کو لوگوں سے

وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ط إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ
اور مت چل بیچ زمین کے اترا کر تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا ہر

مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿۱۸﴾ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ
تکبر کرنیوالے شیخی کرنے والے کو ف۲ اور بیچ کی راہ لے بیچ چال اپنی کے اور نرم کر

صَوْتِكَ ط إِنَّ أَنْكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ﴿۱۹﴾ ع أَلَمْ تَرَوْا
آواز اپنی کو تحقیق بہت ناپسندیدہ آواز البتہ آواز گدھے کی ہے کیا نہیں دیکھا

ع ۲ ۸ ۱۱

أَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَ
تم نے یہ کہ اللہ نے مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور

أَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ط وَمِنَ النَّاسِ
پورا کیا اوپر تمہارے نعمتوں اپنی ظاہر اور باطن کی کو اور بعض لوگوں میں سے

مَنْ يُجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتٰبٍ
وہ شخص ہے کہ جھگڑا کرتا ہے بیچ خدا کے بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب

مُنِيرٍ ﴿۲۰﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ
روشن کے اور جب کہا جاتا ہے واسطے انکے پیروی کرو اس چیز کی کہ اتاری ہے اللہ نے کہتے ہیں بلکہ

نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَآءَنَا ط أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوهُمْ
پیروی کرینگے اس چیز کی کہ پایا ہے ہم نے اوپر اسکے باپوں اپنوں کو کیا اگرچہ ہو شیطان بلاتا ان کو

إِلٰى عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللّٰهِ وَهُوَ
طرف عذاب دوزخ کی اور جو کوئی مطیع کرے منہ اپنا طرف خدا کی اور وہ

مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ط وَإِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ
نیکی کرنے والا ہے پس تحقیق محکم پکڑا اس نے کڑا مضبوط اور طرف اللہ کی ہے پچھاڑی

ف۱ نماز کے ساتھ زکوٰۃ نہیں کہی ایسے لوگوں کے پاس مال کہاں رہتا ہے۔ ۱۲- منہ رح

ف۲ گال نہ پھلا یعنی غرور سے نہ دیکھ۔ ۱۲- منہ رح

(بقیہ صفحہ ۵۰۶ سے آگے) فرمایا کہ جو نیکی پر رہیں ان کو بڑا نیک ہے حضرت کی ازواج سب نیک ہی رہیں۔ الطیبات للطیبین مگر حق تعالے صاف خوشخبری کسی کو نہیں دیتا تا نڈر نہ ہو جاوے خاتمہ کا ڈر لگا رہے۔ ۱۲- منہ رح

الْأُمُورِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ ۚ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ
سب کام کی اور جو کوئی کافر ہووے پس نہ غم میں ڈالے تجھ کو کفر اس کا طرف ہماری ہے پھر آنا اُن کا

فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿۲۳﴾
پس خبر دینگے ہم اُن کو ساتھ اس چیز کے کہ کیا انہوں نے تحقیق اللہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو

نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿۲۴﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ
فائدہ دینگے ہم اُن کو تھوڑا پھر بے بس کرینگے ہم انکو طرف عذاب گاڑھے کی اور اگر سوال کرے تو

مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ
اُن سے کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو البتہ کہیں گے اللہ نے کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے

بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۲۵﴾ لِلَّهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ
بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے

إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ أَنَّ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ
تحقیق اللہ وہی ہے بے پروا تعریف کیا گیا اور اگر ہو یہ کہ جو کچھ بیچ زمین کے ہے درختوں سے

أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ
قلمیں اور دریا ہو سیاہی اس کی پیچھے اس کے ہوں سات دریا نہ تمام ہوویں گی باتیں

اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ
اللہ کی تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا نہیں بنانا تمہارا اور نہ جِلانا تمہارا مگر مانند ایک جان کی

وَاحِدَةٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿۲۸﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي
تحقیق اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے کیا نہ دیکھا تو نے یہ کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو بیچ

النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي
دن کے اور داخل کرتا ہے دن کو بیچ رات کے اور حکم اپنے میں لگا رکھا ہے سورج کو اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے

إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ
ایک وقت مقرر تک اور یہ کہ اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف۱ یہ بسبب اسکے ہے کہ اللہ

هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ
وہ ہے حق ثابت اور یہ کہ جو کچھ پکارتے ہیں سوائے اس کے ناپید ہو جانیوالا ہے اور یہ کہ اللہ وہ ہے

الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿۳۰﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ
بلند مرتبہ بزرگ کیا نہ دیکھا تو نے یہ کہ کشتیاں چلتی ہیں بیچ دریا کے ساتھ نعمتوں اللہ کے

ف۱ ٹھہرا وعدہ یا قیامت ہے یا ہر ایک کا دورہ۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۵۰۳ سے آگے)
ف۴ یعنی ان کی زبانی اپنے حکم خلق کو پہنچائے تب ہر ایک سے پوچھ کرے گا اور منکروں کو سزا دیگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ ہجرت سے چوتھے برس یہودی بنی نضیر جو مدینے سے نکالے گئے تھے سورۂ حشر میں آویگا ہر قوم میں پھرے اور قریش کو اور فزارہ اور غطفان کو اور بنو قریظہ کو جو مدینے کے پاس تھے جمع کر کر حضرت پر چڑھا لائے بارہ ہزار آدمی مسلمان کم تھے، تین ہزار آدمی مدینے سے باہر لشکر پڑا گرد خندق کھود لی جب فوجیں آئیں دُور دُور سے لڑتے رہے۔ قریب ایک مہینے تک پھر ایک رات اللہ نے پُروا باؤ بھیجی تند کافروں کی آگیں بجھ گئیں بھوکے رہے اور خیمے گر پڑے گھوڑے چھوٹ گئے سب لشکر برباد ہوا ناچار اٹھ کر چلے گئے، یہ جنگِ احزاب کہلاتی ہے اور جنگِ خندق بھی جاڑے کے موسم میں اناج کی تنگی لڑائی لڑنی اور خندق کھودنی اور گرد سب مخالف جس میں منافق دل کی باتیں بولنے لگے اور مومن ثابت رہے اس جنگ میں حضرت نے فرمایا اب سے ہم جاویں گے کفار پر وہ ہم پر نہ آویں گے وہی ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳ / ۱۱ / ۱۲

لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾

تو کہ دکھلاوے تم کو نشانیوں اپنی سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے ہر صبر کرنیوالے شکر کرنیوالے کے

وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

اور جب ڈھانکتی ہے ان کو موج مانند سائبانوں کے پکارتے ہیں اللہ کو خالص کر کر واسطے اس کے

الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

دین کو یعنی عبادت کو پس جب نجات دیتا ہے انکو طرف جنگل کی پس بعض ان میں سے بیچ کی راہ پر رہتے ہیں اور نہیں انکار کرتا

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ

ساتھ نشانیوں ہماری کے مگر ہر ایک عہد توڑنے والا کفر کرنیوالا ف۱ اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے

وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ

اور ڈرو اس دن سے کہ نہ کفایت کرے گا باپ بیٹے اپنے سے اور نہ کوئی اولاد کفایت

جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ

کرنے والی ہے باپ اپنے سے کچھ تحقیق وعدہ اللہ کا سچا ہے پس نہ فریب دے تم کو

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٙ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ

زندگانی دُنیا کی اور نہ فریب دے تم کو ساتھ اللہ کے فریب دینے والا ف۲ تحقیق اللہ کے پاس ہے

عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا

علم قیامت کا اور اتارتا ہے مینہ اور جانتا ہے جو کچھ بیچ پیٹوں ماں کے ہے اور نہیں

تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ

جانتا کوئی جی کیا کماوے گا کل کو اور نہیں جانتا کوئی جی

بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾ ع

کس زمین میں مرے گا تحقیق اللہ جاننے والا خبردار ہے

ف۱ کوئی ہے بیچ کی چال پر یعنی وہ حال جو خوف کے وقت تھا سو تو کسی کو نہیں رہتا مگر نرا بھول بھی نہ جاوے ایسے بھی کم ہیں نہیں تو اکثر منکر ہوتے ہیں قدرت سے اپنی تدبیر پر رکھتے ہیں یا کسی ارواح کی مدد پر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی شیطان دھوکا دے کہ اللہ غفور الرحیم ہے اور دنیا کا جینا بھکاوے کہ جس کو یہاں بھلا ہے اس کو وہاں بھی بھلا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۳

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰياتها ۳۰ ركوعاتها ۳

سورۂ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے تیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾

اتارنا اس کتاب کا نہیں شک بیچ اس کے کہ پروردگار عالموں کی طرف سے ہے

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

کیا کہتے ہیں کہ باندھ لیا ہے اس کو بلکہ وہ حق ہے پروردگار تیرے کی طرف سے تو کہ ڈراوے تو اس قوم کو

مَآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ
کہ نہ آیا انکے پاس کوئی ڈرانے والا پہلے تجھ سے تو کہ وہ راہ پاویں اللہ وہ شخص ہے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى
جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان ان دونوں کے ہے بیچ چھ دن کے پھر قرار پکڑا

عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا
اوپر عرش کے نہیں واسطے تمہارے سوائے اس کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنیوالا کیا پس نہیں

تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ
نصیحت پکڑتے تدبیر کرتا ہے کام کی آسمان سے طرف زمین کی پھر

يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا
چڑھ جاتا ہے طرف اسکی وہ کام بیچ ایک دن کے کہ تھی قدر اس کی ہزار برس ان برسوں سے کہ

تَعُدُّوْنَ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۶﴾
گنتے ہو تم ف یہ ہے جاننے والا غیب کا اور حاضر کا غالب مہربان

الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ
وہ شخص کہ اچھی طرح بنایا ہر چیز کو کہ پیدا کیا ہے اسکو اور شروع کیا پیدا کرنا انسان کا

طِيْنٍ ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۸﴾ ثُمَّ
مٹی سے پھر کی اولاد اس کی خلاصے پانی حقیر سے پھر

سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ
تندرست کیا اسکو اور پھونکا بیچ اس کے روح اپنی سے اور کیا واسطے تمہارے سننا اور دیکھنا

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي
اور دل تھوڑا سا شکر کرتے ہیں ف۲ اور کہا انہوں نے کیا جب کھوئے جاوینگے ہم بیچ

الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ڛ بَلْ هُمْ بِلِقَاۗئِ
زمین کے کیا ہونگے ہم بیچ پیدائش نئی کے بلکہ وہ ساتھ ملاقات

رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ
رب اپنے کے کافر ہیں کہہ قبض کرے گا تم کو فرشتہ موت کا وہ جو مقرر کیا گیا ہے

بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ
ساتھ تمہارے پھر طرف رب اپنے کی پھیرے جاؤ گے ف۳ اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت گنہگاروں کو

ع ۱ — ۱۱ — ۱۴

ف بڑے بڑے کام عرش سے مقرر ہو کر نیچے حکم اترتا ہے سب اسباب اس کے آسمان و زمین سے جمع ہو کر بن جاتا ہے پھر ایک مدت جاری رہتا ہے پھر اٹھ جاتا ہے اللہ کی طرف دوسرا رنگ اترتا ہے جیسے بڑے بڑے پیغمبر جن کا اثر قرنوں رہا یا بڑی قوم ہیں سرداری جو عمروں چلی وہ ہزار برس اللہ کے ہاں ایک دن ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اپنی جان میں سے جو مخلوق ہے اسی کا مال ہے مگر جس کو عزت دی اس کو اپنا کہا جیسے فرمایا۔ اِنَّ عِبَادِیْ سو انسان کی جان غیب سے آئی ہے مٹی پانی سے نہیں بنی اس کو اپنی کہا اور یہ نہ سمجھے کہ اللہ کی جان جان ہو تو بدن بھی ہو بدن ہو تو ترکیب ہو ذات پاک کہاں رہی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی تم آپ کو دھڑ سمجھتے ہو کر خاک میں رُل گئے تم جان ہو وہ فرشتہ لے جاتا ہے فنا نہیں ہو جاتے ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

نَاكِسُوا رُءُوسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا
نیچے ڈالے ہونگے سر اپنا نزدیک رب اپنے کے اے رب ہمارے دیکھا ہم نے اور سنا ہم نے

فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا
پس پھیر ہم کو کہ عمل کریں اچھے تحقیق ہم یقین لانیوالے ہیں اور اگر چاہتے ہم البتہ دیتے ہم

كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ
ہر ایک جی کو ہدایت اس کی و لیکن ثابت ہوئی بات میری طرف سے کہ البتہ بھر دونگا میں دوزخ کو

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ
جنوں سے اور آدمیوں سے اکٹھے پس چکھو بہ سبب اسکے کہ بھول گئے تھے تم ملاقات

يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ
اس دن اپنے کی تحقیق ہم بھول گئے تم کو اور چکھو عذاب ہمیش کا بہ سبب اسکے کہ تھے تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا
کرتے سوائے اسکے نہیں کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ نشانیوں ہماری کے وہ لوگ کہ جب یاد دلائی جاتی ہیں انکو گر پڑتے ہیں

سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ السجدة
سجدہ میں اور پاکی بیان کرتے ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے اور وہ نہیں تکبر کرتے

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا
دور ہوتی ہیں کروٹیں اُن کی بچھونوں سے پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو ڈر سے

وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ
اور طمع سے اور اُس چیز سے کہ دیا ہے ہم نے اُنکو خرچ کرتے ہیں ف پس نہیں جانتا کوئی جی کیا

اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾
چھپائی گئی ہے واسطے انکے ٹھنڈک آنکھوں سے بدلا اس چیز کا کہ تھے کرتے

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ڼ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا
کیا پس جو شخص کہ ہو ایمان والا مانند اس شخص کی ہے کہ ہو نافرمان نہیں برابر ہوتے اُپر

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۡ نُزُلًۢا
جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس واسطے اُنکے بہشتیں ہیں رہنے کی مہمانی

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ
بہ سبب اسکے کہ تھے کرتے اور اُپر جو لوگ کہ فاسق ہیں پس جگہ رہنے انکے کی آگ ہے

ف اللہ سے لالچ بُرا نہیں نہ اس سے ڈر اور اس واسطے بندگی کرے تو قبول ہے ڈر اور لالچ دنیا کا ہو یا آخرت کا اگر کسی اور کے خوف و رجا سے بندگی کرے تو ریا ہے کچھ قبول نہیں۔ ۱۲- منہ رح

السجدۃ ۹

وقف غفران

كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا

جب ارادہ کریں یہ کہ نکلیں اس میں سے پھیرے جاویں گے بیچ اس کے اور کہا جاویگا ان کو چکھو

عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ

عذاب آگ کا جو تھے تم ساتھ اس کے جھٹلاتے اور البتہ چکھاویں گے ہم اُن کو

الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾

عذاب نزدیک سے سوائے عذاب بڑے کے تو کہ وہ پھر آویں ف۱

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا اِنَّا مِنَ

اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ نصیحت دیا گیا ہے ساتھ نشانیوں پروردگار اپنے کے پھر منہ پھیر لیا اُن سے تحقیق ہم

الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا

گنہگاروں سے بدلا لینے والے ہیں اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسےٰ کو کتاب پس مت

تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾

رہ تو بیچ شک کے ملاقات اس کی سے اور کیا ہم نے اسکو ہدایت واسطے بنی اسرائیل کے ف۲

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ۣ قف وَكَانُوْا

اور کیے ہم نے اُن میں سے پیشوا کہ تھے ہدایت کرتے ساتھ حکم ہمارے کے جب صبر کیا انہوں نے اور تھے

بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ساتھ نشانیوں ہماری کے یقین لاتے ف۳ تحقیق پروردگار تیرا وہی فیصل کرے گا درمیان اُنکے دن قیامت کے

فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا

بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اس کے اختلاف کرتے کیا نہیں راہ دکھائی واسطے انکے اس بات نے کہ کتنے ہلاک کیے

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

ہیں ہم نے پہلے ان سے قرنوں سے کہ چلتے ہیں بیچ گھروں اُنکے کے تحقیق بیچ اس کے

لَاٰيٰتٍ ۭ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى

البتہ نشانیاں ہیں کیا پس نہیں سنتے کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ ہم چلاتے ہیں پانی طرف

الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَ

زمین خالی یعنی بنجر کی پس نکالتے ہیں ساتھ اسکے کھیتی کھاتے ہیں اس میں سے جانور ان کے اور

اَنْفُسُهُمْ ۭ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ

آپ وہ کیا پس نہیں دیکھتے اور کہتے ہیں کب ہوگی یہ فتح

۲ ع ۱۱ ۱۵

ف۱ یعنی دنیا میں لوٹ مار بندے دیکھ لیں گے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ دھوکا نہ کر اس کے ملنے میں یعنی کتاب کے یا موسیٰ کے معراج کی رات میں اُن سے ملے تھے اور بھی کئی بار۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی تم بھی ٹھہرے رہو تو تم میں بھی وہی چال ہو آخر ہوئی۔ ۱۲۔منہ رح

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ
اگر ہو تم سچے کہہ کہ دن فتح کے نہیں فائدہ دیگا اُن کو جو

كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ
کافر ہوئے ایمان اُن کا اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاوینگے بس منہ پھیرلے اُن سے

وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع
اور منتظر رہ تحقیق وہ بھی منتظر ہیں

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۷۳ رکوعاتہا ۹

سورۂ احزاب مدینہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے اسمیں تہتّر آیتیں اور نو رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ
اے نبیؐ ڈرا کر اللہ سے اور مت کہا مان کافروں کا اور منافقوں کا تحقیق

اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ
اللہ ہے جاننے والا حکمت والا ف اور پیروی کر اس چیز کی کہ وحی کی جاتی ہے طرف تیری رب تیرے سے

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۲﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَ
تحقیق اللہ ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار اور توکل کر اوپر اللہ کے اور

كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ
کفایت ہے اللہ کارساز نہیں کیے اللہ نے واسطے کسی شخص کے دو دل بیچ

جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ اڿ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ
پیٹ اسکے کے اور نہیں کیا بی بیوں تمہاری کو جن کو ماں کہہ بیٹھتے ہو اُن میں سے مائیں تمہاری

وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ
اور نہیں کیا لے پالکوں تمہارے کو بیٹے تمہارے یہ ہے بات کہنا تمہارا مونہوں تمہارے سے

وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿۴﴾ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ
اور اللہ کہتا ہے سچ اور وہ دکھاتا ہے راہ ف۲ پکارو انکو نسبت کر کر باپوں انکے کی

هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ
اور وہ بہت انصاف ہے نزدیک اللہ کے پس اگر نہ جانو تم باپوں انکے کو پس بھائی تمہارے ہیں

فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ
بیچ دین کے اور چیلے تمہارے ہیں اور نہیں اوپر تمہارے گناہ بیچ اس چیز کے کہ

ع ۳ / ۸ / ۱۶

ف۱ کافر چاہتے تھے اپنی طرف نرم کرنا اور منافق چاہتے تھے اپنی چال سکھانی اور پیغمبر کو اللہ پر بھروسہ ہے، اس سے دانا کون۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ کفر کے وقت کوئی جورو کو ماں کہتا تو ساری عمر وہ اس سے جدا ہوتی اور کسی کو بیٹا کر بولتا تو سچا بیٹا ہو جاتا۔ اللہ تعالٰے نے یہ دونوں حکم بدل دیئے جورو کو ماں کہنا سورۂ قد سمع اللہ میں آوے گا اور لے پالک کا حکم آگے بیان ہے ان دو کے ساتھ تیسری بات یہ بھی سنا دی کہ ایسی باتیں کہنے کی بہتیری ہیں ان پر عمل نہیں ہو سکتا جیسے مستقل مرد کو کہتے اس کے دو دل ہیں چھاتی چیر کر دیکھو تو کسی کے دو دل نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ

خطا کرو تم ساتھ اسکے اور لیکن جو قصد کر کر کریں دل تمہارے اور ہے اللہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝٥ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

بخشنے والا مہربان ف١ نبی بہت شفقت کرنیوالا ہے مسلمانوں پر جانوں اُن کی سے

وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ۗ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى

اور بی بیاں اس کی مائیں ہیں تمہاری اور قرابت والے بعضے اُن کے نزدیک تر ہیں

بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ

بعضوں سے بیچ کتاب اللہ کے ایمان والوں سے اور ہجرت کرنے والوں سے

اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ۗ كَانَ ذٰلِكَ فِي

مگر یہ کہ کرو طرف دوستوں اپنے کی احسان ہے یہ بیچ

الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝٦ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ

کتاب کے لکھا ہوا ف٢ اور جسوقت کہ لیا ہم نے نبیوں سے عہد اُن کا

وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ

اور تجھ سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسےٰ سے اور عیسےٰ بیٹے

مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝٧ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ

مریم کے سے اور لیا ہم نے ان سے عہد گاڑھا ف٣ توکہ سوال کرے سچوں کو

عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝٨ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

راستی ان کی سے اور تیار کیا ہے واسطے کافروں کے عذاب درد دینے والا ف٤ اے لوگو جو

اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ

ایمان لائے ہو یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے جسوقت کہ آیا اوپر تمہارے لشکر

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا

پس بھیجی ہم نے اوپر انکے باؤ اور لشکر کہ نہ دیکھا تھا تم نے اسکو اور ہے اللہ ساتھ اسچیز کے

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝٩ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ

کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ف٥ جسوقت کہ آئے تم پر اُوپر تمہارے سے اور نیچے

مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ

تمہارے سے اور جسوقت کہ کج ہوئیں نظریں اور پہنچ گئے دل حلق کو

ف١ یعنی چوک کا گناہ تو کسی چیز میں نہیں اور ارادے کا ہے اس میں بھی اللہ چاہے تو بخشے چوک یہ کہ منہ سے نکل گیا فلانے کا بیٹا فلاں۔ ١٢۔ منہ رح

ف٢ نبی نائب ہے اللہ کا اپنی جان اور مال میں تصرف نہیں چلتا جتنا نبی کا۔ اپنی جان دہکتی آگ میں ڈالنی روا نہیں اور نبی حکم کرے تو فرض ہے اور اس کی عورتیں سب کی ماں ہیں حرمت میں پردے میں نہیں اور حضرت کے ساتھ جنہوں نے وطن چھوڑا بھائی بندوں سے ٹوٹے ان کو حضرت نے آپس میں بھائی کر دیا تھا۔ دو دو کو پیچھے ان کے ناتے والے مسلمان ہوئے فرمایا کہ اس بھائی چارے سے ناتا مقدم ہے میراث ہے ناتے ہی پر اور سب حکم مگر احسان اور سلوک اس کا بھی یے جاؤ یہ کتاب میں لکھا ہے یعنی قرآن میں ہمیشہ کو یہ حکم جاری رہا یا تورۃ میں بھی یہی حکم ہوگا۔ ١٢۔ منہ رح

ع ١ ٨ ١٧

ف٣ اور پیغمبر کو فرمایا کہ سب لوگوں پر تصرف رکھتا ہے ان کی جان سے زیادہ یہاں فرمایا کہ یہ درجہ نبیوں کو ملا ان پر محنت بھی زیادہ ہے ساری خلق سے مقابل ہونا اور کسی سے خوف و رجا نہ رکھنا ان پانچ پیغمبروں کو کہتے ہیں اولو العزم کہ ان کی ہدایت کا اثر ہزاروں برس رہا اور جبتک دنیا ہے رہے گا ان میں پہلے نام فرمایا ہمارے نبی کا۔ ١٢۔ منہ رح

(باقی صفحہ ٤٩٧ پر)

وَتَظُنُّونَ بِاللّٰهِ الظُّنُونَا ﴿١٠﴾ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا

اور گمان کرتے تھے تم ساتھ اللہ کے طرح طرح کے گمان ف۱ اس جگہ آزمائے گئے ایمان والے اور ہلائے گئے

زِلْزَالًا شَدِيدًا ﴿١١﴾ وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ

ہلائے جانا سخت اور جس وقت کہ کہتے تھے منافق اور وہ لوگ کہ بیچ دلوں اُنکے کے

مَرَضٌ مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا ﴿١٢﴾ وَإِذْ قَالَتْ طَائِفَةٌ

بیماری ہے نہیں وعدہ کیا تھا ہم کو اللہ نے اور رسول اسکے نے مگر فریب دینے کو ف۲ اور جس وقت کہا ایک طائفہ نے

مِنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا ۚ وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ

ان میں سے اے لوگو مدینے کے نہیں جگہ رہنے کی واسطے تمہارے پس پھر جاؤ ف۳ اور اذن مانگتا تھا ایک فرقہ

مِنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۛ

ان میں سے پیغمبر سے کہتے ہیں تحقیق گھر ہمارے خالی ہیں اور نہیں وہ خالی

إِنْ يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا ﴿١٣﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِنْ أَقْطَارِهَا

نہیں ارادہ کرتے مگر بھاگنے کا ف۴ اور اگر پیٹھ آویں مدینے میں اوپر انکے طرفوں اس کی سے

ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوا بِهَا إِلَّا يَسِيرًا ﴿١٤﴾

پھر مانگی جاوے اُن سے خانہ جنگی البتہ دینگے اس کو اور نہ ڈھیل کرینگے اس میں مگر تھوڑا

وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ ۚ وَكَانَ

اور البتہ تحقیق تھے کہ عہد باندھا تھا اللہ سے پہلے اس سے کہ نہ پھیریں گے پیٹھ کو اور ہے

عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُولًا ﴿١٥﴾ قُلْ لَنْ يَنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِنْ فَرَرْتُمْ مِنَ

عہد خدا کا سوال کیا گیا ف۵ کہہ کہ ہرگز نہ فائدہ دیگا تم کو بھاگنا اگر بھاگو تم

الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذًا لَا تُمَتَّعُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٦﴾ قُلْ مَنْ ذَا

موت سے یا قتل سے اور اس وقت نہ فائدہ دیئے جاؤ گے مگر تھوڑا ف۶ کہہ کون ہے وہ

الَّذِي يَعْصِمُكُمْ مِنَ اللّٰهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ

جو بچا دے گا تم کو اللہ سے اگر ارادہ کرے ساتھ تمہارے برائی کا یا ارادہ کرے ساتھ

رَحْمَةً ۚ وَلَا يَجِدُونَ لَهُمْ مِنْ دُونِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٧﴾

تمہارے رحمت کا اور نہ پاویں گے واسطے اپنے سوائے خدا کے کوئی دوست اور نہ مدد دینے والا ف۷

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنْكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ

تحقیق جانتا ہے اللہ منع کرنیوالوں کو تم میں سے اور کہنے والوں کو واسطے بھائیوں اپنے کے کہ چلے آؤ

ف اوپر سے اور نیچے سے یعنی مدینے کی شرقی طرف سے جو اونچی ہے اور غربی طرف سے جو نیچی ہے اور آنکھیں ڈگنے لگیں یعنی تیور بدلنے لگے لوگوں کے دوستی جتانے والے لگے آنکھیں چرانے اور دل پہنچے گلوں تک دھڑک دھڑک کرتے ڈر سے اور کئی کئی اٹکلیں مسلمانوں نے سمجھا کہ اب کے اور سخت آزمائش آئی اور کچے ایمان والوں نے سمجھا کہ اب کے نہ بچیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بعضے منافق کہنے لگے پیغمبر کہتا ہے کہ میرا دین پہنچے گا مشرق مغرب یہاں جائے ضرور کو نکل نہیں سکتے مسلمان کو چاہیئے اب بھی ناامیدی کے وقت بے ایمانی کی باتیں نہ بولے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یثرب نام تھا مدینے کا یعنی سارے عرب ہمارے دشمن ہوئے تو ہم کو رہنے کا ٹھکانا کہاں سب لشکر سے جدا ہو جاؤ اور حضرت لشکر کے ساتھ باہر کھڑے تھے شہر میں محکم حویلیوں کو ناکے بند کر کر زنانے اُن میں رکھ دیئے تھے یہ بہانہ کرنے لگے کہ ہمارے گھر کھلے ہیں اور وہ جھوٹ بات تھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جنگ احد کے بعد اقرار کیا تھا کہ پھر ہم ایسی حرکت نہ کریں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی جس کی قسمت میں موت ہے اس کو بچاؤ نہ ہوگا بھاگنے سے اور اگر موت نہیں تو بھاگ کر بچا کئی دن۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی عرب کی مخالفت سے ڈرتے ہو اگر اللہ حکم دے تو مسلمان اب تم کو قتل کر ڈالیں۔ ۱۲۔ منہ رح

إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٨﴾ أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا
طرف ہماری اور نہیں آتے لڑائی میں مگر تھوڑے بخیلی کرتے ہوئے اوپر تمہارے پس جب

جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي
آوے ڈر دیکھے گا تو انکو کہ دیکھتے ہیں طرف تیری پھرتی ہیں آنکھیں اُن کی مانند اس کے

يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ
کہ غشی آتی ہے اوپر اسکے موت سے پس جسوقت جاتا رہتا ہے ڈر بیٹھتے ہیں بیچ تمہارے ساتھ زبانوں

حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ
تیز کے بخیلی کرتے ہوئے اوپر بھلائی کے یہ لوگ نہ ایمان لائے تھے پس نابود کر دیئے اللہ نے

أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٩﴾ يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ
عمل ان کے اور ہے یہ اوپر خدا کے آسان ف۱ گمان کرتے ہیں جماعتوں کفار کی کو کہ

لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي
نہیں گئیں اور اگر آویں وہ جماعتیں دوست رکھیں کاش کہ وہ جنگل میں رہتے بیچ

الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ ۖ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا
گنواروں کے پوچھا کرتے خبروں تمہاری کو اور اگر ہوتے درمیان تمہارے نہ لڑتے

إِلَّا قَلِيلًا ﴿٢٠﴾ لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن
مگر تھوڑا ف۲ البتہ تحقیق ہے واسطے تمہارے بیچ رسول خدا کے پیروی اچھی واسطے اس شخص

كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ﴿٢١﴾ وَلَمَّا رَأَى
کے کہ امید رکھتا ہے خدا کی اور دن پچھلے کی اور یاد کرتا ہے اللہ کو بہت ف۳ اور جسوقت دیکھا

الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَٰذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ
ایمان والوں نے جماعتوں کافروں کی کو کہا یہ ہے جو وعدہ دیا ہے ہم کو اللہ نے اور رسول اسکے نے

وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ ۚ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا ﴿٢٢﴾ مِّنَ
اور سچ کہا تھا اللہ نے اور رسول اسکے نے اور نہ زیادہ کیا انکو مگر ایمان اور اطاعت کرنا ف۴ بعضے

الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ ۖ فَمِنْهُم
مسلمانوں میں سے وہ مرد ہیں کہ سچ کہا انہوں نے اسچیز کو کہ عہد باندھا تھا اللہ سے اوپر اس کے پس بعض انمیں سے

مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾
وہ ہے کہ پورا کر چکا کام اپنا اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ انتظار کرتا ہے اور نہیں بدل ڈالا انہوں نے کچھ بدل ڈالنا ف۵

ف۱ یعنی بُرے وقت رفاقت سے جی چراتے ہیں اور ڈر کے مارے جان نکلتی ہے اور فتح کے بعد مردانگی جتاتے ہیں سب سے زیادہ اور غنیمت پر ڈھکتے ہیں۔ فائدہ جہاں حبط اعمال کا ذکر ہے تو فرمایا ہے یہ اللہ پر آسان ہے یعنی حکمت میں اللہ کے کسی کی محنت ضائع کرنی تعجب لگتی ہے لیکن جب حبط کرنے پر آوے اس عمل ہی میں ایسا نقصان پکڑے جس سے وہ درست ہی نہیں ہوا جیسے عمل بے ایمان کا کہ ایمان شرط ہے ہر عمل کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی نامردی کے مارے یقین نہیں آتا کہ فوجیں پھر گئیں اور باتوں میں تمہاری خیر خواہی جتا دیں اور لڑائی میں کام نہ کریں ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۸/۱۲

ف۳ یعنی رسول کو دیکھو ان سختیوں میں کیا استقلال رکھتا ہے سب سے زیادہ محنت اور اندیشہ اس پر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ وعدہ اللہ کا یہی کہ فرمایا تھا تکلیف پاؤ گے کافروں کے ہاتھ سے آخر تم کو غلبہ ہے اور یہ بھی کہ رسول نے فرمایا تھا، آٹھ دس دن میں تم پر فوجیں آتی ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ ذمہ پورا کر چکا یعنی جہاد ہی میں جان دے چکا جیسے شہدائے بدر و احد اور راہ دیکھتے اصحاب جو جہاد پر مستعد ہیں موت کی راہ دیکھتے لیکن رسول نے فرمایا کہ طلحہ ان میں ہے جو شہید ہو چکے ۱۲۔ منہ رح

لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِينَ إِنْ
تو کہ بدلا دے اللہ سچوں کو بدلے سچ انکے کے اور عذاب کرے منافقوں کو اگر

شَآءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿۲۴﴾ وَرَدَّ
چاہے یا توبہ کرے اوپر اُن کے تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور پھیر دیا

وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾

نہیں ہم میں سے کوئی مگر واسطے اسکے مقام ہے معلوم ف۲ اور تحقیق ہم حق تعالےٰ کی بندگی میں صف باندھنے والے ہیں ف۳

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ

اور تحقیق ہم واسطے اس کے تسبیح کرنیوالے ہیں ف۴ اور تحقیق تھے یہ کہتے اگر ہوتا

عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾

ہمارے نزدیک مذکور پہلوں کا البتہ ہوتے ہم بھی بندوں اللہ کے سے خالص کیے گئے ف۵

فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا

پس کفر کیا انہوں نے ساتھ اس ذکر کے پس شتاب جان لینگے اور البتہ تحقیق پہلے گزری ہے بات ہماری

لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا

واسطے بندوں ہمارے پیغمبروں کے تحقیق وہی ہیں مدد دیئے گئے اور تحقیق لشکر ہمارے

لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ

وہی ہیں غالب پس منہ پھیر لے اُن سے ایک مدت تک اور دیکھ ان کو پس البتہ

يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ

دیکھ لیویں گے کیا پس ساتھ عذاب ہمارے کے جلدی کرتے ہیں پس جسوقت اُتریگا انگنائی اُن کی میں

فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ

پس بُری ہوگی صبح ڈرائے گیوں کی ف۶ اور منہ پھیر لے اُن سے ایک مدت تک اور دیکھ

ف۱ یعنی تم انسان اور تمہارے تئیں شیطان بے مرضی اللہ کے گمراہ نہیں کر سکتے گمراہ وہی ہوگا جس کو اس نے دوزخی لکھ دیا۔ ۱۲۔منہ

ف۲ یہاں سے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی زبان سے فرمایا جیسے دعائیں فرمائیں ہیں آدمیوں کی زبان سے ٹھکانا مقرر یعنی اپنی حد ہے اس سے آگے بڑھنا نہیں یہ اس پر فرمایا کہ کافر کہتے فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں جنوں کی عورتوں سے پیدا ہوئیاں سو جنوں کو اپنا حال معلوم ہے اور فرشتے یوں کہتے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی اپنی اپنی حد پر ہر کوئی کھڑا رہتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یہاں تک ہو چکا فرشتوں کا کلام۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ عرب لوگ انبیا کا نام سنتے تھے کے علم سے خبردار نہ تھے تو یہ کہتے تھے جو اپنے اندر نبی پیدا ہوا تو پھر گئے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۶ یہ ہوا فتح مکہ کے دن۔ ۱۲۔منہ رح

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾
پس البتہ دیکھ لیویں گے ؀ پاکی بیان کر پروردگار اپنے پروردگار عزت والے کی اس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ ع
اور سلامتی ہے اُوپر پیغمبروں کے اور سب تعریف واسطے اللہ پروردگار عالموں کے

ع ۵ ۹

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰياتها ۸۸ رکوعاتها ۵
سورۂ صٓ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — اٹھاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾
قسم ہے قرآن نصیحت کرنے والے کی بلکہ وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں بیچ غلبے کے ہیں اور خلاف کے

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾
کتنے ہلاک کیے ہیں ہم نے پہلے اُن سے قرنوں سے پس پکارنے پھرے اور نہیں تھا وقت خلاص کا

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۡ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ
اور تعجب کیا ؀ یہ کہ آیا اُن کے پاس ڈرانے والا انہیں میں سے اور کہا کافروں نے یہ جادوگر ہے

كَذَّابٌ ﴿۴﴾ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ﴿۵﴾
جھوٹا کیا کر دیا اس نے سب معبودوں کو معبود ایک تحقیق یہ ایک چیز ہے بہت تعجب کی

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚۖ اِنَّ هٰذَا
اور چلے سردار اُن میں سے کہتے ہوئے یہ کہ چلو اور صبر کرو اوپر معبودوں اپنے کے تحقیق یہ

لَشَيْءٌ يُّرَادُ ﴿۶﴾ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا
ایک چیز ہے کہ ارادہ کیجاتی ہے نہیں سنی ہم نے یہ بات بیچ دین پچھلے کے نہیں ہے یہ مگر اپنے

اخْتِلَاقٌ ﴿۷﴾ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ
جی سے بنا لینا ؀ کیا اتارا گیا اوپر اس کے ذکر درمیان ہمارے سے بلکہ وُہ بیچ شک کے

مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ﴿۸﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ
ہیں یاد میری سے بلکہ نہیں چکھا انہوں نے عذاب میرا کیا نزدیک اُن کے ہیں خزانے

رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ﴿۹﴾ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
رحمت پروردگار تیرے غالب بخشنے والے کے ؀ کیا واسطے انکے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی

وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ﴿۱۰﴾ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ
اور جو کچھ درمیان انکے ہے پس چاہیئے کہ چڑھ جاویں بیچ رسیوں آسمان کے لشکر بڑے بڑے اس جگہ شکست پا گئے

ف شاید پہلا وعدہ دنیا عذاب کا اور پچھلا آخرت کا۔ ۱۲۔ منہ رح
ف پچھلا دین کہتے تھے اپنے باپ دادوں کو یعنی آگے تو سنتے ہیں کہ اسگلے لوگ ایسی باتیں کہتے پر ہمارے بزرگ تو یوں نہیں کہہ گئے۔ ۱۲۔ منہ رح
ف وہ جو کہتے تھے کہ ہم پر کیوں نہ اترا۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ

فرقوں میں سے ف۱ جھٹلایا تھا پہلے اُن سے قوم نوح کی نے اور عاد نے اور فرعون

ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ۭ اُولٰٓئِكَ

میخوں والے نے ف۲ اور ثمود نے اور قوم لوط کی نے اور رہنے والوں بَن کے نے یہ لوگ تھے

الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ وَمَا

بڑی بڑی جماعتیں نہیں تھے یہ سب مگر جھٹلاتے تھے پیغمبروں کو پس ثابت ہوا اُن پر عذاب میرا اور نہیں

يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوْا

انتظار کرتے یہ لوگ مگر ایک آواز تند کا کہ نہیں اس کو کچھ ڈھیل ف۳ اور کہا انہوں نے

رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾ اِصْبِرْ عَلٰى مَا

اے پروردگار ہمارے جلد دے ہم کو چِٹھی ہماری پہلے دن حساب کے سے ف۴ صبر کر اُوپر اس چیز کے کہ

يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا

کہتے ہیں اور یاد کر بندے ہمارے داؤد صاحب قوّت کو تحقیق وہ رجوع کرنیوالا تھا ف۵ تحقیق

سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيْرَ

مسخر کیا ہم نے پہاڑوں کو ساتھ اسکے تسبیح کہتے تھے دن ڈھلے اور سورج نکلے اور جانور

مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ

اکٹھے کیے ہوئے ہر ایک واسطے اسکے جواب دینے والے تھے اور زبردست کی ہم نے سلطنت اس کی اور دی ہم نے اس کو حکمت

وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا

اور فیصل کرنے والی بات اور کیا آئی ہے تیرے پاس خبر جھگڑنے والوں کی جسوقت کہ دیوار پر چڑھ کر اتر

الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰي دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا

آئے عبادت خانے میں ف۶ جسوقت کہ داخل ہوئے اوپر داؤد کے پس ڈرا اُن سے کہا انہوں نے مت

تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰي بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ

ڈر ہم ہیں دو جھگڑنے والے زیادتی کی ہے بعض ہمارے نے اُوپر بعض کے پس حکم کر درمیان ہمارے ساتھ حق کے

وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَاۗءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۣ لَهٗ

اور مت زیادتی کر اور راہ دکھا ہم کو طرف راہ سیدھی کی تحقیق یہ ہے بھائی میرا واسطے

تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۣ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا

اسکے ہیں ننانوے دُنبیاں اور واسطے میرے ہے ایک دُنبی پس کہا اس نے سونپ دے مجھ کو وہ

ف۱ یعنی اگلی قومیں برباد ہوئیں اگر چڑھ جاویں تو ان میں ایک بھی برباد ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ وہ ظالم آدمی کو چومیخا کر کر مارتا تھا اس کا یہ نام پڑ گیا ہے بعضے کہتے ہیں لشکر کے گھوڑوں کی میخیں رکھتا تھا سونے اور روپے کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱ / ۱۲ / ۱۰

ف۳ یعنی صور کی آواز۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جب وعدہ قیامت کا سنتے تو کہتے ہمارا حصّہ ابھی ہم کو دے، تو یہ ٹھٹھے تھے اُن کے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ اس جگہ ان کو یاد دلوایا کہ انہوں نے بھی طالوت کی حکومت میں بہت صبر کیا آخر حکومت ان کو ملی اور مخالفوں کو جہاد سے زیر کیا۔ یہی نقشہ ہوا ہمارے پیغمبر کا ہاتھ کے بل والا یعنی قوتِ سلطنت یا لوہا نرم ہونا یا ہاتھ کا بل یہ کہ سلطنت کا مال نہ کھاتے تھے اپنے ہاتھ کا کسب کھاتے۔ ۱۲۔ منہ رح

نصف الربع

ف۶ حضرت داؤد نے باری رکھی تھی تین دن کی ایک دن دربار کا ایک دن اپنی عورتوں پاس ایک دن عبادت کا اس دن خلوت میں رہتے تھے دربار کسی کو آنے نہ دیتے کئی شخص دیوار کود کر ان کے پاس آئے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَعَزَّنِي فِي الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ
بھی اور غلبہ کیا مجھ پر بیچ بات کے کہا حضرت داؤد نے کہ ظلم کیا اس نے تجھ پر ساتھ مانگ لینے دُنبی تیری کے

إِلَىٰ نِعَاجِهِ ۖ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ
طرف دُنبیوں اپنی کی اور تحقیق بہت شرکت والے زیادتی کرتے ہیں بعضے اُن کے اُوپر

بَعْضٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ ۗ
بعض کے مگر جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے اور کم ہیں وُہ

وَظَنَّ دَاوُودُ أَنَّمَا فَتَنَّاهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا وَأَنَابَ ۩ ﴿۲۴﴾ السجدة
اور جانا داؤد نے کہ کچھ آزمایا ہے ہم نے اسکو پس بخشش مانگی رب اپنے سے اور گر پڑا عاجزی کرتا ہوا اور رجوع کیا بخی ف

فَغَفَرْنَا لَهُ ذَٰلِكَ ۖ وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ ﴿۲۵﴾
پس بخشا ہم نے واسطے اسکے یہ اور تحقیق واسطے اسکے نزدیک ہمارے مرتبہ ہے نزدیکی کا اور اچھی جگہ پھر جانے کی

يَا دَاوُودُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُم بَيْنَ النَّاسِ
اے داؤد تحقیق ہم نے کیا ہے تجھ کو نائب بیچ زمین کے پس حکم کر درمیان لوگوں کے

بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِنَّ الَّذِينَ
ساتھ حق کے اور مت پیروی کر خواہش نفس کی پس گمراہ کر دیوےگی تجھ کو راہ خدا سے تحقیق جو لوگ کہ

يَضِلُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا نَسُوا يَوْمَ
گمراہ ہوجاتے ہیں راہ خدا کی سے واسطے انکے عذاب ہے سخت بسبب اسکے کہ بھول گئے دن

الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ
حساب کا اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان ان دونوں کے ہے بے فائدہ

ذَٰلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾ أَمْ
یہ ہے گمان ان لوگوں کا کہ کافر ہوئے پس وائے ہے ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے آگ سے ف۲ کیا

نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِينَ فِي
کر دیویں ہم ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے مانند مفسدوں کی بیچ

الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ
زمین کے یا کر دیویں گے ہم پرہیزگاروں کو مانند بدکاروں کی یہ کتاب ہے کہ اتارا ہے ہم نے اسکو طرف تیری

مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿۲۹﴾ وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ
برکت والی تو کہ فکر کریں بیچ آیتوں اسکی کے اور تو کہ نصیحت پکڑیں صاحب عقل کے اور دیا ہم نے داؤد کو

ف۱ یہ جھگڑنے والے فرشتے تھے پردے میں ان کو سنا گئے انہیں کا ماجرا ان کے گھر میں ننانوے عورتیں تھیں ایک ہمسایہ کی عورت نظر پڑ گئی چاہا کہ اس کو بھی گھر میں رکھیں اس کا خاوند موجود تھا ان کے لشکر میں اس کو تعین کیا تابوت سکینہ سے آگے جہاں بڑے مردانہ لوگ لڑائی میں بڑھتے تھے وہ شہید ہوا پیچھے اس عورت کو نکاح کیا اس میں کسی کا خون نہیں کیا بے ناموسی نہیں کی مگر کسی کی چیز لے لی تدبیر سے پیغمبروں کی ستھرائی کو اتنا بھی داغ عیب تھا اس پر جانچ ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

السجدة ۱۲/۲ ع ۱۱

ف۲ نکما یعنی جس کا اثر کچھ نہ نکلے آگے بلکہ اس دنیا کا اثر ہے آخرت میں۔ ۱۲۔ منہ رح

سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

سلیمان بہت اچھا بندہ تھا تحقیق وہ رجوع کرنیوالا تھا جسوقت کہ رُوبرو لائے گئے اُوپر اسکے تیسرے پہر گھوڑے

الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾ فَقَالَ اِنِّيْۤ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ

ایک پاؤں اُٹھانیوالے بہت خاصے پس کہا سلیمان نے تحقیق میں نے دوست رکھا محبت مال کی کو یاد

رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ مَسْحًا

پروردگار اپنے کی سے یہانتک کہ چھپ گیا سورج پردے میں پھیر لاؤ اُن کو اُوپر میرے پس شروع کیا ہاتھ پھیرنا

بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ

پاؤں پر اور گردنوں پر ف اور البتہ تحقیق آزمایا ہم نے سلیمان کو اور ڈال دیا ہم نے اُوپر کرسی اسکی کے

جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا

ایک بدن پھر رجوع کیا تحقیق ف۲ کہا اے پروردگار میرے بخش مجھ کو اور دے مجھ کو مُلک کہ نہیں

يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ

لائق ہو واسطے کسی کے پیچھے میرے تحقیق تو ہی ہے بخشنے والا پس مسخر کیا ہم نے واسطے اُسکے

الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ

باؤ کو چلتی تھی ساتھ حکم اُسکے کے ملائم جہاں پہنچنا چاہتا اور مسخر کیے شیطان

كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾

ہر ایک عمارت بنانیوالا اور دریا میں غوطے مارنیوالا اور اور طرح کے جکڑے ہوئے بیچ زنجیروں کے ف۳

هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا

یہ ہے بخشش ہماری پس بخشدے یا بند کر بغیر حساب کے ف۵ اور تحقیق اسکو نزدیک ہمارے

لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ

مرتبہ ہے قرب کا اور اچھی ہے جگہ پھر جانے کی اور یاد کر بندے ہمارے ایوب کو جسوقت کہ پکارا اس نے پروردگار اپنے

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا

کو یہ کہ ہاتھ لگایا ہے مجھ کو شیطان نے ساتھ ایذا کے اور عذاب کے لات مار پاؤں اپنے سے یہ ہے

مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ

جگہ نہانے کی ٹھنڈی اور پینے کی اور دیئے ہم نے اس کو اہل اسکے اور مانند اُن کی ساتھ اُن کے

رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا

بوجہ رحمت یعنی مہربانی کے اپنی طرف سے اور یادگار واسطے عقلمندوں کے ف۱ اور لے بیچ ہاتھ اپنے کے جھاڑو

ف حضرت سلیمان نے سنا کہ سمندر کے کنارے پر دریائی گھوڑے نکلتے ہیں خاصی گھوڑیاں وہاں باندھ رکھیں وہ انسے جفت ہوئے بچے ہوئے تحفہ ان کا قدم جیسے پرندہ طیار ہوکر آئے دیکھنے میں بے خبر ہوگئے وظیفے کا وقت جاتا رہا عصر کا سورج اوٹ میں آگیا پھر غصہ ہوئے ان گھوڑوں کو پھر منگا کر کاٹ ڈالا یہ اللہ کی محبت کا جوش تھا ان کی تعریف فرمائی۔۱۲۔منہ

ف۲ حضرت سلیمان استنجے کو جاتے تو انگشتری ایک خادمہ کو سپرد کر جاتے اس میں لکھا تھا اسم اعظم ایک جن تھا صخر نام اس خادمہ کو بہکا کر انگشتری لے گیا اپنی صورت بنائی سلیمان کی سی تخت پر بیٹھ کر لگا حکم کرنے حضرت سلیمان یہ معلوم کر کر نکل گئے کہ مجھ کو مروا نہ ڈالے ایک گاؤں میں چھپ کر رہے چھ مہینے کے بعد صخر تھا شراب کی مستی میں انگشتری دریا میں گر پڑی ایک مچھلی نگل گئی وہ شکار ہوئی حضرت سلیمان کے ہاتھ پیٹ میں سے انگشتری لے کر پھر آئے اپنے تخت سلطنت پر یہ جانچ ہوئی اس پر کہ ان کے گھر میں ایک عورت تھی اپنے باپ مرگئے کو یاد کر کر رویا کرتی تھی اس کو بنادی جنوں نے تصویر اس کے باپ کی کہ چین پکڑے وہ لگی پوجنے انہوں نے خبر نہ لی یا خبر پاکر تغافل کیا۔

(باقی صفحہ ۵۵۲ پر)

فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۭ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ

پس مار ساتھ اس کے اور مت جھوٹی کر قسم اپنی تحقیق پایا ہم نے اس کو صبر کرنیوالا اچھا بندہ تحقیق وہ رجوع

اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي

کرنیوالا تھا بحق ف۱ اور یاد کر بندوں ہمارے ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کو

الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾

ہاتھوں والے اور آنکھوں والے ف۲ تحقیق ہم نے خالص کیا ان کو ساتھ صفت خالص کے وہ یاد تھی آخرت کی

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ

اور تحقیق وہ نزدیک ہمارے چنے ہوئے بہتر لوگوں میں تھے اور یاد کر اسماعیل اور الیسع کو

وَذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾ ھٰذَا ذِكْرٌ ۭ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ

اور ذوالکفل کو اور ہر ایک بہتروں سے تھے ف۳ یہ ہے نصیحت اور تحقیق واسطے پرہیزگاروں کے

لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِــِٕيْنَ

البتہ اچھی ہے جگہ پھر جانے کی بہشتیں ہیں ہمیشہ رہنے کی کھولے ہوئے ہونگے واسطے انکے دروازے انکے ف۴ تکیہ کئے ہوئے ہونگے

فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ

بیچ انکے منگوا دیں گے بیچ انکے میوے بہت اور پینے کی چیزیں اور نزدیک ان کے

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ ھٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾

ہوں گی بند رکھنے والیاں نظر کو اور طرف سے ہم عمر یہ ہے جو وعدہ دیئے جاتے ہو تم واسطے دن حساب کے

اِنَّ ھٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾ ھٰذَا ۭ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ

تحقیق یہ ہے رزق ہمارا نہیں واسطے اسکے کم ہونا بات یہ ہے اور تحقیق واسطے سرکشوں کے بُری جگہ ہے

مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ ھٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ

پھر جانے کی دوزخ داخل ہونگے اس میں پس بُرا ہے بچھونا یہ ہے عذاب پس چکھو اس کو

حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ ھٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ

گرم پانی اور پیپ اور اسی کی جنس سے قسمیں بہت یہ جماعت ہے بیٹھنے والی

مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۭ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۣ لَا

ساتھ تمہارے نہ خوشی ہوجیو ساتھ تمہارے تحقیق وہ داخل ہونے والے ہیں آگ میں کہیں گے بلکہ تم بھی نا

مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۭ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ

خوشی ہوجیو ساتھ تمہارے تم تحقیق تم ہی نے آگے تیار کر رکھا تھا واسطے ہمارے پس بُری ہے جگہ رہنے کی کہیں گے اے رب ہمارے جس نے پہلے

ف۱ مرض میں خفا ہوکر قسم کھائی تھی کہ اپنی عورت کو سو لکڑیاں ماریں اگر چنگے ہوں وہ بی بی اس حال کی رفیق تھی اور بے تقصیر اللہ تعالٰے نے قسم اس طرح سچی کر دا دی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ہاتھوں سے بندگی کرتے اور آنکھوں سے قدرتیں دیکھ کر یقین زیادہ کرتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ الیسع خلیفہ تھے حضرت الیاس کے نبی ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جب بہشت میں داخل ہونگے ہر کوئی بن بتائے اپنے گھر میں چلا جائے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرٰى

تیار کر رکھا ہے واسطے ہمارے یہ پس زیادہ دے اسکو عذاب دوگنا بیچ آگ کے ف۱ اور کہیں گے کیا ہے ہم کو کہ نہیں دیکھتے ہم

رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْأَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ أَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ

ان مردوں کو کہ تھے ہم گنتے اُن کو شریروں سے کیا پکڑا تھا ہم نے ان کو زیردست محکوم یا کج ہوگئیں

عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ إِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾ ع قُلْ

اُن سے آنکھیں ہماری ف۲ تحقیق یہ ہے البتہ حق جھگڑنا دوزخ والوں کا کہہ

إِنَّمَا أَنَا مُنْذِرٌ وَمَا مِنْ إِلٰهٍ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ

سوائے اس کے نہیں کہ میں ڈرانیوالا ہوں اور نہیں کوئی معبود مگر اللہ اکیلا غالب پروردگار

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا

آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ درمیان انکے ہے غالب بخشنے والا کہہ کہ وہ قیامت کی خبر

عَظِيمٌ ﴿٦٧﴾ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ﴿٦٨﴾ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ

بڑی ہے تم اس سے منہ پھیرنے والے ہو ف۳ نہیں ہے مجھ کو کچھ علم ساتھ فرشتوں

الْأَعْلٰى إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٦٩﴾ إِنْ يُوحٰى إِلَيَّ إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ

سرداروں بلند کے جسوقت کہ جھگڑتے تھے ف۴ نہیں وحی کی جاتی طرف میری مگر یہ کہ میں ڈرانے والا ہوں

مُبِينٌ ﴿٧٠﴾ إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِّنْ طِينٍ ﴿٧١﴾

ظاہر جسوقت کہا پروردگار تیرے نے واسطے فرشتوں کے تحقیق میں پیدا کرنیوالا ہوں انسان کو مٹی سے ف۵

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سٰجِدِينَ ﴿٧٢﴾

پس جسوقت کہ درست کروں اسکو اور پھونکوں بیچ اسکے روح اپنی میں سے پس گر پڑو واسطے اسکے سجدہ کرتے ہوئے ف۶

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ ﴿٧٣﴾ إِلَّا إِبْلِيسَ اسْتَكْبَرَ وَكَانَ

پس سجدہ کیا فرشتوں سب ساروں نے مگر ابلیس نے تکبّر کیا اور تھا

مِنَ الْكٰفِرِينَ ﴿٧٤﴾ قَالَ يٰٓإِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ

کافروں سے ف۷ کہا اے ابلیس کس چیز نے منع کیا تجھ کو یہ کہ سجدہ کرے تو واسطے اسچیز کے کہ بنایا میں

بِيَدَيَّ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِينَ ﴿٧٥﴾ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ

نے ساتھ دونوں ہاتھوں اپنے کے کیا تکبر کیا تو نے یا تھا تو بلند مرتبے والوں سے ف۸ کہا کہ میں بہتر ہوں اس سے

خَلَقْتَنِي مِنْ نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ ﴿٧٦﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا

پیدا کیا تو نے مجھ کو آگ سے اور پیدا کیا ہے اس کو مٹی سے ف۹ کہا پس نکل ان آسمانوں میں سے

ف۱ دوزخ کے کنارے پر دوزخیوں کو فرشتے لالا کر جمع کرتے ہیں اس تنگی اور بیقراری میں پہلے بیٹھتے پچھلوں کو کوسنے لگے اور پہلے وہ تھے جو دنیا میں سردار تھے پچھلے وہ جو ادنیٰ تھے آپس میں یہ پھٹکار بولیں گے ۱۲۔منہ رح

ف۲ وہاں دیکھیں گے سب پہچانے لوگ ادنیٰ اور اعلیٰ دوزخ کے واسطے جمع ہوئے ہیں اور مسلمانوں کو پہچانتے تھے اور سب سے برا جانتے تھے وہ نظر نہیں آتے تو حیران ہو کر کہیں گے کہ ہم نے ان کو غلط پکڑا تھا ٹھٹھے میں وہ اس قابل نہ تھے کہ آج دوزخ کے نزدیک نہیں یا اسی جگہ کہیں ہیں پر ہماری آنکھیں چوک گئیں ہمارے دیکھنے میں نہیں آتے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی قیامت کے احوال یا اس دین کا نازل ہونا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یعنی اعلیٰ فرشتے جو تدبیریں کرتے ہیں مجھ کو کیا خبر تھی کہ تم پاس بیان کرتا اللہ کی وحی سے کہتا ہوں اس مجلس میں جھگڑا نہیں مگر ہر کوئی اپنے کام کی تکرار کرتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ ایک یہ بھی فرشتوں کی تکرار تھی جو بیان فرمائی ۱۲۔منہ رح

ف۶ اپنی ایک جان یعنی آب و خاک کی نہیں بنی غیب سے آئی۔ ۱۲۔منہ رح

ف۷ یہ جن تھا وہ اکثر خدا کے حکم سے منکر تھے لیکن اب رہنے لگا تھا فرشتوں میں ۱۲۔منہ رح

(باقی صفحہ ۵۵۰ پر)

فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾

پس تحقیق تو راندہ گیا ہے اور تحقیق اُوپر تیرے لعنت ہے میری دن جزا تک ف

قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ

کہا اے پروردگار میرے ڈھیل دے مجھ کو اس دن تک کہ اٹھائے جاویں مُردے کہا کہ پس تحقیق تو

الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ

ڈھیل دیئے گیوں سے ہے دن اس وقت معلوم تک کہا کہ پس قسم ہے عزت تیری کی

لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾ قَالَ

کہ البتہ گمراہ کرونگا میں ان کو اکٹھے مگر بندے تیرے اُن میں سے خالص کیے ہوئے کہا کہ

فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ

پس سچ بات یہ ہے اور سچ کہتا ہوں میں البتہ بھر دونگا میں دوزخ کو تجھ سے اور ان سے جو پیروی کرتے ہیں

مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾

تیری ان میں سے اکٹھے کہہ نہیں سوال کرتا میں تم سے اوپر اس قرآن کے کچھ بدلا اور نہیں میں تکلف کرنیوالوں سے

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾ ع

نہیں یہ قرآن مگر نصیحت واسطے عالموں کے اور البتہ جان لوگے خبر اس کی پیچھے ایک مدت کے

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰياتها ۷۵ ركوعاتها ۸

سورۂ زمر مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے پچھتر آیتیں اور آٹھ رکوع ہیں

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

اُتارنا اس کتاب کا اللہ عزت والے حکمت والے کی طرف سے ہے تحقیق ہم نے اتاری ہے طرف تیری

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿۲﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ

کتاب ساتھ حق کے پس بندگی کر اللہ کو خالص کر کر واسطے اسکے عبادت کو خبردار ہو واسطے اللہ کے ہے

الْخَالِصُ ۭ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا

عبادت خالص اور جن لوگوں نے پکڑے ہیں سوائے اس کے دوست کہتے ہیں نہیں عبادت کرتے ہم انکو مگر

لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ

تو کہ نزدیک کریں ہم کو طرف اللہ کی نزدیک کرنے کر تحقیق اللہ حکم کرے گا درمیان انکے بیچ اُس چیز کے کہ وہ بیچ اسکے

يَخْتَلِفُوْنَ ڛ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ﴿۳﴾ لَوْ اَرَادَ

اختلاف کرتے ہیں تحقیق اللہ نہیں راہ دکھاتا اس شخص کو کہ وہ جھوٹا ہے کفر کرنے والا اگر ارادہ کرتا

ف یعنی تب تک پھٹکار بڑھتی جاوے گی تیرے اعمال سے، یہاں سے نکل یعنی بہشت سے فرشتوں کی صحبت میں جاتا تھا، اب نکالا گیا۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

(بقیہ صفحہ ۵۴۹ سے آگے)
ف دو ہاتھوں سے یعنی بدن کو ظاہر کے ہاتھ سے اور روح کو غیب کے ہاتھ سے اللہ غیب کی چیزیں بناتا ہے ایک طرح کی قدرت سے اور ظاہر کی چیزیں ایک طرح کی قدرت سے اس انسان میں دونوں طرح کی قدرت خرچ کی۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف آگ گرم ہے پرجوش اور مٹی سرد اور خاموش اس نے اس کو خوب سمجھا اور اللہ نے اسکو پسند رکھا۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ع ۵ ۱۴

وقف لازم

اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ

اللہ یہ کہ پکڑے اولاد البتہ چن لیتا اس چیز سے کہ پیدا کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے پاک ہے وہ

هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ④ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ

وہ ہے اللہ اکیلا غالب ف۱ پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو ساتھ حق کے

يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ

لپیٹتا ہے رات کو اوپر دن کے اور لپیٹتا ہے دن کو اوپر رات کے اور مسخر کیا

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ

سورج کو اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے ایک وقت مقرر تک خبردار ہو وہی ہے غالب

الْغَفَّارُ ⑤ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا

بخشنے والا ف۲ پیدا کیا تم کو جان ایک سے پھر پیدا کیا اس میں سے جوڑا اس کا

وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ

اور اتارے واسطے تمہارے چارپایوں میں سے آٹھ جوڑے پیدا کرتا ہے تم کو بیچ پیٹوں

اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

ماؤں تمہاری کے ایک پیدائش پیچھے دوسری پیدائش کے بیچ اندھیروں تین کے ف۳ یہ ہے اللہ

رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ⑥ اِنْ تَكْفُرُوْا

پروردگار تمہارا واسطے اسکے ہے بادشاہی نہیں کوئی معبود مگر وہ پس کہاں سے پھیرے جاتے ہو اگر کفر کرو تم

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۟ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا

پس تحقیق اللہ بے پروا ہے تم سے اور نہیں پسند کرتا واسطے بندوں اپنے کے کفر اور اگر شکر کرو تم اس کا

يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ

پسند کریگا اس کو واسطے تمہارے اور نہیں بوجھ اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانیوالا بوجھ دوسرے کا پھر طرف پروردگار اپنے کی ہے پھر جانا تمہارا

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑦

پس خبر دے گا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے تحقیق وہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً

اور جس وقت لگتی ہے آدمی کو سختی پکارتا ہے پروردگار اپنے کو رجوع کر کر طرف اسکی پھر جب دیتا ہے اس کو نعمت

مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا

اپنے پاس سے بھول جاتا ہے جو کچھ کہ پکارتا تھا طرف اس کی پہلے اور مقرر کرتا ہے واسطے اللہ کے شریک تو کہ

ف۱ بیٹیاں کیوں لیتا چنگی چیز لیتا بیٹے۔ ۱۲۔ منہ رح ۱۲۔ منہ

ف۲ لپیٹتا ہے یعنی ایک پر دوسرا چلا آتا ہے۔ تو ٹا نہیں پڑتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ایک پیٹ ایک رحم ایک جھلی وہ جھلی ساتھ نکلتی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۵۴۰ سے آگے۔ دل پر اور فرشتوں پر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی ایسے مشکل حکم کو کر آزماتے ہیں پھر ان کو قائم رکھتے ہیں تب درجے بلند دیتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی بڑا درجہ کا بہشت سے آیا ایک دنبہ حضرت ابراہیم نے اپنی آنکھیں پٹی سے باندھ کر چھری چلائی زور سے اللہ کے حکم سے گلا نہ کٹا جبرئیل نے بیٹے کو سرکا دیا ایک دنبہ رکھ دیا آنکھیں کھولیں تو دنبہ ذبح پڑا تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ

گمراہ کرے راہ اس کی سے کہہ فائدہ اٹھا ساتھ کفر اپنے کے تھوڑا تحقیق تو رہنے والوں

النَّارِ ﴿۸﴾ أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ

آگ کے سے ہے کیا جو شخص کہ وہ کرتا ہے بندگی وقت رات کے سجدے میں اور کھڑے ڈرتا ہے

الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ

آخرت سے اور امید رکھتا ہے رحمت پروردگار اپنے کی کہہ کیا برابر ہوتے ہیں وہ لوگ کہ

يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿۹﴾ ع

جانتے ہیں اور وہ لوگ کہ نہیں جانتے سوائے اسکے نہیں کہ نصیحت پکڑتے ہیں صاحب عقل خالص کے

قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي

کہہ اے بندو میرے جو ایمان لائے ہو ڈرو پروردگار اپنے سے واسطے ان لوگوں کے کہ نیکی کرتے ہیں بیچ

هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ إِنَّمَا يُوَفَّى

اس دنیا کے نیکی ہے اور زمین اللہ کی کشادہ ہے سوائے اسکے نہیں کہ پورا دیئے

الصَّابِرُونَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ

جاوینگے صبر کرنے والے ثواب اپنا بے حساب کہہ تحقیق میں حکم کیا گیا ہوں یہ کہ عبادت کروں

اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ﴿۱۱﴾ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُونَ أَوَّلَ

اللہ کو خالص کر کر واسطے اسکے عبادت اور حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ ہوں میں پہلے

الْمُسْلِمِينَ ﴿۱۲﴾ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ

مسلمان کہہ تحقیق میں ڈرتا ہوں اگر نافرمانی کروں پروردگار اپنے کی عذاب دن

عَظِيمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللَّهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَهُ دِينِي ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوا مَا شِئْتُمْ

بڑے کے سے کہہ اللہ ہی کو عبادت کرتا ہوں خالص کر کر واسطے اسکے عبادت اپنی پس عبادت کرو جس کو کہ چاہو تم

مِنْ دُونِهِ ۗ قُلْ إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ

سوائے اُس کے تحقیق ٹوٹا پانے والے وہ لوگ ہیں جنہوں نے ٹوٹا دیا جانوں اپنی کو اور تابعوں اپنوں کو

يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا ذَٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ ﴿۱۵﴾ لَهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ

دن قیامت کے خبردار ہو یہ بات وہی ہے ٹوٹا پانا ظاہر واسطے ان کے اوپر ان کے

ظُلَلٌ مِنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۚ ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ

سائبان ہوں گے آگ سے اور نیچے اُن کے سے سائبان ہونگے یہ ہے کہ ڈراتا ہے اللہ ساتھ اسکے

(بقیہ صفحہ ۵۴۷ سے آگے) بعضے کہتے ہیں جانچ یہ کہ اپنے امیروں سے خفا ہوئے کہ جہاد میں کمی کرتے تھے چاہا کہ ایک رات جاویں اپنی ستر عورتوں پاس ہر ایک سے ایک ایک بیٹا ہو وہ خاطر خواہ جہاد کریں فرشتہ نے دل میں ڈالا۔ انشاء اللہ کہنے سے انہوں نے تغافل کیا ستر عورتوں میں ایک کو حمل ہوا وقت پر جنی، آدھا آدمی وہ لا کر ان کے تخت پر رکھ دیا یہ نادم ہوئے انشاء اللہ نہ کہنے پر۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۹ / ۱۵

ف۳ یعنی کسی کا حوصلہ نہ ہو کہ وہ لے سکے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ ساری دنیا میں جہاں معلوم کرتے کہ کوئی جن ستاتا ہے آدمیوں کو اس کو قید کرتے تھے یا دریا میں بند کر کر ڈال دیا یا زمین میں گاڑ دیا بعضے اب تک بند ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یہ اور مہربانی کہ اتنی دنیا دی اور مختار کر دیا حساب معاف کر کر لیکن وہ کھاتے تھے اپنے ہاتھ کی محنت سے ٹوکرے بنا کر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ جب اللہ نے چاہا کہ ان کو چنگا کرے ایک چشمہ نکالا اُن کے لات مارنے سے اسی سے نہایا کرتے اور پیتے وہی ان کی شفا ہوئی اور ان کے بیٹے بیٹیاں چھت کے نیچے دب مرے تھے انکو جلایا اور اتنی اولاد اور دی۔ ۱۲۔ منہ رح

عِبَادَهٗ ؕ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ
بندوں اپنے کو اے بندو میرے پس ڈرو مجھ سے اور جن لوگوں نے پرہیز کیا بتوں سے

اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْۤا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾
کہ عبادت کریں اس کو اور رجوع کرتے ہیں طرف خدا کی واسطے انکے ہے خوشخبری پس خوشخبری دے بندوں میرے کو

الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
وہ جو سنتے ہیں بات کو پس پیروی کرتے ہیں بہتر اس کی کی یہ لوگ ہیں کہ جن کو

هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ
ہدایت کی اللہ نے اور یہ لوگ وہی ہیں صاحبِ عقل خالص کے وا کیا پس جو شخص کہ ثابت ہوئی اوپر اسکے

كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِى النَّارِ ۚ ﴿۱۹﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
بات عذاب کی کیا پس تو خلاص کر لائے گا ان کو کہ بیچ آگ کے ہیں لیکن وہ لوگ کہ ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِىْ مِنْ
پروردگار اپنے سے واسطے ان کے بالاخانے ہیں اُوپر اُن کے سے بالاخانے ہیں بنائے ہوئے چلتی ہیں

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۬ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾ اَلَمْ تَرَ
نیچے اُن کے سے نہریں وعدہ کیا ہے اللہ نے نہیں خلاف کرتا اللہ وعدے کو کیا نہیں دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِى الْاَرْضِ
تو نے یہ کہ اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پس چلایا اس کو بیچ چشموں کے بیچ زمین کے

ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا
پھر نکالتا ہے اس سے کھیتی مختلف ہیں رنگ اس کے پھر زور کرتا ہے اُوپر کو پس دیکھتا ہے تو اسکو زرد ہو گیا

ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾
پھر کرتا ہے اس کو ریزہ ریزہ تحقیق بیچ اسکے البتہ نصیحت ہے واسطے صاحبانِ عقل کے

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
کیا پس جو شخص کہ کھولا ہے اللہ نے سینہ اس کا واسطے اسلام کے پس وہ اُوپر نور کے ہے پروردگار اپنے سے

فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ
پس وائے ہے واسطے ان لوگوں کے سخت ہیں دل انکے یاد اللہ کی سے یہ لوگ بیچ گمراہی

مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِىَ
ظاہر کے ہیں اللہ نے اتاری ہے بہتر بات کتاب ہے یکساں دوہرائی جانیوالی

وا چلتے ہیں اس کے نیک پر یعنی حکم پر چلتا کہ اس کو کرتے ہیں منع پر چلنا کہ اس کو نہیں کرتے اس کا کرنا نیک ہے اس کا نہ کرنا نیک ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ ۱۲ ۱۶

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ

بال کھڑے ہوجاتے ہیں اس سے کھال پر ان لوگوں کے کہ ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے پھر نرم ہوجاتے ہیں

جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ

چمڑے اُن کے اور دل اُن کے طرف یاد خدا کی یہ ہے ہدایت اللہ کی ہدایت کرتا ہے

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ

ساتھ اسکے جس کو چاہے اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں واسطے اسکے راہ دکھانیوالا ف آیا پس جو کوئی

يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ

بچاتا ہے منہ اپنے کو بُرے عذاب دن قیامت کے سے اور کہا گیا

لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

واسطے ظالموں کے چکھو جو کچھ کہ تھے تم کماتے جھٹلایا تھا ان لوگوں نے کہ

قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ

پہلے ان سے تھے پس آیا ان کو عذاب اس جگہ سے کہ نہیں جانتے تھے پس چکھائی ان کو

اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ

اللہ نے رسوائی بیچ زندگانی دنیا کے اور البتہ عذاب آخرت کا بہت بڑا ہے کاش

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

کہ ہوتے جانتے اور البتہ تحقیق بیان کیا ہے ہم نے واسطے لوگوں کے بیچ اس قرآن کے

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ

ہر ایک مثال سے تو کہ وہ نصیحت پکڑیں قرآن عربی بن کجی

عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ

والا تو کہ وہ ڈریں بیان کی اللہ نے مثال ایک مرد ہے بیچ اسکے شریک ہیں

مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ

بد خو اور ایک مرد ہے سلامت واسطے ایک مرد کے کیا برابر ہوتے ہیں دونو مثال ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ

سب تعریف واسطے اللہ کے ہے بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے ف۲ تحقیق تو بھی مرنے والا ہے اور تحقیق وہ بھی

مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ع

مرنے والے ہیں پھر تحقیق تم دن قیامت کے نزدیک پروردگار اپنے کے جھگڑو گے ف۳

ف کتاب آپس میں ملتی یعنی خوبی میں کوئی آیت کم نہیں دوہرائی ہوئی یعنی ایک مدعا کئی کئی طرح تقریر کیا۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ ایک غلام جو کئی شخص کا ہو کوئی اس کو اپنا نہ سمجھے تو اس کی پوری خبر نہ لے اور ایک غلام جو سارا ایک کا ہو وہ اس کو اپنا سمجھے اور پوری خبر لے یہ مثال ہے ان کی جو ایک رب کے بندے ہیں اور جو کئی رب کے بندے ہیں۔ ۱۲۔ منہ

وقف لازم

ف۳ کافر منکر ہوں گے کہ ہم کو کسی نے حکم نہیں پہنچایا پھر فرشتوں کی گواہی سے اور آسمان زمین کی اور ہاتھ پاؤں کی گواہی سے ثابت ہوگا۔ ۱۲۔ منہ

ع ۳ / ۱۰ / ۱۷

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ

پس کون شخص بہت ظالم ہے اس شخص سے کہ جھوٹ باندھا ہے اوپر اللہ کے اور جھٹلایا ہے سچ کو

إِذْ جَآءَهٗ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ

جسوقت آیا اسکے پاس کیا نہیں بیچ دوزخ کے جگہ رہنے کی واسطے کافروں کے ف۱ اور وہ شخص کہ آیا

بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا

ساتھ سچ کے اور جس نے مان لیا اس کو یہ لوگ وہی ہیں پرہیزگار ف۲ واسطے انکے ہے جو

يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ

چاہیں نزدیک پروردگار اپنے کے یہ ہے بدلا احسان کرنیوالوں کا تو کہ دور کرے

اللّٰهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ

اللہ ان سے برائی وہ جو کی تھی انہوں نے اور بدلا دیوے اُن کو ثواب اس کا ساتھ بہتر

الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ۭ وَيُخَوِّفُوْنَكَ

اس چیز کے کہ تھے وہ کرتے کیا نہیں اللہ کفایت کرنیوالا بندے اپنے کو اور ڈراتے ہیں تجھ کو

بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾

ساتھ ان لوگوں کے کہ نیچے اس سے ہیں اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں واسطے اسکے راہ دکھانے والا

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ۭ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي

اور جس کو راہ دکھائے اللہ پس نہیں واسطے اسکے کوئی گمراہ کرنیوالا کیا نہیں اللہ غالب

انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ

بدلہ لینے والا ف۳ اور اگر پوچھے تو ان سے کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو

لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلْ أَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

البتہ کہیں گے اللہ نے کہہ کہ کیا پس دیکھا ہے تم نے اس چیز کو کہ پکارتے ہو سوائے خدا کے

إِنْ أَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ أَوْ أَرَادَنِيْ

اگر ارادہ کرے مجھ کو اللہ ساتھ برائی کے کیا وہ کھولنے والے ہیں ضرر اسکے کو یا ارادہ کرے مجھ کو

بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ۭ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ عَلَيْهِ

ساتھ مہربانی کے کیا ہیں وہ بند کرنے والے مہربانی اس کی کو کہہ کہ کفایت ہے مجھ کو اللہ اوپر اسکے

يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ

توکل کرتے ہیں سب توکل کرنے والے کہہ اے قوم میری عمل کرو تم اوپر جگہ اپنی کے

ف۱ یعنی اگر نبی نے جھوٹ خدا کا نام لیا تو اس سے بُرا کون اور اگر وہ سچا تھا اور تم نے جھٹلایا تو تم سے بُرا کون۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ لایا سچ تو نبی اور مانا سچ یہ مومن۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ تجھ کو ڈراتے ہیں، یعنی تو بتوں کو نہیں مانتا وہ تو تجھ پر غضب ہوں گے، کچھ تیرا بُرا کردیں گے سو جس کی مدد پر اللہ ہو اس کا بُرا کون کرسکے۔ ۱۲۔ منہ رح

إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٣٩﴾ مَنْ يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ

تحقیق میں بھی عمل کرتا ہوں پس البتہ جان رہو گے تم کون شخص ہے کہ آویگا اسکو عذاب کہ رسوا کریگا اس کو

وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُقِيمٌ ﴿٤٠﴾ إِنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ

اور اتر پڑے گا اوپر اسکے عذاب ہمیشہ کا ف تحقیق ہم نے اتاری ہے اوپر تیرے کتاب

لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا

واسطے لوگوں کے ساتھ حق کے پس جس نے راہ پائی پس واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی گمراہ ہوا پس سوائے اسکے نہیں

يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ﴿٤١﴾ اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ

گمراہ ہوا اوپر جان اپنی کے اور نہیں تو اوپر انکے داروغہ اللہ قبض کر لیتا ہے جانوں کو

حِينَ مَوْتِهَا وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ فِي مَنَامِهَا ۖ فَيُمْسِكُ الَّتِي

نزدیک موت اُن کی کے اور جو نہیں مرے قبض کر لیتا ہے انکو بیچ نیند انکی کے پس بند کر رکھتا ہے جن کو کہ

قَضَىٰ عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْأُخْرَىٰ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ إِنَّ

مقرر کی ہے اوپر انکے موت اور بھیج دیتا ہے اوروں کو ایک وقت مقرر تک تحقیق

فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٤٢﴾ أَمِ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ

بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۲ کیا پکڑے ہیں انہوں نے سوائے

اللَّهِ شُفَعَاءَ ۚ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٣﴾

اللہ کے سفارش کرنیوالے کہہ کیا سفارش کرینگے وہ جو نہ اختیار رکھتے ہوں کسی چیز کا اور نہ سمجھتے ہوں

قُلْ لِلَّهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيعًا ۖ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ

کہہ واسطے اللہ کے ہے سفارش ساری واسطے اسی کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی

ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٤٤﴾ وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ

پھر طرف اسی کی پھیرے جاؤگے ف۳ اور جسوقت یاد کیا جاتا ہے اللہ اکیلا نفرت کرتے ہیں

قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ ۖ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِنْ

دل ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے اور جسوقت کہ یاد کیے جاتے ہیں وہ لوگ کہ

دُونِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿٤٥﴾ قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ

سوائے اسکے ہیں ناگہاں وہ خوش ہو جاتے ہیں کہہ کہ اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں کے

وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ

اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ کے اور ظاہر کے تو ہی حکم کریگا درمیان بندوں اپنے کے

ف وہ دنیا میں یہ آخرت میں۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۰ / ۱

ف۲ یعنی نیند میں ہر روز جان کھینچتا ہے پھر بھیجتا ہے یہی نشان ہے آخرت کا معلوم ہوا نیند میں بھی جان کھینچتی ہے جیسے موت میں اگر نیند میں کھینچ کر رہ گئی وہی موت ہے۔ مگر یہ جان وہ ہے جس کو ہوش کہتے ہیں اور ایک جان جس سے دم چلتا ہے اور نبضیں اچھلتی ہیں اور کھانا ہضم ہوتا ہے وہ موت سے پہلے نہیں کھینچتی ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اللہ کے روبرو سفارش ہے پر اللہ کے حکم سے نہ تمہارے کہے سے جب موت آوے کسی کے کہے سے عزرائیل نہیں چھوڑتا۔ ۱۲۔ منہ رح

فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي

بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اس کے اختلاف کرتے اور اگر ہو واسطے ان لوگوں کے کہ ظلم کرتے ہیں جو کچھ بیچ

الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ

زمین کے ہے سارا اور مانند اس کی ساتھ اسکے البتہ بدلا دیویں ہم اسکو برائی عذاب کی سے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾

دن قیامت کے اور ظاہر ہو جاویگا واسطے انکے اللہ کی طرف سے جو کچھ کہ نہ تھے گمان کرتے

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

اور ظاہر ہونگی واسطے ان کے برائیاں اسچیز کی کہ کماتے تھے اور گھیر لیا ان کو جو کچھ کہ تھے ساتھ اس کے

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ اِذَا

ٹھٹھا کرتے پس جب لگتی ہے آدمی کو سختی پکارتا ہے ہم کو پھر جب دیتے ہیں

خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِيَ

ہم اس کو نعمت اپنی طرف سے کہتا ہے سوائے اسکے نہیں کہ دیا گیا ہوں میں اسکو اوپر علم کے بلکہ یہ

فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

آزمائش ہے ولیکن اکثر اُن کے نہیں جانتے ف۱ تحقیق کہی تھی یہ بات ان لوگوں نے کہ پہلے اُنسے تھے

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ

پس نہیں کفایت کی ان سے اسچیز نے کہ تھے کماتے پس پہنچی اُن کو برائی اسچیز کی کہ کماتے تھے

وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا

اور وہ لوگ کہ ظلم کرتے تھے ان میں سے شتاب پہنچے گی انکو برائی اسچیز کی کہ کماتے تھے اور نہیں

هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

وہ عاجز کرنے والے کیا نہیں جانتے یہ کہ اللہ کشادہ کرتا ہے رزق واسطے جس کے

يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ ع قُلْ

چاہے اور بند کر لیتا ہے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ف۲ کہہ

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ

اے بندو میرے کہ جنہوں نے زیادتی کی اوپر جانوں اپنی کے مت ناامید ہو رحمت

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾

اللہ کی سے تحقیق اللہ بخشتا ہے گناہ سارے تحقیق وہی ہے بخشنے والا مہربان

ف۱ آگے سے معلوم تھی، یعنی قیاس یہی چاہتا تھا کہ یوں ہو اللہ کی قدرت کا قائل نہ ہو یہ جانچ ہے کہ عقل اس کی دوڑنے لگتی ہے تا اپنی عقل پر بہکے وہی عقل رہتی ہے اور آفت آ پہنچتی ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی عقل دوڑانے میں کوئی کمی نہیں کرتا پھر ایک کو روزی کشادہ ہے ایک کو تنگ جان لو کہ عقل کا کام نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

۵ ع ۱۱ ۲

وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ
اور رجوع کرو طرف پروردگار اپنے کی اور مطیع رہو واسطے اس کے پہلے اس سے کہ آوے تم کو

الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ
عذاب پھر نہ مدد کیے جاؤگے ف اور پیروی کرو بہتر اس چیز کی کہ اتاری گئی ہے

اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً
طرف تمہاری پروردگار تمہارے سے پہلے اس سے کہ آوے تم کو عذاب ناگہاں

وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى
اور تم نہیں جانتے ہو ایسا نہ ہو کہ کہے کوئی جی اے افسوس اوپر اسکے

مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ
کہ تقصیر کی میں نے بیچ حق خدا کے اور تحقیق تھا میں البتہ ٹھٹھا کرنیوالوں سے یا

تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ
کہے کہ اگر اللہ ہدایت کرتا مجھ کو البتہ ہوتا میں پرہیزگاروں سے یا

تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ
کہے جب دیکھے عذاب کو کاش کہ ہو واسطے میرے پھر جانا پس ہوں میں

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ
نیکی کرنے والوں سے یہ نہیں بلکہ تحقیق آئیں تھیں تیرے پاس نشانیاں میری پس جھٹلایا

بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ
ان کو اور تکبر کیا تو نے اور تھا تو کافروں سے اور دن قیامت کے

تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ
دیکھے گا تو ان لوگوں کو کہ جھوٹ بولتے ہیں اوپر اللہ کے منہ اُن کے کالے ہیں کیا نہیں ہے

فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ
بیچ دوزخ کے جگہ رہنے کی واسطے تکبر کرنیوالوں کے اور نجات دیگا اللہ ان لوگوں کو کہ

اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۫ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾
پرہیزگاری کرتے تھے ساتھ کامیابی انکی کے نہ لگے گی ان کو برائی اور نہ وہ غمگین ہوں گے

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۫ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾
اللہ ہے پیدا کرنیوالا ہر چیز کا اور وہ اوپر ہر چیز کے کارساز ہے

ف جب اللہ تعالیٰ نے اسلام غالب کیا جو کافر دشمنی میں لگے یہی سمجھے کہ برحق اس طرف اللہ ہے اور پچھتائے لیکن شرمندگی مسلمان نہ ہونے کہ اب ہماری مسلمانی کیا قبول ہوگی دشمنی کی لڑائی لڑے جانیں ماریں تب اللہ نے یہ فرمایا کہ ایسا گناہ کوئی نہیں جس کی توبہ اللہ نہ قبول کرے نا امید مت ہو توبہ لاؤ اور رجوع ہو بخشے جاؤ گے مگر جب سر پر عذاب آیا موت نظر آنے لگی تب کے توبہ قبول نہیں۔ ۱۲ منہ رح

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ
واسطے اسی کے ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی اور جنہوں نے کفر کیا ساتھ نشانیوں

اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٣﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ
اللہ کے یہ لوگ وہی ہیں ٹوٹا پانے والے کہہ کیا پس سوا خدا کے حکم کرتے ہو تم مجھ کو کہ

اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ
عبادت کروں اے جاہلو اور البتہ تحقیق وحی کی گئی ہے طرف تیری اور طرف ان لوگوں کی کہ

قَبْلِكَ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٥﴾
پہلے تجھ سے تھے اگر شریک لاویگا تو البتہ کھوئے جاویں گے عمل تیرے اور البتہ ہوگا تو زیاں پانیوالوں سے

بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ
بلکہ اللہ ہی کو پس عبادت کر اور ہو شکر کرنیوالوں سے اور نہ قدر پہچانی انہوں نے اللہ کی حق

قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ
قدر اسکے کا اور زمین ساری مٹھی میں ہے اسکی دن قیامت کے اور آسمان

مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَنُفِخَ
لپٹے ہوئے ہیں بیچ داہنے ہاتھ اسکے کے پاک ہے وہ اور بلند ہے اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں ف۱ اور پھونکا جاویگا

فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا
بیچ صور کے پس بیہوش ہو جاوینگے جو کہ بیچ آسمانوں کے اور جو کہ بیچ زمین کے ہیں مگر

مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿٦٨﴾
جس کو چاہے اللہ پھر پھونکا جاویگا بیچ اسکے دوسری بار پس ناگہاں وہ کھڑے ہونگے دیکھتے ف۲

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ
اور چمک جاوے گی زمین ساتھ نور پروردگار اپنے کے اور رکھے جاویں گے عمل نامے اور لایا جاوے گا

بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا
پیغمبروں کو اور گواہوں کو اور فیصل کیا جاویگا درمیان انکے ساتھ حق کے اور وہ نہیں

يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا
ظلم کیے جاوینگے ف۳ اور پورا دیا جاویگا ہر ایک جی کو جو کچھ کیا تھا اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ

يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا
کرتے ہیں ف۴ اور ہانکے جاوینگے وہ لوگ کہ کافر ہوئے تھے طرف دوزخ کی گروہ گروہ یہاں تک کہ جب

ف۱ اللہ کے فرمائے موافق اللہ کا داہنا ہاتھ کہیے اور بایاں نہ کہیے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ایک بار نفخ صور ہے عالم کی فنا کا دوسرا زندہ ہونے کا یہ تیسرا ہے بے ہوشی کا بعد حشر کے جو تھا خبردار ہونے کا اس کے بعد اللہ کے سامنے ہو جاویں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ گواہ ہر وقت کے نیک لوگ احوال بتا دیں گے بروں کی برائی اور بھلوں کی بھلائی جو دیکھتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی گواہ آتے ہیں ان کے الزام کو نہیں تو اللہ پر کیا چھپا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ
آوینگے اسکے پاس کھولے جاوینگے دروازے اسکے اور کہیں گے واسطے انکے چوکیدار اسکے کیا نہ آئے تھے تم پاس پیغمبر

مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ
تم میں سے پڑھتے تھے اوپر تمہارے نشانیاں پروردگار تمہارے کی اور ڈراتے تم کو ملاقات اسدن تمہارے کی سے

هٰذَا ۚ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾
کہیں گے نہیں بلکہ آئے تھے ولیکن ثابت ہوئی بات عذاب کی اوپر کافروں کے

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى
کہا جاویگا داخل ہو دروازوں میں دوزخ کے ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے پس بری ہے جگہ

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۗ
تکبر کرنیوالوں کی اور ہانکے جاوینگے وہ لوگ کہ ڈرتے تھے پروردگار اپنے سے طرف بہشت کی گروہ گروہ

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ
یہانتک کہ جب آوینگے اسکے پاس اور کھولے جاوینگے دروازے اسکے اور کہیں گے واسطے انکے چوکیدار اسکے سلامتی ہو بیچ

عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ
اوپر تمہارے خوشحال ہوئے تم پس داخل ہو اسمیں ہمیشہ رہنے والے اور کہیں گے سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جسنے

صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ
سچا کیا ہم سے وعدے اپنے کو اور وارث کیا ہم کو زمین بہشت کا جگہ پکڑتے ہیں ہم بہشت میں جہاں

نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ
چاہیں ہم پس بہت اچھا ہے ثواب عمل کرنیوالوں کا ف۱ اور دیکھے گا تو فرشتوں کو گھیرے ہونگے

حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِىَ بَيْنَهُمْ
گرد عرش کے پاکی بیان کرتے ہیں ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے اور فیصل کیا جاتا ہے درمیان

بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع
ان کے ساتھ حق کے اور کہا گیا سب تعریف واسطے اللہ پروردگار عالموں کے ہے ف۲

ع ۸ ۵ ۵

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۸۵ رکوعاتہا ۹

سورۂ مومن مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے پچاسی آیتیں اور نو رکوع ہیں

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ
اتارنا کتاب کا اللہ غالب جاننے والے کی طرف سے بخشنے والا

ف۱ ان کو حکم ہے کہ جہاں چاہیں رہیں لیکن ہر کوئی وہی جگہ چاہے گا جو اس کے واسطے رکھی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ فرشتوں میں فیصلہ یہ کہ ہر ایک اپنے قاعدے پر ایک تدبیر ہوتا ہے پھر اللہ تعالٰے ایک کی بات جاری کرتا ہے وہی ہوتی ہے حکمت کے موافق یہ ماجرا اب بھی ہے اور قیامت میں بھی ۱۲۔ منہ رح

الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ؕ
گناہ کا اور قبول کرنے والا توبہ کا سخت کرنے والا عذاب کا صاحب انعام کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا
نہیں کوئی معبود مگر وہ طرف اسی کی ہے پھر جانا نہیں جھگڑتے بیچ نشانیوں اللہ کے مگر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿۴﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ
وہ لوگ کہ کافر ہوئے پس نہ فریب میں ڈالے تجھ کو پھرنا ان کا بیچ شہروں کے ف۱ جھٹلایا تھا پہلے ان سے

قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۪ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ
قوم نوح کی نے اور گروہوں نے پیچھے اُن سے اور قصد کیا ہر ایک اُمّت نے

بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ
ف۱ یعنی موت۔ بات میں دھنستے یعنی ایمان کی باتوں پر انکار کرتے سب کے ساتھ مل کر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ کافر کے حق میں کوئی سفارش نہ کرے گا اور کرے گا تو قبول نہ ہوگی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ جنگل کے گدھے کھٹکے سے بھاگتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی ہر کوئی نبی ہوا چاہتا ہے کہ کھلی کتاب پاوے آسمان سے۔

ف۵ یعنی ایک پر اتری تو کیا ہوا کام تو سب کے آتی ہے۔

ع ۲ / ۲۵ / ۱۶

ف۱ آدمی کا جی اوّل کھیل میں اور مزوں میں غرق ہوتا ہے ہرگز نیکی کی رغبت نہیں ایسے جی کو کہیں امارہ بالسوء پھر ہوش پکڑی نیک و بد سمجھا تو باز آیا کبھی اپنی خو پر دوڑ پڑا پیچھے آپ کو اولاہنا دیا۔ ویسا جی ہے لوامہ پھر جب پورا سنور گیا دل سے رغبت نیکی ہی پر رہی بیہودہ کام سے آپ ہی بھاگے اور ایذا کھینچے ویسے کا نام ہے مطمئنہ۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ تیور چوندھلاوے یعنی آدمی کی آنکھ روشنی سے عاجز ہوجاوے یہ قیامت کا وقت ہے سورج پاس آوے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍۭ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝١٣ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى
خبر دیا جاوے گا آدمی اُسدن ساتھ اُس چیز کے کہ آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا بلکہ آدمی اُوپر

نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝١٤ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝١٥ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ
جان اپنی کے دلیل ہے اور اگرچہ لاڈالے ضد اپنے ف۱ مت ہلا ساتھ قرآن مجید کے زبان اپنی کو تو کہ جلدی

لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝١٦ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝١٧ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ
کرے ساتھ اسکے تحقیق ہمارے ذمہ ہے اکٹھا کرنا اسکا بیچ دل تیرے کے اور پڑھنا اسکا زبان تیری سے پس جسوقت پڑھیں ہم اس کو پس پیروی کر

قُرْاٰنَهٗ ۝١٨ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝١٩ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝٢٠ وَتَذَرُوْنَ
پڑھنے ہمارے کی پھر تحقیق ہمارے ذمہ پر ہے بیان کرنا اسکا ف۲ ہرگز نہیں یوں بلکہ دوست رکھتے ہو تم جلدی کو اور چھوڑ دیتے ہو

الْاٰخِرَةَ ۝٢١ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝٢٢ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝٢٣ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ
آخرت کو کتنے منہ اُس دن تازے ہیں طرف پروردگار اپنے کی دیکھنے والے ہیں ف۳ اور کتنے منہ اُس دن

بَاسِرَةٌ ۝٢٤ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝٢٥ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝٢٦
بُرے ہیں گمان کرتے ہیں یہ کہ کی جاوے گی اُنسے کمر توڑنے والی یعنی معاملت ہرگز نہیں یوں جسوقت پہنچتی ہے جان ہانس کو

وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ۝٢٧ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝٢٨ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝٢٩
اور کہا جاوے کون ہے جھاڑنے پھونکنے والا اور جانا اُسنے کہ یہ ہے جدائی اور لپٹ جاوے گی ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ الْمَسَاقُ ۝٣٠ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۝٣١ وَلٰكِنْ
طرف پروردگار اپنے کی ہے اُس دن چلنا پس نہ سچ مانا اور نہ نماز پڑھی و لیکن

كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝٣٢ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ۝٣٣ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝٣٤
جھٹلایا اور منہ پھیر لیا پھر گیا طرف لوگوں اپنے کی اکڑتا ہوا وائے ہے تجھ کو پھر وائے ہے

ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝٣٥ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۝٣٦ اَلَمْ
پھر وائے ہے تجھ کو پھر وائے ہے کیا گمان کرتا ہے آدمی یہ کہ چھوڑا جاوے بیکار کیا نہ

يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۝٣٧ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۝٣٨
تھا ایک بُوند منی کی سے کہ ڈالی جاتی تھی شکم میں پھر تھا لہو جما ہوا پس پیدا کیا اور تندرست کیا

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝٣٩ اَلَيْسَ ذٰلِكَ
پس کیے اس میں سے دو جوڑے نر اور مادہ کیا نہیں یہ شخص

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۝٤٠
قادر ہے اُوپر اس کے کہ زندہ کرے مُردے کو

ف۱ یعنی اپنے احوال میں غور کرے، تو رب کی وحدانیت جانے اور جو کہے میری سمجھ میں نہیں آتا، یہ بہانے ہیں۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ جسوقت جبرئیل قرآن لاتے ان کے پڑھنے کے ساتھ حضرت ﷺ بھی جی میں پڑھتے تو جب تک پہلا لفظ کہیں اگلا سننے میں نہ آتا تو گھبراتے اللہ نے فرمایا کہ اس وقت پڑھنے کی حاجت نہیں سننا ہی چاہیئے پھر جی میں یاد رکھوانا پھر زبان سے پڑھوانا، لوگوں پاس ہمارا ذمہ ہے اور معنی تحقیق کرنے بھی حاجت نہیں یہ بھی ہمارا ذمہ ہے وقت پر بیان سمجھانا جبرئیل کے پڑھنے کو اپنا پڑھنا فرمایا کہ وہ نائب ہے۔ اسی طرح والنجم میں فاوحٰی الی عبدہٖ۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یقین ہے کہ آخرت میں اللہ کو دیکھنا ہے گمراہ لوگ منکر ہیں کہ ان کے نصیب میں نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱ / ۱۷
ع ۲ / ۱۰ / ۱۸

سُورَۃُ الدَّھْرِ مَدَنِیَّۃٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُھَا ۳۱ رُکُوْعَاتُھَا ۲

سورۂ دہر مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتاہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — اکتیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْــٴًـا مَّذْكُوْرًا ﴿۱﴾

تحقیق آیا ہے اوپر آدمی کے ایک وقت زمانے میں سے کہ نہ تھا کچھ چیز ذکر کیا گیا

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖۗ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًا

تحقیق پیدا کیا ہے ہم نے آدمی کو ایک بوند سے یعنی نطفے ملے ہوئے سے کہ آزمائش کیا چاہتے ہیں ہم اسکو پس کیا ہمنے اسکو سننے والا

بَصِیْرًا ﴿۲﴾ اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ اِمَّا كَفُوْرًا ﴿۳﴾ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا

دیکھنے والا تحقیق ہم نے دکھلائی اسکو راہ یا شکر کرنیوالا ہوتا ہے اور یا کفر کرنے والا تحقیق ہم نے تیار کی ہیں

لِلْكٰفِرِیْنَ سَلٰسِلَاۡ وَ اَغْلٰلًا وَّ سَعِیْرًا ﴿۴﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ مِنْ

واسطے کافروں کے زنجیریں اور طوق اور آگ تحقیق نیک کام والے پیویں گے

كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿۵﴾ؗ عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ یُفَجِّرُوْنَهَا

پیالہ کہ ہے ملونی اُس کی کافور کی چشمہ ہے کہ پیتے ہیں اسمیں سے بندے خدا کے چیر لے جاتے ہیں اسکو

تَفْجِیْرًا ﴿۶﴾ یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَ یَخَافُوْنَ یَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا ﴿۷﴾

چیر لے جانے کر ف پورا کرتے ہیں منت کو اور ڈرتے ہیں اس دن سے کہ ہے برائی اسکی پھیل جانے والی

ف ایک قسم شراب کی ندیاں ہیں ہر کسی کے گھر میں اور ایک اسمیں ملتی ہے تھوڑی سی وہ اعلیٰ قسم ہے کسی کی ملونی کافور ہے ٹھنڈا خوشبو کسی کی ملونی سونٹھ ہے گرم چرپڑا یہ چشمے ہیں خاص۔ ۱۲۔ منہ رح

وَ یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِیْنًا وَّ یَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا ﴿۸﴾ اِنَّمَا

اور کھلاتے ہیں کھانا اوپر محبت اسکی کے فقیروں کو اور یتیموں کو اور قیدیوں کو سوائے اسکے نہیں

نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِیْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّ لَا شُكُوْرًا ﴿۹﴾ اِنَّا

کہ کھلاتے ہیں ہم تم کو واسطے رضامندی اللہ کے نہیں چاہتے ہم تم سے بدلہ اور نہ شکر کرنا تحقیق

نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا یَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِیْرًا ﴿۱۰﴾ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ

ڈرتے ہیں ہم پروردگار اپنے سے اُسدن کہ ہوگا منہ بنانیوالا تیوری چڑھانیوالا پس بچالیا انکو اللہ نے برائی اُس

الْیَوْمِ وَ لَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّ سُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ۚ وَ جَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّ حَرِیْرًا ﴿۱۲﴾ۙ

دن کی سے اور ملادی اُن کو تازگی اور خوشی اور بدلہ دیا انکو اسکا کہ صبر کرتے ہیں بہشت اور کپڑے ریشمی

مُّتَّكِـٕیْنَ فِیْهَا عَلَى الْاَرَآىٕكِ ۚ لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِیْرًا ﴿۱۳﴾ۚ

تکیہ کیے ہوئے بیچ اسکے اوپر تختوں کے نہ دیکھیں گے بیچ اُسکے دھوپ اور نہ جاڑا

وَ دَانِیَةً عَلَیْهِمْ ظِلٰلُهَا وَ ذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِیْلًا ﴿۱۴﴾ وَ یُطَافُ

اور نزدیک ہو رہیں گے اوپر انکے سائے اس کے اور نزدیک کیے گئے ہیں میوے اسکے نزدیک کرنے کر اور پھرائے جاتے ہیں

عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا۟ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَا۟
اُوپر انکے باسن چاندی کے اور آبخورے ہیں شیشے کے شیشے کہ

مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ
ہیں بنائے ہوئے چاندی کے اندازہ کیا ہے اسکو اندازہ کرنا کرکے اور پلائے جاوینگے بیچ اسکے پیالے سے کہ ہے

مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ وَيَطُوْفُ
ملونی اس کی سونٹھ کی چشمہ ہے بیچ اسکے کہ نام رکھا جاتا ہے سلسبیل ؎۲ اور پھریں گے

عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾
اُوپر اُنکے لڑکے ہمیش رہنے والے جسوقت دیکھے گا تو اُن کو گمان کریگا تو اُن کو موتی بکھرے ہوئے

وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ
اور جب دیکھے گا تو اُس جگہ دیکھے گا تو نعمت اور بادشاہی بڑی اُوپر اُنکے ہونگے کپڑے لاہی

خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۡ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا
سبز اور تافتے کے اور پہنائے جاوینگے کنگن چاندی کے اور پلاوے گا انکو رب اُن کا شربت

طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ اِنَّا
پاکیزہ تحقیق یہ ہے واسطے تمہارے بدلہ اور ہے سعی تمہاری قدردانی کی گئی تحقیق

نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا
ہم نے اتارا ہے اُوپر تیرے قرآن آہستہ آہستہ اتارنا پس صبر کر واسطے حکم پروردگار اپنے کے اور مت

تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾
کہا مان اُن میں سے گنہگار کا یا کفر کرنیوالے کا اور یاد کر نام پروردگار اپنے کا صبح اور شام

وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ
اور رات سے پس سجدہ کر واسطے اسکے اور تسبیح کر اُس کو رات بڑی تک تحقیق یہ لوگ

يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾ نَحْنُ
دوست رکھتے ہیں جلدی کو یعنی دنیا کو اور چھوڑ دیتے ہیں پیچھے اپنے دن بھاری کو ہم نے

خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾
پیدا کیا ہے اُنکو اور مضبوط کیے ہیں ہم نے بندھن اُنکے اور جب چاہیں گے ہم بدل ڈالیں گے ہم مانند انکی بدل ڈالنا

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا
تحقیق یہ نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے پکڑے طرف پروردگار اپنے کے راہ اور نہیں

قرء حفص بغیر الالف الوصل فیھما و وقف علی الاول بالالف وعلی الثانی بغیر الالف ۱۲

ع ۲۲ / ۱۹

؎۱ یعنی انکی پیاس برابر روتے کے اور شیشے یعنی روپا ایسا شفاف جیسے شیشہ۔ ۱۲ منہ رحمہ

؎۲ اس نام کے معنی پانی صاف بہتا۔ ۱۲ منہ رحمہ

تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۳۰ۗ

چاہتے تم مگر یہ کہ چاہے اللہ تحقیق اللہ ہے جاننے والا حکمت والا

يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِىْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۳۱ ع

داخل کرتا ہے جس کو چاہے بیچ رحمت اپنی کے اور ظالم تیار کیا ہے واسطے اُنکے عذاب درد دینے والا

ع ۲ ۹ ۲۰

سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ مرسلات مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے پچاس آیتیں اور دو رکوع ہیں

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝۱ۙ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝۲ۙ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝۳ۙ

قسم ہے اُن باؤں کی کہ چھوڑی گئی ہیں نرمی سے۔ پھر زور کرنیوالیوں کی زور کرنے کر اور بادل اٹھانے والیوں کی بادل اٹھانے کر

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝۴ۙ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝۵ۙ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝۶ۙ اِنَّمَا

پھر جُدا کرنیوالیوں کی مینہ کو جُدا کرنے کر پھر اُن فرشتوں کی کہ ڈالنے والے ہیں ذکر کو الزام دینے کو یا ڈرانے کو تحقیق جو کچھ

تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝۷ؕ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝۸ۙ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۝۹ۙ

وعدہ دیئے جاتے ہو تم البتہ ہونیوالا ہے ف پس جس وقت کہ تارے مٹائے جاویں اور جسوقت کہ آسمان کھولا جاوے

وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝۱۰ۙ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝۱۱ؕ لِاَىِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝۱۲ؕ

اور جسوقت کہ پہاڑ اڑائے جاویں اور جسوقت کہ پیغمبر وقت مقرر پر لائے جاویں ف۲ واسطے کس دن کے وعدہ دیئے گئے ہیں

لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝۱۳ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۝۱۴ؕ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

واسطے دن جدائی کے اور کیا جانے تو کیا ہے دن جدائی کا وائے ہے اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۵ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۶ؕ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۷

واسطے جھٹلانیوالوں کے کیا نہیں ہلاک کیا ہم نے پہلوں کو پھر پیچھے اُن کے چلاتے ہیں ہم پچھلوں کو

كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۸ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۹ اَلَمْ

اسی طرح کرتے ہیں ہم ساتھ گنہگاروں کے وائے ہے اُسدن واسطے جھٹلانے والوں کے کیا نہیں

نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝۲۰ۙ فَجَعَلْنٰهُ فِىْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝۲۱ۙ اِلٰى قَدَرٍ

پیدا کیا ہم نے تم کو پانی حقیر سے پس کیا ہم نے اسکو بیچ ایک جگہ مضبوط کے ایک وقت

مَّعْلُوْمٍ ۝۲۲ۙ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ۝۲۳ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۲۴

معلوم تک پس اندازہ کیا ہم نے پس اچھا اندازہ کرنیوالے ہیں ہم وائے ہے اُسدن واسطے جھٹلانے والوں کے

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ۝۲۵ۙ اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ۝۲۶ۙ وَّجَعَلْنَا

کیا نہیں کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی زندوں کو اور مُردوں کو اور کیے ہم نے

ف ایک بادیں چلتی ہیں ٹھنڈی مینہ کا نشان ایک تند آندھی جو دبی مٹی کو اُبھاریں ایک جو ابر کو ملک ملک بانٹیں اور فرشتے اتارتے ہیں قرآن کافروں سے الزام اتارنا منظور ہے کہ نہ کہیں ہم کو خبر نہ تھی اور جس کی قسمت میں ایمان ہے ان کو ڈر سنانا تا ایمان لاویں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ہر اُمت کا حساب باری باری لینا ٹھہرے۔ ۱۲۔ منہ رح

فِيهَا رَوَاسِيَ شَامِخَاتٍ وَأَسْقَيْنَاكُمْ مَاءً فُرَاتًا ﴿٢٧﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ

بیچ اس کے پہاڑ بلند اور پلایا ہم نے تم کو پانی پیاس بجھانیوالا وائے ہے اس دن

لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٢٨﴾ انْطَلِقُوا إِلَىٰ مَا كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿٢٩﴾ انْطَلِقُوا

واسطے جھٹلانے والوں کے چلو طرف اسچیز کے کہ تھے تم اس کو جھٹلاتے چلو

إِلَىٰ ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَبٍ ﴿٣٠﴾ لَا ظَلِيلٍ وَلَا يُغْنِي مِنَ اللَّهَبِ ﴿٣١﴾

طرف سائے تین شاخوں والے کے نہ سایہ دینے والا اور نہ کفایت کرنیوالا شعلے آگ کے سے

إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿٣٢﴾ كَأَنَّهُ جِمَالَتٌ صُفْرٌ ﴿٣٣﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ

تحقیق وہ پھینکتی ہے چنگاریاں مانند محلوں کے ف گویا کہ وہ قطاریں ہیں اونٹوں زردکی وائے ہے اس دن

لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٣٤﴾ هَٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُونَ ﴿٣٥﴾ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُونَ ﴿٣٦﴾

واسطے جھٹلانیوالوں کے یہ دن ہے کہ نہ بولیں گے اور نہ اذن دیا جائیگا ان کو پس عذر لاویں

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٣٧﴾ هَٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۖ جَمَعْنَاكُمْ وَالْأَوَّلِينَ ﴿٣٨﴾

وائے ہے اس دن واسطے جھٹلانیوالوں کے یہ دن ہے جدا کرنے کا اکٹھا کیا ہے ہم نے تم کو اور پہلوں کو

فَإِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيدُونِ ﴿٣٩﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٠﴾ ع إِنَّ

پس اگر ہو واسطے تمہارے مکر پس مکر کرلو مجھ سے وائے ہے اس دن واسطے جھٹلانیوالوں کے تحقیق

الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ ﴿٤١﴾ وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٤٢﴾

پرہیزگار بیچ سایوں کے ہیں اور چشموں کے ہیں اور میووں کے ہیں جس چیز سے کہ چاہیں

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ

کھاؤ اور پیو سہتا بدلے اسچیز کے کہ تھے تم کرتے تحقیق ہم اسی طرح

نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٤٤﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٥﴾ كُلُوا وَ

جزا دیتے ہیں ہم احسان کرنیوالوں کو وائے ہے اس دن واسطے جھٹلانیوالوں کے کھاؤ اور

تَمَتَّعُوا قَلِيلًا إِنَّكُمْ مُجْرِمُونَ ﴿٤٦﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٧﴾

فائدہ اٹھاؤ تھوڑا سا تحقیق تم گنہگار ہو وائے ہے اس دن واسطے جھٹلانیوالوں کے

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ ﴿٤٨﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٩﴾

اور جسوقت کہا جاتا ہے واسطے انکے رکوع کرو نہیں رکوع کرتے وائے ہے اس دن واسطے جھٹلانیوالوں کے

فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٠﴾ ع

پس ساتھ کس بات کے پیچھے اسکے ایمان لاویں گے

ف چھاؤں کی نہیں پھانکیں یعنی پھٹی ہوئی جس میں سے گرمی آتی رہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۲ بج ۲۱

ع ۱۰ ۲۲

سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۴۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ نبا مکہ میں نازل ہوئی اسمیں چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝٢ الَّذِیْ هُمْ فِيْهِ
کس چیز سے سوال کرتے ہیں اس خبر بڑی سے کہ وہ بیچ اس کے

مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٥ اَلَمْ
اختلاف کرتے ہیں ف ہرگز یوں نہیں شتاب جانیں گے پھر ہرگز نہیں یوں شتاب جانیں گے کیا نہیں

نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝٦ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝٧ وَّخَلَقْنٰكُمْ
کیا ہم نے زمین کو بچھونا اور پہاڑوں کو میخیں اور پیدا کیا ہم نے تم کو

اَزْوَاجًا ۝٨ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝٩ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠
جوڑے اور کیا ہم نے نیند تمہاری کو سبب آرام کا اور کیا ہم نے رات کو پردہ

وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝١١ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝١٢
اور کیا ہم نے دن کو وقت معاش اور بنائے ہم نے اوپر تمہارے سات آسمان سخت

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝١٣ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً
اور کیا ہم نے چراغ روشن اور اتارا ہم نے نچوڑنے والی بدلیوں سے پانی

ثَجَّاجًا ۝١٤ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝١٥ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝١٦ اِنَّ
گرتا بکثرت تو کہ نکالیں ہم ساتھ اسکے اناج اور بوٹیاں اور باغ لپٹے ہوئے تحقیق

يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝١٧ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ
دن جدائی کا ہیگا وقت مقرر جسدن کہ پھونکا جاویگا بیچ صور کے پس آؤ گے تم

اَفْوَاجًا ۝١٨ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝١٩ وَّسُيِّرَتِ
فوج فوج اور کھولا جاویگا آسمان پس ہو جاویگے دروازے اور چلائے جاویں گے

الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝٢٠ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝٢١
پہاڑ پس ہو جاویں گے مانند ریت کی تحقیق دوزخ ہے گھات

لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۝٢٢ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۝٢٣ لَا يَذُوْقُوْنَ
واسطے سرکشوں کے جگہ ہے پھر جانے کی رہیں گے بیچ اسکے قرنوں بے شمار نہ چکھیں گے

فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۝٢٤ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۝٢٥ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝٢٦
بیچ اسکے ٹھنڈک اور نہ پینا مگر گرم پانی اور پیپ بدلا دیئے جاویں گے موافق

ف کوئی مانتا ہے کوئی منکر ہے کوئی کہتا ہے بدن اٹھے گا کوئی کہتا ہے، روح پر خوشی اور غم گزرے گا۔ ۱۲۔منہ رح

اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾
تحقیق وہ تھے نہیں امید رکھتے حساب کی اور جھٹلاتے تھے نشانیوں ہماری کو جھٹلانے کر

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا
اور ہر چیز کو گن لیا ہم نے اس کو لکھنے کر پس چکھو پس ہرگز نہ زیادہ کریں گے ہم تم کو مگر

عَذَابًا ﴿۳۰﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ
عذاب تحقیق واسطے پرہیزگاروں کے مراد پانی ہے باغ ہیں اور انگور ہیں اور نوجوانیں ہیں

اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾
ہم عمر اور پیالے ہیں بھرے ہوئے نہ سنیں گے بیچ اسکے بیہودہ اور نہ جھٹلانا ف

جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
بدلہ ہے پروردگار تیرے کی طرف سے بخشش کا حساب سے پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا

وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ
اور جو کچھ درمیان انکے ہے بخشش کرنے والا نہیں اختیار پاویں گے اس سے ایک بات کرنے کا ف اس دن کھڑی ہوگی

الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
روح اور فرشتے صف باندھ کرت نہ بولیں گے مگر جس کو حکم دیوے اللہ واسطے اسکے

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ شَآءَ
رحمٰن اور کہے گا اچھا ف یہ دن برحق ہے پس جو کوئی چاہے

اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا يَّوْمَ يَنْظُرُ
پکڑے طرف پروردگار اپنے کے جگہ پھر جانے کی تحقیق ہم نے ڈرایا تم کو عذاب نزدیک سے اس دن کہ دیکھ لیگا

الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾
ہر مرد جو کچھ آگے بھیجا تھا ہاتھوں اسکے نے اور کہے گا کافر اے کاش کہ ہوتا میں مٹی ف

سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰياتها ۴۶ ركوعاتها ۲
سورہ نزعٰت مکہ میں نازل ہوئی آہیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — چھیالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ
قسم ہے ان فرشتوں کی کہ زور سے کھینچتے ہیں جان ڈوبکر اور قسم ہے ان فرشتوں کی کہ بند کھولدیتے ہیں جان کا بدن سے بند کھولنے کر اور قسم ہے ان فرشتوں کی کہ

سَبْحًا ﴿۳﴾ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾
جان کو لیکر تیرتے ہیں تیرنا پھر قسم ہے ان فرشتوں کی کہ آگے نکل جاتے ہیں ایک دوسرے آگے نکل جانے کر پھر قسم ہے ان فرشتوں کی کہ تدبیر کرتے ہیں کام کی ف

ف کوئی کسی سے جھگڑ نہیں کہ اس کی بات مکرا وے ۔۱۲۔منہ

ف عوام لوگ جو اس کو نہیں دیکھتے جو جا ہیں اس سے دنیا ہیں کہ لیں آخرت میں اس کا جلال رو برو ہے بن حکم کوئی نہیں بول سکتا ۔۱۲۔منہ

ف روح کہا جانداروں کو یا نام جبرئیل کا ہے۔ ۱۲۔منہ

ف یعنی جو قابل سفارش کے ہیں مسلمان اسی کے واسطے کہا۔ ۱۲۔منہ

ف یعنی مٹی ہی رہتا آدمی نہ بنتا کہ اس حساب عذاب میں گرفتار ہوتا ۔۱۲۔منہ

ف ایک فرشتے کافر کی جان گھسیٹ کر نکالیں اس کی رگوں میں ڈوب کر ایک مسلمان کی جان کو بدن سے گرہ کھولدیں وہ اپنی خوشی سے عالم پاک کو دوڑے جیسے کسی کے بند کھولدیئے۔ لیکن بدن کی تکلیف اور ہے اس میں دونوں برابر ہیں یہ ذکر ہے روح کا نیک خوشی سے دوڑتا ہے بد بھاگتا ہے پھر گھسیٹا جاتا ہے ایک فرشتے تیرتے پھرتے ہوا میں ایک سے درجہ زیادہ چاہتے جب کچھ حکم پہنچا دوڑے اس کام کے بنانے کو۔ فائدہ قسمیں کھا کر اکلا مدعا جتانا منظور ہوتا ہے اور کبھی ان چیزوں کی خوبی اور قدرت جتانے کو قسم کھاتے ہیں۔ ۱۲۔منہ

ع ۲ ۱ — ع ۲ ۱۰ ۲ — وقف لازم

يَوۡمَ تَرۡجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝۶ تَتۡبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝۷ قُلُوۡبٌ يَّوۡمَئِذٍ

جس دن کہ کانپے گی کانپنے والی ف۱ یعنی زمین پیچھے آویگی اسکے پیچھے آنیوالی یعنی دوسری آواز صور کی ف۲ کتنے دل اُسدن

وَّاجِفَةٌ ۝۸ اَبۡصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝۹ يَقُوۡلُوۡنَ ءَاِنَّا لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ

دھڑکنے والے ہیں آنکھیں اُن کی نیچے ہیں کہتے ہیں کیا ہم پھیرے جاویں گے

فِي الۡحَافِرَةِ ۝۱۰ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۝۱۱ قَالُوۡا تِلۡكَ

بیچ حالت پہلی کے کیا جب ہو جاوینگے ہم ہڈیاں گلی ہوئی کہتے ہیں یہ

اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۝۱۲ فَاِنَّمَا هِيَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝۱۳

اسوقت پھر آنا ہے ٹوٹے کا ف۳ پس سوائے اس کے نہیں کہ وہ ڈانٹنا ہے ایک بار

فَاِذَا هُمۡ بِالسَّاهِرَةِ ۝۱۴ هَلۡ اَتٰىكَ حَدِيۡثُ مُوۡسٰى ۝۱۵

پس ناگہاں وہ بیچ روئے زمین کے ہیں کیا آئی تیرے پاس بات موسیٰ کی

اِذۡ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًى ۝۱۶ اِذۡهَبۡ

جب پکارا اس کو رب اُسکے نے بیچ میدان پاک کے کہ جس کا نام طویٰ ہے جا

اِلٰى فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۝۱۷ فَقُلۡ هَلۡ لَّكَ اِلٰۤى اَنۡ تَزَكّٰى ۝۱۸

طرف فرعون کی تحقیق اُس نے سرکشی کی ہے پس کہہ کیا تجھ کو رغبت ہے طرف اسکی کہ پاک ہو تو

وَاَهۡدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخۡشٰى ۝۱۹ فَاَرٰىهُ الۡاٰيَةَ الۡكُبۡرٰى ۝۲۰

اور راہ دکھاتا ہوں میں تجھ کو طرف پروردگار تیرے کی پس ڈرے تو پس دکھادی اُسکو نشانی بڑی

فَكَذَّبَ وَعَصٰى ۝۲۱ ثُمَّ اَدۡبَرَ يَسۡعٰى ۝۲۲ فَحَشَرَ فَنَادٰى ۝۲۳

پس جھٹلایا اور نافرمانی کی پھر پیٹھ پھیری سعی کرتے ہوئے پس اکٹھا کیا پس پکارا

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الۡاَعۡلٰى ۝۲۴ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الۡاٰخِرَةِ

پس کہا میں ہوں پروردگار تمہارا سب سے بلند پس پکڑا اس کو اللہ نے عذاب آخرت کے میں

وَالۡاُوۡلٰى ۝۲۵ اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّمَنۡ يَّخۡشٰى ۝۲۶ ءَاَنۡتُمۡ

اور دُنیا کے میں ف۴ تحقیق بیچ اس کے البتہ نصیحت ہے واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہے کیا تم

اَشَدُّ خَلۡقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰهَا ۝۲۷ رَفَعَ سَمۡكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝۲۸

سخت تر ہو پیدائش میں یا آسمان بنایا اُس کو بلند کیا ہے موٹاپا اُس کا پس برابر کیا اس کو

وَاَغۡطَشَ لَيۡلَهَا وَاَخۡرَجَ ضُحٰهَا ۝۲۹ وَالۡاَرۡضَ بَعۡدَ ذٰلِكَ

اور ڈھانک دیا رات اس کی کو اور نکال دیا دھوپ اس کی کو اور زمین کو پیچھے اُس کے

وقف لازم

وقف لازم وقف لازم

ف۱ یعنی زمین کو بھونچال آوے۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یعنی لگاتار بھونچال چلے آویں۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ کہتے تھے اگر پھر آویں تو ایک ایک حویلی کے ہزار ہزار مدعی ہوں۔ ۱۲۔ منہ

ف۴ یعنی آخرت میں بھی عذاب ہوگا اور دنیا میں بھی عذاب پایا۔ ۱۲۔ منہ

ع ۱ — ۴۲ — ۳

دَحٰىهَا ﴿٣٠﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿٣١﴾ وَالْجِبَالَ

بچھادیا اس کو نکالا اس میں سے پانی اس کا اور چارہ اُس کا اور پہاڑوں کو

اَرْسٰىهَا ﴿٣٢﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٣﴾ فَاِذَا جَآءَتِ

گاڑ دیا ف۱ فائدہ واسطے تمہارے اور واسطے چارپایوں تمہارے کے پس جب آوے گی

الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿٣٤﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿٣٥﴾

آفت بڑی اُس دن یاد کریگا آدمی جو سعی کی تھی

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿٣٦﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿٣٧﴾ وَاٰثَرَ

اور ظاہر کی جاوے گی دوزخ واسطے اس شخص کے کہ دیکھتا ہے پس اوپر جس نے سرکشی کی اور اختیار کیا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٣٨﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٣٩﴾ وَاَمَّا

زندگانی دُنیا کو پس تحقیق دوزخ وہی ہے جگہ رہنے کی اور اوپر

مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿٤٠﴾

جو کوئی ڈرا کھڑے ہونے سے آگے پروردگار اپنے کے اور منع کیا جی اپنے کو خواہش سے

فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٤١﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ

پس تحقیق بہشت وہی ہے جگہ رہنے کی سوال کرتے ہیں تجھ کو اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) قیامت سے

اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿٤٢﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿٤٣﴾

کب ہے وقت کھڑے ہونے اُس کے کا بیچ کس بات کے ہے تو یاد اس کی سے

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿٤٤﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ

طرف رب تیرے کے ہے انتہا اس کی ف۲ سوا اس کے نہیں کہ تو ڈرانے والا ہے اس شخص کو کہ

يَّخْشٰىهَا ﴿٤٥﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا

ڈرتا ہے اس سے گویا کہ وہ جس دن دیکھیں گے اس کو نہ رہے تھے

اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿٤٦﴾

مگر ایک شام یا صبح اس کی ف۳

سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰياتها ۴۲ ركوعها ۱

سورۂ عبس مکہ میں نازل ہوئی اس میں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — بیالیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿١﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿٢﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ

ف۴ تیوری چڑھائی اور منہ موڑا اس سے کہ آیا اُس کے پاس اندھا ف۵ اور کس چیز نے معلوم کروایا تجھ کو

ف۱ سورۂ فصلت یعنی سجدہ میں آسمان کو پیچھے کہا، یہاں زمین کو پیچھے، سو یہاں آسمان کا بنانا ہے اونچا اور دن رات ٹھہرانا یہ شاید زمین سے پہلے ہو وہاں انکو سات کرنا بانٹ کر پھر ہر ایک میں جُدا دستور چلانا شاید زمین سے پیچھے ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ پوچھتے پوچھتے اسی تک پہنچتا ہے بیچ میں سب بے خبر ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی شتاب مانگتے ہیں قیامت اس وقت معلوم ہوگا کہ بہت شتاب آئی۔ بیچ میں دیر کچھ نہیں لگی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ حضرت ایک کافر کو سمجھاتے تھے اس میں ایک مسلمان آیا نابینا وہ اپنی طرف مشغول کرنے لگا کہ وہ آیت کیونکر ہے اس کے معنی کیا ہیں، حضرت پر گراں لگا بے وقت کا پوچھنا۔ اللہ تعالےٰ نے اس پر یہ آیتیں بھیجیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یہ کلام گویا اوروں پاس گلہ ہے رسولؐ کا۔ آگے رسولؐ کو خطاب فرمایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ ۲۰

لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ ﴿۳﴾ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ

شاید کہ وہ پاک ہوجاتا یا نصیحت سنتا پس فائدہ دیتی اسکو نصیحت ایپر جو شخص

اسْتَغْنٰى ﴿۵﴾ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ﴿۶﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿۷﴾

بے پروائی کرتا ہے پس تو واسطے اُسکے تقید کرتا ہے اور کیا ملامت ہے اوپر تیرے یہ کہ نہ پاک ہووے وہ

وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ﴿۸﴾ وَهُوَ يَخْشٰى ﴿۹﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ

اور ایپر جو کوئی آیا تیرے پاس دوڑتا ہوا اور وہ ڈرتا ہے پس تو اس سے

تَلَهّٰى ﴿۱۰﴾ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِىْ صُحُفٍ

تغافل کرتا ہے ف۱ ہرگز نہیں یوں تحقیق یہ نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے یاد کرے اُس کو بیچ صحیفوں

مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ

تعظیم کیے گیوں کے بلند کیے گئے پاک کیے گئے بیچ ہاتھوں لکھنے والوں بزرگ

بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَىِّ شَىْءٍ

نیکوکاروں کے ف۲ مارا جائیو آدمی کیا ناشکر ہے کس چیز سے

خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ

پیدا کیا ہے اس کو نطفے سے پیدا کیا ہے اسکو پھر اندازہ کیا اسکو ف۳ پھر راہ آسان کی

يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا

اس کی ف۴ پھر مارا اُس کو پھر گاڑا اُس کو پھر جب چاہے گا جلا اٹھاویگا اُسکو ہرگز نہیں

لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾

یوں ابھی نہیں ادا کی وہ چیز کہ حکم کیا اُسکو پس چاہیئے کہ دیکھے آدمی طرف کھانے اپنے کی

اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا

یہ کہ ڈالا ہم نے پانی ڈالنے کر پھر پھاڑا ہم نے زمین کو پھاڑنے کر پس اگائے ہم نے

فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ

بیچ اسکے اناج اور انگور اور ترکاری اور زیتون اور کھجوریں اور باغ

غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا

گھن کے اور میوہ اور چارہ فائدہ واسطے تمہارے اور واسطے چارپایوں تمہارے کے پس جب

جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ

آوے گی کان پھوڑنے والی ف۵ اس دن بھاگے گا آدمی بھائی اپنے سے اور ماں اپنی سے

ف۱ وہ ڈرتا ہے اللہ سے یا ڈر لگا ہے کہ تیری ملاقات پاوے یا نہ پاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی فرشتے اسکو لکھتے ہیں اس موافق وحی اترتی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی ہاتھ پاؤں اسلوب پر رکھے نہ کہ ایک بہت بڑا ایک بہت چھوٹا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی ایمان و کفر کی سمجھ دی یا پیٹ میں سے نکالا آسانی سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی ایسی سخت آواز جس سے لوگوں کے کان بہرے ہو جائیں مراد ہے صور سے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاَبِيْهِ ۝۳۵ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝۳۶ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ

اور باپ اپنے سے اور جورُو اپنی سے اور بیٹوں اپنے سے واسطے ہر مرد کے اُن میں سے اس دن

شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝۳۷ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝۳۸ ضَاحِكَةٌ

ایک حالت ہے کہ کفایت کرتی ہے اسکو کتنے مُنہ اُس دن روشن ہیں ہنستے

مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝۳۹ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝۴۰ تَرْهَقُهَا

خوش وقت ہیں اور کتنے مُنہ اس دن اُوپر اُن کے غبار ہے ڈھانکتی ہے اُن کو

قَتَرَةٌ ۝۴۱ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝۴۲ ع

سیاہی یہ لوگ وہی ہیں کافر بدکار

سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۲۹ رکوعہا ۱

سورۂ تکویر مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے اُنتیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝۱ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝۲ وَاِذَا

جسوقت کہ سورج لپیٹا جائے اور جسوقت کہ تارے گدلے ہو جاویں اور جسوقت

الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝۳ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝۴ وَاِذَا الْوُحُوْشُ

کہ پہاڑ چلائے جاویں اور جسوقت کہ دس مہینے کی گابھن اونٹنی بیکار چھٹی پھرے ف۱ اور جسوقت کہ وحشی جانور ساتھ

حُشِرَتْ ۝۵ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝۶ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۝۷

آدمیوں کے اکٹھے کیے جاوینگے اور جسوقت کہ دریا جھونکے جاوینگے ف۲ اور جسوقت کہ جانیں قسم قسم کی ملائی جاوینگی ف۳

وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝۸ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝۹ وَاِذَا

اور جسوقت کہ جیتی گاڑی ہوئی پوچھی جاوے گی ساتھ کس گناہ کے ماری گئی اور جسوقت

الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝۱۰ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝۱۱ وَاِذَا

کہ عمل نامے کھولے جاویں اور جسوقت آسمان کی کھال اُتاری جاوے اور جسوقت کہ

الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۝۱۲ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝۱۳ عَلِمَتْ

دوزخ دہکائی جاوے اور جسوقت کہ بہشت نزدیک کی جاوے جان لے گا

نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝۱۴ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝۱۵ الْجَوَارِ

ہر جی جو کچھ حاضر کیا ہے پس قسم کھاتا ہوں میں پھر جانیوالوں سیدھے چلنے والوں

الْكُنَّسِ ۝۱۶ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۝۱۷ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۝۱۸

تھم رہنے والونکی ف۴ اور رات کی جب جانے لگے اور صبح کی جب دم لیوے

ف۱ بیانے کے قریب اونٹنی بہت عزیز ہوتی ہے، بچے کی توقع سے اور دودھ کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۲ / ۵

ف۲ یعنی پانی دریا کا دھواں اور آگ بن جاوے کہ جس کے سبب ہوا نہایت گرم ہو کر محشر کے بیچ ایمانوں کو دکھ پہنچاوے اور تنور کی طرح جھونکنے سے اُبلے ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی قسم قسم کے گنہگار اکٹھے ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ سات ستارے آسمان میں جدی چال چلتے ہیں ان میں پانچ جو ہیں سورج چاند کے سوا زحل مشتری مریخ زہرہ عطارد انکی چال اس ڈھب سے ہے کبھی مغرب سے مشرق کو چلیں یہ سیدھی راہ ہوئی کبھی ٹھٹک کر الٹے پھریں کبھی سورج کے پاس آکر غائب رہیں، کتنے دنوں تک۔ ۱۲۔ منہ رح

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۹﴾ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ
تحقیق یہ کہنا پیغام پہنچانیوالے بزرگ کا ہے قوت والا نزدیک صاحب عرش کے

مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾
مرتبے والا کہا مانا گیا اس جگہ با امانت ف اور نہیں صاحب تمہارا دیوانہ

وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ
اور البتہ دیکھا ہے اس نے اس کو بیچ کنارے ظاہر کے اور نہیں وہ اوپر غیب کی بات کے

بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَيْنَ
بخیل اور نہیں وہ کہنا شیطان راندے گئے کا پس کہاں

تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنْ
جاتے ہو نہیں یہ مگر نصیحت واسطے عالموں کے واسطے اس شخص کے

شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ
کہ چاہے تم میں سے یہ سیدھی راہ چلے اور نہیں چاہتے تم مگر

اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع
یہ کہ چاہے اللہ پروردگار عالموں کا

سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۹ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ انفطار مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — انیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾
جسوقت کہ آسمان پھٹ جاوے اور جسوقت کہ تارے جھڑ جاویں

وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ
اور جسوقت کہ دریا چیرے جاویں ف اور جسوقت کہ قبریں زندہ کرکر اٹھائی جاویں جان لے گا

نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا
ہر جی جو کچھ آگے بھیجا ہے اور پیچھے چھوڑا اے آدمی کس چیز نے

غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ
فریب دیا تجھ کو ساتھ پروردگار تیرے کرم کرنیوالے کے جس نے پیدا کیا تجھ کو پھر تندرست کیا تجھ کو

فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾ فِيْۤ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾ كَلَّا
پھر برابر کیا تجھ کو ف۳ بیچ جونسی صورت کے چاہا ترکیب دی تجھ کو ہرگز نہیں

ف یہ جبرئیل کی صفت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱ / ۲۹ / ۶

ف۲ یعنی سمندر کا پانی زمین پر زور کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ٹھیک کیا بدن میں، برابر کیا خصلت میں۔ ۱۲۔ منہ رح

بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝٩ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝١٠ كِرَامًا
یوں بلکہ جھٹلاتے ہو تم قیامت کو اور تحقیق اُوپر تمہارے نگہبان ہیں بزرگ

كَاتِبِيْنَ ۝١١ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝١٢ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ
لکھنے والے جانتے ہیں جو کچھ کرتے ہو تم تحقیق نیک کام والے البتہ بیچ

نَعِيْمٍ ۝١٣ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ۝١٤ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ
نعمتوں کے ہیں اور تحقیق بدکار البتہ بیچ دوزخ کے ہیں داخل ہونگے اس میں دن

الدِّيْنِ ۝١٥ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ۝١٦ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا
جزا کے اور نہیں وہ اس سے غائب ہونے والے اور کس چیز نے معلوم کروایا تجھ کو کیا ہے

يَوْمُ الدِّيْنِ ۝١٧ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝١٨ يَوْمَ
دن جزا کا پھر کس چیز نے معلوم کروایا تجھ کو کیا ہے دن جزا کا اُس دن

لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۭ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۝١٩ ع
نہ اختیار پاویگا کوئی جی کسی جی کا کچھ اور حکم اُسدن واسطے خدا کے ہے

ف۱ یعنی انکے نام وہاں داخل ہوتے ہیں مرکر وہاں پہنچیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٣٦ رُكُوْعُهَا ١

سورۃ مطففین مکہ میں نازل ہوئی اسمیں | شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے | چھتیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝١ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ
وائے ہے واسطے کم کر دینے والوں کے کہ جب ماپ لیویں اُوپر لوگوں کے

يَسْتَوْفُوْنَ ۝٢ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝٣
پورا لیویں اور جب ماپ دیویں اُن کو یا تول دیں اُن کو کم دیویں

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝٤ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝٥
کیا نہیں جانتے یہ لوگ کہ وُہ اٹھائے جاویں گے واسطے ایک دن بڑے کے

يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٦ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ
جسدن کھڑے ہونگے لوگ واسطے پروردگار عالموں کے ہرگز نہیں یوں تحقیق عمل نامہ

الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝٧ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝٨ كِتٰبٌ
بدکاروں کا البتہ بیچ سجین کے ہے اور کس چیز نے معلوم کروایا تجھ کو کیا ہے سجین ایک دفتر ہے

مَّرْقُوْمٌ ۝٩ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ
لکھا ہوا ف۱ وائے ہے اُس دن واسطے جھٹلانے والوں کے وہ جو جھٹلاتے ہیں

بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿١١﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهِ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ﴿١٢﴾ إِذَا

دن جزا کو اور نہیں جھٹلاتا اس کو مگر ہر حد سے نکل جانے والا گنہگار جسوقت

تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣﴾ كَلَّا ۖ بَلْ ۜ رَانَ

پڑھی جاتی ہیں اُوپر اسکے نشانیاں ہماری کہتا ہے کہانیاں ہیں پہلوں کی ہرگز نہیں یوں بلکہ زنگ باندھا ہے

عَلَىٰ قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿١٤﴾ كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ

اُوپر دلوں اُنکے کے اُس چیز نے کہ تھے وہ کماتے ہرگز نہیں یوں تحقیق وہ پروردگار اپنے سے

يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ ﴿١٥﴾ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُو الْجَحِيمِ ﴿١٦﴾

اس دن البتہ حجاب میں ہیں پھر تحقیق وہ البتہ داخل ہونے والے دوزخ میں ہیں

ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿١٧﴾ كَلَّا إِنَّ

پھر کہا جاوے گا یہ ہے وہ چیز کہ تھے تم اس کو جھٹلاتے ہرگز نہیں یوں تحقیق

كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ﴿١٨﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ﴿١٩﴾

عمل نامہ نیکوں کا البتہ بیچ علیین کے ہے اور کس چیز نے معلوم کروایا تجھ کو کہ کیا ہے علیون

كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ﴿٢٠﴾ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢١﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ

دفتر ہے لکھا ہوا حاضر ہوتے ہیں اس پر مقرب خدا کے تحقیق نیک کام والے

لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي

البتہ بیچ نعمت کے ہیں اوپر تختوں کے دیکھتے ہوں گے پہچانے گا تو بیچ

وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ

موہوں اُنکے کے تازگی نعمت کی پلائے جاویں گے شراب خالص

مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ

مُہر کی ہوئی میں سے کہ مُہر کرنے کی چیز اس کی مشک ہے اور بیچ اس کے پس چاہیئے رغبت کریں

الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ

رغبت کرنے والے ول اور ملونی اس کی تسنیم سے ہے وہ ایک چشمہ ہے کہ پیتے ہیں

بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ

اس میں سے مقرب خدا کے تحقیق وہ لوگ جو گنہگار ہیں تھے ان لوگوں سے کہ

آمَنُوا يَضْحَكُونَ ﴿٢٩﴾ وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ ﴿٣٠﴾

ایمان لائے ہنستے اور جب گذرتے تھے ساتھ اُنکے آنکھیں مارتے تھے

ف شراب کی نہریں ہیں ہر کسی کے گھر میں لیکن یہ شراب نادر ہے جو زیر مُہر رہتی ہے اور اس کی قدر کے موافق مُہر جمتی ہے، مشک پر۔ ۱۲۔ منہ ح

وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا

اور جب پھر جاتے تھے طرف لوگوں اپنے کی پھر جاتے تھے باتیں بناتے اور جب

رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا

دیکھتے تھے اُن کو کہتے تھے انکو تحقیق یہ لوگ البتہ گمراہ ہیں اور نہیں بھیجے گئے

عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ

اُوپر اُن کے نگہبان پس آج وہ لوگ کہ ایمان لائے ہیں کافروں سے

يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ

ہنستے ہیں اُوپر تختوں کے دیکھتے ہیں کیا بدلہ دیئے گئے

الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع

کافر اس چیز کا کہ تھے کرتے

ع ۱ ۳۶ ۸

سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۲۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ انشقاق مکہ میں نازل ہوئی اسمیں | شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے | پچیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا

جسوقت کہ آسمان پھٹ جاوے اور کان رکھے واسطے پروردگار اپنے کے اور وہ اسی لائق ہے ف۱ اور جب

الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ

زمین کھینچی جاوے اور ڈالدے جو کچھ بیچ اسکے ہے اور خالی ہوجاوے ف۲ اور کان رکھے

لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ

واسطے پروردگار اپنے کے اور وہ اسی لائق ہے اے آدمی تحقیق تو محنت کرنیوالا ہے طرف رب اپنے کی

كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿۶﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ﴿۷﴾

خوب محنت کر پس ملنے والا ہے اس سے پس اپیر جو کوئی دیا گیا عمل نامہ اپنا بیچ داہنے ہاتھ اپنے کے

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿۸﴾ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ

پس شتاب حساب کیا جاویگا حساب کرنا آسان اور پھر آوے گا طرف لوگوں اپنے کی

مَسْرُوْرًا ﴿۹﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ

خوش اور اپیر جو کوئی دیا گیا عملنامہ اپنا پیچھے پیٹھ اپنی کے پس البتہ

يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ

پکارے گا ہلاکی کو اور داخل ہوگا دوزخ میں ف۳ تحقیق وہ تھا بیچ لوگوں اپنے کے

ف۱ یعنی آسمان بے حکم نہیں۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یعنی مردے۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی عذاب کے درد سے موت مانگے گا۔ ۱۲۔ منہ

مَسْرُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿۱۴﴾ بَلٰٓى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ

خوش ف تحقیق اس نے گمان کیا تھا کہ ہرگز نہ پھر آوے گا یوں نہیں تحقیق پروردگار اُسکا تھا

بِهٖ بَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿۱۷﴾

ساتھ اُسکے دیکھنے والا ف۲ پس قسم کھاتا ہوں میں شفق کی اور رات کی اور جس چیز کو اکٹھا کرتی ہے

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ

اور چاند کی جب پیچھے آوے البتہ سوار ہوگے تم ایک حالت پر ایک حالت سے پس کیا ہے واسطے انکے

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۱﴾ السجدة

نہیں ایمان لاتے اور جب پڑھا جاتا اُوپر اُن کے قرآن نہیں سجدہ کرتے

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿۲۳﴾

بلکہ وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں جھٹلاتے ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے اسچیز کو کہ دل میں رکھتے ہیں

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

پس خوشخبری دے اُنکو ساتھ عذاب دردر دینے والے کے مگر جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾ ع

اچھے واسطے اُنکے ثواب ہے نہ کاٹا گیا

سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اٰيَاتُهَا ۲۲ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ بروج مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے بائیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ

قسم ہے آسمان بُرجوں والے کی اور دن وعدہ دیئے گئے کی اور حاضر ہونیوالے کی

وَّمَشْهُوْدٍ ﴿۳﴾ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ

اور دن حاضر کیے گئے یعنی عرفہ کی ف۳ مارے گئے کھائیوں والے کہ آگ تھی بہت

الْوَقُوْدِ ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ﴿۶﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ

ایندھن والی جس وقت کہ وہ اُوپر اُسکے بیٹھے تھے اور وہ اُوپر اسچیز کے کہ کرتے تھے

بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا

ساتھ مسلمانوں کے حاضر تھے اور نہیں عیب پکڑا تھا انہوں نے انہیں سے مگر یہ کہ ایمان لائے

بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۸﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

ساتھ اللہ غالب تعریف کیے گئے کی وہ جو واسطے اُس کے ہے بادشاہی آسمانوں کی

ف۱ یعنی دنیا میں آخرت سے بے فکر تھا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی اس کے عمل کی سزا دیا چاہے ۱۲۔منہ رح

ف۳ سب شہروں میں حاضر ہونا ہے جمعہ کا دن اور سب حاضر ہوتے ہیں عرفے کے دن حج پر۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۱ / ۲۵ / ۹

معانقۃ ۱۴ — السجدۃ ۱۴

46

وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۙ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

اور زمین کی اور اللہ اوپر ہر چیز کے حاضر ہے تحقیق جن لوگوں نے کہ

فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ

ایذا دی ایمان والوں کو اور ایمان والیوں کو پھر نہ توبہ کی پس واسطے انکے

عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ ؕ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

عذاب ہے دوزخ کا اور واسطے اُنکے عذاب ہے جلنے کا تحقیق جو لوگ کہ

اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا

ایمان لائے اور کام کیے اچھے واسطے انکے بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے اُنکے سے

الْاَنْهٰرُ ؕ۬ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِیْرُ ؕ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ ؕ﴿۱۲﴾

نہریں یہ ہے مراد پانا بڑا ف تحقیق پکڑنا پروردگار تیرے کا البتہ سخت ہے

اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَ یُعِیْدُ ۚ﴿۱۳﴾ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۙ﴿۱۴﴾

تحقیق وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ کریگا اور وہ ہے بخشنے والا دوستی کرنیوالا ہے

ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ ۙ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ؕ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ

صاحب عرش بزرگ کا کرنے والا ہے جو کچھ چاہے کیا آئی ہے تیرے پاس

حَدِیْثُ الْجُنُوْدِ ۙ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ ؕ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

بات لشکروں فرعون کی اور ثمود کی بلکہ جو لوگ کہ کافر ہوئے ہیں

فِیْ تَكْذِیْبٍ ۙ﴿۱۹﴾ وَّ اللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ ۚ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ

بیچ جھٹلانے کے ہیں اور اللہ پیچھے اُن کے سے گھیر رہا ہے بلکہ وُہ

قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ ۙ﴿۲۱﴾ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ع ﴿۲۲﴾

قرآن ہے بزرگ بیچ لوح محفوظ کے

ف ایک بادشاہ کا لے پالک بیٹا تھا بادشاہ اس کو بھیجتا ساحر پاس کہ سحر سیکھے وہ بیٹھتا ایک راہب پاس کہ انجیل سیکھے، اللہ نے اس کو کمال دیا کہ شیر اور سانپ اس کا کہا مانیں اور کوڑھی اندھے اس کے ہاتھ چھونے سے چنگے ہوں اس کے ہاتھ سے بہت خلق اللہ پر اور حضرت عیسے علیہ السلام پر ایمان لائی، بادشاہ تھا بت پرست اس لے پالک کو مار ڈالا پھر شہر میں ہر محلے کے آگے کھائی کھودی آگ سے بھری ہر محلے میں سے مرد اور عورتیں پکڑ منگاتا جو بت کو سجدہ نہ کرتا آگ میں ڈالتا ہزاروں خلق شہید کیے جب اللہ کا غضب آیا وہی آگ پھیل پڑی بادشاہ اور امیروں کے گھر سارے پھونک دیئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف فرشتے رہتے ہیں آدمی کے ساتھ بلاؤں سے بچاتے یا اس کے عمل لکھتے۔ ۱۲۔ منہ رح

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ ایاتها ۱۷ رکوعها ۱

سورۂ طارق مکہ میں نازل ہوئی اسمیں سترہ آیتیں اور ایک رکوع ہے ۔ شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

وَ السَّمَآءِ وَ الطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾

قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنیوالے کی اور کیا جانے تو کیا ہے رات کو آنے والا

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾

تارا ہے چمکنے والا نہیں کوئی جی مگر اُوپر اسکے ہے نگہبان ف

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝۵ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ

پس چاہیئے کہ دیکھے آدمی کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے پیدا کیا گیا ہے پانی

دَافِقٍ ۝۶ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝۷

اچھلنے والے سے نکلتا ہے ہڈیوں پیٹھ باپ کی سے اور چھاتیوں ماں کی سے ف۱

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝۸ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝۹ فَمَا

تحقیق وہ اوپر پھر لانے اسکے کے البتہ قادر ہے ف۲ جسدن آزمائی جاویں گی چھپی باتیں پس نہ

لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝۱۰ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝۱۱

ہوگی واسطے اسکے قوت اور نہ مدد دینے والا قسم ہے آسمان مینہ والے کی

وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝۱۲ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝۱۳ وَّمَا

اور زمین پھٹنے والی کی ف۳ تحقیق یہ بات البتہ بات ہے فیصل کرنیوالی اور نہیں

هُوَ بِالْهَزْلِ ۝۱۴ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝۱۵ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝۱۶

وہ بے فائدہ تحقیق وہ مکر کرتے ہیں ایک مکر اور میں بھی مکر کرتا ہوں ایک مکر

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝۱۷ ع

پس ڈھیل دے کافروں کو ڈھیل دے اُن کو ایک مدت تک

سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۹ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ اعلیٰ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — انیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝۱ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝۲

پاکی بیان کر ساتھ نام پروردگار اپنے بہت بلند کے جس نے پیدا کیا پس تندرست کیا

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝۳ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝۴

اور جس نے اندازہ کیا پس راہ دکھائی ف۴ اور جس نے نکالا چارہ

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝۵ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝۶ اِلَّا

پس کر دیا اس کو کوڑا سیاہ شتاب پڑھاوینگے ہم تجھ کو پس نہ بھولے گا تو ف۵ مگر

مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝۷

جو چاہے خدا تحقیق وہ جانتا ہے پکارنے کو اور جو چھپاتا ہے ف۶

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝۸ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝۹

اور آسان کریں گے ہم سمجھ تیری کو واسطے شریعت آسان کے ف پس نصیحت کر اگر نفع دے نصیحت تیری

ف۱ کہتے ہیں مرد کو منی آتی ہے پیٹھ سے عورت کو سینہ سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی اللہ پھر لاویگا مرنے کے بعد۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اس میں سے پھوٹ نکلتے ہیں کھیتی اور درخت۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی اوّل تقدیر لکھی پھر اسی موافق دنیا میں لایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱ / ۱۷ / ۱۱

ف۵ یعنی تو زبان سے نہ پڑھنے لگ۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ مگر جو چاہے اللہ، یعنی نسخ کیا چاہے اسی صورت سے کہ بھلادے ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی وحی یاد رکھنا آسان ہو جاوے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾ الَّذِيْ
البتہ نصیحت پکڑیگا جو شخص کہ ڈرتا ہے اور ایک طرف رہے گا اس سے بڑا بدبخت وہ جو

يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا
داخل ہوگا آگ بڑی میں پھر نہ مرے گا بیچ اس کے اور نہ

يَحْيٰى ﴿۱۳﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ
جیے گا تحقیق بامراد ہوا وہ شخص جو پاک ہوا اور یاد کیا نام پروردگار اپنے کا

فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ
پس نماز پڑھی بلکہ اختیار کرتے ہو تم زندگانی دنیا کو اور آخرت بہت

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾
بہتر ہے اور بہت باقی رہنے والی تحقیق یہ البتہ بیچ صحیفوں پہلوں کے ہے

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾ ع
صحیفے ابراہیمؑ اور موسےٰؑ کے

ع ۱۹ ۱۲

ف کافر جو ریاضت کرتے ہیں دنیا میں، کچھ قبول نہیں ہوتی۔ ۱۲۔ منہ ج

سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰياتها ۲۶ ركوعها ۱

سورۂ غاشیہ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے چھبیس آیتیں اور ایک رکوع ہے

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿۱﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ
کیا آئی ہے تیرے پاس بات ڈھانک لینے والی کی کتنے منہ اُس دن

خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿۳﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿۴﴾
ذلیل ہونے والے ہیں عمل کرنے والے محنت کرنیوالے ف داخل ہونگے آگ جلتی میں

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ﴿۵﴾ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ
پلائے جاوینگے چشمے کھولتے میں سے نہیں واسطے اُنکے کھانا مگر

ضَرِيْعٍ ﴿۶﴾ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ﴿۷﴾ وُجُوْهٌ
ضریع سے یعنی کانٹوں سے نہیں موٹا کرتا ہے اور نہ کفایت کرتا ہے بھوک سے کتنے منہ

يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿۸﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿۹﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۱۰﴾
اس دن نعمتوں میں ہونگے سعی اپنی سے راضی ہیں بیچ بہشت بلند کے

لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ﴿۱۱﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿۱۲﴾
نہیں سنتے بیچ اُسکے بے ہودہ بیچ اُسکے چشمہ ہے جاری

وقف لازم

فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ ﴿١٣﴾ وَّأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ ﴿١٤﴾ وَّنَمَارِقُ
بیچ اسکے تخت ہیں بلند اور آبخورے ہیں دھرے ہوئے اور تکیے ہیں

مَصْفُوفَةٌ ﴿١٥﴾ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ ﴿١٦﴾ أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى
